تاریخ کشمیر

معروف بہ

بہارستان شاہی

سال تصنیف ۱۰۲۳ سنہ ہجری

مطابق ۱۶۱۴ سنہ عیسوی

ترتیب و مقدمات

ڈاکٹر اکبر حیدری کاشمیری

ایم۔اے، پی۔ایچ۔ڈی، ڈی لٹ

تاریخ کشمیر

معروف بہ

بہارستان شاہی

سال تصنیف ۱۰۲۳ سنہ ہجری
مطابق ۱۶۱۴ سنہ عیسوی

ترتیب و مقدمات

ڈاکٹر اکبر حیدری کاشمیری
ایم۔اے، پی۔ایچ۔ڈی، ڈی لٹ

بہارستان شاہی

"بہارستان شاہی کا وجود کشمیر میں مفقود تھا۔ اس کے کئی نسخے یورپ کے کتاب خانوں میں دریافت ہوئے۔ الحمد اللہ کہ ان میں سے اہم نسخوں کی عکسی نقلیں محکمۂ تحقیق و اشاعت کے کتاب خانے میں پہنچ چکی ہیں۔ مصنّف کا نام کتاب میں کہیں درج نہیں ہے۔ کتاب میں ایک جگہ اس نے اپنے خاندانی وجاہت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ مصنّف کا خاندان غزنی سے آکر سلطان زین العابدین کے عہد میں کشمیر میں آباد ہوا تھا۔ کتاب میں جا بجا سادات و آئمہ طاہرین علیہم السلام اور شیعہ علماء کا تذکرہ غمازی کرتا ہے کہ صاحب تصنیف اہلِ تشیع میں سے ہے۔ اُس شیعہ کشی کے دَور میں ایسی کتاب کا بغیر نام مصنّف کے لکھا جانا کچھ ایسا تعجب خیز نہیں۔ کِتاب کی سب سے بڑی اہمیت یہ ہے کہ مصنّف شاہان چغتائیہ کے حملے اور تسخیر کشمیر کا ہمعصر شاہد ہے۔ اور اس واقعہ کو ایک محبِ وطن کشمیری مسلمان کی نظر سے دیکھ کر بیان کرتا ہے۔ شک اور پرجاہٹ کے غلو اور افسانہ نگاری سے اس کا دامن بالکل پاک ہے۔ یہ کتاب ابھی تک زیورِ طبع سے آراستہ نہیں ہو پائی۔ کاش کوئی صاحبِ ذوق اس کی اشاعت کا بیڑا اٹھا لیں"

(اقتباس از مقدمۂ تاریخ حسن، مرتبہ صاحبزادہ حسن شاہ مطبوعہ ۱۹۵۶ء)

معروف بہ

سال تصنیف ۱۰۲۳ سنہ ہجری

سالِ اشاعت
مئی ۱۹۸۲ء
مطابق رجب ۱۴۰۲ھ
زیرِ اہتمام
انجمن شرعی شیعیان جموں و کشمیر

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد لله والصلوة والسلام علی عباده الذین اصطفی محمد و آله الاصفیاء

و بعد مخفی نماند که کتاب بهارستان شاهی تاریخ احوال سعادت اشتمال عمدة العارفین فخر المجاهدین شمس مضیء دین مبین حضرت خاتم النبیین و بدر منیر تشیع لامع در کشمیر حضرت میر محمد شمس الدین عراقی رفع الله اعلامه و اعلی فی الجنة مقامه در اینجا مفقود و در لندن موجود بوده و جناب سعادت اکتساب مورخ خبیر ڈاکٹر اکبر حیدری صاحب سلمه الله وفقه لمراضیه بجهد جهید و سعی اکید خود نسخه آن دریافت و استنساخ نموده با اضافه مقدمه تحقیقی از مواد تاریخی بتحریر کتاب پرداخته سحاب ارتیاب را از عیون و انظار کمیر را معاندین برداشته آثار هدایت و مقام رفعت و سیادت آن مجاهد کبیر را چون آفتاب جهان تاب ظاهر و روشن ساخته فشکر الله سعیه و اجزل مثوبته فی الدارین و جباه بکل ما تقر به العینین والسلام علی من اتبع الهدی

من خادم خدمة الشریعة الغراء یوسف بن محمد الموسوی الصفوی النجفی الکشمیری نزیل شریعت آباد

بڈگام کشمیر ۱۹ ج ۱ ۱۴۰۲

حجتہ الاسلام جناب آغا سید یوسف الموسوی الصفوی ۔ صدر انجمن شرعی

انتساب

میں تاریخ کشمیر معروف بہ "بہارستان شاہی"

(سال تصنیف ۱۰۲۳ھ، ہجری)

کا یہ غیر مطبوعہ نایاب اور مستند نسخہ خاندان

میر سید شمس الدین محمد عراقی

مکسر الاصنام کے چشم و چراغ، سیادت پناہ

شریعت مدار، حجۃ الاسلام جناب

آغا سید یوسف الموسوی الصفوی مدظلہ

کے نام گرامی منسوب کر کے اپنے لئے

فخر سمجھتا ہوں۔

• اکبر حیدری

فہرست مضامین

(بہارستانِ شاہی)

تیسرا باب

چوتھا باب

پانچواں باب

فتح شاہ بار سوم

چھٹا باب

ساتواں باب

آٹھواں باب

نواں باب

الحاج سید محمد فضل اللہ الموسوی

الحاج سید محمد فضل اللہ الموسوی

volume. There is after fol.41a lacune extending from the death of Zanulabidin, A.H.873 to that of Mirak Hassan A.H.893.

The narration becomes very full for the later period, especially from the death of Ali Shah, A.H.986, fol 110a, to the end. The last events recorded are the appointment of Haider Malik Chadurah to the Govt. of Kashmir, the death of Raja Man Singh, A.H.1021, and the departure of Syed Shah Ab ul Ma'ali for his Jagir in Tattah, A.H.1023.

The title Baharistan-I-Shahi is found in some verses at the end, which contain also the date of completion, A.H.1023, expressed by the chronogram (نامۂ شاهانِ کشمیر). The same title has also been written by a Contemporary persian hand on the first page.

بہارستان شاہی ۔ نسخۂ دوم ۔ برٹش میوزیم لندن، سائز ۹ × ½۵"، سطر ۱۷، سال کتابت سترھویں صدی۔

یہ نسخہ ناقص الطرفین ہے۔ ابتدا میں ۲۰ اور آخر میں ۸ اوراق کم ہیں۔ بیچ میں بھی کچھ ورق غائب ہیں۔

کتاب کا آغاز کم و بیش سلطان شہاب الدین کی وفات ۷۸۰ ہجری سے ہوتا ہے۔ اور عبارت کا سلسلہ یعقوب شاہ کی موت پر ٹوٹتا ہے جو زہر سے واقع ہوئی تھی۔

نسخۂ سوم ۔ یہ غیر معتبر اور غلط ہے۔ اس کی میکروفلم زیر نمبر ۳۶ ریاست جموں و کشمیر کے محکمۂ تحقیق و اشاعت میں موجود ہے۔ ابتدا میں دیباچہ بھی ہے۔ ذیل میں اس کا اقتباس پیش کیا جاتا ہے۔

" حمد آں مبدء کہ عالم جو دست۔ گردش چنانکہ بود کشود الحمد للہ رب العالمین والعاقبت للمتقین و الصلوٰت والسّلام علیٰ رسولہ محمّد و آلہ و اصحابہ اجمعین بعد از حمد و سپاس بے قیاس مر حضرت رزاق علی الاطلاق دارندۂ جہاں و خالق مخلوقات انس و جانِ جہانیاں برخی از تواریخ نزول حضرت سلیمان علیہ السلام دریں کتاب المسمیٰ بہ راژہ ترنگ بطریق اختصار درج نمودہ مصنف و مولف از مقالاتِ حالات خطۂ کشمیر رنج فراوان و مشقتِ بے پایاں بسر بردہ۔ بہ مقتضائے کتب والہامِ حقائق غیبی واحادیث فرمودہ، چنانچہ

حاجی محمد طالب بیگ (سکریٹری)

روایت است کہ از ابن عباس رضی اللہ عنہ شصت و دہ لک صد ہزار و ہشتاد و پنج ہزار سال باشد از آں قرن اول و بست و چہار لک وصد ہزار ہژدہ ہزار سال بود۔ در آں قرنِ ابداں دریں جہاں دیوان بودہ اند۔ اول واصل آنہا ارم نام داشت و زنش مارجہ واز اینہا تناسل بسیار شد"

نسخۂ چہارم۔ نمبر مخطوطہ ۵۰۹۔ فہرستِ مخطوطاتِ فارسی جلد اول ص۲۰۲ مرتبہ ایتھے۔ اس نسخے کے بارے میں مرتب فہرست کہتا ہے۔

is based on Raj Tarangni and other sources by an annonymous author brought down to A.H.1023 the 8th year of Jahangir's reign(See the Chronogram at the end 1023(نامۂ شاہانِ کشمیر)and beginning without introduction.

" مورخان اخبارِ سلاطین ممالک کشمیر کہ از جملہ حالات و واقعاتِ ملوک واحکام واحوال اشراف انام را بقلم کشمیری نوشتند۔ در دفاتر اخبار وصحائف آثار چنیں ثبت نمودند کہ در کشمیر در زمان

It ends on fol.213a complete;Rieu 1 P.297.On off 214,B 221 a poetical fragment is ended, a peculiar kind of didactic poen, consisting of a series of Kitas,usually two, sometimes three and even four baits long, mised with fardsand put together in form of a masnavi being all of the same metre, it begins:-

خواہی ایمان مرد بشناسی (کذا) رو کن بسوئے ایمانش
کہ بود گر بقولِ خود ثابت بس بود ایں دلیل ایمانش
آں برادر مداں کہ در راحت روئے خود سودہ پیشِ تو بزمیں
ہر کہ در وقت سختیت یار ست آں برادر ترا بود بہ یقیں

No date,The right order of off 160-166 is a 160,162-165,161-166.

نسخۂ پنجم۔ انڈیا آفس لندن

نمبر مخطوطہ ۹۴۳۔ اوراق ۲۲۱، خط نستعلیق، سائز ۵" × ۸⅝"

نسخۂ ششم۔ یہ بھی ناقص الطرفین ہونے کے علاوہ غلط اور غیر معتبر ہے۔ کتاب کے آخر میں کاتب نے غلطیوں کا اعتراف کیا ہے۔ کہتا ہے کہ:۔

"مخفی نہ ماند کہ کاتبِ ایں کتاب بہ غفلت شعاری در عبارات بسیار مغالطہ مرقوم نمودہ است۔ از آں جملہ در تاریخ جلوسِ سلاطین ہم مبدّل تحریر کردہ است بعدم فرصت ترمیم وصحت آں نتوانستم تمام یافت۔ تحریر بتاریخ دوازدہم جمیدالاول ۱۲۷۴ھ ہجری"

نسخے کے آخر میں عجائبات کشمیر کے بارے میں بہت سی باتیں درج ہیں۔ اس کی میکروفلم محکمۂ ریسرچ و اشاعت سری نگر میں زیر نمبر ۴۱ دستیاب ہے۔

نسخہ ہفتم۔ بہارستان شاہی کا یہ نسخہ میر شمس الدین حیرت کاملی کی ملکیت میں تھا۔ محکمۂ ریسرچ و اشاعت میں اس کی میکروفلم ہے۔ جب اس کا مقابلہ برٹش میوزیم کے نسخۂ ششم سے کیا گیا تو کوئی خاص فرق نظر نہیں آیا۔ یعنی کہ یہ نسخہ بھی غلط اور غیر معتبر ہے۔ کاتب نے جابجا میر سید شمس الدین عراقی کے نام کے ساتھ بے ادبی کی ہے۔ آخر میں ذیل کا ترقیمہ درج ہے:۔

"حمد بے قیاس را سزد کہ بہ الطاف گوناہائے گوں مشت خاکی را ایں ہمہ کرامات عطا فرمود۔ ونعتِ بے پایاں سروری را سزد کہ آیۂ لولاک در شان او نازل شدہ۔ امابعد ۱۱ ربیع الثانی ۱۳۰۱ھ مسمّٰی بہارستان شاہی از تصنیف ملک حیدر چاڈورہ اختتام یافت۔ راقم الحروف بندہ عبدالعزیز عفی عنہ نقل ہذا در ۱۳۰۱ھ ..... محمد عبدالعزیز ..... در اثنائے مطالعہ معلوم شد کہ اغلاط خطی بسیار دارد، بازہم اہتمام نقل ہمچنیں کتب ہا اندر آں زماں می رسید قابل ستائش و السلام"

پیر غلام حسن کھویہامی مولف تاریخ کشمیر (تاریخ حسن) متوفی ۱۸۹۸ء نے بہارستانِ شاہی مشہور بہ راجہ ترنگ (راج ترنگنی) کا ذکر اپنے ماخذ میں کیا ہے۔ جہاں جہاں مصنف بہارستانِ شاہی نے حقیقت پسندی اور حق گوئی کا مظاہرا کیا ہے۔ وہاں پیر غلام حسن نے ان واقعات سے چشم پوشی کی ہے۔ بعض حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ مورخِ موصوف نے بہارستان شاہی سے استفادہ نہیں کیا ہے اور وہ اس کے نام سے ہی واقف تھے۔

بہارستان شاہی کے جو مخطوطے برٹش میوزیم اور انڈیا آفس لندن میں موجود ہیں ان کے عکس پروفیسر حسن شاہ سابق ڈائرکٹر آف لائبریریز نے منگوا کر محکمۂ تحقیق و اشاعت میں محفوظ کرائے ہیں۔ شاہ صاحب کو تاریخ کشمیر کے ساتھ بڑی دلچسپی تھی۔ اسی واسطے انھوں نے کشمیر سے متعلق ان

تمام کتب تواریخ کی میکروفلم اور عکس لندن اور دوسرے مقامات سے منگوائے تھے جو مخطوطات کی شکل میں بیرون ہندستان مختلف کتاب خانوں میں موجود ہیں اور جن سے استفادہ کرنا طالب علموں کے لئے جوئے شیر لانے سے کم نہ تھا۔ پروفیسر موصوف نے تاریخ حسن کی دو جلدیں بھی شائع کی ہیں۔ وہ تاریخ حسن کی کتابیات کے سلسلے میں بہارستان شاہی کا ذکر ان الفاظ میں کرتے ہیں :۔

" مصنف نامعلوم۔ کشمیر کی کشمیری مصنفین کی لکھی ہوئی فارسی تاریخوں میں بہارستان شاہی، تاریخ ملائے نادری، مراۃ الاولیا اور تاریخ سید علی کی صف میں سے ہے۔ ان میں اول الذکر دونوں عنقا ہیں۔ تاریخ سید علی کا ایک نسخہ منشی محمد امین ابن مہجور ہیڈ منشی محکمۂ تحقیق واشاعت کے پاس راقم کی نظر سے گذرا ہے۔ اسی طرح بہارستان شاہی کا وجود کشمیر میں مفقود تھا۔ سب سے پہلے اس کی ایک ناقص نقل اس دور میں شاعر کشمیر حضرت غلام احمد مہجور مرحوم کے پاس راقم نے دیکھی تھی۔ بعد کے تجسس سے اس کے کئی ایک نسخے یورپ کے کتاب خانوں میں دریافت ہوئے۔ الحمدللہ کہ ان میں اہم نسخوں کی عکسی نقلیں محکمۂ تحقیق واشاعت کے کتاب خانے میں پہنچ چکی ہیں۔ مصنف کا نام کتاب میں کہیں درج نہیں ہے۔ ویسے عام خیال ہے کہ مرزا مہدی اس کے مصنف تھے۔ لیکن اس کی تصدیق وتوثیق یا مصنف کے حالات کا کچھ پتہ نہیں چلتا۔ کتاب میں ایک جگہ مصنف نے خاندانی وجاہت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ مصنف کا خاندان غزنی سے آکر حضرت سلطان زین العابدین کے عہد میں کشمیر میں آباد ہوا تھا۔ بہارستان شاہی کی تذکرہ عبارت یہ ہے ـــ

" وجد وپدر مسوّد این اوراق کہ ملا حسام الدین نام داشت از غزنی مرید بابا حاجی ادہم شدہ۔ ہمراہش بود ودر مطبخ وے جماعت درویشاں را خادمی کرد واین بابا حاجی ادہم تا زمان سلطان زین العابدین در قید حیات بود "

کتاب میں جا بجا ساداتِ آئمہ طاہرین علیہم السلام اور شیعہ علماء کا تذکرہ غمازی کرتا ہے کہ صاحب تصنیف اہل تشیع میں سے ہے ـــ اس شیعہ کشی کے دور میں ایسی کتاب کا بغیر نام مصنف کے لکھا جانا کچھ ایسا تعجب خیز نہیں۔ کتاب میں ذوالقدر کے حملے کا ذکر کرتے ہوئے مصنف زمانۂ تصنیف کا تعین کرتا ہے۔ اور لکھتا ہے :۔

" تا اکنوں کہ دو لیست و ہفتاد سال گزشت "

ذوالفقدر کے حملے کی تاریخ ۷۲۴ھ ہجری (۱۳۲۴ء) ہے اس حساب سے جب یہ فقرہ قلمزد (کذا) ہوا۔ ۹۹۴ھ یا ۱۵۸۶ء کا سال کھلتا ہے۔ لیکن کتاب کے آخر پر قطعۂ تاریخ یہ ہے ؎

بہ پرسیدم زعقل راست تدبیر بگفتا " نامۂ شاہانِ کشمیر "
۱۰۲۳ھ

اس حساب سے سال تصنیف ۱۶۱۴ء ہوتا ہے۔

کتاب کی سب سے بڑی اہمیت یہ ہے کہ مصنف شاہانِ چغتائیہ کے حملے اور تسخیر کشمیر کا ہمعصر شاہد ہے۔ اور اس واقعہ کو ایک محبِ وطن کشمیری مسلمان کی نظر سے دیکھ کر بیان کرتا ہے۔ شک اور پرجابٹ کے غلو اور افسانہ نگاری سے اس کا دامن بالکل پاک ہے۔ یہ کتاب ابھی تک زیورِ طبع سے آراستہ نہیں ہوپائی۔ کاش کوئی صاحبِ ذوق اس کی اشاعت کا بیڑا اٹھالیں "

ڈاکٹر محب الحسن اپنی کتاب "کشمیر انڈر سلطانز (کشمیر سلاطین کے عہد میں) کی ابتداء میں لکھتے ہیں کہ:

" بہارستان شاہی کے مصنف کا نام معلوم نہیں۔ یہ دراصل رنچن کی تخت نشینی سے ۱۶۱۴ء تک کی تاریخ ہے۔ اس میں اسلامی عہد سے پہلے کے واقعات صرف چند صفحات پر لکھ کر ختم کردیے گئے ہیں۔ اس کے مصنف کے بارے میں اس سے زیادہ کچھ معلوم نہ ہوسکا کہ وہ شیعہ تھا اور غالباً بیہقی سادات کا ملازم تھا۔ کیونکہ اس نے ان لوگوں کے حالات دوسرے مؤرخین کی بہ نسبت تفصیل سے لکھے ہیں اور ان لوگوں کی خداترسی، شجاعت اور سخاوت کا ذکر خوشامدانہ انداز میں کیا ہے۔ اس کے ماخذ یون راج اور شری ور کی تاریخوں کے ساتھ ساتھ ملا احمد، ملا نادری، قاضی ابراہیم اور حسن قاری کی فارسی تاریخیں کئی ہیں۔ اس نے خاندان شاہ میر اور خاندانِ چک کے حکمرانوں کے متعلق جو کچھ لکھا ہے۔ وہ یا تو اس کے ذاتی مشاہدات ہیں یا بڑے بوڑھوں کی زبانی سنی ہوئی باتیں ہیں۔

بہارستان شاہی کا اسلوب بیان مرصع ہے۔ اس میں الفاظ کی بھرمار ہے۔ اس میں ہجری سنہ کے ساتھ لوک سنہ بھی درج ہیں۔ اس میں خاندان شاہ میر سے لے کر حسن شاہ کے عہد کی مختصر تاریخ ہے۔ لوہر میں قطب الدین کے خلاف بغاوت ملکہ سُورکی قائم مقامی اور زین العابدین کے عہد میں خانہ جنگی جیسے کئی اہم واقعات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
شجرۂ آغا سیّد یوسف الموسوی الصفوی النجفی مدظلہ
امام موسیٰ کاظم علیہ السلام
حمزہ
قاسم
احمد الاعرابی
محمّد
اسماعیل
محمّد
جعفر
ابراہیم
الحسن
سیّد محمّد
آغا سید محمد
آغا سید علی
آغا سید ابوالحسن
آغا سید احمد
آغا سید جعفر
حجتہ الاسلام آغا سیّد یوسف الموسوی
آغا سید مصطفیٰ
آغا سید باقر
آغا سید محمد فضل اللہ
آغا سید محمود
آغا سید مرتضیٰ
آغا سید جعفر
آغا سید عباس
کتابت علی احمد لکھنؤ

حذف کر دیئے گئے ہیں۔ سلطان حیدر شاہ کے حالات کو چند سطروں ہی میں بیان کر دینے پر اکتفا کر لیا گیا ہے۔ اور حسن شاہ کے دورِ حکومت کے سیاسی واقعات کا کوئی ذکر نہیں کیا گیا ہے۔ محمد شاہ اور اس کے بعد کے حالات تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں۔ کشمیر میں مغلوں کی فتح کی تاریخ بڑی وضاحت سے لکھی گئی ہے۔ یہ مغلوں کے عہد کی لکھی ہوئی تاریخوں کا ایک مفید ضمیمہ ہے اور آخر الذکر تاریخوں میں جو کچھ لکھا گیا ہے اس کا تجزیہ کرنے میں اس سے بڑی مدد ملتی ہے۔ اس کے علاوہ یہی ایک کتاب ہے جس میں یوسف شاہ کی جلاوطنی اور ان کی موت کے حالات کا تفصیلی بیان ملتا ہے۔ اس لئے اتنے نقائص کے باوجود یہ ایک بہت اہم تاریخی ماخذ ہے"

صاحبزادہ پروفیسر حسن شاہ اور ڈاکٹر محب الحسن صاحب نے بہارستان شاہی کے مصنف کو قطعیت کے ساتھ شیعہ قرار دیا ہے۔ راقم الحروف کو مصنف کے شیعہ ہونے کے بارے میں کوئی داخلی یا خارجی شہادت دستیاب نہیں ہوتی ہے۔ صاحبزادہ نے مصنف کے شیعہ ہونے کی دلیل یہ بیان کی ہے کہ کتاب میں جا بجا سادات، آئمہ طاہرین اور شیعہ علماء کا ذکر کیا گیا ہے۔ پروفیسر صاحب نے غالباً یہ اس لئے کہا کہ مصنف نے آئمہ معصومین اور شیعہ علماء خاص کر میر شمس الدین عراقی کا نام بڑے احترام اور ادب سے لیا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ کتاب میں مصنف نے بعض شیعہ اور سنی علماء اور اکابر کے نام تعظیم سے لئے ہیں۔ سنی علماء میں جامع اسلوب شیخ یعقوب صرفی اور قاضی موسیٰ وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔ ان دونوں بزرگوں نے سلاطین چک کے خلاف مغلوں کے ساتھ جو سازباز کی تھی مصنف نے اسے کھل کر بیان کیا ہے۔ شیعہ علماء میں مصنف نے میر شمس الدین عراقی اور بابا خلیل اللہ کی بزرگی کو بیان کیا ہے۔ جب یعقوب شاہ نے ایک سنی وزیر محمد بٹ کو برطرف کر کے ایک شیعہ عالم ملا احسن اسود کے مشورے سے نازک بٹ کو منصب وزارت کا عہدہ بخشا تو بہارستانِ شاہی کے مصنف نے یعقوب شاہ، ملا احسن اسود اور نازک بٹ تینوں کی کھل کر تنقید کی۔ اس کے الفاظ یہ ہیں:۔

"در اثنائے ایں حال از رائے رکیک ملا احسن اسود وغیرہم محمد بٹ کہ بکمال فراست آراستہ بود از مسندِ وکالت و وزارت معزول گردانیدہ در قید حبس نگاہ داشت۔ ایں قضیہ نیز باعثِ زیادتی فتنہ و فساد شد۔ وخلعتِ وزارت و مہام بر قامتِ بے اندامِ نازک بٹ پوشانید۔ و نازک بٹ از حلیۂ عقل سادہ و از زیورِ

فراست دُور افتادہ بود۔ تدارک و تلافیِ فتنہ و فساد کہ در کشتنِ قاضی موسیٰ وقوع یافتہ
نتوانست نمود۔ واز خبرداریِ سپاہ و رعایائے حال تباہ واقف و آگاہ نتوانست
شد۔ لاجرم سپاہِ آں دیار از ولی نعمت ہائے کبار خویش منحرف المزاج شدہ۔
ناچار راہ بے وفائی و جدائی پیمودند"

لوگوں کا یہ کہنا بھی درست نہیں ہے کہ چونکہ مصنف بہارستانِ شاہی نے آئمہ معصومین کا نام احترام سے لیا ہے اس لئے وہ شیعہ تھا۔ بہت سے سنّی حضرات بھی آلِ رسول کی عقیدت مندی کا اظہار کرتے ہیں۔ خصوصاً صوفی حضرات کسی نہ کسی طریقہ سے اپنا سلسلہ حضرت علیؓ تک پہنچاتے ہیں۔

راقم کی رائے میں بہارستان شاہی کا مصنف عالم جیدّ اور فاضل یگانہ تھا۔ اُسے تعلیماتِ قرآن اور احادیث نبویؐ پر گہری نظر تھی۔ وہ حق کو حق اور باطل کو باطل سمجھتا تھا۔ تاریخ مرتب کرنے میں اس نے سچائی اور رواداری کے اصولوں کو برقرار رکھا ہے۔ اسے کشمیر سے محبت تھی اور وہ مغلوں کے خلاف تھا۔ اس نے مغلوں کے قتل عام کو طشت از بام کیا۔ مرزا حیدر کاشغری اور شہنشاہ اکبر کے مظالم کو واشگاف الفاظ میں بیان کیا ہے اور کشمیریوں کی نا اتفاقی اور خانہ جنگیوں پر خون کے آنسو بہائے۔ وہ ہمیشہ بزرگانِ دین کا احترام کرتا تھا۔ مرزا حیدر نے میر دانیال کو موت کے گھاٹ اتار دیا تو بقول مصنف کتاب میر دانیال کی شہادت ہی اس کی حکومت کے زوال کا باعث ہوئی۔ کہتا ہے کہ

"زہے بے وفائیِ دنیائے غدار کہ مرزا حیدر ناخداترس خون حضرت شیخ دانیال را
و عہدۂ اموالِ او را مصلحت ملک گویا بگردنِ خود گرفت۔ و گواہانِ دروغ را
رشوت داده بہ فریب ملاّ فتح الله را اغوا و گمراہ ساختہ، آنحضرت را بدرجہ شہادت
رسانیدند۔ و خونِ آں چناں بزرگے دیدہ و دانستہ بگردنِ خود گرفت۔ بہ طمع
آنکہ دولتِ دنیا باو باقی و پائندہ باشد۔ و بعد از شہادتِ آنحضرت بحکم الدم
لاینام زیادہ از نہ ماہ نتوانست زیست"

اسی طرح مصنفِ بہارستان شاہی نے قاضی موسیٰ کے قتل کو یعقوب شاہ کی حکومت کے لئے زوال کا باعث قرار دیا۔ چنانچہ لکھتا ہے کہ

"از وقوعِ ایں قضیہ در میانِ بزرگان و اعیان و اہالیِ ممالک کشمیر حادثۂ واقعۂ حادث و ہائل شد کہ ہابت آں حادثہ موجبِ نقصانِ بنیانِ قصرِ مملکت یعقوب شاہ گشت"

ڈاکٹر اکبر حیدری (مرتبِ کتاب)

بہارستان شاہی کا مصنف غیر متعصب تھا۔ اس نے یوسف میر کے حادثۂ قتل کو افسوس ناک قرار دیا اور اس قتل کی ذمہ داری علی کوکہ وزیر اعظم اور دو ملاؤں کے سر تھوپی۔ بہارستان شاہی پہلی تاریخ ہے جس میں قتل یوسف اور اسلامی عدالت کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ راقم ان لوگوں کے ساتھ اتفاق نہیں کرتا ہے جو اُسے شیعہ کہتے ہیں۔ اس بات کا کوئی ٹھوس اور واضح ثبوت نہیں ملتا ہے کہ وہ شیعہ تھا۔ مصنف نے ملّا حسام الدین کو اپنا جد قرار دیا ہے۔ اور وہ یہ بھی کہتا ہے کہ وہ غزنی میں بابا حاجی ادہم کے مرید ہوئے تھے۔ اور بابا حاجی ادہم زین العابدین کے زمانے میں زندہ تھے۔ ملّا حسام الدین غزنی کے رہنے والے تھے۔ غزنی ہمیشہ سے سنّی مسلمانوں کا مرکز رہا ہے۔ غالباً وہاں شیعہ نہیں رہتے تھے وہ سلطنت صفویہ کے قیام کے بعد ایران میں رہنے لگے۔ مصنف کے غیر شیعہ ہونے کی ایک شہادت یہ بھی ہے کہ اس کے دادا پیری اور مریدی کے قائل تھے۔ شیعوں میں پیری مریدی نہیں ہوتی ہے۔ وہ نور بخشی بھی نہیں تھے۔ تحفۂ سامی (مولفہ سام میرزا) اور نفائیس المآثر (علاء الدولہ) میں جن نوربخشیوں کے حالات ملتے ہیں ان میں ملّا حسام الدین کا نام کہیں نہیں ہے۔ راقم چارلس ریو کے ساتھ اس بارے میں متفق الرائے ہے کہ مصنّفِ بہارستان شاہی سید ابو المعالی کا ملازم تھا۔ سید ابو المعالی بیہقی سادات کے چشم و چراغ تھے۔ وہ سنّی تھے اور سلاطینِ چک کے ساتھ ان کی قرابتداری تھی۔ سید ابو المعالی اور ان کے والد سید مبارک شاہ بڑے روادار اور غیر متعصب تھے۔ اس لئے مصنّف بہارستانِ شاہی بھی غیر متعصب اور روشن خیال سنّی تھا۔ وہ ہمیشہ بیہقی سادات کے کارناموں کو شاندار الفاظ میں بیان کرتا ہے۔ ایک جگہ کہتا ہے کہ

"میراں سید شاہ ابو المعالی کہ مدت بست و چہار سال کابل حسب الحکم جہان مطاع خلافت پناہ اکبر بادشاہ در خدمت و ملازمتِ راجہ مذکور بود۔ و درین مدت بہ سبب شجاعتِ جبلی و شہامتِ ذاتی کہ لازمہ طائفۂ شریفۂ ہاشمی است با دشمنان بادشاہی انواع محاربہ و اصناف مقاتلہ در صوبہ ہائے بنگالہ واڑیسہ و دکن نمودہ در ہر معرکہ کہ بتائید الہٰی مظفر و منصور بود اوقاتِ فرخندہ ساعات نیاز و نعمت و عیش و عشرت باعتبارِ تمام و اقتدارِ لاکلام گذرانیدہ آمدہ"

ایک اور جگہ لکھتا ہے کہ

"مثل فرزندانِ میراں سید مبارک شاہ ازیں مہلکہ ناگاہ خلاص می ساختند۔

ہر آئینہ نقشِ نکوئی و کرم ایشان بر صفحۂ زمان تا قیام قیامت باقی می ماند"

بہارستانِ شاہی سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف سید ابوالمعالی کی جلاوطنی کے زمانے میں ان کے ساتھ ساتھ رہا تھا۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ مصنف نے بہارستان شاہی میں اکثر مقامات پر "ایں دیار" و "آں دیار" کے الفاظ استعمال کیے ہیں۔ جب وہ کشمیر میں تھا تو ہندوستان کو "آں دیار" کہتا تھا اور جس زمانے میں شاہ ابوالمعالی کے ساتھ ہندوستان میں رہا تو کشمیر کو "آں دیار" اور ہندستان کو "ایں دیار" لکھتا تھا۔

مصنف اپنے زمانے کا نامور شخص معلوم ہوتا ہے۔ اسی لئے اس نے کتاب میں کہیں بھی اپنا نام ظاہر نہیں کیا ہے۔ اکبر بادشاہ نے مجاہدینِ آزادیٔ کشمیر کا جو قتل عام سالہا سال تک جاری رکھا تھا اس میں شیعوں کے ساتھ ساتھ سنی بھی شامل تھے۔ اس مردم کشی کے دور دورہ میں صرف ان ہی لوگوں کو امان دے دی گئی تھی۔ جنھوں نے شہنشاہ کی غلامی کا طوق اپنے گلے میں ڈالا تھا۔ بہارستان شاہی میں وہ الفاظ سونے کے حروف میں لکھے جانے کے قابل ہیں جن کے تحت کشمیری حریت پسند سید مبارک خان بیہقی نے جلاوطنی کے زمانے میں شہنشاہ کی پیش کش کو ٹھکرا دیا۔ جس کی بنیاد پر انھیں اذیتیں دی گئیں اور آخر کار مصنف نے "شہید رفت" (۹۹۹ ہجری) ان کی تاریخ وفات کہہ کر اس بات کا انکشاف کیا کہ وہ مردِ غیور بھی سامراجی ہتھکنڈوں کا شکار ہوا تھا ورنہ لفظ "شہید" مصنف نہ لکھتا۔

سلطان زین العابدین کے زمانے میں جو خلاف شرع رسمیں وجود میں آئی تھیں۔ مصنف نے ان کی روشنی میں سلطان کی کھل کر تنقید کی ہے۔ اس بارے میں وہ لکھتا ہے کہ

"علماء و فضلاء و سادات و قضاتِ ایں دیار ہم آں رسوم بجامی آوردند۔ وازآں ہیچ کراہیت نمی دانستند۔ چہ جا آنکہ کسے ایشان را منع و اجتناب می کرد۔ وہم چنیں ضعف اسلام و زبونیٔ شرائع و احکام و قوتِ کفرہ عبیدۂ اصنام و رونقِ فجور و آثام شائع و غالب بود تا تشریف قدوم حضرت امیر شمس الدین عراقی قدس اللہ سرہ و بہ برکت مساعی جمیلہ و اہتمام جزیلہ آں حضرت کفرہا برطرف شدہ و رونق دین اسلام و رواجِ شریعتِ حضرت سید انام بیُمنِ اہتمام آں مرشد ایام بہ ظہور رسید"

اسی طرح بہارستان شاہی میں مرزا حیدر کاشغری کے مذہبی تعصب کا پردہ اس طرح چاک کیا گیا ہے

"مرزا حیدر را از غایتِ انکارِ طریقِ حنفیہ، نوربخشیہ بلکہ سلسلۂ خواجۂ ہمدانیہ را از یں ممالک بکلیہ محو و معدوم ساختہ بود۔ چنانچہ درتمام ایں ممالک ازاں سلسلۂ شریفہ ہیچ اثرے باقی نماندہ بود۔ و قریب ہشت سال ہیچ کس از اہالی و موالی ایں ملک دم ازاں سلسلہ علیہ نتوانستند زد۔ بلکہ از کمالِ تعصّب خود مذہبِ شافعی کہ تمام اہل عالم از شرق تا غرب انکار آں مذہب نتوانند کرد۔ مردم ایں ممالک را منع می کرد کہ ہیچ کس شافعی المذہب ہرگز نہ باشند و ماسوئ مذہبِ حنفیہ تمام مذاہب را محو و منسوخ ساختہ"

بہارستان شاہی دراصل کشمیری محبّ وطن اور جانباز سپاہیوں کی جنگِ آزادی کی تاریخ ہے۔ آزادی کی یہ جنگ سلاطین چک کے زمانے میں لڑی گئی۔ اس میں شہنشاہ اکبر کے دورِ استبداد، سامراجی ہتھکنڈوں، معاہدہ شکنی اور کشمیریوں پر اکبر کے ہاتھوں کیے گئے مظالم کو بے نقاب کیا گیا ہے۔ تاریخ کا ایک ایک ورق کشمیری مسلمانوں کے خون کی رنگین داستان پیش کرتا ہے۔ اور اس کی ایک ایک سطر میں کشمیریوں کے عزم و استقلال، صبر و ثبات اور ان کے بلند کارناموں کی مکمل تفسیر درج ہے۔

تاریخ کشمیر کا سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ بنگاہِ غلط انداز مورخین نے حقیقت پسندی اور غیر جانبداری کے اعلیٰ اصولوں کو پسِ پشت ڈال کر ہمیشہ تنگ نظری اور عصبیت کے جنوں میں تاریخیں اختراع کی ہیں۔ جو بات دل میں آئی اسے بغیر کسی حوالے کے لکھ دی۔ ان لوگوں نے شیعان کشمیر کے ساتھ تاریخ مرتب کرتے وقت دیدہ و دانستہ انصاف نہیں کیا ہے۔ ایسے نام نہاد مورخین کو تعصب کی رو میں بہہ کر لفظ "شیعہ" ہی ذہن سے اتر گیا۔ ان میں ملا عبدالقادر بدایونی[1]، نظام الدین[2]، محمد قاسم فرشتہ[3]، عبدالباقی نہاوندی[4]، سید علی[5]، خواجہ اعظم دیدہ مری[6]، احمد بلخی کشمیری[7] اور حاجی محی الدین مسکین[8] پیش پیش ہیں۔ ان تاریخ سازوں نے اپنی تاریخوں میں منافرت پھیلانے کے لئے لفظ "شیعہ" استعمال ہی نہیں کیا ہے بلکہ ہر جگہ شیعہ کے بدلے رافضی لکھا ہے۔ جن لوگوں کے دلوں میں اس قدر تعصب نے گھر کر رکھا ہو ان کی تاریخوں کی اصلیت شیعوں کے بارے میں کیا ہوگی۔ بعد کے مورخوں نے انہی

---

[1] منتخب التواریخ ص ۳۹۳ ترجمہ محمود احمد فاروقی۔ [2] طبقات اکبری ص ۴۲۵، جلد سوم انگریزی ترجمہ برجندر ناتھ، [3] تاریخ فرشتہ ص ۳۳۲ مطبوعہ نولکشور۔ [4] مآثر رحیمی جلد اول ص ۲۵۲، [5] تاریخ کشمیر از سید علی بیہقی ورق ۲۵ الف [6] تاریخ کشمیر ص ۱۰۵، [7] نوادر الاخبار قلمی، [8] تاریخ کشمیر کبیر قلمی صفحہ ۱۷۲۔

کتابوں سے استفادہ کرکے، اپنی کتابوں کی زینت بڑھا دی ہے۔ کاش یہ حضرات کسی لغت میں "رافضی" کے معنی دیکھتے!

خیر یہ تو تھے آج سے سیکڑوں برس پہلے کے مورخین جبکہ لوگ غیر مہذب اور جاہل تھے۔ اب زمانۂ حال کے "روشن خیال" لوگوں کو بھی ملاحظہ فرمایئے۔ پروفیسر محمد طیب شاہ صدیقی المتخلص بہ ضیغم کشمیری مختلف سرکاری عہدوں پر فائز تھے۔ اب ملازمت سے سبکدوش ہوگئے ہیں اور پنشن پا رہے ہیں۔ موصوف اردو فارسی کے بھی استاد رہ چکے ہیں۔ انھیں کتاب لکھنے کا شوق پیدا ہوا۔ ان کی تحریروں سے تعصب کی عفونت اس قدر آتی ہے کہ ان کی روشن خیالی اور علمی معلومات کی تنگ دامانی پر حیرت اور افسوس ہو رہا ہے۔ فرماتے ہیں کہ

"ایران میں خاندان صفوی کے برسر اقتدار آنے کا سب سے بڑا ذریعہ اس خاندان کا نمائشی ترفض تھا۔ خاندانِ صفوی نے تشیع کے پردے میں رفض اور رافضیت کو اپنا مسلک بنایا۔ کشمیر کی طرف ملّا بایزید اور میر شمس الدین عراقی رفض کو فروغ دینے کے لیے بھیج دیے گئے۔ چک خاندان نے حکومت پر غاصبانہ قبضہ کیا تھا۔ میر شمس عراقی اس خاندان میں اپنا اثر و رسوخ پیدا کرنے میں کامیاب ہوا اور اس خاندان کے چند افراد غازی چک، یوسف چک اور یعقوب چک کو غالی اور رافضی بنالیا۔ ان حکمرانوں نے اسلام اور بزرگان دین پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا۔ عوام پر تو اہل بیت کے نام لیواؤں کے نام سے ترویج رافضیت کرتے رہے۔ غازی چک نے حضرت سلطان (شیخ حمزہ مخدوم) کو شہر بدر کیا۔ اور وہ بیروہ کی طرف چلے گئے۔ حضرت سلطان العارفین نے نہ صرف جہاد اکبر سے ان ظالموں کو مقہور کیا بلکہ اکبر جلال الدین کی فوجیں یہاں بلوانے کا انتظام فرمایا۔ یوسف شاہ کے دوران حکومت میں رفض کا غلبہ رہا۔ حضرت سلطان نے ایک وفد عمائدین متین کا تیار کیا جو کہ بسرکردگی جناب صرفی بہ شمولیت حضرت خاکی اکبری دربار میں بھلا گیا تاکہ اکبر اپنی فوجیں بھیجدے۔ اور ملک کو ان نامعقول اور عیش پرست ظالموں سے نجات دے اور ضلالت کا خاتمہ ہو۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، مرکزی فوجیں کشمیر میں آئیں اور کشمیر سلطنت مغلیہ میں شامل ہوا" [۱]

---

[۱] تذکرۃ العارفین ص۲۱، ۹۶ء۔

پروفیسر ضیغم کشمیری ایک اور کتاب میں فرماتے ہیں کہ

"جاہل چک حکمرانوں نے اکثر کتب خانے نذرِ آتش کرائے تھے۔ ان میں شیخ صرفی کا کتب خانہ بھی تھا"[1]

جناب ضیغم کشمیری اگر اپنے بیان کی تائید میں کسی کتاب کا حوالہ دیتے تو زیادہ بہتر رہتا اور ان کی معلومات کی بنیاد بھی معلوم ہوتی۔ انھوں نے جو کچھ بھی لکھا ہے وہ اپنی طرف سے بڑھایا ہے۔ اس لئے ان کا ایک ایک جملہ نہ صرف لغو، مہمل، غلط اور بے بنیاد ہے بلکہ گمراہ کن بھی ہے۔ اگر وہ کسی چھوٹی سے چھوٹی تاریخ پر بھی انحصار کرتے تو اس قدر لغویات کا شکار نہ ہوتے۔ کس قدر جھوٹ فرماتے ہیں کہ میر شمس الدین عراقی نے یوسف چک اور یعقوب چک کو رافضی بنا لیا" ایسے عالم کا کیا کرے کوئی" جس کو یہ تک نہ معلوم ہو کہ میر شمس الدین کا انتقال کب ہوا تھا۔ ان کا انتقال ۹۳۲ھ میں ہوا۔ اس وقت یوسف شاہ اور یعقوب شاہ پیدا ہی نہیں ہوئے تھے۔ ہاں غازی خان کم سن تھے لیکن ان کی کوئی اہمیت نہیں تھی۔

پروفیسر صاحب کا یہ ارشاد بھی غلط ہے کہ غازی شاہ نے شیخ حمزہ مخدوم کو سری نگر سے بدر کیا تھا۔ یہ شر انگیز پروپگنڈا مولوی محمد شاہ سعادت نے اپنی طرف سے محض "فی سبیل اللہ فساد" کے لئے تاریخ کشمیر مولفہ خواجہ محمد اعظم دیدہ مری کے حاشیے میں کیا ہے۔ کاش ضیغم کشمیری اس تاریخ کا کوئی قلمی یا پرانا مطبوعہ نسخہ ملاحظہ فرماتے۔ یہ افسانہ من گڑھت ہے۔ اور اس کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔ ان کا یہ کہنا بھی بہتان اور مضحکہ خیز ہے کہ چونکہ یوسف شاہ کے زمانے میں رفض کا غلبہ رہا اس لئے شیخ حمزہ مخدوم نے ایک وفد اکبر بادشاہ کے پاس تسخیر کشمیر کے لئے روانہ کیا۔ ضیغم کشمیری کی داد دیجئے انھوں نے شیخ حمزہ پر کتاب شائع کی لیکن یہ نہیں معلوم ہو سکا کہ ان کا انتقال کب ہوا تھا۔ شیخ حمزہ مخدوم کا انتقال ۹۸۴ھ میں ہوا۔ "مخدوم مرحوم" مادۂ تاریخ ہے۔ جبکہ یوسف شاہ ان کی وفات کے دو سال کے بعد ۹۸۶ھ میں تخت نشین ہوئے تھے۔ شہنشاہ اکبر نے ۹۹۴ھ میں معاہدۂ الحاق کے تحت جس کی قیادت شیخ صرفی کر رہے تھے کشمیر کو فتح کیا۔ پروفیسر صاحب کا یہ کہنا بھی سفید جھوٹ ہے کہ سلاطین چک نے لوگوں کو پریشان کیا اور ان کے مکان نذر آتش کیے۔ برعکس اس کے کتب تواریخ میں "تاراج

---

[1] رشحات صرفی ص ۳۲۔

نظر ڈالنے والے مورخین کو سلاطین چک میں برائیوں کے سوا اور کچھ نظر نہیں آتا ہے۔ مقدمہ میں ان کے عدل و انصاف، سخاوت، شجاعت اور علم دوستی کے اہم واقعات بیان کئے گئے ہیں۔

مرتب کو اس بات کا احساس ہے کہ کشمیر میں میر شمس الدین عراقی اور سلاطین چک کی وجہ سے شیعہ مسلمانوں کے ساتھ انصاف نہیں کیا گیا ہے۔ میں خود بھی شیعہ ہوں اس لئے مجھ پر یہ فرض عاید ہوتا ہے کہ جو مظالم مغلوں اور دوسرے غیر ملکی حکمرانوں نے کشمیر کے شیعوں پر ڈھائے ہیں اور جو غلط فہمیاں انھوں نے اپنی حکومتوں کے استحکام کے لئے شیعہ اور سنّی مسلمانوں میں پیدا کی ہیں ان کی اصلیت کے اسباب بیان کروں۔ میں نے ایک محبّ وطن کشمیری ہونے کی حیثیت سے وہ تمام واقعات پیش کیے ہیں جو کتب تواریخ میں درج تو ہیں لیکن مورّخوں نے محض بربنائے تعصّب آج تک کھل کر بیان نہیں کئے ہیں۔

راقم کو بہارستان شاہی کا ایک مکمل نسخہ عرصہ ہوا دستیاب ہوا تھا۔ اس کا مقابلہ جب لندن کے نسخوں سے کیا گیا جن کے فوٹو اسٹیٹ حکومت جموں و کشمیر کے محکمہ ریسرچ کے کتاب خانے میں موجود ہیں تو کوئی خاص فرق نظر نہیں آیا۔ نسخۂ برٹش میوزیم اور راقم کے نسخے میں سو فیصد مطابقت پائی جاتی ہے۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ دونوں نسخے ایک دوسرے کی نقلیں ہیں۔ ترتیب کے دوران جو سہولتیں صاحبزادہ حسن شاہ اور صاحبزادہ محمود احمد ڈائرکٹر لائبریریز اینڈ ریسرچ ریاست جموں و کشمیر نے مرتب کو فراہم کی تھیں اس کے لئے وہ ان دونوں بھائیوں کا ممنون ہے۔

متن کے حواشی میں مستند لغات کی مدد سے مشکل الفاظ کے معنی درج کئے گئے ہیں۔ فہرست ماخذ میں بہارستان شاہی کے صفحوں کے جو نمبر دیے گئے ہیں وہ مخطوطہ کے مطابق ہیں۔ مقدمات میں حرف "ح" سے مراد حاشیہ ہے۔ اصل مخطوطے میں ابتدا سے آخر تک عبارتیں سلسلہ وار ہیں۔ راقم نے ابواب اور متن کی مختلف سرخیاں مرتب کی ہیں۔ جن نایاب اور نادر مخطوطات سے استفادہ کیا گیا ہے ان میں اکثر و بیشتر غیر مطبوعہ ہیں اور وہ ریاست کشمیر کے محکمۂ ریسرچ میں محفوظ ہیں۔

مجھے بہارستان شاہی کے مقدمات کی ترتیب دینے کے سلسلے میں کئی مرتبہ خدا بخش لائبریری پٹنہ اور لکھنؤ کے مختلف کتاب خانوں کی خاک چھاننا پڑی۔ ڈاکٹر نیّر مسعود نے بھی مقدمات کی ترتیب کے بارے میں اپنے مفید مشوروں سے نوازا۔ میں ان کتاب خانوں کے منتظمین اور ڈاکٹر موصوف کا بھی شکر گذار ہوں۔

آخر میں جناب حجۃ الاسلام آغا سید یوسف الموسوی الصفوی صدر انجمن شرعی شیعان

جمّوں و کشمیر کا شکریہ ادا کرنا راقم الحروف کے لئے لازم و ملزوم ہے۔ اگر آنجناب بہارستانِ شاہی کی اشاعت کی طرف توجہ نہ فرماتے تو تاریخ کشمیر کا یہ نادر، نایاب اور مستند نسخہ منظرِ عام پر کبھی نہ آتا۔ تصویروں کی فراہمی کے لئے جو زحمتیں آغا صاحب کے فرزند جناب سیّد محمّد فضل اللہ نے اٹھائیں مرتب ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہے۔

اکبر حیدری

۲۲ر فروری ۸۲ء لکھنؤ

مقدمۂ اوّل

میر شمس الدّین محمّد عراقی اور اُن کا خاندان

ذوالجو کے حملۂ کشمیر کے بعد ۷۲۰ھ ہجری مطابق ۱۳۲۰ء میں لداخ کے حکمراں رینچن نے کشمیر پر دھاوا بول دیا۔ اور اسے فتح کیا۔ انھوں نے کشمیر میں اپنا آبائی مذہب بودھ مت ترک کر کے سید شرف الدین بلبل شاہ (متوفی ۷۲۲ھ مطابق ۱۳۲۴ء) کے ہاتھوں اسلام قبول کیا۔ اور پھر آخر وقت تک احکام شریعت مصطفوی اور طریقت مرتضوی یعنی مذہب امامیہ کے پابند رہے۔ جب رینچن نے بلبل شاہ سے ان کے دین و مذہب اور عقاید کے بارے میں دریافت کیا تو انھوں نے حضرت رسالت پناہ اور امام ابلین حضرت علیؑ کے معجزات و مناقب بیان کرنے کے بعد فرمایا ؎

نعمت اللہ ماست پیر و ولی
یادگار محمدؐ است و علیؑ

رینچن کے قبول اسلام کا واقعہ تاریخ میں اس طرح درج ہے :-

"چوں آئینۂ دل او از صور اعتقادات مِلَل باطلہ سیاہ بود۔ و مرآتِ ضمیرش از نقوشِ عقائدِ مذاہب فاسد ارادہ قوم سعادت لزوم احکام شریعت مصطفوی و اصولِ عقائدِ صحیحۂ طریقت مرتضویؑ بر صفحۂ دلِ او مرقوم و منقوش گشت و باعتقاد و اخلاص تمام دین و ملّت

۲۔ شاہ نعمت اللہ کرمانی شیخ مشائخ میں سے تھے۔ ان کے والد کا نام میر عبداللہ تھا۔ نسب پانچویں امام حضرت محمد باقر علیہ السلام تک پہنچتا ہے۔ ۷۳۰ھ ہجری ۱۳۲۹-۳۰ء میں حلب میں پیدا ہوئے تھے۔ ۲۴ برس کی عمر میں حج بیت اللہ کیا اور مکۂ معظمہ میں سات برس مقیم رہے۔ پھر سمرقند، ہرات اور یزد میں زندگی کے دن صرف کیے آخر عمر میں کرمانشاہ واپس آئے اور وہیں ۲۲ رجب ۸۳۴ھ (۵ اپریل ۱۴۳۱ء) کو انتقال کیا مقبرہ کرمان شاہ میں آج تک موجود ہے اور لوگ زیارت کرنے جاتے ہیں۔ اکثر قصاید آپ کے نام منسوب ہیں جن میں بذریعہ کشف اخبار آئندہ کی پیشین گوئی کی ہے (صنادید عجم ص ۲۲۶ طبع ثانی مطبع شانتی پریس الہ آباد)

اسلام قبول کرد۔ واز ادیانِ باطلہ و مذاہب فاسدہ تبرا نمود۔ اول بادشاہے کہ در ممالک کشمیر بشرف اسلام مشرف شد، رینچو بود۔ از برائے بلبل شاہ قلندر نزدیکِ حویلیِ خود خانقاہے بنا کرد۔ و جاگیر برائے وے تعیین نمودند" [1]

بلبل شاہ راجہ سہدیو کے دور حکومت (۱۳۰۱ء ـ ۱۳۲۰ء) میں منگولوں کے حملے کے خوف سے ایک ہزار پناہ گزینوں کے ساتھ ترکستان سے کشمیر آئے۔ وہ امام موسیٰ کاظم کی اولادوں میں سے تھے۔ اسی لیے موسوی سید کہلاتے تھے۔ انہی کے مشورہ سے رینچن نے اسلامی نام صدرالدین رکھا تھا[2]۔

بلبل شاہ اور سید علی ہمدانی (متوفی ۷۸۶ھ ہجری مطابق ۱۳۸۵ء) کے بعد اشاعت اسلام کے سلسلے میں میر شمس الدین عراقی کا نام قابل ذکر ہے۔ وہ نوربخشیہ مسلک کے پیرو تھے۔ اس مسلک کے بانی سید محمد بن محمد بن عبداللہ تھے۔ وہ کوہستان کے مقام قائین میں ۷۹۵ھ ہجری مطابق ۱۳۹۳ء میں پیدا ہوئے تھے۔ حصول تعلیم کے بعد خواجہ اسحاق ختلانی کے خلیفہ ہوئے۔ خواجہ صاحب بذاتِ خود سید علی ہمدانی کے مرید اور شیعہ مذہب کے مسلک تھے۔ انھوں نے ہی سید محمد کو نوربخش کا لقب دیا تھا۔ سید محمد نوربخش سید علی ہمدانی کے بلاواسطہ مرید بھی تھے۔ خواجہ صاحب نے سید محمد نوربخش کو سید علی ہمدانی کا خرقہ دے کر ان کے مہدی اور امام ہونے کا اعلان کیا۔ اس پر امیر تیمور (متوفی ۸۰۷ھ مطابق ۱۴۰۵ء) کے بیٹے شاہ رخ مرزا (متوفی ۱۴۴۶ھ) نے سید محمد نوربخش کو قید کیا۔ وہ اپنے موقف پر سختی سے کاربند رہے۔ اس لیے انہیں تین مرتبہ قید و بند کی صعوبتیں جھیلنی پڑیں۔ شاہ رخ کے انتقال کے بعد انھیں قید سے رہائی ملی تھی[3]۔ ان پر مہدویت کے دعویٰ کا الزام بے بنیاد تھا۔ تفصیلات نوربخشیہ کے حاشیے میں ملیں گی۔

سید محمد نوربخش بقول مولوی حشمت علی لکھنوی سید علی ہمدانی کے بھانجے تھے[4]۔ ان کا انتقال ۸۶۹ھ مطابق ۱۴۶۴ء میں ہوا۔ ان کی عمر ۷۳ سال تھی۔ اور وہ شیعہ تھے[5]۔

سلطان سکندر (متوفی ۸۱۶ھ مطابق ۱۴۱۳ء) کے بعد جس مبلغ دین اور مجاہد اولوالعزم نے کشمیر کے چپے چپے پر اسلام پھیلایا تھا وہ حضرت سید امیر شمس الدین محمد عراقی تھے[6]۔ تاریخ کشمیر میں وہ مکسر الاصنام کے لقب سے مشہور ہیں[7]۔ ان کے کچھ حالات "تحفۃ الاحباب" میں درج ہیں۔ اس کا ایک مخطوطہ ان کی اولاد جناب آغا سید یوسف قبلہ کے کتاب خانے میں محفوظ ہے۔ کتاب میں مصنف کا نام کہیں درج نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس نے مرزا حیدر کاشغری کی شیعہ کشی کا پردہ چاک کیا ہے۔ مصنفِ کتاب نے ابتدا میں اپنے والد کا نام مولانا جمال الدین خلیل اللہ لکھا ہے۔ جو میر شمس الدین عراقی کے

نامور مریدوں میں تھے۔ مخطوطہ میں سال تصنیف یا سنہ کتابت درج نہیں ہے۔ اس میں میرزا دانیال کی شہادت تک کے واقعات ہیں ان کی شہادت ۹۵۷ھ ہجری میں ہوئی تھی۔ اس لحاظ سے تحفتہ الاحباب کا سال تصنیف ۹۵۸ھ ہجری میں قرار دیا جا سکتا ہے اور یہ تاریخ کشمیر سے متعلق فارسی کا قدیم ترین نسخہ ہے۔

تحفتہ الاحباب میں میر شمس الدین کے نام کے ساتھ یہ القاب درج ہیں "حضرت قطب المحققین مکمل الکاملین، مزنی الواصلین، آفتاب فلکِ سیادت، خورشید سپہر دودمانِ ولایت، مظہر آثار معارفِ الہٰی، منبع متاخر حقایق نامتناہی، حامی قواعد شریعتِ مصطفیٰ، رافع اعلام طریقہ آئمہ ہدیٰ اللامع مصابیح ولایت انوار الحقائق والمعارف الفائیض من ینابیع ارشادت، اسرار کمالات العوارف المنحتص بعنایات الملک الباقی، شمس الحق والحقیقت والملت والدین"

او دریں گنبد فیروزہ فام	قطب زماں شمس فلک احترام
محرم رازِ حرم کبریا	محیی رسم و روشِ اولیا
عارفِ حق شیخ ولایت پناہ	شمس ہدا قطب فلک دستگاہ
پیر ہدا بود ولیِ خدا	برہمہ خلقِ خداء رہنما
باطن او مظہرِ انوارِ حق	سینۂ او مخزنِ اسرارِ حق
گوشِ دلش محرمِ رازِ خدا	اہل طلب را بجدا مقتدا
ظاہر او شمس دوم بر زمین	باطن او ہمدمِ روح الامین
دست و عصائش کہ امید و بیم	چوں ید بیضا و عصائے حکیم
بر در او ہر کہ ارادت نمود	فضل ولیش راہ سعادت نمود

وانکہ در آیات دے انکار کرد
روشد و سر در سرایں کار کرد

"آفتاب فلکِ سیادت" سے معلوم ہوتا ہے کہ میر شمس الدین محمد عراقی سادات سے تھے۔ اسی کتاب میں آگے چل کر یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ موصوف موسوی سید اور شاہانِ صفویہ کی اولادوں میں سے تھے میر عراقی کا شجرہ زڈی بل سری نگر کے ایک نامور شخص میر ہاشم خراسان میں شیخ محمد حرے مرتب کرا کے لائے تھے۔ شیخ محمد غالباً وہی شخص ہیں جو حج کرنے گئے تھے اور دوران سفر شہر رَے میں شاہ قاسم فیض بخش سے کشمیر سے متعلق تبادلۂ خیال کیا تھا۔

میر شمس الدین موضع کن متصل سولغان میں پیدا ہوئے تھے۔ سولغان اس زمانے میں عراق عجم کا ایک حصہ تھا۔ ان کے والد بزرگوار کا نام درویش ابراہیم تھا۔ والدۂ محترمہ سادات قزدین سے تھیں۔ تحفۃ الاحباب میں درج ہے کہ

"معلوم ضمائر منائر ارباب محبت و مودّت و مفہوم خواطر اصحاب اخلاص و ارادت تو ند بود۔ کہ نسب آنحضرت از قبایل شاہانِ صفویہ کہ در ممالکِ عراق و امصار خراسان معروف مشہور بود۔ و چونکہ ایشان پسر خواندہ کیان بودند ازیں جہت ایشان را "کے" می نامند۔ والّا در اصل ایشان سادات موسویہ اند۔ شجرۂ ایشان را میر ہاشم زڈی بلی بخراسان رفتہ از پیش شیخ محمد حر نوشتہ آورد۔ مولد و منشاء آنحضرت در موضع کن۔ کہ نزدیک سولغان است واقع بود۔ و در آں منزل مملوکات و متصرفات و موطن و مساکن آبا و اجداد ایشان از قدیم می بود۔ و پدر بزرگوار آنحضرت درویش ابراہیم نام داشت والدۂ آنجناب از اولاد سادات قزدین بود"

کتب تواریخ میں میر شمس الدین عراقی کے نام کے ساتھ لفظ "شیخ" بھی استعمال ہوتا ہے۔ بعض لوگوں کو "شیخ" کی وجہ سے ان کی سیادت مشکوک نظر آتی ہے۔ اگر ان لوگوں کا مطالعہ وسیع ہوتا تو اس قسم کی غلط فہمی کا شکار نہ ہوتے۔ یہاں "شیخ" تصوف کی اصطلاح میں آیا ہے۔ اور صوفیوں میں "شیخ" بڑے بڑے عالم دین کے نام کے ساتھ بطور عظمت و بزرگی لکھا جاتا ہے خواہ وہ سید ہو یا غیر سید۔ جامی کی "نفحات الانس" اور شاہ عبدالحق محدث دہلوی کی "اخبار الاخیار فی اسرار الابرار" مطبع مجتبائی دہلی ۱۳۰۹ھ میں جو لوگ اکابرینِ سادات میں شامل ہیں ان کے نام کے ساتھ لفظ "شیخ" ضرور ملتا ہے۔ ان میں شیخ جنید بغدادی، حمزہ بن عبداللہ العلوی الحسینی، شیخ ابو عبداللہ محمد بن ابراہیم القرشی الہاشمی، میر سید قاسم انوار اردبیلی اولاد شیخ صدر الدین اردبیلی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ علامہ قاضی نور اللہ شوستری کی کتاب مجالس المومنین طہران ایڈیشن ۱۲۹۹ھ) کے صفحات ۲۵۵ تا ۲۵۴ میں بڑے بڑے شیخ المشائخ کا تفصیلی تذکرہ ملتا ہے۔ مصنف نے ان تمام مشائخ کو صوفیائے کرام کے تحت درج کیا ہے اور اس نے ان مشائخ کو شیعہ قرار دیا ہے۔ یہاں ان کے شیعہ سنی ہونے سے کوئی مطلب نہیں ہے صرف یہ دکھانا مقصود ہے کہ لفظ "شیخ" ساداتِ باکمال کے نام کے ساتھ بھی لکھا جاتا ہے۔ علامہ قاضی

تمہید میں لکھتے ہیں کہ :۔

"سید حیدر بن علی الآملی در کتاب جامع الانوار فرمود کہ فرقہ ناجیہ امامیہ ایدہم اللہ تعالیٰ دو طایفہ اند۔ طائفہ آنکہ حامل ظاہر علوم رسول مجتبیٰ و آئمہ ہدیٰ اند۔ کہ عبارت از طریقت دایقان باشد۔ واوّل موسوم است بہ مومن فقط دثانی بہ مومن ممتحن وشیعی وصوفی عبارت ازاین دو طائفہ اند۔ زیراکہ شیعی وصوفی دو اسم متغائر ند۔ کہ مراد ازیشان حقیقت واحدہ است۔ یعنی کہ حامل شریعتِ محمدیہ باشد۔ بحسب ظاہر و باطن بعد از آں فرمودہ کہ اگر گویند کہ اکثر صوفیہ بحسب ظاہر و باطن برطریقۂ اہل سنت واصول قواعد ایشان اند۔ پس چگونہ ایشان راشیعہ حقیقی تواں گفت۔ گوئیم صوفیہ فرق بسیارند مانند شیعہ۔ امّا فرقۂ حقیہ ازایشان یکیست وآں فرقہ ایست کہ حامل اسرار سیّد مختار وآئمہ اطہار باشند۔ ایمان بحسب ظاہر و باطن داشتہ باشند۔ ہمچنانکہ فرقۂ حقیہ ناجیہ ازفرق متکثرہ شیعہ یکیست وآں امامیہ اثناعشریہ اند کہ قواعد احکام ایشان در فروع مبین است، بہ نقل صحیح از نبی وعترتِ علیہم السلام ومولف عقیدہ آنست کہ ہیچ کس ازاین طائفہ رفیعہ سنّی مذہب نہ بودہ" لے

علامہ شوستری نے جن مشائخ کا تذکرہ کیا ہے ان کا سلسلۂ ولایت حضرت علیؑ تک پہنچتا ہے۔ ان میں سے اکثر وبیشتر سادات میں سے ہیں اور ان کے نام کے ساتھ "شیخ" استعمال کیا ہے۔ موصوف نے میر سید علی ہمدانی کے نام کے ساتھ بھی "شیخ" لکھا ہے۔ صفحہ ۲۵۷ میں لکھتے ہیں کہ

"شیخ مشائخ وسیّد متالہین امیر سید علی قدس اللہ سرہ"

ذیل میں اس قسم کی چند اور مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

"شیخ جنید بغدادی۔ ازجملۂ سادات واکابرین ایں طائفہ" (صفحہ ۲۶۶)

"قطب الآفاق سلطان شیخ صفی الدین اسحٰق اردبیلی کہ جداعلائے طبقۂ علیّہ سلاطین صفویہ موسویہ است" (صفحہ ۲۷۳)

"شیخ صدرالدین موسوی خلف شیخ صفی الدین اسحٰق" (صفحہ ۲۷۳)

"السید العارف الموّحد شیخ قطب الدین حیدر التونی" (صفحہ ۲۷۶)

"شیخ" کی وضاحت

لغات اور کتب صوفیاء میں "شیخ" ان بزرگانِ دین کے اسمائے گرامی کے ساتھ استعمال ہوا ہے

جناب آغا صاحب ۲۵ رجب ۱۴۰۲ھ ہجری کو امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے یوم شہادت کے سلسلے میں سوگواروں سے خطاب کر رہے ہیں۔

جنھوں نے اسلام کی اشاعت میں کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں۔ اسلامی انسائیکلوپیڈیا میں مستند حوالوں سے کئی صفحات میں "شیخ" کی تشریح کی گئی ہے۔ یہ عربی لغت کا لفظ ہے۔ اس کے دو مفہوم ہیں۔(۱) خاص اور (۲) عام۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

(۱) کسی دینی یا روحانی سلسلے کا بانی، مگر اس کے جانشین کو جو اس سلسلے کی گدّی سنبھالے یا ان لوگوں کو جو اس کی مختلف شاخوں کے رئیس ہوں کو بھی شیخ کہہ دیا جاتا ہے۔ شیخ الطریقہ اپنے سلسلے کا دینی اور دنیوی دونوں امور میں رہنما ہوتا ہے۔ اس میں لازمی طور پر تمام اخلاقِ حسنہ پائے جانے چاہئیں۔ اسے عالی ظرف، زہد کیش اور تمام اوصاف حمیدہ کا حامل ہونا چاہیئے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ اسے علم وافر حاصل ہو۔ وہ اللہ کا برگزیدہ بندہ ہوتا ہے۔ اور اللہ اس پر اپنی برکت نازل کرتا ہے۔ اس لیے وہ بندے کو اللہ تک پہنچانے کا وسیلہ ہوتا ہے۔ اسے قانون الٰہی یا شریعت کا مکمل علم ہوتا ہے۔ وہ وساوس نفسانیہ اور ان کے علاج سے واقف ہوتا ہے۔ اپنے طریقے کی مخصوص تعلیمات کا بانی یا وارث ہونے کی وجہ سے وہ صاحبِ سرّ ہوتا ہے (یعنی اس کی رضا قادرِ مطلق کی مشیت سے فیض یاب ہوتی ہے) وہ صوفیوں کی روایات کا جاری رکھنے والا ہوتا ہے۔ اس کے دل میں ان خیالات کے سوا جو اللہ عزوجل نے یا بانی سلسلہ نے جو عالم ملکوت کے اندر حظیرۃ القدس میں صاحبِ مرتبہ ہوتا ہے اور وجود اقصٰی کے مقدس خیالات سے براہ راست فیض یاب ہوتا ہے [مرید کی نظر میں شیخ ہر قسم کی روحانی فضیلتوں کا پیکر ہوتا ہے] اور [اللہ تعالیٰ کی طرف سے] اسے تصرف اور کشف و کرامات کی قدرت عطا کی جاتی ہے۔

(۲) عام معنوں میں شیخ سے مراد وہ شخص ہے جس پر بڑھاپے کے آثار نمایاں ہوں۔ جس کی عمر پچاس سال سے اوپر ہو گئی ہو۔ اس کا اطلاق معمّر قرابت داروں پر بھی ہوتا ہے۔ قوم یا خاندان کا سردار بھی شیخ کہلاتا ہے۔ زمانۂ قبل از اسلام میں سیّد یعنی سردارِ قوم کو اکثر اوقات شیخ کا لقب دیا جاتا تھا جس کا مفہوم عمر میں بلوغ کامل اور اسکے لیے ذہنی قویٰ میں رشد تام ہوتا تھا۔ اسلامی دور کی تاریخ میں یہ لفظ بڑی کثرت کے ساتھ اعلیٰ سردار کے معنوں میں استعمال ہوا۔ بالخصوص ایسے مدعیان حکومت جو عربوں کی روایات کے احیاء کے خواہاں تھے۔ اس لفظ کو اختیار کر لیتے تھے۔ مثلاً چوتھی صدی ہجری میں مصلح ابو یزید نے شیخ المومنین کا لقب اختیار کیا۔

موجودہ وقت میں اس لقب کو جو بیک وقت ایک مہذب طریق خطاب بھی ہے اور اہمیت

کا ایک نشان بھی، یعنی معزز، محترم، وہ تمام لوگ جن کے ہاتھ میں حکومت ہو، یا جو کسی شعبۂ نظم ونسق کے مختار ہوں یا جو کسی عہدے یا منصب پر فائز ہوں یہ لقب حاصل کرنے کے لیے آرزومند رہتے ہیں۔ مفتی اعظم یعنی اسلام کے بڑے پیشوا کو شیخ الاسلام، وزیر امور مذہبی کو شیخ الدین، پولیس کے افسر اعلیٰ کو شیخ المدینۂ شہر کے رئیس البلدیہ کو شیخ البلد کہا جاتا ہے۔ اسی طرح دینی مدارس میں شیخ الحدیث، شیخ التفسیر اور شیخ الشیوخ کے القاب عام طور پر مروج ہیں۔

لیکن اس لفظ کی اہمیت مخصوص طور پر اسلامی مذہبی اخوت یا طریقے میں ظاہر ہوتی ہے۔ ان اعزازی القاب میں سے ایک جو پہلے پہل چوتھی صدی ہجری کے نصف آخر میں دینی شخصیتوں کے لیے اختیار کیے گیے۔ بجائیکہ لفظ اسلام سے مرکب بعض دوسرے القاب ان لوگوں نے اختیار کیے جو صرف دنیوی اقتدار کے مالک تھے۔ شیخ الاسلام کا لقب صرف علماء اور کبھی کبھی صوفیہ کے لیے مخصوص رہا ہے جس طرح کہ وہ دوسرے اعزازی القاب جن کا پہلا جز لفظ شیخ ہے۔ آنے والی صدیوں میں اس کی دوسری مثالیں صوفی شیخ صفی الدین اردبیلی اور علامہ التفتازانی ہیں۔

خود میر شمس الدین عراقی کے جد اعلیٰ سید صفی[7] الدین اردبیلی اور ان کے صاحبزادوں کے نام کے ساتھ (جیسا کہ شجرے میں بھی ظاہر ہوتا ہے) "شیخ" کا لفظ آج تک استعمال ہوتا آرہا ہے۔

---

۷ - شیخ صفی الدین۔ ایران کے صفوی بادشاہوں کے جد امجد ۶۵۰ھ ہجری (۱۲۵۲-۱۲۵۳ء) میں اردبیل میں تولد ہوئے۔ خواجہ کمال الدین عرب شاہ اور خانم دولتی کے بیٹے حضرت علیؓ سے ۲۵ ویں اور ساتویں امام موسیٰ الکاظم سے بیسویں پشت میں تھے۔ چھ سال کے تھے کہ والد انتقال کر گئے۔ شروع ہی سے مذہبی ریاضتوں میں منہمک ہو گئے۔ چونکہ اردبیل کے علماء میں کوئی ایسا نہ ملا جسے وہ بطور استاد پسند کرتے اس لیے وہ شیخ نجیب الدین بزغوش (م ۶۷۸ھ) کے درس میں شرکت کی غرض سے شیراز گئے۔ لیکن موخر الذکر ان کے وہاں پہنچنے سے پہلے انتقال کر گئے۔ انھوں نے پرہیزگار درویشوں اور متقی اشخاص سے واقفیت پیدا کی۔ جن میں شیخ رکن الدین البیضاوی اور امیر عبداللہ بھی تھے۔ آخر کار شیخ صفی الدین نے شیخ زاہد گیلانی سے استفادہ کیا اور ان کے مریدوں میں شامل ہو گئے۔ شیخ صفی کا انتقال ۱۲ر محرم ۷۳۵ھ ہجری مطابق ۲ر دسمبر ۱۳۳۴ء کو ہوا۔ مرنے سے پہلے اپنے بیٹے شیخ صدر الدین کو اپنا جانشین نامزد کر چکے تھے۔

شیخ صفی الدین درویشوں کے صفوی فرقے کے بانی تھے۔ جس نے بعد میں ایران پر سیاسی اقتدار حاصل کر لیا۔ صفوی لوگ امتیازی نشان کے طور پر بارہ کونوں کی ایک سرخ ٹوپی (تاج حیدر) پہنتے

(بقیہ ص ۳۵ پر)

کتبِ تواریخ میں شمس الدین محمد عراقی کے ساتھ لفظ "شیخ" نام کا جز نہیں ہے بلکہ جیسا کہ اوپر مذکور ہو چکا ہے یہ لفظ بزرگی کے اعزاز میں آیا ہے۔ ان کے نام کے ساتھ "امیر" اور "میر" نام کے جز کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ "میر" یا "امیر" اصل میں نشان سیادت ہے۔ معتبر کتب لغات میں "میرزا" کے معنی سید ہیں۔ ٹیک چند کی بہار عجم ص۴۲۴ جلد دوم مطبع نولکشور لکھنؤ میں "میرزا" کے معنی اس طرح درج ہیں۔

"میرزا۔ بیائے معروف، ایں لفظ بیشتر از القاب بادشاہان یا بادشاہزادگان بود۔ دریں روزگار بزرگ زادگان و رئیس پسران اطلاع کنند و در ایران بر سادات نیز تجوز است۔ بخلاف آقا کہ لفظ ترکی است و اطلاق بر سلاطین و امرار درست نیست۔

غیاث اللغات ص۴۶۱ مرتبہ مولوی غیاث الدین مطبع نولکشور لکھنؤ نفائس اللغات ص۸۲۳ اوحد الدین بلگرامی مطبع مصطفائی لکھنؤ مطبوعہ ۱۲۵۷ھ ہجری میں بھی "میرزا" سید کے معنی میں آیا ہے۔ ان لغات میں یہ تصریحاً درج ہے کہ "میرزا" دراصل مخفف ہے "امیرزا" کا اور "میر" ہے مخفف "امیر" کا۔ الف کثرت استعمال سے حذف ہو گیا ہے۔ جیسے کہ بوجہل اور بولہب میں۔ نور اللغات جلد چہارم ص۳۱ میں میر مخفف امیر کا دکھایا گیا ہے۔ اور یہ بھی لکھا گیا ہے کہ فارسی میں یہ لفظ سید کے اعزازی معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ پس ثابت ہوتا ہے کہ شمس الدین محمد عراقی کے نام کے ساتھ "میر" یا "امیر" کے الفاظ سیادت کے لیے آئے ہیں۔ اور یہ دونوں لفظیں ان کے سید ہونے پر دال ہیں۔ جیسے کہ تاریخ کشمیر میں یہ الفاظ میر علی ہمدانی، میر محمد ہمدانی، میر سید محمد مدنی وغیرہ اور اردو تذکروں میں، میر کا لفظ میر تقی میر، میر حسن، میر انیس اور میر ضمیر وغیرہ کے نام کا ساتھ سید کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

کتب تواریخ سے میر شمس الدین عراقی کی سیادت مسلّم ہے۔ ان کتابوں کے علاوہ راقم الحروف نے ان تمام دستاویزات کو بنظر غور دیکھا ہے جو اس وقت ان کے خاندان کی ایک فرد سید باقر معرکہ دار (کشمیری اصطلاح میں معرکہ دار امام باڑہ زڈی بل کے متولیوں کو کہتے ہیں) کی ملکیت میں ہیں۔ ان میں سے ۱۱۲۲ھ ہجری اور ۱۱۲۸ھ ہجری کے دہ کاغذات بھی درج ہیں جن کے تحت میر شمس الدین عراقی کی اولاد

(حاشیہ صفحہ گزشتہ)

تھے۔ اسی سے قزلباش کا لقب مخصوص ہوا۔ اسمٰعیل اول صفوی (م ۹۳۰ھ) خاندان صفویہ کے پہلے نامور بادشاہ تھے (دائرہ معارف اسلامیہ ص۱۳۸-۱۳۹) شیخ صفی الدین اور شیخ زاہد گیلانی کے لیے "صفوۃ الصفا" کی طرف رجوع کریں (فرہنگ ادبیات فارسی دری ص۳۱۷)

سیادت پناہ میر مختار ولد میر ابوسعید و میر صادق اور میر باقر نے زڈی بل میں اپنی تمام اراضی کو خانقاہ میر شمس الدین کے لیے وقف کر دی تھی۔ وقف نامہ میں صریحاً میر شمس الدین کے نام کے ساتھ لفظ "سید" بھی درج ہے۔ الفاظ یہ ہیں۔

"...... واقفان مذکوران کہ حق ملکیت آنہا در قبض و تصرف مالکانہ خود ہا داشتند...

..... الی الیوم الوقت ہذا ہمگی و تمامی قطعۂ زمین واقع در محلہ مذکور محدودہ در ذیل وقف بر خانقاہِ غفران پناہ سید شمس الدین بت شکن نمود"۔

دستاویز پر حاکم شرع کے علاوہ بہت سے لوگوں کے دستخط اور مہریں ثبت ہیں۔ ان میں سے چند بزرگوں کے نام یہ ہیں۔ ابوالفضل، ملک محمد، مرزا سلطان، خواجہ عبداللہ، محمد مہدی، محمد حبیب اللہ، محمد حسین محمد تعظیم میر مرتضیٰ، آقا محمد حسین۔

واقفان زمین کے نام یہ ہیں۔ (۱) میر مختار الحسینی، (۲) میر سید باقر الحسینی (۳) سید صادق الحسینی

دستاویز پر ۲۴ شہر حمید الاول ۱۱۲۵ھ ہجری کی تاریخ درج ہے۔

ان کے علاوہ دو اور دستاویز ۱۲۳۲ھ ہجری اور ۱۲۳۳ھ ہجری کی راقم کی نظر سے گزری ہیں ان میں بھی میر شمس الدین عراقی کے نام کے ساتھ لفظ "سید" درج ہے۔ یہ دستاویز بھی سید باقر معرکہ دار کے پاس موجود ہیں۔ ایک اور دستاویز مورخہ ۱۲۴۰ھ ہجری کا دیکھنے کا بھی اتفاق ہوا جو پروفیسر سید سرور حسین پرنسپل اسلامیہ کالج سری نگر کی ملک ہے۔ اس میں سادات خانقاہیہ کو میر سید علی ہمدانی اور سادات زڈی بل کو سید شمس الدین عراقی کی اولاد تسلیم کیا گیا ہے۔ دستاویز میں میر شمس الدین عراقی کو ساتویں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی اور میر سید ہمدانی کو امام زین العابدین کی اولاد قرار دیا گیا ہے۔ اس میں میر سید محمد رضا زڈی بلی (متوفی ۱۱۸۹ھ ہجری) اولادِ میر سید شمس الدین عراقی کا ذکر خصوصیت کے ساتھ کیا گیا ہے۔ اس کی ضرورت یوں محسوس ہوئی تھی کہ ۱۲۴۰ھ ہجری میں سادات کشمیر میں خمس یا سہم امام کی تقسیم کے لیے کچھ مشکلات پیش آئی تھیں۔ اور بعض سادات کی سیادت مشکوک نظر آنے لگی تھی۔ ان میں کچھ سادات زڈی بل اور سادات ہمدانیہ شامل تھے۔ دستاویز میں اس زمانے کے عراق، ایران اور کشمیر کے بڑے بڑے علماء نے ان سادات کے موقف کی تائید کی تھی۔ ان میں آقا سید محمد طباطبائی، مرزا ہدایت اللہ، مرزا داؤد، مرزا محمد جواد، ملا حسین طہرانی وغیرہ کے دستخط اور مہریں بھی ہیں۔ دستاویز کرم خوردہ ہے۔ ذیل میں متعلقہ عبارتیں درج کی جاتی ہیں:۔

"..... سید شرف ابن نور حدیقۂ اصطفیٰ و حدیقۂ ارتضیٰ میر محمد رضا وغیرہ اولادِ مہر سپہر سیادت و سعادت و دافع کفر و ظلام، مروجِ دینِ اسلام، زبدۂ اولادِ سید المرسلین و آفتاب دودۂ حضرت امیر المومنین حضرت میر شمس الدین عراقی بت شکن کہ اسم شریفش چوں خورشید در آفاق روشن است و از روئے شجرہ وثیقہ، انیقہ ایں دو قبلۂ جلیلہ کہ مزین ..... مجتہد العصر آقا سید محمد طباطبائیؒ و مرزا ہدایت اللہ، و میرزا داؤد، و میرزا محمد جواد ملا حسین تہرانی وغیرہ جمعے کثیر از مجتہدین ادام اللہ تعالیٰ ایام افاداتہم کہ در دست دارند، سلسلۂ میر شمس الدین عراقی بجناب تقدس انتساب امام الحکیم سمی الکلیم مجد الازہر، قمر الاقمر موسیٰ ابن جعفرؑ۔

و شجرۂ سادات حضراتِ خانقاہیہ۔ بجناب امام ہمام جناب حضرت زین العابدین می رسد ...... از اعزاز کبرائے کشمیر جنت نظیر مثل عالی جناب فضیلت و کمالات انتساب ملا محمد جواد ...... و غیرہما از سادات و علماء و فضلاء، بر صحت نسب این دو قبیلۂ جلیلہ شہادت ...."

دستاویز کے آخر میں حاکم شرع اور دوسرے علمائے اکابرین نے یہ بات صریحاً لکھی ہے کہ سادات میر شمس الدین عراقیہ اور سادات ہمدانیہ کے بارے میں کسی قسم کی کدورت نہیں رکھنی چاہیئے۔

دستاویزات کے علاوہ راقم کی نظر سے رسالہ عجالہ مصنفہ آقا سید مہدی آیت اللہ مجتہد کشمیر مطبوعہ مطبع اسلامی لکھنؤ واقع لکھنؤ ۱۳۰۸ھ ہجری بھی گذرا ہے۔ رسالے کی ابتدا میں ص۲ تا ص۴ تک جناب ملا محمد جواد صاحب انصاری ابن ملا فضل علی صاحب قبلہ کشمیری کا ایک خط جناب حجۃ الاسلام آقا سید مہدی قبلہ کے نام سہم امام علیہ السلام کے سلسلے میں درج ہے۔ خط میں ملا محمد جواد صاحب نے میر شمس الدین عراقی کے اہل خاندان کی سیادت تسلیم فرمائی ہے۔ ذیل کی عبارت قابل غور ہے:۔

" و بعضے از آنہا مثلِ ساداتِ خانقاہیہ و بعضے از ساداتِ مدنیہ و بعضے از سادات امیر شمس الدینیہ و ساداتِ متفرقہ کہ بآں سہم قلیل ہم راضی شدند۔ بردند، حقیقت ہمیں است کہ مرقوم شد" (رسالۂ عجالہ ص۴)

اسی رسالہ میں ص۲۹ میں یہ بھی درج ہے کہ :۔

"میر شمس الدین از سادات صفویہ است و با این کہ مثل او در فضل و کمال و اوصافِ

حمیدہ و اخلاق پسندیدہ کے از طرف ایران وارد کشمیر نہ شدہ است و این کہ مقصود او از

توجہ بہ طرف کشمیر محض ہدایت مردم بودہ است و از اہلِ تصنیف بودہ است۔"

میر شمس الدین محمد کی تاریخ ولادت یا سنہ وفات تحفتہ الاحباب میں درج نہیں ہے۔ قلمی حالات زندگی جو ان کے خاندان کے ایک بزرگ سید حسن نے مرتب کیے ہیں اس میں ان کی تاریخ ولادت ۱۳ رجب ۸۶۹ھ ہجری بغیر کسی حوالے کے درج ہے۔

میر شمس الدین عراقی سلطان حسین مرزا والی خراسان کی طرف سے پہلی مرتبہ ۸۸۲ھ میں بطور سفیر کشمیر آئے تھے یہاں انھوں نے کوہ ماراں کے دامن میں ایک وسیع خانقاہ اور عبادت خانہ تعمیر کیا تھا۔ خانقاہ میں وہ چلّے میں بیٹھ کر اوراد و اذکار میں مصروف رہتے تھے۔ اس زمانے میں شیخ الاسلام ملا اسماعیل کا کشمیر میں طوطی بول رہا تھا۔ میر عراقی نے ان کے خلیفوں کو اپنی طرف متاثر کیا۔ کشمیر میں آٹھ سال گذار کر اور اپنے نقوش چھوڑ کر حسب ۸۹۰ھ ہجری میں وہ خراسان واپس چلے گئے تو وہاں سلطان حسین مرزا کی ملازمت ترک کر دی۔ خراساں میں شاہ قاسم فیض بخش کے پاس رہنے لگے اور ان کے دوش بدوش نور بخشیہ[ع] تحریک چلانے میں پیش پیش رہے۔ پھر بارہ سال کے بعد دوسری مرتبہ ۹۰۲ھ

ع۔ نور بخشیہ ایک صوفی فرقہ تھا جس کے بانی سید محمد نور بخش تھے۔ یہ فرقہ تقیہ میں امامیہ مذہب کی ترویج و اشاعت کرتا تھا۔ سید محمد قائن میں ۷۹۵ھ ہجری مطابق ۱۳۹۲ء میں پیدا ہوئے۔ سات سال کی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا تھا پھر قلیل عرصے میں مختلف علوم میں مہارت حاصل کی۔ فقہ احوط اور رسالۂ عقائد ان کی دو اہم تصانیف تھیں۔ ان کے بارے میں مشہور ہے کہ:

"ہر دو تصنیف آنحضرت اند با صول عقاید ملتِ محمدی و فروغ مسائل شریعت احمدی

کہ در زمان رسول اللہ متحقق و متعین بود ولالت و ہدایت نمودٗ (تحفتہ الاحباب قلمی)

سید محمد موسوی سید تھے۔ اور وہ امام موسیٰ کاظمؑ کی ۱۷ ویں پشت سے تھے۔ ان کے والد بزرگوار محمد بن عبداللہ قطیف اور جد امجد لحصا میں پیدا ہوئے تھے۔ اسی لیے بعض غزلوں میں سید محمد لحصوی اور بعض میں نور بخش تخلص کرتے تھے۔ وہ خواجہ اسحٰق ختلانی کے خلیفہ ہوئے تھے۔ خود خواجہ صاحب سید علی ہمدانی کے مریدوں میں تھے۔ خواجہ اسحٰق نے ہی میر سید محمد کو نور بخش کا لقب دیا تھا۔ قاضی نور اللہ کہتے ہیں کہ: (بقیہ حاشیہ ص ۳۹ پر)

میں شاہ قاسم فیض بخش فرزند سید محمد نوربخش کی ہدایت کے مطابق تبلیغ اسلام کے سلسلے میں تشریف لائے
اس دفعہ آنے کی وجہ یہ ہوئی کہ کشمیر کے ایک شخص شیخ محمد بغرضِ حج بیت اللہ جب رَے پہنچے تو انھیں شاہ
قاسم کی زیارت و ملاقات کا شوق ہوا۔ پھر انھوں نے درشت میں ان سے ملاقات کی۔ شاہ قاسم نے ان سے
کشمیری مسلمانوں کے حالات جب سنے تو وہ ملا اسماعیل کے طرزِ عمل سے دلگیر اور خفا ہوگئے۔ انھوں نے اسی
وقت میر شمس الدین عراقی کو طلب کیا اور ان سے وہ حالات بیان کیے جو شیخ محمد کشمیری نے بیان کئے تھے۔
شاہ قاسم نے مزید فرمایا۔

بقیہ حاشیہ: "بنا بر قابلیت و استعدادِ ذاتی کارِ میر باندک روزی در فقر و سلوک تمام شد۔ خدمتِ خواجہ
اسحٰق خرقۂ آخرین سید علی ہمدانی را باو حوالہ کرد و بدستِ خود پوشانید۔ و بر مسندِ ارشاد نشاند
و امورِ خانقاہ و جمیع سالکاں را باو تفویض کرد۔ فرمودند کہ ہر کرا داعیۂ سلوک ست بخدمت میر
رجوع نماید کہ اگرچہ بظاہر او مرید ماست امّا در حقیقت پیر ماست۔ و حضرت میر در بعضے اشعارِ
خود بایں معنی اشارت کردہ فرمود ؎

پیرم و مرید خواجہ اسحٰق　　　آں شہید و قطب آفاق

محمد بن حاجی محمد سمرقندی کہ از مریدانِ حضرت میر بودہ در تذکرہ بیان احوال و مقامات آں حضرت نوشتہ
کہ چوں اسحٰق از روئے کشف صحتِ سیادت و علوِ مرتبۂ میر ظاہر شد دست بیعت باو دادند و گفتند بیعت می کنیم با فرزند
حضرت مصطفیٰ محمد نوربخش"۔

سید محمد نوربخش کا انتقال ۱۴ ربیع الاول روز پنجشنبہ سنہ ۸۶۹ ہجری کو ہوا۔ تاریخ وفات یہ ہے ؎

آفتاب اوجِ دانش نورِ چشم اہل دید　　　نوربخش جسم و جاں آں قہرمانِ ماء و طین
سال عمرش بود ہفتاد و سہ سالِ وفات　　　ہشتصد و شصت و نہ و ماہش ربیع الاولین
چاردہ زاں ماہ رفتہ پنجشنبہ چاشتگہ　　　درگذشت از عالم فانی ہمام العالمین

مخفی نماند کہ جناب خواجہ اسحٰق قدس سرہٗ کہ در اصل سید نیز بود، ہمیشہ ترویج مذہب شیعہ در خاطر عاطرش جلوہ می نمود۔
و از استیلائے سلاطین اہل سنت خصوصاً مرزا شاہرخ بسیار و بغایت ملول بود۔ و چوں سید محمد نوربخش بخدمت
او رسید و آثار رشد و نجابت و انوار علم و ہمت و شجاعت در ناصیۂ میر دید از روئے دردِ دین و محبت خاندان
سید المرسلین برآں شد کہ بطریق بعضے از اکابر سلف کہ بر متغلبانِ عباسی و غیرہم خروج کردند او نیز سلسلہ آغاز کرد
عالم را از لوثِ وجود متغلبان زمان پاک سازد۔ لاجرم جہتِ ترغیب سید محمد نوربخش را مہدی نام نہاد و در

(باقی حاشیہ آئندہ)

بقیہ حاشیہ: مقام تدبیر ظہور و بروز در ایستاد۔ و چوں تقدیر الٰہی برخلاف آں تدبیر رفتہ بود، آں کار بجائے نہ رسید و خدمتِ میر بدعوی مہدویت و امثال آں راکہ بنا بر مصلحتِ وقت مذکور شدہ بود متہم گردیدہ و لہٰذا چنانچہ مشہور است اگر کسے از مریدان حضرت میر از مقولۂ آں دعاوی چیزے ذکر می نمود حضرت شاہ قاسم ہم در حضور ایشاں را توبیخ می فرمود۔ و می گفتہ کہ شما میر را بدنام می سازید و بالجملہ تشیع حضرت خواجہ و حضرت میر و سلسلۂ رفیعۂ ایشان الی یومنا ہذا اظہر من الشمس و بین من الامس است" علامہ شوستری نے ان کا تذکرہ ان الفاظ سے شروع کیا ہے۔

"غوث المتاخرین و سید العارفین سید محمد نوربخش نوراللہ مرقدہٗ کوکبے درخشندہ بود و نوربخش دیدۂ مرتابان لمعاتِ غیبی و فروغ افزائے بصیرت راصدان مراصد واردات لاریبی در لباس سیاہ کہ سنت مشائخ ولایت دستگاہ او بود مضمون النور فی السواد را برہان و آبحیات راکہ در ظلمات نہان است۔ عنوانِ انوار کمال عرفان و المعاع ہمت و علو شان از وجنات حال و مقال او از غایت ظہور چوں لمعات نور بر شاہق طور مستغنی از ایراد دریں سطور است ؎

بہ ماہتاب چہ حاجت شب تجلی را (مجالس المومنین ص۳۱۳ تا ص۳۱۵ تہرانی ایڈیشن)

ح۔ شاہ قاسم فیض بخش سید محمد نوربخش کے جانشین تھے۔ میر شمس الدین عراقی ان کے مرید خاص تھے اور انہی کے حکم کے مطابق دین اسلام کی اشاعت کے لیے کشمیر آئے تھے۔ شاہ قاسم کے بارے میں مرزا علاء الدولہ تذکرہ نفائس المآثر (سال تصنیف ۹۷۳ھ تا ۹۷۹ھ) میں لکھتے ہیں کہ:۔

"طبقۂ نوربخشیہ بادمنسوب اند و ایں شاہ قاسم بسیار فاضل و خوش طبع و شیریں کلمات بود۔ از انواع علوم بہرہ داشتہ، طب و رمل نیکو می دانستہ و سلاطین روزگار بہ صحبتِ او رغبتِ تمام داشتہ اند۔"

"شاہ قاسم فیض بخش از اولاد و احفاد کرام قدوۃ السالکین سید محمد نوربخش است۔ در قصبۂ طرشت رے مسکن داشتہ اند و آثار نجابت و بزرگی و علو شان از ناصیہ احوالش نمایاں۔ و احوال زاکیہ اش مذکور افواہ و السنہ عالمیان و خود در درگاہ معلی منظور انظار عواطف و الطاف شاہی و مرجع مریدانِ سلسلہ علیہ نوربخشیہ" شاہ قاسم کا انتقال ۹۰۹ہجری میں ہوا تھا۔ (تاریخ عالم آرائے صفوی از سکندر بیگ ترکمان) اورینٹل کالج میگزین لاہور بابت مئی ۱۹۲۹ء حصہ اول میں چیف ایڈیٹر مولوی محمد شفیع نے ص۱ تا ص۱۵ سید محمد نوربخش کی اولاد اور بعض نوربخشیہ مشائخ کے حالات لکھے ہیں۔ ان میں شاہ صفی (برادر شاہ قوام الدین) نوربخشی، امیر نوربخشی امیر سید سعد الحق نوربخشی، شیخ زادۂ فدائی، قاضی عبداللہ یقینی نوربخشی، قاضی امیدی نوربخشی، افضل نامی نوربخشی، قاضی یحییٰ نوربخشی، فکری نوربخشی خواجہ ہدایت مشرب نوربخشی وغیرہ شعرا کا کلام بھی درج ہے۔ نوربخشی شعرا کے حالات تحفۂ سامی میں بھی ملتے ہیں۔

جناب آغا صاحب بڈگام عیدگاہ میں نماز پڑھا رہے ہیں۔

"بشیخ شمس الدین محمد می خواہم کہ شما را باز بہ کشمیر بفرسیم۔ تا دراں ممالک ارشاد مردم آں ولایت و اصلاح حال اہل آں مملکت نمائید" ۹؎

میر عراقی کشمیریوں کی مخالفت کی وجہ سے یہاں نہیں آنا چاہتے تھے۔ دوسرے یہ کہ وہ مولانا برہان الدین کے انتقال کے بعد بغداد جانا چاہتے تھے۔ برہان الدین کی موت ان ہی دنوں واقع ہوئی تھی۔ شاہ قاسم نے دوسری مرتبہ میر شمس عراقی کو بلایا اور کہا کہ:۔

" شمس الدین محمد البتہ شما را بجانب کشمیر می باید رفت کہ حضرت ہادی مالک ببرکت رفتن شما درآں ممالک برکت ہا و خیرہائے کثیر بظہور خواہد رسانید۔ وچوں مبالغہ حضرت شاہ ولایت پناہ آیات دریں امر بجرات وتورع یافت کہ در استخارہ رفتن بغداد دست دادہ بود و بغرض آں حضرت تقریر نمودم و آں دو بیت مولوی ہم پیش آں حضرت خواندم۔ آنحضرت فرمودند کہ میل رفتن تو بہ بغداد از ہواجس نفسانی بودہ۔ لاجرم از عالم معنوی در مضمون دو بیت مولوی اشارت منع وترک آں عزم نمودہ شد و رفتن کشمیر بہوائے نفس تو نیست بلکہ بحکم قضا وتقدیر الٰہی وفرمان و ارادت ایں داعی است۔ و دریں امر امید است کہ خیر کثیر بظہور خواہد رسید"

میر شمس الدین عراقی اپنے مرشد شاہ قاسم فیض بخش کی گفتگو سے متاثر ہوئے اور وہ سفر کشمیر کے لیے آمادہ ہو گئے۔ شاہ قاسم کا اثر ورسوخ کشمیر میں پہنچ گیا تھا۔ روانگی کے وقت انھوں نے کشمیریوں کی رشد و ہدایت کے لیے ان کے ہاتھ ایک خط بھی دیا تھا جو تحفتہ الاحباب میں درج ذیل الفاظ میں موجود ہے۔

" اصحاب و احباب و سایر ارباب الباب احسن اللہ تعالیٰ عواقبہم وانجح مقاصدہم و ما رہہم دعوات درویشانہ قبول فرمایند۔ بعدہٗ اعلام می رود کہ دریں وقت جناب قدوۃ المشائخ الاعظام، زبدۃ الاولیاء الکرام مرشد السالکین ہادی المرشدین شیخ شمس الدین محمد عراقی دام اللہ برکات کمالات را بہ جانب کشمیر جہتہ توبہ تائبان و ارشاد طالبانؑ بہ تربیت سالکان وتلقین آداب مشائخ طریقت وتعلیم قواعد طریقہ اہل معرفت فرستادیم۔ بتاریخ روز عید الضحیٰ سنہ احدی وتسعمایۃ (۹۰۱ھ) وایں نصیحت نامہ را در خدمتِ او فرستادیم کہ چوں حضرت حق جل شانہٗ طائفہ اہل حق را بہ مرتبہ فضل واحسان بر سائر عباد ممتاز گردانیدہ وبہ محبتِ خود و دوستانِ خود مخصوص فرمودہ و زنگِ کدورتِ دنیا از آئینہ قلوب زاکیہ و بواطن صافیہ ایشان زدودہ و عین سرایر ایشان را بجلی الجواہر معرفت خود روشن ساختہ شکرانۂ آں نعمت می باید کہ پیوستہ

اوقات شریف را بہ تصفیہ دل تزکیہ نفس و ملازمت اذکار و مطالعہ اسرار و ملاحظہ آثار و مشاہدۂ انوار ملک و ملکوت صرف کنند۔ و ترک لذّات نفسی و مرغوبات حسّی را نصب العین ہائے ہمتِ عالی دانند و از صحبتِ دونانِ دنیا پرست کہ عنانِ نفسِ امارہ بدستِ حرص و ہوا دادہ اند و سایر بنیاد معاش و معاد را بر متابعتِ شہوات و مشتہیات طبیعت نہادہ اند۔ اجتناب و احتراز واجب و لازم شمرند۔ کہ ایام حیاتِ صوری تقصیر در اکتساب کمالات معنوی بغایت عسیر است و روزگار بہ صحبت ناجنس مصروف گردانیدن حیف است۔ بیت ؎

عزیز است ایں دو روزہ زندگانی   بہ غفلت مگذراں دیگر تو دانی

یقین کہ آں عزیزان چوں از حقیقت باخبر اند ایں نصائح را از سر اخلاص تلقی خواہند نمود و خدمت و ملازمت و صحبت و نصیحت شیخ مشارٌ الیہ را غنیمت خواہند شمرد۔ و بوسیلۂ ایں مواعظ بمراتب علیہ ترقی خواہند فرمود۔ نظم

کسے را کہ دولت بود رہنما   چہ حاجت مرا در الفہما

والسلام علی من اتبع الہدیٰ قاسم بن محمد نوربخش "

میر شمس الدین بڑے جاہ و جلال اور تزک و احتشام سے درویشوں کے ایک بڑے قافلہ کے ساتھ عراق سے روانہ ہوئے۔ ان کے ساتھ محذرات، اطفال، اولاد اور خاندان کے دوسرے لوگ محملوں و عماریوں میں سوار تھے۔ دورانِ سفر میر عراقی کے دل میں طرح طرح کی پریشانیاں پیدا ہونے لگیں۔ تحفۃ الاحباب میں منقول ہے کہ

" آیا بہ مردم کشمیر و اہالی آں دیار و علماء و ملّایانِ آں ممالک کار دھم من بچہ رنگ خواہد پیش آمد۔ نوبتِ اول کہ من بایلچی گری بودم، مخالفتِ ملّایان و منازعت متعصبان بداں مرتبہ انجامیدہ بود۔ و در کشتن و قتل ایں داعی کمر سعی می بستند۔ ایں بار کہ جہتِ ارشاد اہل ایں دیار متوجہ می شوم و برائے امر معرفت و نہی منکر آنجاں فساق و فجار و اصلاح احوالِ آں نوع کفار و اشرار می روم صحبت من بایشان چہ نوع دیگر خواہد شد و سہام نصائح من در احجار قلوب آں سنگ دلان چہ طور موثر خواہد شد و ہیچ نمی دانم "

جب خراسان پہنچے تو خیمے نصب کیے۔ میدان میں جنوب کی طرف ایک بڑا صحرا نظر آیا۔ میر عراقی تھوڑی دور آگے بڑھے تو سامنے سے

"مردے پیدا شد با محاسنی سفید نورانی و جاہتے در غایت صباحت و جوانی و چون نزدیک

بمن رسید سلامی باد کردم۔ جواب سلام باز دادہ، پرسید کہ از کجا می آئید۔ گفتم از عراق آمدہ ام۔
باز پرسید کہ قصد بہ کجا دارید؟۔ گفتم کہ بکشمیر خواہم رفت۔ باز پرسید کہ بکشمیر چہ کار دارید و
بکدام می روید؟ گفتم کہ حضرت شاہ قاسم فیض بخش کہ فرزندِ ارجمند حضرت امام محمد نور بخش
است مرا بولایتِ کشمیر جہتِ ارشاد مردم آن ممالک واہل دیار فرستادند"

اس مرد نورانی نے کہا کہ خدائے بزرگ و برتر تم کو اپنے مقصد میں کامیاب کرے گا۔ اور تمہاری رشد و ہدایت سے کفار مذہب اسلام قبول کریں گے اور تمہاری کوششوں سے اسلام کی ترویج و اشاعت ہوگی۔ بزرگ نے پھر کہا کہ میں بھی تم کو نصیحت کرتا ہوں اگر قبول کروگے میر شمس عراقی نے اثبات میں جواب دیا۔ اس شخص نے کہا

"در ممالک کشمیر چون بتوفیق ربّانی موفق شوید و تائید سبحانی مساعد و ممد احوالِ شما گردد
باید کہ زمام ہمتِ خود بدان معطوف و مساعی جمیلۂ خویش بران مصروف دارید۔ کہ مردم مخالف
جاہل و ارباب مذاہب باطل و جماعتِ متعصبان کور دل را بہ مذاہب آئمہ معصومین ہدایت
نمودہ۔ و طریقِ مستقیم مشائخ مرشدین دلالت کردہ باشید و تحقیق و یقین نمائید۔ کہ اگر حق تعالیٰ
شمارا در دنیا ہزار سال عمر دہد و مدتِ حیاتِ نوح بخشد و در آں ہزار سال چناں توفیق ارزانی
فرماید کہ ہر روز ہزار ہزار کافر زنّار دار و مشرک اشرار را مسلمان سازید و در دین اسلام و در
دائرہ ایمان در آید، ثواب جملہ ایں عبادات و جزائے تمامی ایں طاعات عند اللہ آں
مقدار معظم و مکرم نہ باشد کہ یک مردی حنفی یا شافعی یا کسیکہ مخالف المذاہب بودہ باشد نصیحت
نمودہ محب و موافق سازید۔ و بہ مذہب آئمہ عظام در آید و بطریقۂ مستقیمہ کہ مشائخ دین
و ارباب یقین آں را اختیار نمودند واقف و آشنا سازید" ؎

میر شمس عراقی نے مرد غیب کو یقین دلایا کہ ان کی نصیحت و وصیت پر وہ ہر ممکنہ عمل کریں گے اور اس طرح ان کے ساتھ ایک معاہدہ کیا۔ ان کے الفاظ یہ ہیں:۔

"گفتم کہ ایں وصایائے شمارا بجان و دل منت دارم و ایں نصائح بسر و چشم بجا آورم
و آں مرد غیبی وداع نمودہ بہ ہماں راکہ آمدہ بود معاودت نمود۔ و من ہم بجانب خیمہ گاہِ خود
باز آمدم و بمنزل و وثاقِ خود مراجعت نمودم و دانستم و یقین کردم کہ ایں مرد عیسیٰ دم بغیر
از حضرؑ مبارک قدم کسے دیگر نخواہد بود"

میر شمس الدین محرم ۹۰۲ھ ہجری (۹۷-۱۴۹۶ء) میں عراق سے جانب کشمیر روانہ ہوئے اور اسی سال شورا تمی کے دن بارہمولہ میں وارد ہوئے۔ یہاں پر بابا اسماعیل اور دوسرے صوفیوں نے ان کا شایان شان استقبال کیا۔[۱۱]

میر شمس عراقی کے آنے سے قبل کشمیر میں ایران سے جو جلیل القدر علما و فضلا آئے تھے۔ ان میں میر سید علی ہمدانی کا نام غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ ان کے علاوہ سید محمد ہمدانی کے ہمراہ میر سید احمد اصفہانی اور سید محمد خاوری قابل ذکر ہیں۔ یہ دونوں بزرگوار سید محمد ہمدانی کے معتقد خاص تھے۔ سید حسین شیرازی بھی میر موصوف کے شاگرد تھے۔ یہ لوگ سلطان سکندر کے عہد میں آئے تھے۔ اسی زمانے میں شیخ جلال بخاری اپنے تمام سادات کے ساتھ کشمیر تشریف لائے تھے۔ ان میں سید محمد مدنی، میر سید تاج الدین اور میر سید برہان الدین مشہور و معروف تھے۔ ان کے مقبرے اسکندر پورہ میں ہیں جہاں زمانۂ قدیم سے شیعہ سادات رہتے ہیں۔ کشمیری مسلمان ان تمام بزرگوں کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے[۱۲] اسی پس منظر کے تحت شاہ قاسم نوربخشیہ تحریک کا دائرہ اثر خراسان اور دیگر ممالک کے علاوہ کشمیر میں بڑھانا چاہتے تھے۔ قاضی نوراللہ شوستری کہتے ہیں کہ

> "مخفی نہ ماند کہ شرح مذاہب از ہیچ کتاب بنظر مولف نہ رسیدہ است و آنچہ خود در ایام عبور بآں دیار تحقیق نمود آں است کہ اہالیِ آں جا قریب العہد باسلام اند، وہنوز درمیانِ ایشان کفار بسیار اند' واز زمانے سید اجل عارف سید محمد خلف سید محمد سید علی ہمدانی درآں دیار اقامت نمودہ۔ بعضے از مردم آں جا بہ مذہبِ شیعہ درآمدند'۔ بعد ازاں میر شمس الدین عراقی کہ از خلفائے شاہ قاسم نوربخش بودہ بہ کشمیر آمد۔ ودرآں جا اقامت نمودہ۔ چونکہ حکومت آں جا بطائفۂ چک تر ہنگام رسید در تقویتِ سید مذکورہ اہتمام نمودہ' مذہب شیعہ بیشتر از بیشتر رواج یافت "[۱۳]

میر شمس عراقی بنیادی طور پر موسوی سید تھے اور وہ خالص امامیہ مذہب کو کشمیر میں تصوف کے پردے میں پھیلانا چاہتے تھے۔ اس کے لیے انھوں نے تقیہ کا راستہ اختیار کیا۔ اگر وہ ایسا نہ کرتے تو اپنے مشن میں کامیاب نہ ہوتے۔ اس زمانے میں یہاں کے لوگ نئے نئے مسلمان ہو گئے تھے۔ اور وہ صوفیوں اور درویشوں کی عزت کرتے تھے۔ جب میر عراقی نے مسلمانوں کا یہ رنگ دیکھا تو وہ بھی اسی رنگ میں رنگ گئے اور بڑے بڑے مشائخ کو اپنا ہمنوا بنایا۔ یہ لوگ بلا جبر و اکراہ ان کی تحریک میں شامل ہو گئے اور پھر انہی کا مذہب قبول کیا۔

میر شمس عراقی "عالم اجل اور دانائے بے بدل" تھے۔ بڑے مدبر، دور اندیش اور انقلاب پسند تھے۔

جب لوگوں کو ان کی علمی استعداد اور انقلابی ذہنیت کا اندازہ ہوا تو جوق در جوق ان کے مریدوں میں شامل ہو گئے۔ ان کے مرید جاہل نہیں تھے بلکہ عالم اور فاضل تھے۔ لوگوں کا یہ کہنا درست نہیں ہے کہ وہ "نادانِ محض" تھے[14] اعظم دیدہ مری نے میر عراقی کے ورود کشمیر اور ان کی تحریک کو زمانے کا سب سے بڑا واقعہ قرار دیا ہے[15] حسن لکھتے ہیں کہ :-

"میر شمس عراقی تا عرصۂ ہشت سال دریں جا اقامت نمودہ، و خود را بنا بر تقیہ در سلک مریدانِ بابا اسماعیل کبروی کہ شیخ وقت بود، درآورد۔ و ارادتِ خاص بہ او ظاہر کردہ، حیثیتے بہم رسانید۔ چوں بر تقیۂ ذاتی و وضع شائستگی و آراستگی ظاہرش کہ زبانے و حسنِ بیانے داشت، بعض علوم غریبہ می دانست۔ شاید بابا اسماعیل بہ مریدانِ خود گفتہ باشد کہ مصاحبتِ ایں مغل غنیمت پندارند۔ موجب بابا علی نجار کہ از خلفائے برجستہ، حضرت بابا بود برابطۂ ظاہری و باطنی باوے پیوست۔ باہمدگر خلوص و یگانگی ظاہر نمودہ متحدہ گشتند تا کہ میر مذکور عقیدۂ خود بہ خاطرش موثر گردانید۔ بذریعۂ او بعضے کسان را اغوا نمود و درمیان امرائے کشمیر طرفہ نفاقے انداختہ"[16]

ترجمہ : میر شمس عراقی نے یہاں آٹھ سال تک قیام کیا۔ اس دوران وہ تقیہ کی بنا پر شیخ الاسلام بابا اسماعیل کبروی کے ارادت مندوں میں شامل ہو گئے۔ اس طرز عمل سے انھوں نے ایک غیر معمولی اہمیت حاصل کی۔ میر عراقی ذاتی طور پر شائستگی اور آراستگی سے بہرہ مند تھے۔ اس کے علاوہ وہ شیریں بیان تھے اور کئی علوم غریبہ سے واقف تھے۔ اس لیے ممکن ہے کہ بابا اسماعیل نے اپنے مریدوں سے کہا ہو کہ میر عراقی کی صحبت کو غنیمت جانو۔ بابا علی نجار نے جو بابا اسماعیل کے مریدوں میں سے تھا ظاہری اور باطنی تعلقات میر عراقی کے ساتھ پیدا کیے۔ اور آپس میں بالکل متحد ہو گئے۔ یہاں تک کہ میر عراقی نے ان کے دل میں اپنا مذہبی عقیدہ مضبوط کر دیا۔ ان کی وجہ سے کئی لوگ اپنے اصلی مذہب سے منحرف ہو گئے اور اس طرح امرائے کشمیر میں نفاق پیدا ہو گیا۔

میر شمس الدین عراقی مشائخ عظام میں تھے۔ اسی لیے بزرگی کے طور پر شیخ صفی الدین کی طرح صوفی اور درویش لوگ انھیں شیخ کہتے تھے۔ اس پس منظر میں بعض مورخین نے ان کے نام کے ساتھ "شیخ"

بھی لکھا ہے۔ انھوں نے مشیخت کے لباس میں یہاں امامیہ مذہب کے لیے وہی کام کیا جو ان کے جدِ امجد
نے ایران میں کیا تھا۔ میر عراقی ظاہری طور پر نوربخشیہ تھے لیکن حقیقت میں وہ مذہب امامیہ کی تبلیغ
کر رہے تھے۔ اگر وہ لوگوں کے مذاق کے مطابق تصوف اختیار نہ کرتے تو ان کی تبلیغ بھی سید حسین شیرازی
یا سید محمد مدنی وغیرہ کی طرح محدود رہ جاتی۔

جب میر عراقی نے دیکھا کہ جو لوگ سلطان سکندر کے زمانے میں مسلمان ہو گئے تھے وہ سلطان
زین العابدین (متوفی ۸۷۶ھ مطابق ۱۴۷۰ء) کے عہد میں پھر اپنے آبائی مذہب پر آ کر بت پرستی کی
طرف مائل ہو گئے اور یہ ملحدانہ اور مرتدانہ اثرات اب تک قائم ہیں تو انہوں نے ان تمام بت خانوں کو زمین بوس
کیا جو ان کے زمانے میں پھر سے بنائے گئے تھے۔ ان کی جگہ انھوں نے ہر قصبے، گاؤں اور محلے میں مسجد،
مکتب، موذن اور مبلغ مقرر کئے جو مسلمان مردوں اور عورتوں کو تعلیم اسلام کا درس دیتے تھے۔
سلطان سکندر کے بعد جس مبلغ دین اور مجاہد اعظم نے اس زمانے کے رواج کے مطابق کشمیر کے ذرہ
ذرہ کو نور الاسلام سے منور کیا تھا وہ میر شمس الدین عراقی ہی تھے۔ اسی لیے وہ مکسّر الاصنام کہلاتے ہیں۔
کشمیر کے بڑے بڑے سلاطین، نامور وزراء، امراء، حکما اور عوام کی بھاری تعداد مذہبی عقائد میں انکی
حلقہ بگوش ہو گئی تھی ان میں ملک موسیٰ رینہ[ح۱] (متوفی ۹۱۶ھ)، ملک کاجی چک (متوفی ۹۵۱ھ)، ملک محمد
ناجی[ح۲] ملقب بہ کمال الدین (متوفی ۹۸۸ھ) اور ملک دولت چک وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ ملک موسیٰ رینہ

ح ۱؎ ملک موسیٰ رینہ۔ بتاریخ نہصد و ہفت (۹۰۷ھ) سریر آرائے جہانبانی گردید و در ایام حکومت خود ہمگی
ہمت بر قلع و قمع کفرہ و ترویج دین مبین حضرت سید المرسلین مصروف داشت و
اکثر بتخانہا را کہ کفار بنیاد پرستی داشتند خراب ساخت و در ہر جا کہ بتخانہ ویران کرد مسجدے
تعمیر نمود و جمعی کثیر را بشرف اسلام در آورد۔ ہیچ کس از سلاطین کشمیر بعد از سلطان سکندر
منفور بہ ترویج دین اسلام بقدر ملک موسیٰ چاڈورہ سعی و اہتمام نہ نمود۔ ازیں جہت سعادتمند
بت شکن لقب یافت (تاریخ کشمیر ملک حیدر چاڈورہ ص ۱۲۸ سال تصنیف ۱۰۲۹ھ
نسخۂ خدا بخش لائبریری پٹنہ)

ملک موسیٰ ملکان چاڈورہ کشمیر کے سب سے بڑے طاقتور اور دولت مند تھے۔ ان کے اجداد ہندو تھے اور
وہ راون چندر پسر ملک اچل کی اولاد سے تھے۔ انھوں نے تن من اور دھن کی قربانی دے کر میر شمس الدین
عراقی کو کامیاب بنایا اور مذہب شیعہ اختیار کیا۔ ان کا انتقال ۹۱۶ھ ہجری میں ہوا اور اپنے آبائی مقبرے

نے میر عراقی کے حصولِ مقاصد کے لیے جس ایثار و قربانی کا مظاہرہ کیا اس کی مثال تاریخ کشمیر میں کہیں نہیں ملتی ہے۔ ان کے عہد حکومت کے نو سال میں چوبیس[۲۴] ہزار خاندان مسلمان ہوئے تھے[۱۱] تحفتہ الاحباب میں میر شمس عراقی کے کسرِ اوثان و اصنام کے بارے میں منقول ہے کہ

"چوں درزمانِ حکومت و عہد سلطنتِ مخصوص الطاف حضرت ذوالمنن سلطان مرحوم و مغفور سکندر بت شکن تمام کافرانِ ایں مملکت و جملہ مشرکانِ ایں ولایت را مسلمان ساختہ بودند و سائر طوائف کفرہ و عبدہ اوثان بردائرہ اہل اسلام و ایمان درآمدہ تمام اہل ایں دیار از صغار و کبار خواہ بطبوع خاطر و اختیار یا بطریق اکراہ و اجبار بہرحال گردن اطاعت در ربقۂ انقیاد در دائرہ قبول اسلام و ایمان درآمدہ و تمام اہل ایں دیار ربقۂ امتثالِ اوامر و احکام نہادہ بودند و بعد از چند گاہ در عہد سلاطینِ زین العابدین باز جملہ قبائل و اقوام و طوائفِ انام با کفرہ و عبدۂ اصنام موافقت نمودہ بمراسم بت پرستی و قواعدِ کفر و کافری و رسوم مشرکی رجوع نمودند۔ بواسطۂ آنکہ ایں سلطان زین العابدین در وقت وفاتِ سلطان سکندر در طفولیت و صغرِ سن بود و در تربیت و مرمت آں سلطان مرحوم و مغفور پرورش نیافتہ بود۔ باطفال کفار و اولادِ مشرکان مجالست و مخالطت می ورزید۔ و لشومیت مجالس ناجنسان و تاثیر مخالطت ایشان عقیدہ و اخلاص وے از راہ سداد و طریق رشاد و انحراف یافتہ۔ لاجرم در ایام سلطنت و ہنگامِ حکومت براہِ اعتساف شتافتہ و باغوائے شیاطین و اضلال ملحدین میل بتزندق و الحاد نمود۔ و باتمام قبائلِ مشرکان و طوائف کفار رخصت کفر و اجازت بت پرستیہا فرمود و دیور منہدمہ و بتخانہائے قدیمہ کہ پدرِ بزرگوار او ویران ساختہ بود آں مدبر بے دولت باز بہ تعمیر و آبادان ساختنِ آں پرداختہ و تمام منافقان و زندیقان کہ خود را بظاہر از اہل اسلام و ایمان می نمودند و در بواطن خبیثۂ خود عقائد

میں جامع مسجد سری نگر کے سامنے دفن ہیں۔ (تاریخ ملک حیدر و تاریخ حسن ص۲۲۶ جلد دوم)

(بقیہ حاشیہ) ۲۳ ملک محمد ناجی مشہور کشمیری پاہی اور مورخ ملک حیدر چاڈورہ کے دادا تھے۔ بڑے بڑے معرکوں میں دادِ شجاعت دی ہے۔ حسین شاہ اور یوسف شاہ کے عہد حکومت میں منصب وزارت پر فائز تھے۔ بڑے دیدہ ور تجربہ کار اور باصلاحیت سیف زن تھے ۹۶۸ ہجری (۱۵۶۰ء) میں انتقال کیا۔ "شیخ پاہی" تاریخ وفات ہے (تاریخ کشمیر ۶۶۴ ملک حیدر چاڈورہ نسخۂ سری نگر)

باطلۂ کفار و اہل شرک پنہاں می داشت برخصت و اجازت آں پادشاہِ بے دین بظاہر اعلانیۂ قدم از دائرۂ اسلام و طریقِ دین و ملتِ سید انام آوردند و در طریقِ ضلالتِ ارتداد و راہِ نفاق و عناد نہادند۔ و تمام مردم ایں ولایت از خورد و بزرگ یہ جملگی مرتد و بے دین شدند و بانواعِ کفر و بت پرستی ہا مشغول و احیاءِ مراسم زنادقہ و کفار و اقامتِ مجامع فساق و فجار نمودند و بحیثیت کہ در تمام ولایت کشمیر ہیچ قصبہ و بقعۂ بلکہ ہیچ دہے و قریہ نماند کہ در وے دو سہ بتخانہ برپا نکردند و ہیچ مقامے و منزلے و معمورے و محلّے نگذاشتند کہ در آنجا مجمع فسقی و مفسّق جشنے باسم دیوی و رسم جشن مرسوم و معتاد نساختند۔

و تمام مردم ولایتِ کشمیر از معارف و مشاہیر و اعوام و جماہیر و صغیر و کبیر و سائر اماجد و افاضل و اعالی و اسافل بکفر و بت پرستیہا راضی بلکہ مشتغل و مستعمل بودند و ہر یکے از اہل شہر و بازار و ارباب سودا و تجار و مردم ہنرور و خرچہ دار پنج شش بتہائے سنگین و صنمہائے روئین و لعبات برنج و تماثیل چوبین مانند کفار و مشرکین در خانہائے خود نگہداشتند و شب و روز و صباح و رواح عبادت و پرستش آں بتہا بتعلیم کافران و مشرکان می کردند و جملہ قواعدِ کفار و مراسم اہل زنّار بجا می آوردند۔ و ہیچ کس از فواجہا مشہور و ارباب ایں معمور و سوداگرانِ بازار و ہنرمندانِ ایں دیار مختون و مسنون نبودند و جملہ ادانی و عالی انام بلکہ خواص و عوام بمتابعت کفرہ و عبدہ و اصنام بے ختنہ و نابریدہ بودند۔ و اکثر خلائق در عبادت باوجود ایں نوع کفرہا و نامشروعات مشربِ خمریات و خوردنِ مسکرات افتخار و مباہات می نمودند۔ و تمام انام از خواص و عوام ارتکاب مناہی و معاصی و اشتغال ملاہی و مناصی را حلال و مباہات می دانستند و اگرچہ آں از روئے ظاہر در شہر و قصبات اقامت اعیاد و جمعات و بعضے از احکام اسلام و شرعیات و فقہا و قضات برجا و برپا بودند۔ اما از روئے معنی و قواعد و شرائط اسلام را رونقے و حقیقت ایمان را اثرے و ارکانِ احکام را قوتے نماندہ بود۔ ہیچ کس از علماء و قضات و فقہا و سادات منع ایں نوع نامشروعات و نہی ایں چنیں منکرات کجا می کردند۔ حالانکہ تمام ایں منکرات و ہمگی ایں نامشروعات در خانہا و بیوتاتِ ایشان ثابت و قائم بود۔

جملہ نساء و عورات ایشان مطیع و منقاد احکام کفار و اہل زنار و مامور اوامر فساق

و فجار بودند۔ و تاثیراتِ اضلال طوائف کفرہ و تصرفات اغوائے فجرہ در قلوب تیرہ
نسوان علماء و دلہائے تیرہ زنان فقہا چناں موثر و غالب بود کہ ہیچ کارے و امرے بغیر
فرمانِ کافران و مشرکان نمی کردند۔ و بہ ہیچ شغلے و مہمّے بے حکم منجمان مشغول نمی شدند۔ و ایں
علما و فضلا و فقہا و سادات، زنان و عوراتِ خود را منع ایں مشروعات و نہی ایں منکرات
نمی توانستند نمود۔ چہ جائے آنکہ مردم دیگر را منع و نہی [illegible] کردند۔ و ایں علماء و فضلاء
چناں زبون و نامرد بودند و از دین و اسلام بے پروا کہ زنان و عورات ایشان صد ہزار
نامشروعات و انواع مشرکی و کفریات ظاہر و ہویدا می کردند۔ و ایں علماء و فضلا بہ جمیع
آں فضایح در اوراق سابقہ در قضیہ نزاع و مناقشات شیخ شہاب الدین ہندی مذکور
زباں بستہ و مسطور قلم شکستہ گشت و چوں حضرت امیر شمس الدین محمد قدس سرہٗ از حقیقتِ کفر و
کیفیتِ شرک اہل دیار و ماہیت تزندق و ارتداد مردم ایں مملکت بظاہر از ہر و باطنِ
انور خود واقف و مطلع گشت۔ تحقیق و یقین نمود کہ ہیچ احدی از مردم ادانی و اعالی و
سایر خلائق از اہالی و حوالی ازیں کفرہا و نامشروعات بری و خالی نیستند۔ لاجرم آنحضرت
از بعضے علماء آں وقت و فقہائے آں عصر کہ اہل دین و دیانت و صاحب تقویٰ و طہارت بودند
مانند معلم اہلِ کشمیر مخدومنا و مولانا حافظ بصیر و مثل قاضی محمد قدسی و غیرہما کہ با آنحضرت
نسبت اخلاص و ارادت داشتند پرسیدند و از ایشان استفتیٰ نمودند کہ در شریعت شریفۂ
مصطفویؐ حکم مرتدان اسلام و منکران احکام چہ نوع فرمودند؟ و جملہ علماء و فقہائے
مذکور بعد از اتفاق حکم نمودند و فتویٰ دادند کہ حکم مرتدانِ کفرہ و عبدہٗ اصنام بحکم شریعت
محمدیؐ تجدید عرض اسلام است۔ اگر مجدداً قبول اسلام و اذعان احکام نمائیند فہو المراد
و المرام و اِلّا بغیر از قتل و کشتن بر ایشان حکمے دیگر نیست۔ نہ عذر ایشان مسموع است و نہ
جزیہ ایشان مقبول فی حقہم اما السیف و امّا الاسلام۔

پس حضرت امیر شمس الدین محمد عراقی بتدبیر و اتفاق ملک سعادت یار معدلت
آثار ملک موسیٰ رینہ و بتقویت و تمشیتہ دولت و حکومت آں سعادت مند حکم نمودند کہ
تمام طوایف کفرہ و عبدہ اصنام و جملہ قبائل انام و سائر اقوام ہنود مسلمان شوند و طریق
ارتداد و عناد ترک نمودہ بدائرہ اسلام در آیند و جملہ منافقان و زنادقہ و ہمہ فجّار و

اشرار و فسقه مراسم بدعت و ضلالات و لوازم غوایت و خیالات را گزاشته، تجدید کلمهٔ
شهادت و تصحیح عقاید و تنقیح نیت پرداز ند. و همیں حکم اعلا و فرمانِ والا را انتمام ولایت
کشمیر از سرحد مراج تا به نهایت کمراج نافذ و مجری ساختند و بنیاد رسومِ کافران و اساس
عباداتِ مشرکان را بالکلیه از پا بر انداختند و به همت بلند و نهمت ارجمند خود به تقویت دین و ملت
و تمشیتِ اسلام و شریعت پرداختند و در ترویج شریعت غرائے مصطفوی و رونق
طریقت بیضائے مرتضوی جان و جهاں را در باختند تا به میامن مساعی جمیله و مساعد مجاهد
جزیله بهجه اعلام شریعت و اسلام محمدیؐ و سر طوغ رایاتِ دین و احکام ملت محمدی را
بر قبهٔ افلاک و ذروهٔ سماک بر افراختند. و ایں حکم و فرمان حضرت امیر شمس الدین بقوت
دولت و شوکتِ حکومت آں ملک سعادت منزلت چناں نفاذ و جریان یافته که هر روز
بدر خانهٔ هدایت آشیانهٔ آنحضرت هزار و پانصد از مردم کفار بلکه دو هزار یا بیشتر کافر زنار
دار حاضر می ساختند و جماعتهائے درویشان و مریدانِ آنحضرت از جوانب و اطرافِ ایں
ولایت ایں قدر و جمعیت و کثرت گرفته می آوردند. و هیچ کس از امراء و اربابِ دولت
مانع و حامی ایشان نمی توانستند و چوں هر روز ایں قدر جمعیتها بدر دولت خانهٔ آنحضرت
حاضر می آوردند. خلفا و درویشانِ آنحضرت به تخصیص پدر بزرگوارِ ایں فقیر جمله آں
کافران و مشرکان را زنار بابریده کلمهٔ شهادت تلقین و تعلیم می نمود. و تمام ایشان
را گوشت گاؤ خورانده به ختنه می نشاندند و چنداں حجام و سر تراش حاضر می بودند که
جمله جماعتها ختنه ادا می کردند. و همه ایشاں را مسلماں ساخته کفیل و زمانه گرفتند
که در هر دِهے و قصبے و در هر منزلے و محلے ملائے معلم گرفته بخواندن سورهٔ قرآن و
تعلیم آداب و ارکان و آموختن صورت نماز و کیفیت روزهٔ رمضان مشغول باشیم و
تمام شرائط اسلام و احکام اسلام و شریعت را بجا آریم و تمام کافرانِ ایں مملکت و
مشرکانِ ایں ولایت را که موسوم و متهم به تزندق و ارتداد بودند بهمیں طریقه مسلمان
ساختند. و دریں ولایت و مملکت، هیچ کس از کفار و اهلِ زنار بے کلمه و بے ختنه نمانده.
الّا جماعتے اندک که ایشان و پدرانِ ایشان در عهد سلطان مرحوم و مغفور سکندر بت
شکن مسلمان نه شده بودند. بلکه ایشان در آں وقت بعضے بجانب نگره کوٹ

و بعضے بطرف کشتواڑ و جموں گریختہ بودند۔ و چوں ایشان نا مسلمانی خود و پدرانِ خود اثبات نمودند دیگر ایشان را تکلیفِ اسلام باکراہ نہ نمودند و ایشان را بحال خود گذاشتند۔

حضرت امیر شمس الدین محمد چوں از مسلمان ساختنِ کافران و مشرکان فارغ گشت و از تجدید اسلام مرتدان پرداخت توجہ ظاہر و باطن انور خود بہ مسلمان ساختن کفرۂ اسلامیہ و اصلاح احوالِ مرتدان لازمیہ مصروف ساخت و ابتدائے از مردمِ شہر و اہل بازار و اربابِ سودا و تجار نمود، جہتہ آنکہ جملہ خلائق ایں ولایت و مردم ایں مملکت خود را بظاہر مسلمان و مومن می نمودند و در بواطن بے باک و خانہائے ناپاک کافر محض و مشرک صرف بودند۔ بواسطۂ آنکہ تمام زنان و عورات ایشان بت پرستیہا می کردند۔ و جملہ نساء و ازواجِ اہل شہر کافرات و مشرکات بودند و تمام رسوم مشرکان و کفار و حرمت اعیاد و ایام اہلِ زنار را بجامی آوردند۔ و ہمہ ایں زنادق مسلمان نام بآں کفر و بت پرستیہا رخصت و رضا دادہ بودند بلکہ در اکثر کفرہا و اغلب شرک با ازواج زنانِ خود ممد و شریک بودند و نخست از اہالی و موالی ایں ممالک خواجہا و اربابِ شہر و سوداگرانِ وقت و تجار دہر را طلب نمودہ از قواعد و شرائط ایمان و احکام و ارکانِ اسلام و فرائض و واجبات طہارت و نماز و روزہ استفسار نمودند۔ ہیچ کس از عہدہ جواب آں نتوانست بر آمد۔ و ہیچ وقوف و شعور از آں نداشتند۔ چوں دیدند کہ اربابِ شہر و اکابر دہر از قواعد اسلام و شرائط و ارکان ایمان بالکلیہ اجنبی و بیگانہ اند۔ ایشاں را دل تجدید کلمۂ طیبہ تلقین نمودند و تعلیم و تفہیم مالا بد شرعیات فرمودند۔ و شرائط و احکام ایمان و اسلام آموختند و جملہ ایشان را ختنہ کردن فرمودند و بعضے از ایشان کہ دریں مملکت معروف و مشہور بودند و در اہالی و موالی این دیار اعتبارے و اقتدارے داشتند از ختنہ خود در معرکۂ ننگ و عار می داشتند و التماس می نمودند کہ سر تراشی و حجام از ایں جا ہمراہ کنند تا در خانہائے خود ختنہ کنیم و در ہمانجا چند روز بنشینیم ملتمس ایشاں را قبول نہ کردند۔ کہ بہ سر تراشی و حجام رشوت دادہ تزویر و تمویہ کنند و دریں کار اہمال ورزند۔ لاجرم ایشان را در ہمان عرصاتِ مردم و معرکۂ عوام ختنہ می کردند۔ و دریں امور ہیچ اہمال و مداہنہ نمی ورزیدند۔ تا رونقِ دین و ملّت و رواج شریعت نبوی ہیچ قصور و فتور واقع نشود و اللہ

صاحب تحفۃ الاحباب کی مزید تائید "بہارستان شاہی" سے بھی ہوتی ہے۔ مصنف کہتا ہے کہ:-

"کارہائے بزرگ و اوامر عظام کہ ملک کاجی چک بحکم فرمان حضرت شمس الدین محمد عراقی بجا آورد، قتل کفار و کشتن مشرکانِ ایں دیار است و آں چناں بود کہ در عہد حکومت ملک موسیٰ رینہ جملہ کفرہ و فجرۂ ایں ولایت را مسلمان ساختہ بودند۔ بعضے از ایشان بجماعتِ ملوک و امرا ایں دیار طریق ارتداد پیش گرفتند و بر سوم کفر و شرک رجوع نمودند و مرتد شدہ باز بہ بت پرستیہا در آمدند۔ و بعضے دیدہ کفرہ نقل می کردند۔ کہ در وقتِ عبادت اصنام و بت پرستیہا قرآن مجید و فرقان حمید را کرسی ساختہ زیرِ سرین گرفتند و بر سرِ کلامِ ربانی تنزیل سبحانی نشستہ عبادت اصنام بجا آوردہ اند و چوں اخبار و اوضاع ایں احوال بسمع مبارک حضرت امیر شمس الدین محمد عراقی رسید۔ ملک کاجی چک را پیشِ خود طلبید و ہمراہ نے ملک علی و خواجہ احمد کہ ہر دو مرید و مشیرانِ ملکِ مذکور بودند۔ بحضور فائز السرور حاضر آمدند۔ آنحضرت با ایشان فرمود کہ ایں جماعتِ کفرہ کہ بعد از اسلام و انقیاد از سر انکار و عناد طریق ارتداد می نمائیند۔ اگر ایشان را حدِ شرعی و تعذیر حکمی بجا نمی توانید آورد ما را واجب و لازم است کہ از ایں دیار جلائے وطن نمائیم۔ و در وقتِ نہضت مانع و مزاحم نشوید۔ چوں ملکِ مذکور پیش از یافتن دولت و حکومت بیایم از حکم و فرمانِ حضرت شمس الدین تخلف و تجاوز نور زم۔ جہت امتثال فرمان آنحضرت با مدیران و مشیرانِ خود مشورت و تدبیر نمودہ و قرار بر قتلِ کفار دادند و دراں وقت عاشورا نزدیک بود و ایام ہماں عاشورا موعد کشتن ایشان ساختند۔ و در تاریخ سنہ ۹۲۴ھ نہصد و بست و چہار کہ بحساب کشمیری نود و چہارم بود در عاشورا قریب ہفتصد ہشتصد کافر مرتد را کشتند و در آں وقت از جملہ کفرۂ ایں دیار آں جماعت بزرگ و صاحب دولت و ارباب حکومت بودند و ہر یکے از ایشان صاحب اختیار و اہل تصرف صد خانوادہ دیگر از کفر و مشرکانِ بودند و کافران و مشرکان تمام شہر را بضرب شمشیر مطیع و منقاد اسلام ساختند و ایں کار محوست از کارہائے ملک کاجی چک بود۔"

ترجمہ: کاجی چک کا سب سے بڑا کارنامہ یہ تھا کہ انھوں نے امیر شمس الدین محمد عراقی کے حکم سے کفار اور مشرکین کا قلع قمع کیا۔ واقعہ یوں ہے کہ ملک موسیٰ رینہ نے اپنے عہد

حکومت میں تمام کفار اور مشرکین کو مسلمان بنایا تھا۔ کچھ لوگوں نے اپنے رہنماؤں اور حکام کی مدد سے پھر کفر و ارتداد کی طرف رجوع کیا اور مرتد ہو کر دوبارہ بت پرست ہو گئے۔ کفر یہاں تک پہنچا تھا کہ بتوں کو پوجتے وقت یہ لوگ قرآن مجید کو کرسی بنا کر سرین (چوتڑوں) کے نیچے رکھتے تھے اور اس طرح کلام اللہ پر بیٹھ کر بتوں کی پرستش کرتے تھے۔ جب کفار کا یہ طرز عمل میر شمس الدین عراقی کو معلوم ہوا۔ تو انھوں نے ملک کاجی چک کو طلب کیا۔ ان کے ساتھ میر عراقی کے دو مرید ملک علی رینہ اور خواجہ احمد بھی حاضر خدمت ہوئے۔ میر عراقی نے ان سے کہا کہ یہ کافر لوگ قبول اسلام کے بعد پھر مرتد ہو گئے ہیں۔ اگر تم ان کو حدود شریعت میں داخل نہیں کر سکتے ہو تو ہمارے لیے ضروری ہے کہ ان کو جلا وطن کریں۔ تم ان کے ملک بدر ہونے پر مزاحمت نہ کرنا۔ چونکہ حصول وزارت سے قبل ملک کاجی چک نے میر شمس عراقی سے معاہدہ کیا تھا کہ ان کے حکم کی خلاف ورزی نہیں ہوگی اس لیے انہوں نے امتثال امر کے تحت اپنے مشیروں سے مشورہ کر کے کفار کو قتل کرنے کا عہد کیا۔ اور بالآخر ۹۲۴ھ ہجری (مطابق ۱۵۱۸ء) بحساب ۹۴ کشمیری میں عاشورا کے دن سات آٹھ سو مرتدوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اس زمانے میں مشرکین صاحب اقتدار اور ارباب حکومت تھے۔ اور تمام کفار کو تلوار کی زد پر مسلمان بنایا۔

تحفۃ الاحباب اور بہارستان شاہی کے بیان کی تائید فرشتہ سے بھی ہوتی ہے۔ وہ فتح شاہ کے عہد کے واقعات پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اسی زمانے ۹۴ھ ہجری میں شاہ قاسم انوار بن

۳۔ یہ واقعہ ڈاکٹر آر۔ کے پارمو نے بھی بہارستان شاہی کے حوالے سے اپنی کتاب "ہسٹری آف مسلم رول ان کشمیر" کے صفحہ ۲۰۰۔ ۲۰۱ میں نقل کیا ہے۔ انہوں نے اصل بات کو توڑ مروڑ کے پیش کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ

"بعض لوگ بتوں کو قرآن مجید کے پیچھے چھپاتے تھے"

ان کے الفاظ یہ ہیں:-

"Some concealed them behind the Holy Quran."

سید محمد نوربخش کے ایک مرید مسمی میر شمس عراق سے وارد کشمیر ہوئے۔ اور یہاں آکر مرجع خلائق بن گئے۔

ان کے رشد کا بازار ایسا گرم ہوا کہ املاک و معابد و دیورہ وغیرہ کے تمام اوقاف کی تولیت ان کے مریدوں کے سپرد کی گئی۔ اس فرقہ کے صوفی غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کو مسمار کرتے تھے۔ اور کوئی ان سے باز پرس کرنے والا نہیں تھا۔ مختصر یہ کہ چند ہی روز میں تقریباً تمام اہل کشمیر خصوصاً فرقہ چک کے کل افراد میر شمس کے مرید ہو گئے۔ ان مریدوں نے تصوف کے لباس میں میر شمس کا مذہب جو در اصل تشیعی تھا اختیار کیا اور انھیں متصوفین کے اثر سے کشمیر کے باشندے صوفی پرست ہو کر شیعہ ہو گئے" [21]

مورخین کشمیر جیسے حسن[22]، اعظم دیدہ مری[23] اور نرائن کول[24] عاجز نے پرسپور میں للتادت کے تعمیر کردہ پرہام[٣] کیشو عظیم بت خانے کے انہدام کے واقعہ کو سکندر کی طرف منسوب کیا ہے لیکن قدیم کتب تواریخ سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ بھی میر شمس الدین عراقی کے ہاتھوں مسمار ہوا تھا۔ ابوالفضل کے قول کے مطابق سلطان زین العابدین نے ایک مرتبہ بیان کیا تھا کہ قوم چک کے عہد حکمرانی میں ملک کی حکومت اس خاندان سے منتقل ہو کر فرمانروایانِ دہلی کے قبضۂ اقتدار میں چلی جائے گی چند سال کے بعد یہ پیش گوئی پوری ہوئی[25]

فرشتہ کے بیان کے مطابق راجہ للتادت نے ظہور اسلام سے پیشتر پرسپور میں ایک مستحکم بتخانہ تعمیر کرایا تھا۔ راجہ نے نجومیوں سے دریافت کیا تھا کہ یہ عبادت خانہ کب تک اپنی اصل حالت پر قائم رہے گا اہل نجوم نے اپنے حساب سے یہ حکم لگایا تھا کہ آج کی تاریخ سے ایک ہزار ایک سو سال گزرنے کے بعد سکندر نام ایک بادشاہ اس عمارت کو منہدم کر کے عطارد کی مورت کو جو اس میں رکھی ہوئی ہے مسمار کرے گا۔ راجہ کے حکم کے موافق یہ احکام نجومی ایک تانبے کی تختی پر کندہ کرائے گئے۔ اور وہ لوح اس عمارت کی بنیاد کے نیچے دفن کر دی گئی۔ یہ عمارت سکندر کے وقت میں منہدم کی گئی اور لوح مذکور برآمد ہوئی بادشاہ کو اس نوشتہ مضمون سے اطلاع ہوئی اور اس نے کہا کہ کاش یہ لوح اس بتخانہ کی دیوار پر نصب کی جاتی تاکہ میں اس کے مضمون سے اطلاع حاصل کر کے ان احکام کے مخالف عمل پیرا ہوتا[26]

سال ۱۱۵۵

ڈاکٹر اسٹائن کی تحقیق کے مطابق یہ بتخانہ وج برور (بیجبہارہ) جنوبی کشمیر میں اننت ناگ (اسلام آباد) سے پانچ میل کے فاصلے پر آج تک موجود ہے اور یہ "وزیر الشری" کا بگڑا نام ہے۔ "وزیر الشری" مرکب ہے "وجے ایشور" کا سنسکرت میں "وجے" بمعنی "فتح" و "ایشور" بمعنی "خداوند"[27] اور جو نوشتہ اس

---

٣ - پرہام کیشو مسلم مورخین نے اس کا نام پرسپور لکھا ہے جس لکھتے ہیں کہ: (باقی حاشیہ ۵۵ پر)

سے نکلا تھا بقول حسن اس کی عبارت یہ تھی :۔

" بسم اللہ منتری نہ شنت وزیہ البشری "

یعنی بسم اللہ ایک جادو ہے جو وزیہ البشری کو تباہ کرتا ہے۔ حسن نے اس کا انہدام سکندر سے منسوب کیا ہے[۲۸] اسٹائن نے نوشتہ کی عبارت اس طرح درج کی ہے۔

" ایکادَ شے سَشتَم وَرْ شم سِیکیندَر مہابَل بسم اللہ یت منترین
نَنہ مشنت وَ جے یشرَاہ "

یعنی گیارہویں صدی میں سکندر اعظم وجے یشراہ کو تباہ کرے گا۔[۲۹]

اس بتخانے کی جو کچھ بھی حقیقت ہو وہ اپنی جگہ پر تحقیق طلب ہے۔ اسے پرسپور کا بت خانہ کہنا کشمیری مورخین کی رو سے درست نہیں ہے۔ ملک حیدر چاڈورہ نے اس کے انہدام کا سہرا میر شمس الدین کے سر باندھا ہے۔ جب یوسف شاہ سنہ ۹۸۹ھ مطابق سنہ ۱۵۸۱ء میں لوگوں کی کثرت آرا کے خلاف شہنشاہ اکبر کی طرف مائل ہو گئے تھے تو ان کا ماتھا ٹھنکنے لگا اور انہیں پرسپور کی پیشین گوئی یاد آ گئی۔ ملک حیدر لکھتے ہیں کہ :۔

" حکایت مکتوبے کہ از بتخانہ پرسپور برآمدہ بود۔ بخاطر ایشان آمد۔ و آنچناں بود کہ درزمان سلطنت موسی چاڈورہ حقائق و معارف آگاہ ممالک طریقت مروج دین و ملت، واقف اسرار خفی شیخت پناہ جناب شیخ شمس الدین محمد عراقی نور اللہ مرقدہٗ کہ بجمیع فضائل آراستہ بود بہ کشمیر آمدہ و ملک ممالک خصال موسیٰ علیہ رحمت کمال تعظیم

" پر بامہ گیشو متصل پرسپور للتادت تعمیر کردہ بود۔ و ہفتاد و چہار ہزار پل طلائی احمر برقبہ آں تلمیع ساخت تصویر جہاد (وشنو) را ہیکلے کلان درست نمودہ۔ آں را ختقاں طلا دربر کردہ بود و در صحن ستونے از یک تختۂ سنگ بہ طوالت پنجاہ و چہار دست و بروایت بعضے پنجاہ و چہار گز بر فرق آں صورت گوروجی رسم کردہ قائم ساخت و سی صد و بست و ہشت خردار شالی برنجے را چہار ہزار صورت بودھ اوتار مصنوع کردہ درمیان بت خانہائے پرسپور موجود داشت " (تاریخ حسن صفحہ ۱۸۲ جلد اول) کہتے ہیں کہ میر عراقی نے یہاں ایک مسجد بنائی تھی۔ مسجد اب تک موجود ہے۔ راقم الحروف نے بھی اسے دیکھا ہے۔ اس میں ایک ستون سنگین بیچ میں نصب ہے۔ جو اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ یہ اسی زمانے کا ہے۔ بت خانے کے پتھر اب تک موجود ہیں۔ آغا صاحب بڈگام صدر انجمن شرعی نے اس کے کچھ پتھر امام باڑے میں لگائے ہیں۔

نسبت بایشان بجا آورده در محله زڈی بل برائے سکونت ایشان خانہ تیار نموده و آں
محلہ را تمام بایشان نذر نموده و خود به محلہ تاشواں نقل نموده و به جهتِ معاش ایشان چند قریہ
مقرر کرده تا حال آں محله در تصرف اولادِ ایشان است ۔ و دراں
وقت مردم بشرف اسلام کمتر شده بودند۔ و قلیلے که شرف اسلام را دریافته بودند از راه
ضعف اسلام ادراک مسائل شرعی اصلاً نموده بودند۔ حضرت مشیخت پناه ارشاد دستگاه
کمال سعی در ترویج دین اسلام نموده به تخریب بتخانه ها و بت شکنی با مداد و اعانتِ سلطان دیندار
ملک موسی پرداخت و دخترِ خود بی بی بانو را به برادر زادهٔ ایشان ملک محمد ناجی که بکمال
الدین ملقب بود تزویج نموده و بحبالهٔ نکاح در آورد۔ و قبیلهٔ ملک مذکور را تمام از خود ساخت
بایں نسبت مستظهر گشته دراز دیاد رواجِ شرع شریف و ملت حنیف بذل جہد بکار داشت
و چوں نوبت خرابی به بت خانهٔ پرسپور که در کمال عظمت و استحکام بود۔ اول دروازه
آں ظلمت کده را خراب کردند۔ و از میان طاق آں دروازه صندوقچے برآمد۔ چوں
او را وا کردند لعلے و شیشے و کاغذے که بخط قدیم مرقوم بود برآمد۔ که مضمونِ کاغذ ایں بود
که بعد از هزار و پانصد سال شخصے از ولایتِ عراق بکشمیر می آید۔ بایں نام و ایں بتخانه
را خراب خواهد ساخت و از وجه قیمت لعل خانقاه در زڈی بل بنا خواهد نمود و دریں
شیشه که آبحیات است آں را گمان شراب خواهد شکست و در زمانِ حکام کشمیر
از تصرف سلاطینِ کشمیر بدر خواهد رفت در تصرف اولیائے دولتِ چغتائی خواهد آمد[۳۰]

میر شمس الدین عراقی میں ایک بڑا وصف یہ تھا کہ ان کے ہاتھ میں قلم کی طرح تلوار بھی رہتی تھی۔ قلم اور تلوار کا کسی مردِ مجاہد کے ہاتھ میں یکجا ہونا کارے دارد والا معاملہ ہوتا ہے۔ یہ خداداد استعداد بہت ہی کم لوگوں میں ہوتی ہے۔ تواریخ سے ثابت ہے کہ میر عراقی بڑے بہادر، باہمت اور میدان جنگ کے بہترین سپاہی تھے۔ ضرب و حرب کے فنون میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ جب لڑتے تھے تو کوہِ گراں کی طرح میدان جنگ میں قدم گاڑتے تھے۔ اور مانند شیر ببر کفار گو سفنداں پر حملہ کرتے تھے ان کے مرید جان کی بازی لگا کر ان کے ارد گرد پروانوں کی طرح رہتے تھے۔ خود زخم تیر و تفنگ کھاتے تھے لیکن کیا مجال کہ ان کا بال بیکا ہونے دیتے۔ جب تک کہ اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہوتے تھے میدان سے قدم ہٹانا گوارا نہیں کرتے تھے۔ ان کی سب سے بڑی لڑائی ۹۱۳ھ مطابق ۱۵۰۶ء میں ذال ڈگر

(سری نگر) میں ہوئی۔ جب لڑائی میں انھوں نے دشمن کا صفایا کیا تو پھر ذال ڈگر کا نام انھوں نے عیدگاہ رکھا تھا۔ لڑائی میں میر شمس الدین عراقی اور دوسرے لوگوں کے علاوہ ملک موسٰی رینہ ملک علی رینہ، امیر سید بدلا، قاضی محمد قدسی اور مصنف تحفتہ الاحباب کے والد مولانا جمال الدین بھی شامل تھے۔ وہ اس معرکے میں زخمی بھی ہوئے تھے۔ مصنف تحفتہ الاحباب اپنے والد اور امیر سید بدلا کے حوالے سے اس محاربۂ عظیم کا واقعہ یوں بیان کرتا ہے۔[۱]

"یہ جنگ ذال ڈگر کے قرب وجوار میں لڑی گئی تھی۔ ان دنوں ذال ڈگر میں ایک بڑا بتخانہ باخی رینو کے نام سے مشہور تھا۔ یہ مقام کافروں، مرتدوں اور منافقوں کا مرکز تھا اور وہ بڑے فاسق و فاجر تھے۔ سال میں کئی مرتبہ یہاں میلہ بھی لگتا تھا۔ اور لوگوں کا اجتماع بھی رہتا تھا۔ میلے میں دور دور سے لوگ آتے تھے۔ رنڈیوں اور کسبیوں کا ناچ گانا ہوتا تھا یہ نظارہ دیکھنے کے لیے بیرون کشمیر سے بھی لوگ آتے تھے۔ رقص و سرود اور زناکاری کے بعد ڈھیروں شراب پی جاتی تھی۔ اور اس طرح برے کاموں اور بداخلاقیوں کا ارتکاب کیا جاتا تھا۔ جب میر شمس عراقی کو انکی بیہودگیوں کا پتہ چلا تو وہ صوفیوں اور درویشوں کی ایک مختصر سی جماعت کے ہمراہ باخی رینو کو منہدم کرنے کے لیے وہاں پہنچے۔ اور لوگوں کو مار بھگایا۔ باخی رینو کے گرد و نواح میں جموں اور ہندوستان کے سپاہی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ ان کو جب معلوم ہوا کہ باخی رینو مسمار کیا جا رہا ہے۔ اور میلہ منتشر ہو رہا ہے تو وہ تیر و کمان اور دیگر سامان حرب سے مسلح ہو کر ہاتھوں میں تلواریں بلند کرکے میر شمس عراقی اور ان کی جماعت پر ٹوٹ پڑے۔ صوفیوں اور درویشوں نے باوجودیکہ ان کی تعداد دشمن کی کثرت کے مقابلے میں بہت قلیل تھی کوہ گراں کی طرح بڑی ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا۔ آخر لڑتے لڑتے پیر اکھڑنے لگے اور وہ ذال ڈگر کے میدان کی طرف چلے گئے۔ میر شمس الدین ابدال ماگرے کے مکان "یون راترے" میں پناہ لینے لگے۔ ابدال ماگرے گھر میں نہیں تھے۔ ان کی بیوی ملک موسی رینہ (وزیر اعظم) کی بیٹی تھیں۔ انہوں نے عورتوں اور خدمت گاروں کو ہدایت دی تھی کہ وہ کھڑکیوں اور دریچوں سے درویشوں پر پتھر اور ڈھیلے برسائیں کیوں کہ یہ لوگ بتخانوں اور بتوں کو مسمار کرتے ہیں اور ان کو گالیاں دیتے ہیں۔ جب اس واقعہ کی اطلاع ملک موسٰی رینہ کو ہوئی تو انھوں نے اپنے

ابدال ماگرے [illegible] ملک موسی رینہ (وزیر [illegible]) [illegible]

بیٹے ملک علی رینہ کو سواروں کی ایک جماعت کے ساتھ لشکر کفار کو بھگانے کے لیے روانہ کیا۔ ملک علی رینہ نے ان کو مار بھگایا اور میر شمس عراقی ملک موسیٰ رینہ کے گھر پہنچ گئے۔ انہوں نے ملک مذکور سے کہا کہ اگر اسی وقت "باخی رینو" کے انہدام اور فاسقان و فاجران کا قلع قمع نہ کیا جائے اور انھیں کیفر کردار کو نہ پہونچایا جائے وہ ابھی آل و عیال کے ساتھ عراق چلے جائیںگے۔ جب ملک موسیٰ رینہ نے ان کا یہ اضطراب اور بے قراری دیکھی اور بچشم خود مجروح صوفیوں کو دیکھا تو اسی وقت میر شمس الدین عراقی کے ہمراہ "باخی رینو" کے انہدام کے لیے آمادہ ہوئے۔ انھوں نے ملک علی رینہ کو سات آٹھ سپاہیوں کے ساتھ جائے وقوع پر روانہ کیا۔ موصوف نے کافروں اور نامور سرداروں کو گرفتار کرکے قید کیا۔ اور ان کی ایک جماعت کو جموں کی طرف جلاوطن کیا۔ اس کے بعد میر شمس الدین "باخی رینو" کو مسمار کرنے میں مصروف ہوئے۔ اور اس کی بیخ کنی کی۔ وہاں ایک بڑا پتھر نام کے ساتھ زمین میں نصب تھا۔ میر عراقی اس کو توڑ کر زمین سے اکھاڑنا چاہتے تھے۔ انھوں نے اس کے گرد زمین کھودی اور پھر اس میں آگ لگادی۔ چونکہ وہاں کثرت سے پانی نکلا اس لیے آگ اور چوٹیں لگانا بے کار ثابت ہوئیں۔ ان وجوہ کی بنا پر اس پتھر کی بنیاد معلوم نہ ہوسکی۔ آخر کار اس تالاب کو مٹی اور پتھروں سے پٹ دیا اور پھر اس جگہ مسجد بنائی۔ اذان اور نماز کے لیے موذن اور پیش نماز مقرر کیے۔ اور ذال ڈگر کا نام اسلام پور رکھا۔ اسی دوران ملک کاجی چک میر شمس عراقی کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ سری نگر میں ان کے لیے کوئی ٹھکانہ نہیں تھا۔ انجام کار اسلام پور (ذال ڈگر) کا موضع انھیں بخش دیا۔ جب ملک موصوف ان کی دعاؤں کے فیض سے وزیر اعظم ہوئے تو یہیں رہنے لگے ان کی اولادیں بھی یہیں رہتی تھیں۔" [۳۱]

قاضی جمال الدین محمد قدسی فارسی کے ایک اچھے شاعر اور میر شمس عراقی کے مرید خاص تھے۔ انھوں نے ذال ڈگر کی جنگ سے متاثر ہوکر اپنے مرشد کامل کی اسلامی سرگرمیوں سے متعلق ۵۰ اشعر کی مثنوی کہی تھی۔ ذیل میں چند شعر درج کیے جاتے ہیں [۳۲]

آں مرشد مقتدائے ایام — آں زبدۂ اولیائے انام

آں بحر معارف و معانی — آں عارف سرّ آسمانی

آں قطبِ زمان مبارک شمس بدین ملا ایستقی — در شرع محمدیؐ معین است

آں شمس کہ نور معرفت یافت — از مطلع نور بخشش برتافت

کشمیر کہ در زمانِ پیشیں — جز کفر نہ داشت رسم و آئیں

در ہر طرفش کلیسا ہے — وز بت کدہ ہا قوی پناہے

در ہر سر راہ او کنشتے — ہر سوئے کنشت بد سرشتے

حاصل نہ درو گروہ دیگر — غیر از بت و بت پرست و بت گر

ہر گوشہ عمارتیست سنگیں — صد گونہ درو بتانِ رنگیں

تا آنکہ زہجرتِ محمدؐ — ہفتاد و سہ سال رفت و ہفصد

سلطانِ ممالکِ معانی — شاہِ ہمداں علی ثانی

آں شاہ سوار عرصۂ دیں — سرِّ دل خاتم النبیین

ہم رایت شرع برافراخت — ہم آیتِ کفر را بر انداخت

اسلام بملک گشت پیدا — شد دین محمدی ہویدا

تا باز باختلافِ اقوام — شد روز بروز ضعفِ اسلام

در شرع کسے نہ داد ترویج — شد کسر امور دیں بتدریج

شد بار دگر برسم معتاد — آتشکدہ و کنشت بنیاد

اسلام بکفر گشت مخلوط — ارکان ہمہ ماند غیر مربوط

بت خانہ و خانقاہ باہم — یک مسجد و یک کلیسا ہم

گر مرد گزار دے نمازے — می گفت زنش بہ دیو رازے

از آمدنِ علی ثانی — آں گوہر گنج لامکانی

تاریخ چو شد صد و چہل سال — زد شرع نبیؐ بفرخی فال

شیخے کہ ز خویش فانی آمد — ثانی علی ثانی آمد

القصہ دریں کہن بوادی — از ہمتِ ایں ولی ہادی

ہر بتکدۂ کہ گشت ویراں — شد خانقاہے بموضع آں

ہر سال در آں مقام سہ بار — جشنے شدے از طریق نجار

اکثر زن و مرد اہل کشمیر — خواہی زجوان نہ خواہی از پیر
قومے بضلال و بت پرستی — جمعے بہوائے لعب و مستی
چوں از زمنِ نبی مرسل — شد نہصد و سیزدہ مکمل
برکند بنائے بربت پرستان — برداشت تمام کافرستان
فرمود عمارتے در آنجا — زیبا و مزین و دل آرا
لیکن چو زمین ز اوّل کار — آلودۂ کفر بود بسیار
می خواست طہارتے ہمانا — کز حکمت صانع توانا
پس آمد و برد اصل خاکش — ز آلائش کفر ساخت پاکش
زیں واسطہ یافت شست و شوئے — گر کفر درو نماند بوئے
شد بارِ دگر جناب عالیش — مشغولِ عمارت حوالیش
دو چار حدش بنائے از سنگ — بربست نہ شد زکار دِل تنگ
ہر حد بمسافتے طویلے — مجموع زمیں قریب میلے
آں جملہ بلند ساخت یکسر — قدر دو سہ گز نہ بل فزوں تر
در یک طرفش قوی بنائے — دلخواہ عمارتے بجائے
آں باغ و عمارت و حوالی — از خلد نمونہ ایست حالی

دیں جاہ نہ سرا و باغ است
کز باغ سرامرا فراغ است ۱۱۳۵ھ

میر شمس الدین عراقی اور خانقاہ ہمدانیہ کی تولیت

کتب تواریخ میں مورخین نے خانقاہ ہمدانیہ کے بارے میں واقعات توڑ مروڑ کے پیش کیے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ سلطان حسن شاہ کے عہدِ حکومت میں خانقاہِ ہمدانیہ نذرِ آتش ہوئی تھی۔ بادشاہ نے اس کے اردگرد مکانوں کو خرید کر کے صحنِ خانقاہ میں شامل کیا اور پھر اسے از سرِ نو تعمیر کیا سید علی نے اس کی تاریخ ۸۹۸ھ ہجری (۱۴۹۲ء) جبکہ خواجہ اعظم دیدہ مری اور حسن نے ۸۸۵ھ مطابق ۱۴۸۰ء لکھی ہے۔ انہی تاریخوں میں یہ بھی منقول ہے کہ جب میر شمس الدین عراقی حسن شاہ کے زمانے میں واردِ کشمیر ہوئے تھے تو ان کے تین مریدوں غازی خاں، ملک موسیٰ رینہ اور کاجی چک جو اقتدارِ اعلیٰ کے

مالک تھے انھیں یہ تحریک و ترغیب دلائی کہ خانقاہ ہمدانیہ جو یک طبقہ ہے اسے ویران کر کے دو طبقہ بنایا جائے۔ اس میں ان کی غرض و غایت یہ تھی کہ ویرانی کے بعد اس کی طرف کوئی توجہ نہ دی جائے تاکہ بقول ان مورخین کے خانقاہِ زڈی بل کی اہمیت بڑھ جائے اور اس طرح لوگوں کے لیے مرکز توجہ بن سکتی ہے۔ بالآخر محمد شاہ بادشاہ نے اُسے گرا دیا اور قریب دو سال تک پھر خانقاہ ہمدانیہ یوں ہی بے رونق اور ویران پڑی رہی بعد میں کاجی چک کی بہن صالحہ ماجی جو سلطان کی زوجہ تھیں زیورات بیچ کر خانقاہ کو پھر سے بنوایا[۳۳]

دراصل واقعات یوں ہیں کہ جب حضرت میر سید شمس الدین عراقی ۹۰۲ھ ہجری (مطابق ۱۴۹۶-۹۷ء) میں دوسری مرتبہ کشمیر تشریف لائے تو انھوں نے ملک کاجی چک کے عہد حکومت میں خانقاہ میر سید علی ہمدانی کو جس کی بنیاد سکندر بت شکن نے اپنے عہد سلطنت (۷۹۶ھ ہجری تا ۸۲۰ھ مطابق ۱۳۹۴-۱۴۱۷ء) میں ۷۹۶ھ ہجری میں سید محمد ہمدانی کے ہاتھوں رکھوائی تھی اور جو بہت ہی مختصر عمارت تھی اس کو از سر نو تعمیر کر کے کافی وسعت بخشی اور اس کی وسعت کے لیے ملحقہ مکانات اور آراضی کو زر کثیر کے عوض خرید کر صحن خانقاہ میں شامل کیا۔ موصوف نے اپنے مریدوں قاضی محمد قدسی اور فرزندانِ ملا بابا علی کے مکانوں کو بھی وہاں سے ہٹایا تاکہ خانقاہ آگ جیسی ناگہانی آفتوں سے محفوظ رہ سکے۔ انہوں نے خانقاہ کے ساتھ ایک بہت بڑا لنگر خانہ، آتش خانہ اور گودام بھی تعمیر کرایا تھا۔ لنگر خانہ میں روزانہ صبح و شام غریبوں اور مسافروں کے لیے کئی خروار چاول پکتا تھا۔ مصنف بہارستان شاہی پہلا مورخ ہے جس نے میر شمس عراقی کے ہاتھوں خانقاہِ ہمدانیہ کی از سر نو تعمیر کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ:-

"حضرت ہدایت پناہ ولایت دستگاہ امیر کبیر سید علی ہمدانی قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ الصمدانی صفہ کہ در محلہ علاء الدین پورہ برائے اقامت صلوٰۃ جماعات ساختہ بود۔ ولد امجد ارشد آنحضرت امیر سید محمد قدس سرہٗ خانقاہی بزرگ طرح انداختند و آں پادشاہ سعادت دستگاہ قریۂ چند برائے مدد معاش مجاوراں و معتکفان آں آستاں ملائک آشیاں گذاشتہ اند و بعضے می گویند کہ حضرت امیر سیّد محمد ہمدانی لعلے داشتند و آں لعل را بسلطان سکندر مرحوم دادند۔ و قریۂ تلال (ترال) و قریہ وچی را بطریق بیع و شریٰ گرفتند۔ و آں ہر دو قریہ را ابتیاع نمودہ' وقفِ آں خانقاہ ساختند تا مدد معاش مجاوران و اوراد خوانان آں آستانہ باشد و بناء و عماراتِ خانقاہِ متبرکہ حضرت امیر سید محمد ہمدانی عمارت کردہ خرد و مختصر بود۔ و عماراتِ مردم و مجاوران و بیوتاتِ خانقاہِ

اہل شہر نزدیک بدیوار ہائے خانقاہ وحوالیِ آں محیط بود۔ چنانچہ اکثر آتشی دراں محلہ افتادہ می سوخت۔ خانقاہ ہمراہ خانہا سوختہ ودر زمانِ سلطان زین العابدین آں را باز عمارت نمود۔

چون حضرت امیر شمس الدین محمد عراقی قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ بتشریف تقدوم ایں ممالک رامشرف ساخت، آنحضرت در عہد حکومت ملک الملوک ملک کاجی چک مرحوم آں خانقاہ رابایں بزرگی ووسعت وبلندی وعظمت مجدداً بنا نمودند۔ وخانہائے مردم از حوالیِ او برداشتند وزمین بعضیہا را از زر بسیار و مالی بے شمار دادہ خریدند۔ وآنہا بہ زر احتیاج نہ داشتند مانند قاضی محمد قدسی وفرزندانِ مُلّا باباعلی وغیرہم ایشان را از جاہائے دیگر زمینہا عوض دادہ از حوالیِ خانقاہ دُور ساخت تا بقعۂ متبرکہ از حوادث آفات وبلیۂ احراق وحادثات محفوظ ومصؤن باشد ودر زمانِ حضرت امیر شمس الدین محمد عراقی وقضیات خانقاہ زیادہ ومضاعف گشتہ۔ چنانچہ در حیاتِ آنحضرت در مطبخِ خانقاہ ہر روز صد بست وپنج ترک برنج می پختند برائے طعام چاشت شصت وپنج ترک برائے طعام شب، شصت ترک موظف ومقرر بودہ۔ کم روز ہا می بود کہ در مطبخ گوشت نمی پختہ ودر مطبخے وآتش خانہ مختصر بنا کردند وبزرگیِ عمارتِ خانقاہ وکلانے صندوق کہ انبار شالی وخزینۂ حوائج ومصالح خانقاہ ہست نشانہ ونمونہ ایست باقی از ہمت عالی حضرت امیر شمس الدین محمد عراقی" ؎ ۱۱۳

خانقاہ ہمدانیہ کا سارا انتظام میر شمس الدین عراقی کے ہاتھ میں تھا۔ مجاوروں کے تقرر اور برخاستگی اور انتظام واہتمام سے متعلق تمام امور انہی کے حد اختیار میں تھے۔ وہ خانقاہ کے مختار کل تھے۔ سلطان محمد شاہ نے ایک فرمان کے تحت میر عراقی کو خانقاہ کی تولیت اور اس کا انتظام کلی چلانے کے لیے مقرر کیا تھا۔ ذیل میں تولیت نامہ کی نقل درج کی جاتی ہے۔

"مقرر شدن خانقاہِ امیریہ بحضرت امیر شمس الدین بفرمان ہماں لازوال عالیا"

"وبحکم جناب امیر الامرا سید محمد حسینی وبشافہ ملک ابراہیم ماگرے، وملک شمس چک وملک عیدی رینہ وجمیع ارکان دولت واعیان مملکت توقیع رفیع اسطار می یابد مشتمل بریں معنی کہ خانقاہِ ہمدانیہ کہ منزل فیوض ربانیہ است باجمیع استقامت وقربات کہ از زمانِ حضرت

سیادت مآب سعادت انتساب امیرِ اشرف امجد امیر سید محمد ہمدانی قدس سرہ الصمدانی الیٰ یومنا ہذا در پے آں وقف شدہ بہ تحویل و تولیتہ حضرت ارشاد مآب ولایت اکتساب قطب المحققین قدوۃ المرشدین زبدۃ ارباب الکشف والیقین المتوکل علی الملک المعین المختص بعنایات اللہ الباقی حضرت شیخ شمس الدین محمد عراقی طابت حالاتہ ودامت کمالاتہ مفوض و مسلم گردانیدہ شد۔ و جمیع امور و اعمال و مہمات و اشغال آں و بقعۂ مبارکہ از حل و عقد و قبض و بسط و عزل و نصب و امر و نہی با ختیار آں حضرت گذاشتہ آمد۔ چنانچہ ہیچ احدی را از ملوک عظام و امراء و حکام بلکہ فردے را از افرادِ انام من الخواص والعوام بخلاف رائے آں حضرت دراں بقعۂ شریفہ تداخل و تصرف و تحکم نباشد و ہر چہ صواب دید آنحضرت تواند بود۔ امر و ناہی و صاحب اختیار باشد و بموجب دفعیہ کہ بدستخط شریف حضرت سیادت مآبی قدس سرہٗ مسطور است باحیائے مراسم و اطوار و اوراد و اذکار حضرت علی ثانی امیر سید علی ہمدانی ساکنان و متوطنان آں منزلِ مبارک ارشاد نمایند و مجاوران و اہل وظائف آں بقعۂ شریفہ را ہدایت و رہنمائی فرمایند۔ فَمَنْ بَدَّلَہٗ بَعْدَ مَا سَمِعَہٗ فَاِنَّمَا اِثْمُہٗ عَلَی الَّذِیْنَ یُبَدِّلُوْنَہٗ والسلام علی من اتبع الہدیٰ جزو بامر العالی اعلاہ اللہ تعالیٰ" ۳۵

میر شمس الدین عراقی نے تولیت کے زمانے میں درویشوں کی ایک جماعت کو خانقاہِ ہمدانیہ میں کئی برس تک اربعین میں بٹھایا تھا۔ اور حاجی شمس کو اس جماعت کا پیشوا مقرر کیا تھا۔ ان کو خرقۂ کبود اور عمامہ سیاہ تفویض کیا تھا وہ حاجی مذکور کے ظاہر و باطن سے واقف تھے۔ ان کی تعلیم و تربیت کے لیے انھوں نے خاص توجہ فرمائی تھی۔ میر شمس الدین عراقی کے سفرِ تبت کے دوران اور پھر ان کے انتقال کے بعد ان کے صاحبزادے میر دانیال خانقاہِ ہمدانیہ کے منتظمِ اعلیٰ تھے۔ چونکہ ملک رنگی چک ورابدال ماگرے کا دل ان کے بارے میں صاف نہیں تھا اس لئے انھوں نے انھیں برخاست کرکے باباعلی کو خانقاہ کی تولیت اور شیخی سے ممتاز کیا تھا۔[۳۶]

خانقاہ زڈی بل اور سفرِ تبت

جب پہلی مرتبہ میر شمس الدین عراقی کشمیر بطور سفیر آئے تھے۔ تو انہی دنوں زڈی بل کو آب و ہوا شادابی اور تر و تازگی کے اعتبار سے پسند فرمایا تھا۔ وہ وقتاً فوقتاً اپنے قیام کشمیر کے دوران وہاں جایا

کرتے تھے۔ ان کی خواہش تھی کہ کاش اس سرزمین پر کوئی خانقاہ یا مسجد تعمیر ہوتی۔ اس زمانے میں انھیں کشمیر میں مستقل طور پر رہنے کا کوئی خیال نہیں تھا۔ زڈی بل کی زمین کسی کی ملک و تصرف میں نہ تھی۔ بلکہ سرکاری آراضی میں یوں ہی پڑی تھی۔ سلطان فتح شاہ کے ابتدائی عہد حکومت میں ملکان چاڈورہ کے امرا صاحبان اقتدار تھے۔ انھیں حکومت کے نظم و نسق میں اختیار کلی حاصل تھا۔ سلطان نے امراے چاڈورہ کو نوشہرہ کے قرب وجوار میں رہنے کے لیے زمین دی۔ ان لوگوں نے وہاں مکان بنائے۔ زڈی بل کی جاگیر ملک موسیٰ رینہ کو بخشی۔ انھوں نے وہاں مکان تعمیر کیے اور وہیں قیام بھی کرنے لگے۔ ملک موصوف ہی سب سے پہلے وہ شخص تھے جو میر شمس الدین کے معتقد اور مرید ہوئے تھے۔ انھوں نے پورے زڈی بل کو خانقاہ کے لیے ان کو بخش دیا۔ جتنے بھی ملک موسیٰ کے مکانات اور باغات یہاں تھے وہ سب کے سب میر عراقی کی نذر کیے۔ ایک دن دعوت کے موقع پر انھوں نے اپنی تمام جائداد منقولہ وغیر منقولہ جن میں ان کی تمام عمارتیں اور باغات شامل تھے میر عراقی کو دیئے۔ اس واقعہ کو مصنف تحفتہ الاحباب نے اس طرح لکھا ہے:

"وجملہ اہل وعیال واولادِ خود راگفت کہ ہرچہ از زر و زیور و حلیّ و حلل و بازوبند و گلوبند و خلخال و سوار، وگوشوار و عقود و نقود و جامہ و خلعت والبتہ و اقمشہ داشتہ باشند پیش نظر آنحضرت حاضر ساختہ، نذر و ہدیہ آنحضرت نمایند۔ وہر کہ قوتِ نذر کردن و طاقتِ ہدیہ نمودن نہ داشتہ باشد من ضامن و کفیلم کہ ہرچہ حاضر کنند من مضاعف آں معاوضہ کنم، وچوں تمام نساء و عورات و سائر اہالی واولاد از ذکور و اناث ہرچہ داشتند از ملبوسات و منقولات و اجناس و نقود عقیاں واعیان ولآلی و مرجان، و مرسلہ و حمائل و سماط وجبایل و حلوق و خواتم و معاجر و عوایم پیش آنحضرت جمع ساختہ نذر آنحضرت نمودند، وآنحضرت ہمت بلند اورا تحسین و تہنیت ارجمند ایشان را ہزار آفریں کردہ جہت قبول آں نذور و اجابت آں ہدایا بدرگاہ حضرت واہب العطایا فاتحہ فایحہ روانہ کرد۔ و آں ملک ملک صفات مجموع مملوکات و متفرقات خود مع مراکب و افراس و اسلحہ و براق و اسباب و آلات محاربہ و مقاتلہ در نظر نذر آنحضرت گذاشتہ۔ جملہ اہل وعیال و اولاد و اطفال و سائر نساء و عورات را در تن یک یک جامہ کہ جہت ستر عورت کافی باشد ازاں خانہا بدر آمدند و جملہ آں مواضع با عمارات و بیوتات و اراضی و عقار و باغ و باغات و اشجار و املاک و اسباب و اموال بآنحضرت تسلیم و تفویض نمود و قبولیہ آں را بہ جان و دل خود

منت نہاد" ۳۷ے

میر شمس الدین عراقی نے ملک موسیٰ رینہ کے تحائف و ہدایا جن میں اراضی، مکانات، جواہرات اور زیورات وغیرہ شامل تھے۔ قبول کیے اور پھر موسم بہار میں ۹۰۲ سنہ ہجری مطابق ۱۴۹۶ء میں خانقاہ کی بنیاد ڈالی۔ قاضی محمد قدسی نے تاریخ کہی ؎

چوں بتائید کردگار علیؑ	حیِّ قادر حکیم لم یزلی
نوربخشِ قلوبِ اہلِ صفا	ہادی سالکانِ راہ ھدیٰ
قاسمِ فیض و واہبِ توفیق	رہنمائے معارجِ تحقیق
طلعت افروز شمس دینِ نبیؐ	شمہ افرازِ کاخ مطلبی
در بلادِ ممالکِ کشمیر	حرست عن طوارق اللہ میر
غوث اعظم امام روئے زمیں	قطبِ آفاق شیخ شمس الدین
پرتو شمع نوربخش افروخت	دیدۂ حاسدانِ منکر سوخت
ہمتِ ایں بزرگ صاحبِ غیر	فی الحقیقت بغیر منتِ غیر
خانقاہے چناں عمارت کرد	کہ فرشتہ درو زیارت کرد
بر درش نقش نوشتہ روح الامین	سالِ تاریخ "کاشف المتین"

۹۰۲ ہجری

بر درِ ایں مقام ہمچو بہشت
خرد اللہ ذو البقا ۶ نوشت ۳۸ے

ملک موسیٰ رینہ اپنی ساری املاک و جائداد میر شمس عراقی کو نذر کر کے آروٹ (تاشوان) میں قیام پذیر ہوئے۔ میر خود درویشوں کی ایک جماعت کے ساتھ جن میں ملا سلمان، ملا حاجی علی، ملا یزید، حضرت بابا علی، مولانا محمد امام، مولانا نصرت، مولانا سعید، مولانا جمال، مولانا خلیل اللہ، مولانا قاضی محمد قدسی مولانا عثمان گنائی، مولانا سیف اور مولانا عبدالرحمٰن قابل ذکر ہیں زڈی بل میں وارد ہوئے۔ میر عراقی اپنی محذرات، اولاد اور سامان وغیرہ کے ساتھ ملک موسیٰ رینہ کے گھر میں اتر گئے۔ درویشوں نے خواہش ظاہر کی کہ ان کے اہل و عیال کے ٹھہرنے کے لیے انتظام کیا جائے۔ انھوں نے ملک مذکور کی املاک سے ایک سرائے ان کے حوالے کر دی۔ درویشوں نے اس پر چھپر ڈال دیا۔ بعضوں نے خس پوشش

کی چاردیواری بنائی اور اس میں رہنے لگے۔ خود میر عراقی خانقاہ کی تعمیر میں مصروف رہے۔

ملک موسیٰ رینہ اور دوسرے مریدوں نے مشورہ دیا کہ ضلع بارہمولہ میں صنوبر کے بلند و بالا درخت ہیں اور وہ خانقاہ میں لکڑی کے طور پر موزوں رہیں گے۔ اس زمانے میں دیودار کا درخت کوئی نہیں کاٹتا تھا۔ درخت کا کیا ذکر کوئی اس کی شاخ بھی نہیں توڑ سکتا تھا۔ کامراج بارہمولہ میں ایک مشہور و معروف بتخانہ تھا۔ اسے کشمیری میں ہاسن کہتے تھے۔ ہاسن کی وجہ سے لوگ دیودار درختوں کو متبرک سمجھتے تھے۔ یہ زمانہ سلطان محمد شاہ کا تھا۔ ان کے وزیر اعظم سید محمد بیہقی تھے۔ میر سید محمد کو کشمیری میں میاں محمد کہتے تھے۔ ملک موسیٰ رینہ رئیس اعظم تھے۔ انھوں نے بادشاہ سے ہاسن مسمار کرنے کی اجازت حاصل کی تاکہ اس کے مصالحے سے خانقاہ کی تعمیر ہو سکے۔ میر شمس الدین عراقی کے علاوہ بابا علی اور دوسرے صوفی اور درویش کمراج گئے۔ تخریب ہاسن اور قطع اشجار کے ارادے سے وہاں قیام کیا۔ ہاسن اتنا پرانا تھا کہ سن دراز لوگوں کو یہ معلوم نہیں تھا کہ کب اور کس زمانے میں بنا تھا۔ میر عراقی سب سے پہلے اس کے انہدام کی طرف متوجہ ہوئے۔ انھوں نے عمارت کو نذر آتش کیا۔ اس کے بعد اس کے بڑے بڑے پتھروں کو اس لیے ریزہ ریزہ کیا کہ ان میں بطرز بت اعضا کی صورت باقی نہ رہے۔ پھر درخت کاٹے۔ جب یہ کاٹے جا رہے تھے تو بڑے بڑے اڑنے والے جانور بے حد و حساب دوسرے جنگلوں اور پہاڑوں کی طرف بھاگنے لگے۔ ان میں کچھ شیروں کے برابر تھے۔ اور کچھ ان سے چھوٹے۔ یہاں میر عراقی خیمہ زن ہوئے اور تمام درخت اپنی موجودگی اور نگرانی میں کٹوائے کچھ دنوں کے بعد انھوں نے بابا علی اور دوسرے صوفیوں کو وہاں چھوڑا تاکہ لکڑی کاٹنے کا کام بخوبی انجام دیں۔ اور خود درویشوں کی ایک جماعت کے ساتھ زڈی بل لوٹے۔ یہاں خانقاہ تعمیر ہو رہی تھی۔ ادھر بابا علی نے ایک آدھ مہینے میں تمام لکڑی کٹوا دی۔ پھر سری نگر سے امیر شمس عراقی صوفیوں کے ہمراہ ہاسن گئے۔ انھوں نے لکڑی کو دریا کے کنارے جمع کیا تاکہ سوکھ جائے۔ اتنے میں جاڑا آ گیا اور انھوں نے وہیں قیام کیا۔ آخر کار آغاز بہار میں لکڑی کو زڈی بل پہنچا دیا۔ زڈی بل جانے سے قبل ہاسن کی جگہ مسجد تعمیر کرائی۔ اس کے مصرف کے لیے بادشاہِ وقت سے چند خروار زمین مخصوص کرائی۔ نماز پنجگانہ کے لیے وہاں مؤذن بھی مقرر کیا۔[۳۹]

اول اول جب سید محمد بیہقی وزیر اعظم نے دیکھا کہ یہاں امیر شمس عراقی ہر دلعزیز ہو رہے ہیں اور لوگ جوق در جوق ان کے مرید ہو رہے ہیں اور مشہور و معروف امرائے کشمیر، ملکانِ چاڈورہ کے علاوہ صوفیائے کرام ان کے پروانے ہو رہے ہیں تو وہ بھی ان کی تعظیم و تکریم کرنے لگے۔ جب یہ حال

ملاؤں نے دیکھا کہ کشمیر کے امراء، رؤسا، علما، صوفیہ اور دوسرے مشائخ امیر عراقی کے مذہب امامیہ کی پیروی کرنے لگے تو انھوں نے شور و غوغا بلند کیا اور ان کے خلاف سید محمد بیہقی کے کان بھر دیئے۔ ان ملاؤں میں بابا اسماعیل پیش پیش تھے۔ انھیں یہ خوف لاحق ہوگیا کہ یہاں کے سلاطین وامراء میر عراقی کے مریدوں میں شامل ہو رہے ہیں تو پھر ایسے عالم میں ہمیں کون پوچھے گا۔ اس لیے انھوں نے مخالفت پر کمر باندھی۔ انھوں نے وزیر موصوف کو خانقاہ زڈی بل کی تعمیر سے روکنا چاہا تھا لیکن اس میں انھیں کوئی کامیابی نہیں ہوئی کیونکہ خانقاہ کی تعمیر میں اس وقت کشمیر کے سب سے بڑے صاحب اقتدار اور میر عراقی کے مرید خاص ملک موسیٰ رینہ کا ہاتھ تھا۔ اگرچہ سید محمد وزیر اعظم نے ملاؤں اور دوسرے لوگوں کے دباؤ کے تحت خانقاہ زڈی بل کی تعمیر کی ممانعت نہیں کی تھی تاہم ان کا دل میر شمس عراقی کے بارے میں بعد میں صاف نہیں تھا۔ اس کی وجہ خاص یہ تھی کہ بیہقی صاحب ان کی بڑی صاحبزادی حضرت بی بی آغا سے خواستگاری کرنا چاہتے تھے۔ جب اس کی اطلاع حضرت امیر شمس عراقی کو ہوئی تو انھوں نے زوردار الفاظ میں ان کی درخواست کو رد کیا۔ لوگوں نے بیہقی کی سیادت کا بھی واسطہ دیا تھا۔ اس پر انھوں نے کہا کہ وہ فاسق و فاجر ہیں۔ ان کے الفاظ یہ ہیں:-

"کسیکہ مرتکب کبائر و مدمن خمر و معلن فسوق و فجور بودہ باشد ہرگز دل من باو مائل نمی شود، اگرچہ سیدِ رضوی باشد۔ ودیگر خاطر من از مواصلتِ سلاطین و حکام و موانستِ اربابِ دولت واہلِ دنیا بسیار متنفر و متجنب است۔ ہرگز ایں سخن قبول نمی کنم"۔[۱۹]

جب امیر شمس عراقی کے انکار کی خبر وزیر بیہقی کو پہنچی۔ تو وہ طاقت کے بل پر انھیں ڈرانے دھمکانے لگے اور ان پر طرح طرح کی سختیاں کرنے لگے۔ آخر کار ملا فاضل رومی، حضرت بابا علی اور مؤلفِ تحفۃ الاحباب کے والد ملا جمال الدین کے مشورہ سے میر عراقی کی صاحبزادی کا عقد مولانا شیخ عبدالسلام رومی سے ہوا۔ موصوف ان دنوں کشمیر میں ہی مقیم تھے۔ کچھ دنوں کے بعد مولانا شیخ عبدالسلام کو پاٹھ واو تحصیل بڈگام میں آباد کیا۔ اور پھر یہ گاؤں اخراجات کے لیے بی بی آغا کے نام ہبہ کیا۔

جب یہ خبر سید محمد کو ملی کہ بی بی آغا کا نکاح شیخ عبدالسلام کے ساتھ کینہ و حسد کی آگ بھڑکنے لگی۔ اپنے ہمنواؤں نے ان سے کہا کہ امیر شمس عراقی۔ کرکے آپ کو ذلیل و رسوا کیا۔ اس طرح ان کے دل میں نفرت پیدا کی۔

انہی ایام میں ایک دن امیر شمس عراقی کوہ ماراں (ہاری پربت)

حضرت

کی چاردیواری بنائی اور اس میں رہنے لگے۔ خود میر عراقی خانقاہ کی تعمیر میں مصروف رہے۔

ملک موسیٰ رینہ اور دوسرے مریدوں نے مشورہ دیا کہ ضلع بارہمولہ میں صنوبر کے بلند و بالا درخت ہیں اور وہ خانقاہ میں لکڑی کے طور پر موزوں رہیں گے۔ اس زمانے میں دیودار کا درخت کوئی نہیں کاٹتا تھا۔ درخت کا کیا ذکر کوئی اس کی شاخ بھی نہیں توڑ سکتا تھا۔ کامراج بارہمولہ میں ایک مشہور و معروف بتخانہ تھا۔ اسے کشمیری میں جہاسن کہتے تھے۔ جہاسن کی وجہ سے لوگ دیودار درختوں کو متبرک سمجھتے تھے۔ یہ زمانہ سلطان محمد شاہ کا تھا۔ ان کے وزیر اعظم سید محمد بیہقی تھے۔ میر سید محمد کو کشمیری میں میاں محمد کہتے تھے۔ ملک موسیٰ رینہ رئیس اعظم تھے۔ انھوں نے بادشاہ سے جہاسن مسمار کرنے کی اجازت حاصل کی تاکہ اس کے مصالحے سے خانقاہ کی تعمیر ہو سکے۔ میر شمس الدین عراقی کے علاوہ بابا علی اور دوسرے صوفی اور درویش کمراج گئے۔ تخریب جہاسن اور قطع اشجار کے ارادے سے وہاں قیام کیا۔ جہاسن اتنا پرانا تھا کہ سن دراز لوگوں کو یہ معلوم نہیں تھا کہ کب اور کس زمانے میں بنا تھا۔ میر عراقی سب سے پہلے اس کے انہدام کی طرف متوجہ ہوئے۔ انھوں نے عمارت کو نذر آتش کیا۔ اس کے بعد اس کے بڑے بڑے پتھروں کو اس لیے ریزہ ریزہ کیا کہ ان میں بطرز بت اعضا کی صورت باقی نہ رہے۔ پھر درخت کاٹے۔ جب یہ کاٹے جا رہے تھے تو بڑے بڑے اڑنے والے جانور بے حد و حساب دوسرے جنگلوں اور پہاڑوں کی طرف بھاگنے لگے۔ ان میں کچھ شیروں کے برابر تھے۔ اور کچھ ان سے چھوٹے۔ یہاں میر عراقی خیمہ زن ہوئے اور تمام درخت اپنی موجودگی اور نگرانی میں کٹوائے کچھ دنوں کے بعد انھوں نے بابا علی اور دوسرے صوفیوں کو وہاں چھوڑا تاکہ لکڑی کاٹنے کا کام بخوبی انجام دیں۔ اور خود درویشوں کی ایک جماعت کے ساتھ زڈی بل لوٹے۔ یہاں خانقاہ تعمیر ہو رہی تھی۔ ادھر بابا علی نے ایک آدھ مہینے میں تمام لکڑی کٹوا دی۔ پھر سری نگر سے امیر شمس عراقی صوفیوں کے ہمراہ جہاسن گئے۔ انھوں نے لکڑی کو دریا کے کنارے جمع کیا تاکہ سوکھ جائے۔ اتنے میں جاڑا آ گیا اور انھوں نے وہیں قیام کیا۔ آخر کار آغاز بہار میں لکڑی کو زڈی بل پہنچا دیا۔ زڈی بل جانے سے قبل جہاسن کی جگہ مسجد تعمیر کرائی۔ اس کے مصرف کے لیے بادشاہ وقت سے چند خروار زمین مخصوص کرائی۔ نماز پنجگانہ کے لیے وہاں مؤذن بھی مقرر کیا۔[۳۹]

اول اول جب سید محمد بیہقی وزیر اعظم نے دیکھا کہ یہاں امیر شمس عراقی ہر دلعزیز ہو رہے ہیں اور لوگ جوق در جوق ان کے مرید ہو رہے ہیں اور مشہور و معروف امرائے کشمیر، ملکانِ چاڈورہ کے علاوہ صوفیائے کرام ان کے پروانے ہو رہے ہیں تو وہ بھی ان کی تعظیم و تکریم کرنے لگے۔ جب یہ حال

ملاؤں نے دیکھا کہ کشمیر کے امرا، روسا، علما، صوفیہ اور دوسرے مشائخ امیر عراقی کے مذہب امامیہ کی پیروی کرنے لگے تو انھوں نے شور و غوغا بلند کیا اور ان کے خلاف سید محمد بیہقی کے کان بھر دیے۔ ان ملاؤں میں بابا اسماعیل پیش پیش تھے۔ انھیں یہ خوف لاحق ہوگیا کہ یہاں کے سلاطین و امرا میر عراقی کے مریدوں میں شامل ہو رہے ہیں تو پھر ایسے عالم میں ہمیں کون پوچھے گا۔ اس لیے انھوں نے مخالفت پر کمر باندھی۔ انھوں نے وزیر موصوف کو خانقاہ زڈی بل کی تعمیر سے روکنا چاہا تھا لیکن اس میں انھیں کوئی کامیابی نہیں ہوئی کیونکہ خانقاہ کی تعمیر میں اس وقت کشمیر کے سب سے بڑے صاحب اقتدار اور میر عراقی کے مرید خاص ملک موسیٰ رینہ کا ہاتھ تھا۔ اگرچہ سید محمد وزیر اعظم نے ملاؤں اور دوسرے لوگوں کے دباؤ کے تحت خانقاہ زڈی بل کی تعمیر کی ممانعت نہیں کی تھی تاہم ان کا دل میر شمس عراقی کے بارے میں بعد میں صاف نہیں تھا۔ اس کی وجہ خاص یہ تھی کہ بیہقی صاحب ان کی بڑی صاحبزادی حضرت بی بی آغا سے خواستگاری کرنا چاہتے تھے۔ جب اس کی اطلاع حضرت امیر شمس عراقی کو ہوئی تو انھوں نے زوردار الفاظ میں ان کی درخواست کو رد کیا۔ لوگوں نے بیہقی کی سیادت کا بھی واسطہ دیا تھا۔ اس پر انھوں نے کہا کہ وہ فاسق و فاجر ہیں۔ ان کے الفاظ یہ ہیں :-

"کسیکہ مرتکب کبائر و مدمنِ خمر و معلن فسوق و فجور بودہ باشد ہرگز دل من باو مائل نمی شود، اگرچہ سیدِ رضوی باشد۔ و دیگر خاطر من از مواصلتِ سلاطین و حکام و مواصلتِ اربابِ دولت و اہلِ دنیا بسیار متنفر و متجنب است۔ ہرگز ایں سخن قبول نمی کنم"[۴۹]

جب امیر شمس عراقی کے انکار کی خبر وزیر بیہقی کو پہنچی۔ تو وہ طاقت کے بل پر انھیں ڈرانے دھمکانے لگے اور ان پر طرح طرح کی سختیاں کرنے لگے۔ آخرکار ملا فاضل رومی، حضرت بابا علی اور مؤلفِ تحفۃ الاحباب کے والد ملا جمال الدین کے مشورہ سے میر عراقی کی صاحبزادی کا عقد مولانا شیخ عبدالسلام رومی سے ہوا۔ موصوف ان دنوں کشمیر میں ہی مقیم تھے۔ کچھ دنوں کے بعد مولانا شیخ عبدالسلام کو پاٹھ وار و تحصیل بڈگام میں آباد کیا۔ اور پھر یہ گاؤں اخراجات کے لیے بی بی آغا کے نام ہبہ کیا۔

جب یہ خبر سید محمد کو ملی کہ بی بی آغا کا نکاح شیخ عبدالسلام کے ساتھ ہوا تو ان کے دل میں کینہ و حسد کی آگ بھڑکنے لگی۔ اپنے ہمنواؤں نے ان سے کہا کہ امیر شمس عراقی نے آپ کے ساتھ انکار شادی کرکے آپ کو ذلیل و رسوا کیا۔ اس طرح ان کے دل میں نفرت پیدا کی۔

انھی ایام میں ایک دن امیر شمس عراقی کوہ ماراں (ہاری پربت) کی طرف جا رہے تھے کہ راستے

میں بیہقی وزیر کا دیوان گھوڑے پر جا رہا تھا۔ اس نے امیر شمس کو سلام نہیں کیا۔ اس پر انھوں نے دیوان کو خوب زدو کوب کیا۔ اور نتیجے میں وہ خانقاہِ زڈی بل کی تعمیر ادھوری چھوڑ کر ۹۰۷ھ ہجری مطابق ۱۵۰۱ء میں لداخ چلے گئے۔ یہاں اشاعت اسلام میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں چھوڑا۔ وہاں کے راجاؤں، امرا اور عوام غرضیکہ ذرّہ ذرّہ کو مشرف بہ اسلام کیا۔ لداخ میں دو ماہ تک قیام فرمایا تھا۔ ملک موسیٰ رینہ وزیر اعظم سید محمد کے نامعقول طرز عمل سے سخت ناراض ہوئے جس کے تحت امیر شمس عراقی کو لداخ جانا پڑا تھا۔ یہ ناراضگی اتنی شدت اختیار کر گئی کہ آخر کار سید محمد کے قتل اور سلطان محمد شاہ کے زوال اور شکست کا باعث ہوئی۔ اور زمام حکومت ملک موسیٰ رینہ کے ہاتھ آئی اس واقعہ کو مصنف تحفۃ الاحباب نے تفصیل سے پیش کیا ہے۔

"چوں خبر ایں مناکحہ و ازدواج آنحضرت بمیاں محمد (سید محمد بیہقی) رسانیدند، کینہ و کدورت ایں امر در دل و ضمیر او متمکن و مستحکم نشست و روز بروز مردم مخالف و اعادی ایقاد نائرہ حقد و حسد او می نمودند و می گفتند کہ ایں مرد از نسبتِ مصاہرتِ شما ننگ و عار داشتہ و حرمت تمکین و اقتدار شما برابر مسافر بے نوائی نہ گرفتہ و با وجود ایں حال روزے آنحضرت بباغ د پالیز دامنۂ کوہِ ماراں می رفتند۔ کہ ناگاہ سوارے ملبس از مقابلہ می آمد۔ و چوں نزدیک رسید آنحضرت را اسلام نہ کرد و ہیچ تعظیم و تواضع ہم نہ نمود۔ آنحضرت از سبب ناکردن سلامِ او پرسید۔ صوفیان کہ ہمراہِ سید بودند گفتند کہ یا حضرت! ایں سوار مسلمان نیست بلکہ کافر زنّار دار است۔ آنحضرت پرسیدند کہ اگر کافر است چرا مانند مسلمانان بر سر زین سوارہ می رود و لباس و کسوت او ہیچ فرقے با مسلمانان نہ دارند گفتند یا حضرت! او ے علمدار و صاحب دیوان حاکم وقت میاں محمد است و بہ حمایتِ وے ایں ہمہ غرہ گیہا دارد۔ آنحضرت فرمودند کہ او را بگیرید از اسب فرو آرید صوفیان او را از اسب فرود آوردند و آنحضرت او را بر زمین خوابانیدہ چنداں چوبہا زدند کہ از حیات خود مایوس گشت و ہمچناں او را رہا کردہ، آنحضرت پالیز کوہ ماراں رفتند و چوں آں کافر دیوانے بآں حال پیش میاں محمد رسید ایں امر علاوہ آتش حقد و حسد و موقد نائرۂ بغض و تعصب او گشتہ و دودِ غضب و ظلام قہر از فلکِ دماغش در گزشتہ و باعوان ظلمۂ خود حکم نمود کہ بخانۂ میر شمس بروید۔ و بغیر از زنان و کودکان ہر مردے کہ

در آنجا می یابید بر بستہ بدرِ خانۂ من حاضر سازید۔ چوں محصلانِ ظلمہ در حویلی آنحضرت
در آمدند۔ باغوانے کہ در باغہائے آنحضرت بکار مشغول بودند مثل صوفی داؤد، و صوفی
جنید و نو نو صوفی و باغبانان دیگر ہم گرفتند و در مطبخ طعامہا اشتغال داشتند ہمہ را بدیوان
مظالم اور ساتید ند۔ و ہر کدام ایشاں را زیر چوبہا کشیدہ و بسیار تازیانہا زدہ و جفائے
بے نہایت نمودہ۔ در کندہ بند انداختند۔
چوں ایں خبر ناخوش بآنحضرت رسانیدند آنحضرت کار و ہم پالیز گذاشتہ بدر خانۂ
وے فرستادند۔ کہ صوفیانِ ما چہ گناہ دارند کہ ایشاں را چندیں جفا کردہ بند و کندہ
انداختید۔ وے جواب فرستاد کہ مانتوئے ماچہ گناہ داشت کہ او را بے تقریب کشتید۔
آنحضرت فرمود کہ دیوانِ شما را بحکم شرع مصطفوی تادیب نمودم۔ جہتہ آنکہ وے بکسوت و
لباسے کہ کافران در شریعت رسول اللہ جائز نہ داشتند۔ پیش ما آمدہ از آں سبب
او را ادب کردم۔ و احتساب نمودم و صوفیانِ ما ہیچ گناہی نہ دارند۔ میاں محمد از سر غضب
گفت کہ ما حاکم ایں مملکت و والیِ ایں شہریم و ما شما را محتسب نہ ساختیم و کسے دیگر ہم
بشما اجازتِ احتساب نہ کردہ شما چرا بے تقریبِ مردم را احتساب می کنید۔
آنحضرت ہم از سرِ عزت فرمودند۔ کہ مرا حضرت شاہ قاسم ولایت پناہ جہت
ہدایتِ و ارشاد بندگانِ خدا درین ممالک فرستادند۔ اگر مرا از ارشاد خلائق و ہدایت
عباد اللہ مانع و مزاحم می شوی تا ما دام کہ حکومت و ایالت تو دریں مملکت نافذ و جاری
باشد من در ولایت تو نمی باشم۔ مرا خط راہ بجانب تبت بدہید تا من در حکومت تو در بلاد
تبت باشم۔ و ایں میاں محمد بسبب نخوت امورِ دنیائے دنی و کثرتِ غرور جہان فانی چناں
متکبر و غرہ شدہ بود کہ ہیچ اندیشہ از شکستن دلہائے درویشان و کسرِ قلوب صاحب
دلاں نہ کردہ و فرمودۂ بزرگان ہیچ ملاحظہ نہ نمودہ ؎

تا دل صاحب دلی نامد بدرد ہیچ قومے را خدا رسوا نہ کرد

بعد از روزے چند اسبابِ سفر مرتب ساختہ و استعدادِ تبت بہم رسانیدہ و کار خانقاہ
نیم کار گذاشتہ متوجہ ولایتِ تبت شدند و قریب پنجاہ شصت صوفی ہمراہ خود گرفتند
و حضرت بابا و سائر درویشان ہمراہ ساختہ دریں جاہا داشتند تا در خانقاہِ آنحضرت

بجنس اوقات نماز ادائے صلوٰت اقامت جماعت نمائند و در صباح و رواح بوظائف
اوراد مواظبت کنند و بکارِ مہمات عمارت و اتمام در و دریچہائے خانقاہ مشغول باشند۔
وچوں آنحضرت بولایتِ تبت نزدیک رسیدند۔ رایان کرد و جماعت کثیر ہمراہ گرفتہ
باستقبال و پیشواز آنحضرت آمدند و درآں اوقات در ممالک تبت ہیچ آثارِ دین و
ملّت نبودہ وہیچ کس از احکام اسلام و شریعت سیدِ انامؐ خبر نہ داشتہ وتمام اہل آں
ممالک و ارباب آں دیار یا کافر بودند یا منافق فجار و کسے در آنجاہا دردِ دین و دغدغۂ
مسلمانی نہ داشتہ و در تمام قلعہا و بقاع آں ممالک بتخانہائے بزرگ معمور بودہ و
اوثان و اصنام را معبودِ خود دانستہ می پرستیدند وچوں قدمِ مبارک آنحضرت در
آنجاہا رسید از برکت قدوم میمنت تشریف زبدۃ المحققین جملہ رایان و خواقین و ملوک و
سلاطین و سائر رعایا و دہاقین و اہالی آں سرزمین بشرف اسلام و توقیع ایمان مشرف شدند۔
آنحضرت درویشان و صوفیانِ خود را فرمودند تا ہر کجا کہ بتخانہ و معبد کفرہ بود
تمام آنہا ویران کردند و خراب و منہدم ساختند۔ و بجائے بتخانہا و بیوتِ اصنام بنائے
مسجد و صوامع اسلام عمارت نمودند ... ... و قلوب اہل آں دیار و دلہائے مقیمانِ
آں اقطار بانوارِ محبتِ اہل بیتِ رسول مختار و ضیائے محبت آل و اولاد حیدرِ کرار
روشن و منور گشتند۔ آنحضرت مدت دو ماہ درآں نواحی و حدود سیر و مکث فرمود۔
جملہ رایان و خوخانانی کہ صاحب قلعہائے بزرگ بودند۔ یکے از ایشان صد تولہ طلا در
طبقے سیمین یا کاسۂ نقرہ نذر آنحضرت آوردند۔ و باقی وزرا و امرا و خواقین ہر کدام
از ایشان چہل چہل و پنجاہ پنجاہ تولہ زر نذر آنحضرت نمودند و عورات نسا حکام و سلاطین
ہم چنیں حل و حمایلہائے خود نذر و ہدیۂ آنحضرت ساختند و عامہ رعایا و کافۂ برایا ہر
کدام ایشان بقدر حالِ خود زرہا و طلاہا پیش آنحضرت آوردند۔ از زبانِ پدر بزرگوار
بکراتِ استماع نمودہ شد کہ جملہ آنچہ از نقود سرخ و سفید پیش آنحضرت جمع شدہ بود
بما سپردند و آں ہمہ از تبت تا بہ کشمیر بلکہ تمام خرج و صرف آں بحوالۂ من بود۔
آں را قریب شش ترک تخمیناً قیاس می کردیم کہ نصف آں ہمہ زر و طلا بود و نصفش
نقرہ و سیم و ہر آنچہ از شالہا و جامہا پیش آنحضرت جمع شدہ بود جملہ آں را بعضے بصوفیان

کہ ہمراہ آنحضرت بودند بخشش نمودند و بعضے بدرویشان و فقرا آں دیار بخشیدند و درآں اوقات کہ آنحضرت متوجہ سیر و سفر تبت شدہ بود میاں محمد بعناد و تعصب آنکہ

آمدن من بخانۂ خود قبول نہ نمود و تولیتِ خانقاہِ ہمدانیہ و شیخی آں بقعۂ شریفہ از ملازمان آنحضرت منع فرمود۔ از تصرفاتِ محصلان آنحضرت بدر کشیدہ بود۔ و ایں ملک موسیٰ رینہ بواسطۂ کمال ارادت و غایت اخلاصی کہ بہ حضرت امیر شمس الدین محمد قدس سرہٗ داشت از موافقت و مصاحبت میاں محمد متنفر و دلگیر گشت و از غیرتِ دین و حمیّتِ اسلام درصدد مخالفت و عداوتِ او افتاد و درآں وقت سلطان فتح شاہ و بعضے از ملوک کشمیر در کوہستانِ ہند بودند۔ و ملک موسیٰ کسے از خود بہ پنہانی پیش ایشان فرستاد و بایشان عہد و پیمانِ خود بہ سوگند ہائے غلاظ و قسمہائے شِداد مؤکد و مستحکم ساخت کہ شما در کشمیر درآیند و من با شما متفق و موافق می شوم۔ چوں ایشان از راہِ ہیرہ پور بکشمیر درآمدند۔ ملک موسیٰ از چاڈورہ گریختہ بایشان پیوست و میاں محمد سلطان محمد شاہ ہمراہ گرفتہ بمقابلۂ ایشان رفتند۔ و در موضع زَوَر و نشستند و بعد از روزے چند میاں محمد از آنجا برخاستہ بر سر ایشان رفت و نزدیک ہیرہ پور بیک موضع میان ایشان محاربہ و مقابلہ واقع شد۔ و دوران جنگ میاں محمد کشتہ شد و سلطان محمد شاہ مغلوب و منہزم شدہ بطرف ہندوستان رفت و سلطان فتح شاہ پادشاہ ایں ممالک گشت و زمام حکومت و وزارت بدست اختیار ملک موسیٰ رسید"[۴۱]

سید محمد بیہقی کے بعد شمس چک کپوارہ وزیراعظم ہوئے تھے۔ ان کا بھی وہی حشر ہوا جو ان سے قبل سید محمد کا ہوا تھا۔ یعنی یہ بھی ملک موسیٰ رینہ کے ہاتھوں قتل ہوئے تھے۔ اس طرح ۹۰۷ھ ہجری میں ملک موسیٰ رینہ جب وزیراعظم ہوئے تو انھوں نے سب سے پہلے میر شمس عراقی کے خلیفہ بابا علی سے کہا کہ وہ دو تین تیز گام صوفیوں کو فوراً اسکردو میں ان کے پاس بھیجدیں اور انھیں تازہ صورت حال سے آگاہ کرکے جانب کشمیر متوجہ کریں۔ بابا نے ایک درویش ملّا جوہر کو سامانِ سفر اور چند صوفیوں کے ہمراہ لداخ (اسکردو) بھیجا۔ میر شمس عراقی اسبابِ سفر مرتب کرکے لداخ سے روانہ ہوئے۔ راستے میں کھیری وَجَبَہ کے مقام پر چند کشمیریوں نے انھیں قتلِ سید محمد کی اطلاع دی جونہی انھوں نے سید محمد کی ناگہانی سنی تو لاٹھیوں سے انھیں خوب خورد و خام کیا۔ اور فرمایا کہ تو نے یہ بری خبر مجھے کیوں سنائی[۴۲]۔ یہ واقعہ

بہارستان شاہی میں قدرے تفصیل سے درج ہے اور یہ ہے:-

"وبعد از وقوع ایں واقعہ یکے از مریدان میر شمس الدین خبر کشتن میر محمد در ملازمت ایشان اظہار نمود کہ دشمن شما کہ از ملک کشمیر آنحضرت را اخراج ساختہ بہ تبت فرستادہ بود۔ آں را مریدانِ آنحضرت روز سیاہ در پیش آوردہ بقتل رسانیدند۔ پیدا ست کہ از تسامعِ ایں اخبار فرحناک خواہد شد چوں میر شمس الدین مرد موحد و مجیب الدعوات بود۔ رسانندۂ ایں خبر را تہ شلاق داد و خود از روئے تاسف و حسرت متالم دارافسوس می خورد و می گفت ؎

او نیز گذشت ازیں گزرگاہ آں کیست کہ نہ گزرد ازیں راہ

کہ حیف آں چشمۂ حیات کہ منبع رشحاتِ جود و جلال بود بخاشاک چاہِ مکدر و اہلاک منتبر شد۔ آب در دیدہ کنان فاتحہ جہت رستگاریِ ایشان خواند۔ ودعائے خیر فرزندانِ ایشان و آبادانی محلہ مرحوم میر محمد از درگاہ واہب آلاٗ طلب نمود و بواسطہ دم کرم میر شمس الدین درعرض چند سال آبادانی و معموری درآں مکان بسیار شد" ۴۳

تبت کی واپسی اور تکمیل خانقاہ زڈی بل

سید امیر شمس الدین محمد عراقی جب سفر تبت سے واپس تشریف لائے تو کشمیر کے سلاطین، امرا، حکام اور وزرائنے ان کا گرمجوشی سے خیر مقدم کیا۔ اور انھیں بڑے اعزاز و احترام کے ساتھ زڈی بل میں اتارا۔ کچھ دنوں کے بعد وہ ناتمام خانقاہ کی طرف پھر متوجہ ہوئے۔ اور ایسی پرشکوہ اور وسیع خانقاہ تعمیر کی جس کی نظیر روئے زمین پر نہیں تھی۔ اس کے ساتھ ایک حمام بھی بنایا تھا جو فنِ تعمیر کا ایک اعجوبہ تھا۔ یہ حمام بغیر لکڑی جلائے گرم رہتا تھا۔ خانقاہ کی زمین دور دور تک پھیلی تھی۔ اس کے اردگرد ایک مضبوط حصار بھی بنائی گئی تھی۔ ایک قلمی کتاب تحفۃ المنائر میں خانقاہ کے بارے میں درج ہے:-

" درمحلہ شریف زڈی بل کہ مطاع و مطاف وضع شریف است۔ عبادت خانہ و خانقاہے سہ طبقہ طرح فرمودند۔ وبنا ساختند کہ طول و عرض آں بست ۲۷ وہفت ذرع کردہ اند۔ اعتماد سقف ہمہ بر جدار آں بود۔ دربلندی طبقۂ اولی دہ ذرع و طبقۂ ثانی ہشت ذرع است۔ درگاہے معلیٰ و خانقاہے چناں طرح فرمودہ اند کہ دیدۂ روزگار در ربع مسکون مثلش و نظیرش نیافتہ و ہوائے و مکانے دلکش داشت و در طرف شمالے د

امام باڑہ بڈگام میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے شبیہہ تابوت کی ایک جھلک۔

شرقی بیابانی ناہموار بود کہ آں را برابر ساختہ۔ صحن آستانہ شریف فرمودند۔ کہ الحال معروف بہ مرگ بل و ازیں مکان تا نزد بابِ آستانہ کہ سہ دروازہ و سہ مکان و سہ ڈیوڑھی طرح شدہ بود کہ ہر یکے مسمی بہ اسمی معین شدہ بود۔ یکے را باب الطریقۃ، دوم باب الشریعت، سوم باب السلام می گفتند و در گرد زڈی بل حصن حصین بنا فرمودہ اند و حمامے کہ در تمام سال گرم می شد احتیاج بہ ہیمہ نداشت چنانچہ در سلک نظم کشیدہ است ؎

چہ خوش سیدے بود عالی تبار	ز آباؤ اجداد خود یادگار
زایران بکشمیر آورد رُو	ہزار آفریں باد بر خلق او
بے بود در وے علوم غریب	نمودہ از آں کارہائے عجیب
حمامے بحکمت نمودہ بناز	دلے سوئے ہیزم بُود ش نیاز
ندہ گرم بے ہیمہ از حکمتش	شنیدم کہ سازد خدا رحمتش
بگردِ زڈی بل نمودہ حصار	در آں دژ دو در ساختہ استوار

خانقاہ پہنچنے تک تین بڑے دروازے (پھاٹک) تھے۔ (۱) باب الطریقت، (۲) باب الشریعت (۳) باب السلام۔ تحفۃ الاحباب میں خانقاہ کی تفصیلات درج ہیں۔ ذیل میں اقتباسات درج کیے جاتے ہیں تاکہ اس آثار قدیمہ کے بارے میں واقفیت معلوم ہو سکے۔

"چوں آنحضرت بہ بقعۂ شریفہ رسیدند۔ بعد از روزے چند با باب اتمامِ خانقاہ و سر انجام مہام آں بقعۂ ولایت پناہ مشغول شدند و بعد از مراجعت از تبت ایوان غربی خانقاہ برآوردند۔ و بعد از اتمام خانقاہ مشغول بفرش حریم آں بقعۂ دیں پناہ شدند۔ و آں را از جوانب و اطراف سنگ بستہا نمودند کہ ارتفاع آں ہمہ قریب دہ دوازدہ گز باشد و سطح حریم از ہر چہار جانب خانقاہ بہ سنگہائے ہموار سطح و مفرش ساختند۔ بر اطراف زاویہا و گوشہ ہائے حریم عمارتہا و لپند و چوترہہائے مقبول بنا ساختند و طرح آں موضع شریف چناں افتاد کہ از جانبِ شرقی و جنوبی و غربی آں موضع تمامہ محاط و محوی بود۔ و آب صاف نزدیک بسنگ بستہائے حریم آب رسید و از طرف شمال پیوستہ است۔ بباغات و ضیاء مردم کہ دروازہ ہائے ثلثہ آں بقعۂ شریفہ از آنجناب است۔ و در اوائل ایام آنحضرت جملہ صوفیان و مخلصانِ خود را بجانب شمالِ خانقاہ یک باغ حوالہ کردہ بودند بحکم

آنحضرت در آں باغ کلبہ ہائے مختصر و خانہائے یک طبقہ بنا کردہ متوطن و مقیم می بودند۔ وبعد از چند گاہ آنحضرت خواستند کہ حوالیِ خانقاہ چند باغے سازید۔ صوفیان و مخلصان خود را فرمودند تا ازیں جا بر خواستہ بیرون دروازۂ اول باغہا و اقطاع زمین گرفتند بعضے بطریق بیع و شریٰ و بعضے بسبیل ہبہ و عطایا زمینہا را مالک و متصرف شدند و برائے توطن و اقامت خانہائے و عمارتہا بنا نہادند۔ آنحضرت پارۂ زمین بیرونِ دروازۂ اول کہ آں را باب الشریعت می گوئیند۔

برائے موقف مراکب و اسپہائے سواران بے عمارت گذاشتند و صوفیان خود را فرمودند کہ گرداگرد ایں زمین خانہا عمارت کنند و ہیچ کس دریں قطعۂ زمین تصرّف خاص نکنند کہ آں را حریم دروازۂ خود ساختم۔ تا عامہ سواراں و کافہ راکبان اسپہا و مراکب خود دریں جا نہند و رہگذر صوفیان بجانب خانقاہ ازیں جا باشد و در آں وقت آں زمینِ ناہموار بود و بسیار پست و بلندی داشت و آنحضرت جملہ بلندیہائے آں برداشتہ در پہلوئے دروازۂ شرقی کنارۂ کولاب باغ ساختند و زمین آں را از آب بر آوردند و اشجار بسیار و درختہائے میوہ دار دراں باغ نہال کردند و حریم دروازہ را ہموار و مسطح ساختہ گذاشتند و اربابِ ارادت و اہل اخلاص کہ بزیارت و ملاقات آنحضرت می آمدند۔ ازہماں دروازہ شریعت از مرکب فرود آمدہ تا بہ حریم خانقاہ پیادہ می رفتند و سلاطین و حکام و اکابر و امراء عظام ازاں دروازہ تا باب الطریقت سوارہ می در آمدند و حاجب و دربان ایں دروازۂ دوم باد صبا بود و آنحضرت بیرون دروازۂ دوم کہ آں را باب الطریقت می گفتند۔ پارۂ زمینے کشادہ گذاشتند۔ جہت حریم آں دروازہ تا بعضے از ملوک و سلاطین و امرائے خاص کہ تا آں دروازہ سوار آیند ازاں دروازہ فرود آمدہ اسپہا و مراکب خود ہمانجا دارند و در زمانِ آنحضرت ہیچ کس از ملوک و سلاطین و حکام و خواتین اسپ خود ازاں دروازہ نمی توانست در آورد و سرحد رکوب سواراں ہماں دروازۂ طریقت می بود و از آنجا از مرکب فرود آمد۔ پائے ارادت و قدم اخلاص بہ تعظیم و حرمتِ تمام در دروازہ می نہادند و آنحضرت ہمچنیں درون دروازہ پارۂ زمیں کشادہ بے عمارت گذاشتند برائے آنکہ آنحضرت گاہ گاہ بر سر آں

دروازه می نشستند و مردمان را از رہا و شابی با قسمت می کردند۔ و موقفِ مردم و محل ایستادن صوفیان ہا بنجامی بود و حضرت شیخ دانیال ہمیشہ بر دہلیزانِ دروازہ می نشست و مردم اکابر کہ پیش آنحضرت می بودند۔ بر صفہائے دیگر نشستند و بایشان مکالمات محاورات می فرمود۔ و حضرت امیر شمس الدین محمد گاہ گاہ بور دروازۂ شریعت ہم بر آمدہ می نشستند۔

از زبان مبارک پدر بزرگوار بسیار ہا استماع نمودہ شد کہ آنحضرت بار ہا فرمودند کہ ہر مومن مخلصے کہ خانقاہ ما را ہفت طواف بجا آورد۔ گویا کہ طواف بیت اللہ الحرام بجا آوردہ باشد و عند اللہ برابر طواف نا ملہ مکۂ معظمہ ثواب خواہد یافت۔

نقل است کہ صوفی بود از صوفیانِ آنحضرت داورا د فدغہ زیارت بیت اللہ پیدا شدہ و برائے زاد راہ و خرجیاتِ سفر خود پارۂ زر جمع کردہ پیش آنحضرت آمدہ۔ رخصت و اجازت طلبید۔ آنحضرت فرمود کہ برائے زاد و خرجی راہ چیزے داری گفت۔ ایں قدر مبلغ زر برائے خرجی راہ جمع دارم۔ آنحضرت فرمود کہ برو آں زرہا را پیش من بیار۔ آں صوفی چوں مخلص خاص و مرید با اخلاص بود۔ فی الحال رفتہ و آں زرہا را پیش نظر آنحضرت حاضر ساخت و آنحضرت فرمود کہ ایں زرہا پیش من بنہ و ہر روز خانقاہ ما را ہفت طواف بکن۔ کہ خدائے تعالٰی ترا ہر روز ثوابِ بیت اللہ خواہد داد۔ در دیوانِ اعمالِ تو ہر روز یک یک حجے ثبت خواہد کرد۔ و ایں سخن آنحضرت بعینہ سخن حضرت بایزید بسطامی است کہ در کتاب مسطور و مشہور است۔"[۴۴]

امیر شمس عراقی نے خانقاہ زڈی بل عجوبۂ روزگار بنائی تھی۔ اتنی بڑی اور بلند و بالا عمارت بغیر ستون کے کھڑی تھی۔ یہ پر شکوہ اور عظیم الشان خانقاہ ملک موسیٰ رینہ کے عہد حکومت میں " خانقاہِ نوربخشیہ " کے نام سے بڑے احترام و اعزاز کے ساتھ ۹۰۹ھ ہجری مطابق ۱۵۰۳ء میں مکمل ہوئی تھی۔ مولانا کمال الدین گنائی جو اپنے زمانے میں ایک مشہور منجم تھے۔ انھوں نے خانقاہ کی تاریخ اتمام لفظ "شیخ" کہی جس سے ۹۱۰ھ ہجری مطابق ۱۵۰۴ء کا سال برآمد ہوتا ہے۔ خانقاہ کی کیفیت تحفۃ الاحباب میں درج ذیل الفاظ میں درج ہے:۔

" تمام ایں عمارت بایں ہمہ عظمتِ بے ستون برآوردند و استحکام ایں قدر عمارت و اعتماد سقفہا و بام آں ہمہ بر جدار ہا و دیوار ہائے آں عمارت تست۔ و ہیچ ستونے و

عمادے در ہر طبقہ آں نہ نہادند۔ و الحق خانقاہے معمور ساختند، بکمال نورانیت و تمام
صفا و صومعہ بنا نہادند۔ در غایت روشنی و نہایت ہوا کہ مسافرے و آیندہ کہ در آنجا
می درآید بدیدنِ نور و صفائی آں صومعۂ روح افزا مبتہج و مسرور می شد۔ و تماشائے ہوائے
آں بقعہ دلکشا خرم و خوشحال می گشت و مردم از اقطار و اکناف و از جوانب و اطراف می
آمدند۔ و آں خانقاہِ منور را می دیدند۔ می گفتند کہ چندیں بلاد و امصار کہ گشتیم و تمام ممالک و
دیار کہ مسافرت نمودیم، ہیچ جا عمارتے بایں روشنی و ہوا و خانقاہے بایں نور و صفا نہ دیدیم
و حضرت امیر شمس الدین محمد قدس سرہٗ آں را بہ خانقاہِ نوربخشیہ موسوم ساختند و مردم آفاق
و اجانب می گفتند کہ بجز تماشا و دیدن ایں منزل منور معلوم و مفہوم می شود کہ خانقاہِ نوربخش، و ابتدائے
بنائے آں بقعۂ متبرکہ در سال نہصد و نہم ہجری واقع بود، چنانچہ بر پیشانی دروازۂ آں خانقاہ
ملائک پناہ ایں عبارتِ سعادت آثار نوشتہ بودند کہ

بنیت ہذہ البقعۃ الموسومۃ المتبرکۃ
الشریفۃ الشمسیۃ النوربخشیۃ فی التاریخ سنۃ
تسع و تسعمائۃ من الهجرۃ النبویہ علیہ الصلوۃ والتحیۃ

و در سالِ دوم کہ دہم ہجری باشد بانجام رسید و آں منزل شریف با تمام انجامید و طالب راہِ
خدائی مولانا کمال الدین محمد گنائی کہ پدر میر حسین منجم بود در سال اتمام ایں خانقاہِ متبرکہ لفظ
"شیخ" (سنہ ۹۱۰ھ) تاریخ یافتہ و ایں قطعۂ منظوم کہ بر سر دروازہ حقیقت آں بقعۂ
شریفہ تحریر یافتہ است از نتائج طبع لطیف اوست و قطعہ ایں است و للہ درِ قائلہ؎

جز ترتیبِ عمارت خانقاہ نوربخشیہ — مرتب شد ز حسن اہتمام مرشدِ دانا
ولے مقتدائے شیخ المشائخ میر شمس الدین — کہ روشن ساخت فیض نوربخش دیدۂ دلہا
اگر خواہی کہ معلومت شود تاریخ ایں منزل — بکن از شیخ استفسار تاریخ بنائش را ۴۵

سنہ ۹۱۰ ہجری

جب خانقاہ زڈی بل مکمل ہوئی تو میر شمس عراقی، مولانا جمال، مولانا سلمان، مولانا عثمان، مولانا سیف
اور مولانا عبدالرحمٰن کے ساتھ اس میں دس سال تک چلّے میں بیٹھے۔ اور سالکان کو تربیت دیتے رہے۔
دس سال کے بعد وہ درویشوں کے اجلاس میں حاضر ہوئے اور انھیں اپنے حجرے کے باہر بٹھا کر واپس

چلے جاتے تھے۔ پھر رات کے پچھلے پہر خانقاہ میں آکر نماز پڑھتے۔ بعد نماز اوراد فتحیہ پڑھنے میں مصروف رہتے تھے۔ تحفتہ الاحباب میں ان کی مصروفیات اس طرح درج ہیں۔

" بعد از فراغ اوراد بیروں می آمدند و بجماعت صوفیاں کہ بکار باغ و باغات اشتغال داشتند سرکاری ہامی نمود۔ و بوقت نماز پیشین باز بخانقاہ در آمدہ نماز بجماعت می گزارد و از وظائف باقیہ فارغ شدہ و صحبت می داشت و بحرف و حکایات و کلام و کلمات اشتغال می نمود۔ و باز نماز دیگر بجماعت حاضر شدہ می گزارند و باوراد عصریہ می نشست و بعد از نماز شام و خفتن بخلوۃ خود می در آمد و بعد از طعام دعائے ختم طعام آنحضرت می خواندو بعد از ادائے چند تسبیح و ظیفہ بحجرۂ بیرونی می رفت و در پاس آخر بخلوت اربعین می در آمد بر ہمیں نہج و طریقہ قریب پانزدہ تا نزدہ سال گزارند۔ و دریں اربعینہا جملہ درویشانِ قواعدِ رسم آداب ارباب عزلت و ارکان شرائط اہل خلوت محافظت می نمودند و آنحضرت قواعدِ اعتکاف مرعی می داشت و تمام اہل اربعین و سائیر درویشانِ چلہ نشیں در حرکات و سکنات بحکم موتوا قبل ان تموتوا مانند اہل قبور و محض اموات بودند و باہیچ کس سخن جز بضرورت نمی کردند۔ و اگر بضرورت سخن بہ کسے می کردند مانندِ مریض مشرف سخن بطریق نجوی می گفتند و ہرگز آواز بلند نمی کردند" ؎۔

جو لوگ نئے نئے نوربخشیہ طریقہ اختیار کرتے تھے ان کے لیے لازم تھا کہ وہ تمام رات خانقاہ میں محو عبادت رہیں۔ ان کو غزالی بسطامی اور جنید کی کتابوں کے اقتباسات سنائے جاتے تھے۔ مصنف تحفتہ الاحباب ایک نوربخشی ملا حسن عودی کے حوالے سے نقل کرتا ہے کہ خانقاہ نوربخشیہ میں صوفی اور درویش محفل سماع بھی منعقد کیا کرتے تھے اور وہ لوگ اسے سنت رسول کہتے تھے۔ ایک مرتبہ رات میں سید افضل و حافظ محمود کیانی جو خوش آوازی اور غزل خوانی میں بے مثل تھے حالت وجد میں تھے۔ اسی وقت ایک عرب میر شمس الدین کی زیارت کے لیے آیا —— میر عراقی اپنے حجرے سے برآمد ہوئے اور محراب خانقاہ میں اس عرب کے ساتھ بیٹھ گئے۔ انہوں نے ملا حسن عودی کو حکم دیا کہ تمام صوفیوں کو محفل سماع میں بلالاؤ۔ میرے بسم اللہ کہنے سے تمام صوفی آئے۔ پھر مجھے حکم ہوا کہ تم شیخ عرب کو اٹھاؤ۔ میں اس کے سامنے گیا اس نے سر ہلا کر اٹھنے سے انکار کیا۔ میں نے اپنی پوری قوت کے ساتھ اس کو اٹھایا۔ اس نے اپنے ساتھ میر عراقی کو بھی اٹھایا۔ اور پھر دونوں پر وجد میں حال کی کیفیت طاری ہوئی ۔ اور میں نے دیکھا کہ :۔

"ہر دو شیخ پرشوق و ذوق درمیان اہل سماع مانند نیرین درمیان ثوابت و سیارات می گردیدند و چون سبز پوشان صوامع گردون و ازرق لباسانِ خوانق بے ستون رقصہا دگم وشہا می نمودند و جملہ درویشانِ عالی شان مانند روشنان آسمان و تمام صوفیانِ ملک صفات چون نیراتِ سموات وایرات بعضے از مشرق روئے بہ مغرب داشتند و بعضے از مغرب بطرف مشرق قدم سماع برمی داشتند و جمعے از شمال بہ جنوب می گشتند و برخے از جنوب بشمال می گزشتند" ۴۷

یہ وجد و سماع کی محفلیں خانقاہ میں میر شمس الدین عراقی کے انتقال کے بعد ان کے صاحبزادے میر دانیال نے جاری رکھی تھیں۔ وہ بھی صوفیوں کی صدائے بسم اللہ سنتے ہی وجد میں آتے تھے۔ یہی حال بابا علی اور دوسرے درویشوں کا تھا۔ بقول مصنف تحفتہ الاحباب :-

" حضرت شیخ دانیال و حضرت بابا ہم در وجد و سماع بدرویشانِ عالی شان موافقت نمودند و چنان وجد و سماع بسوز و گداز و شوق و نیاز واقع شدہ کہ در غلغلہ جوش و خروش اہل اللہ از صوامع ملک و ملکوت در گزشتہ و ولولۂ شوق و ذوقِ درویشان را بسماع کردبیاں دیدہ و حضرت شیخ شہید و حضرت بابا اگرچہ در اوّل سماع و تواجد با خبر و با ہوش بودند۔ اما در اثنائے وجد و سماع آنچنان بے خودی دست نمی دہد و بجز از سکران شراب طہور لا یزالی آن مستی و بے ہوشی دیدہ نمی شود" ۴۸

میر شمس الدین عراقی نے ۹۰۷ھ ہجری میں نبت جانے سے قبل حضرت بابا ملا علی کو خانقاہ زڈی بل میں اپنا نائب و خلیفہ بنایا تھا۔ انہوں نے خلافت اور نیابت کی رسم اس طرح انجام دی کہ اپنا عمامۂ سیاہ سُرخ کپڑے (طاقیہ) کے ساتھ ان کے سر پر رکھا اور پھر فرمایا کہ یہ تاج کرامت ہے جو حضرت سلیمان نے ہُدہُد کے سر پر رکھا اور پھر ان کی دستار اپنے سر پر رکھی۔ یہ بھی فرمایا کہ تم کو اجازت ہے کہ اپنے مریدوں کی بیعت قبول کرو۔ اس کے بعد خانقاہ میں مریدوں اور درویشوں نے ان کے ہاتھ بیعت کر لی اور پھر چلّے میں بیٹھ گئے۔" ۴۹

میر شمس عراقی اپنے مریدوں کو طہارت اور پاکیزگی کے آداب و قواعد بھی سختی سے سکھاتے تھے تحفتہ الاحباب میں درج ہے کہ ایک صوفی مسمّی تاج الدین خادم ان کے مطبخ میں بیس سال سے باورچی تھے اور ہمیشہ "لا یمسہ الا المطھرون" کے حکم کے مطابق باوضو پکاتے تھے اور بغیر وضو کسی برتن یا کھانے پینے کی

چیزوں حتیٰ کہ لکڑی کو بھی نہیں چھوتے تھے۔ اس پاکیزگی اور طہارت کے باوجود ان کو آداب سکھاتے وقت لکڑی سے مارتے تھے اور وہ درویش باصفا عاشق دلریش کی طرح اپنے محبوب کے ہاتھوں پہلو بدل بدل کر لکڑی کی چوٹیں کھا کھا کر مسرور و شاداں ہوتے تھے ؂

لوگ خانقاہ زڈی بل کا طواف مسجد حرم کی طرح کرتے تھے۔ روز نماز پنجگانہ ہوتی تھی اور صوفی اکابر خلوت نشینی میں درود و وظائف میں ہمہ تن محو رہتے تھے۔ خود میر شمس الدین خانقاہ میں باب حقیقت کے بائیں طرف اپنی نشست گاہ میں تشریف رکھتے تھے۔ اور وہیں سلاطین و امراء اور حکام و عوام قدمبوسی کے لیے حاضر ہوتے تھے۔ سردیوں میں میر عراقی اور صوفیائے اکابر چلہ نشین ہوتے تھے۔ اسی زمانے میں قاضی محمد قدسی فارسی کے ایک زبردست شاعر تھے۔ وہ دل و جان سے ان کے مریدوں میں داخل ہوئے تھے اور ان کی خدمت میں ہمہ اوقات حاضر رہتے تھے۔ قاضی صاحب اپنے مرشد بزرگوار کی ارادت مندی سے اس قدر متاثر ہوئے تھے کہ وہ اپنے نام سے پہلے عقیدت مندی کے طور پر لفظ "خدمت" ضرور لکھا کرتے تھے۔ ایک دن میر عراقی "خدمت قاضی محمد قدسی" کے ہمراہ کشتی میں پاندریٹھن تشریف لے گئے۔ دورانِ سفر آنجناب نے قاضی صاحب سے فرمایا کہ "سلسلۃ الذہب" کے نام سے ایک مثنوی نظم کریں جو خانقاہ زڈی بل کی جداروں میں کتبہ کی جائے۔ تاکہ مشائخ عظام اور اولیائے کرام کے اسمائے گرامی یادگار کے طور پر قائم رہیں۔ ادھر میر عراقی صوفیوں کے ساتھ پاندریٹھن میں انکسار اصنام میں مصروف رہے اور ادھر قاضی صاحب نے ایک درخت کے نیچے قلم دوات اور کاغذ سنبھالا اور نماز پیشین تک ۴۹ شعر کی مثنوی نظم کی جب میر عراقی کو اپنے کام سے فراغت ہوئی تو مثنوی سماعت فرمائی اور بے حد مسرور و محظوظ ہوئے۔ اسی وقت حکم دیا کہ اسے ملّا ولی گنائی اور ملا حاجی گنائی خانقاہ زڈی بل کی دیواروں پر کتبہ کریں۔ یہ دونوں ملّا صاحبان فن خطاطی اور خاص کر ثلث نویسی کے ماہر تھے۔ چنانچہ پوری مثنوی خانقاہ میں کندہ کرائی گئی۔ چند شعر ذیل میں درج کیے جاتے ہیں ؂

عارفِ حق ولی روئے زمیں — قطب آفاق شیخ شمس الدین
قبلۂ خلق و قدوۂ اقطاب — شدہ قاسم شہِ بلند جناب
نسبتِ او بہ پیرو اعظم — مظہر رحمتِ وجہان کرم
نوربخش آں محمد ثانی — غوث اعظم امام ربانی
نسبتِ او بآفتاب ہُدا — خواجہ اسحق زبدۃ الشہدا
نسبتِ او بہ پیرِ ربّانی — قطب عالم امیر ہمدانی

ذاتِ او منبعِ معانی دان   نام او را علی ثانی دان

نسبتِ حضرتش بعارفِ رب   شیخِ محمود مزدقان لطلب

نسبتِ او بقطبِ یزدانی   شیخ عالی علاء سمنانی

نسبتِ او بمرشدِ دینی   عبد رحمٰن اسفرائینی

نسبتِ او بہ شیخِ احمد   آنکہ از جورفان مؤید شد

نسبتِ او بہ سالکِ والا   شیخ عالم علی بن لالا

نسبتِ او کہ عالم آراشد   باز بانجم دیں کبریٰ شد

نسبتِ او بہ بو نجیب آمد   آنکہ درکارِ دیں لبیب آمد

نسبتِ او بعارفِ عالی   شیخ دیں احمد است غزالی

نسبتِ او بشیخ ابوبکر است   کہ زقید تردد و شک است

نسبتِ او بہ پیر ربانی   شیخ ابوالقاسم است جرجانی

نسبتِ او بہ معدنِ عرفان   مرشد راہ شیخ ابوعثمان

نسبتِ او بعارفِ رحمٰن   بوعلی پیر رودباری دان

نسبتِ او بفرد الا فرادی   غوث اعظم جنید بغدادی

نسبتِ او بمقتدائے انام   شاہِ علی رضا امام ہمام

نسبتِ او بموسیٰ کاظم   کہ شد احکام شرع را ناظم

نسبتِ او بہ حجتِ ناطق   جعفر بن محمد صادق

نسبتِ او بکاملِ ماہر   مظہر حق محمدِ باقرؑ

نسبتِ او بہ مجمع تائید   قدوۃ الاولیاء حسینِؑ شہید

نسبتِ او بابن عم رسول   وارثِ مصطفیٰ و زوج بتولؑ

خانقاہ زڈی بل میں صوفیوں اور درویشوں کی بہت بڑی جماعت رہتی تھی۔ ان میں سے جن لوگوں نے انکسار اصنام میں کارنامے انجام دیے تھے۔ ان میں سے چند یہ ہیں۔ یہ سب کے سب عالم وفاضل تھے۔

مولانا جنید، مولانا کمال، مولانا زیرک، مولانا بابا شمس گنائی، مولانا حاجی بایزید، مولانا خلیل اللہ، مولانا عثمان گنائی، مولانا سیف، مولانا عبدالرحمٰن، مولانا میر حسین، حضرت ملا بابا علی، ملا

جوہر، ملا محمد امام، خواجہ رفیق، مولانا سید افضل، حافظ محمود کیانی، ملا حسن عودی، ملا درویش محمدؒ قاضی محمد قدسی، مولانا سید احمد، مولانا سعید، مولانا سعد اللہ، دلو صوفی، مولانا حاجی علی، صوفی جمال، تاج الدین خادم، مولانا محمد گنائی، مولانا ناصر، مولانا حافظ بصیر، مولانا امیر سید بدلا، مولانا نصرت۔

خدمت قاضی محمد قدسی نے ان درویشوں اور ان کے مرشد کامل میر عراقی کی تعریف و توصیف میں ۱۲۲ شعر کی مثنوی کہی تھی۔ مثنوی ۹۱۲ھ ہجری مطابق ۱۵۰۶ء میں کہی گئی تھی۔ ذیل میں چند شعر پیش کیے جاتے ہیں ؎

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — سلسلۂ قوتِ قلب سلیم

در دلم از شمع ہذا نور بخش — در رغم رایتِ منصور بخش

قاسمِ فیضی و کثیر العطاء — فتح امورم کن و عفو خطا

کیست دریں گنبد فیروزہ فام — قطب زماں شمس فلک احترام

عارف حق شیخ ولایت پناہ — خضر زماں قطب فلک دستگاہ

شیخِ محمد کہ ولیِ خداست — برہمہ خلقِ خدا رہنما است

حضرت بابا کہ ولی خدا ست — برہمہ خلق خدا مقتدا است

ثانی اثنین خلیل اللہ است — آنکہ ز اسرار خدا آگہ است

نوبر باغِ شرفست و کمال — مظہر الطافِ خدا دانیال

باد بدولت بہ جہاں ارجمند — چوں پدر خویش بمعنی بلند

خطۂ کشمیر کہ از بدو حال — بود ہمہ معدنِ کفر و ضلال

از صنم و بت شدہ افسانۂ — شہر بگویم کہ صنم خانۂ

ہیچ طرف بوئے از اسلام نے — وزِ روشن شرع بجز نام نے

مقدم شاہِ ہمداں چو رسید — دبدبۂ شرع بہ کیواں کشید

تا ہمہ کسر بت و بت خانہ شد — وز ہمہ جا بتکدہ ویرانہ شد

چوں صد و چل سال مکمل گذشت — قاعدۂ کار دگر گونہ گشت

چوں سنہ حضرتِ خیر البشر — شد بعد دنہ صد و اثنی عشر

بتکدہ ہر جا کہ بر انداختہ — در عوضش خانقاہے ساختہ

ہر طرف امروز ازیں مرد راہ | ہست ہمہ صومعہ و خانقاہ
ساختہ دہ مسجدِ سنگیں تمام | ہم بیکے سال زہے اہتمام
گشتہ ز احسان وے ایام بر | ہر طرف ایمان بر اسلام بر
ایں ہمہ رونق کہ در اسلام شد | در زمن خسرو ایام شد
شاہ جواں بخت ممالک پناہ | خسروِ اقلیم ستاں فتح شاہ
تاج ستانی بہ اورنگ جم | دولتش افراخت سہ نوبت علم
گشت قوی رایتِ منصور او | از مددِ خدمتِ دستور او

سرورِ نیکو سیرِ نامور
موسیٰ رینہ ملکِ معتبر ۵۲

کتاب احوط

کشمیری مورخین نے کتاب احوط کو غلطی سے میر شمس الدین عراقی کی تصنیف قرار دیا ہے۔ اس غلط بیانی سے بہت سے بے گناہوں کا خون بہایا گیا اور اسی کتاب کے بہانے سے بعض ناعاقبت اندیش کشمیری امرا نے بیرونی طاقتوں سے سودا کر کے مرزا حیدر دوغلات (متوفی ۱۵۵۰ء) کو کشمیر پر حملہ کرنے کی ترغیب بھی دی اور دس سال تک اس کی غلامی کا جوا اپنے گلے میں ڈال دیا۔ مرزا حیدر نے اس کتاب کی بنیاد پر کشمیری حریت پسندوں کا قتل عام کیا تھا۔ ذیل میں احوط کے بارے میں ان مورخین کے اقتباسات درج کئے جاتے ہیں۔

سیّد علی۔ "میر شمس عراقی کتابے احوط نام تصنیف کرد۔ در عقائد مذہب رافضی خود بیان کرد۔ بعد ازاں مردم ایں جائے تاسف خوردند، فائدہ نہ کرد۔ چوں کتاب مذکور پیش پادشاہ رسید۔ ہمایوں پادشاہ علما و صلحا جمع کردہ ایں کتاب را ملاحظہ کردند۔ دیدند کہ عقائد ایں صاحبِ کتاب تمام عقائد رافضی است۔ چوں سید احمد پسر سیّد محمد پسر ابدال ماگرے و زنیر ملک ریگی چک ایں کتاب بخدمتِ ہمایوں پادشاہ بردہ بودند، بوساطت خواجہ حاجی و مرزا حیدر کاشغری با جمعے بتاریخ ۹۴۷ھ سبع و اربعین و تسعمایہ کمک ہمراہ گرفتہ بایں سمت آمدہ از راہ جیرہ ہار بکشمیر در آمدند۔ بتاریخ بست و یکم شہر رجب سال مذکور مرزا حیدر حکومت کشمیر گرفتہ" ۵۳

خواجہ اعظم دیدہ مری :۔"مخفی نماند کہ ملک ابدال ماگرے و زنگی چک کہ بر مذہب اہلِ سنت و جماعت بدستورِ آبا و اجداد خود مستقیم بودند۔ و اصلاً میلے بہ تشیع نہ نمودند۔ فرزندانِ خود را بہ لاہور بہ پیشِ ہمایوں پادشاہ فرستادہ و حکایت تسلط تابعانِ میر شمس عراقی و شیوع مذہب تشیع مفصل عرضہ دادہ بلکہ کتاب احوط را کہ میر شمس تالیف کردہ بود با عقاید دیگر بہ جنبش گزرانیدہ۔ التماس اصلاح و فرستادن افواج بہ کشمیر نمودند۔ چوں در ہندوستان ہزیمت ہمایوں پادشاہ و غلبۂ شیر خاں (شیر شاہ سوری) درہماں ایام بہ ظہور آمدہ بود۔ ابدال ملک و مرزا حیدر در ہندوستان از ملازماں ہمایوں پادشاہ بودند۔ و ہمایوں پادشاہ حرف مرزا حیدر را کہ ترغیب عزیمت کشمیر کردہ بود نہ فہمید از راہِ ٹھٹھہ و بھکر گرفتہ واز آنجا بایران رفتہ۔ مرزا حیدر بسعیِ خود از لاہور مرخص شدہ از چیرہ ہار بکشمیر آمدہ و تسلط بر کشمیر یافتہ " ۵۴

حسن : " چوں ابدال ماگرے و زنگی چک از جنود اہل سنت و جماعت بودند و بسبب تغلب کاجی چک در جنگ سوپور ہزیمت خوردہ ، بہ جانب پنجاب خراب و آوارہ اوقات گزاری کردند۔ درآں حال فرزندانِ خود در پیش گاہِ ہمایوں پادشاہ بامید معاونت و معاضدت فرستادند۔ و درآنجا بوساطتِ مرزا حیدر و خواجہ حاجی بانڈے بہ خدمتِ ہمایوں پادشاہ حقیقتِ استیلائے متابعان شمس عراقی و شیوع مذہبِ تشیع مفصل عرضداشت کتابِ احوط تصنیف میر شمس عراقی بہ جنبش گزرانیدند۔ و برائے اصلاح مذہب و فرستادنِ افواجِ بکشمیر التماس نمودند۔ و درآں ایام ہمایوں شاہ از دستِ شیر خان افغان ہزیمت خوردہ وارد لاہور شدہ بود و موجبِ خواستگاری امرائے کشمیر عزم عزیمت ایں حدود بخاطرِ خود جزم نمود۔ امّا مرزا ہندال او را ازیں خیال باز داشت۔ از راہِ سندھ و بھکر بطرف جودھ پور فی الفور نہضت فرمود و التماس امرائے کشمیر را التفات نہ نمود۔ لیکن مرزا حیدر موجبِ ترغیب امرا و رغبتِ خاطرِ خود از پیش ہمایوں شاہ رخصت حاصل کردہ باجمعے از متابعانِ خود برائے معاونت فرقۂ ماگریاں عنانِ عزیمت بجانب کشمیر معطوف داشتہ از راہ چیرہ ہار بتاریخ ۲۰ رجب ۹۴۷ھ وارد خطہ گردید " ۵۵

مرزا حیدر کاشغری :۔ "میں نے کتاب فقیہہ احوط نام کے بابت جو کشمیر میں مشہور تھی

علمائے ہندوستان سے فتویٰ طلب کیا۔ تمام علمائے کرام نے اس کتاب سے نفرت کا اظہار کیا۔ اور ان کی نسبت یہ عبارت تحریر فرمائی کہ مولفِ کتاب زندیقِ محض اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ جو مسلمان کہ اس کتاب کے معدوم کرنے پر قادر ہے اس کا فرض ہے کہ جس طریقے پر ممکن ہو اس کو ناپید کرے اور اس مذہب کے مقلدین کو نصیحت کرے اگر وہ اپنے عقائد باطلہ سے توبہ کرے اور سراج الامت امام ابوحنیفہ کی تقلید کریں تو نہو المراد ورنہ ان گمراہوں کو سخت سے سخت سزا دی جائے۔ یہ نوشتہ میرے پاس پہنچا۔ اور میں نے اکثر اہل کشمیر کو جو اس ارتداد پر مائل تھے گروہ اہل حق میں داخل اور بہتوں کو تہ تیغ کیا ان بدبختوں میں سے بعض نے تو تصوف کے دامن میں پناہ لی اور اپنے کو صوفی کے لقب سے مشہور کیا۔ حالانکہ یہ بے دین ہرگز صوفیائے کرام میں داخل نہیں ہیں۔ زندیق اور ملحد ہیں۔ جنھوں نے مسلمانوں کو گمراہ کرنے کا بیڑا اٹھایا ہے۔ ان کو حلال و حرام کی خبر نہیں ہے۔" ۵۵

دراصل کتاب احوط میر شمس الدین عراقی کی تصنیف نہیں ہے۔ کشمیری امرا اور مرزا حیدر کاشغری نے اپنا سیاسی اُلو سیدھا کرنے کے لیے احوط کے نام پر میر عراقی کے خلاف کشمیر میں زہر بویا تھا۔ اور کتاب کو میر عراقی کی تصنیف سمجھ کر یہاں ہزاروں شیعوں کو موت کے گھاٹ اتارا تھا۔ فقہ احوط حقیقت میں سید محمد نوربخش کی تصنیف ہے اس کا ذکر سب سے پہلے تحفۃ الاحباب میں آیا ہے۔ مصنف نے اس کا حوالہ "قبلہ خانقاہِ زڈی بل" کے سلسلے میں دیا ہے۔ واقعہ یوں ہے کہ جب ۹۰۲ھ ہجری میں میر عراقی نے خانقاہ کی تعمیر شروع کی تو بعض لوگوں نے قبلہ کی سمت پر اعتراض کیا۔ اس سے ان کا مدعا خانقاہ کی تعمیر بند کرانا تھا۔ چونکہ از روئے فقہ احوط ان کا اعتراض درست نہیں تھا اس لیے میر عراقی کے مریدوں خواجہ اسماعیل، ملا ناصر، ملا داؤد اور مولانا جمال والد مصنف تحفۃ الاحباب نے احوط کو بطور ثبوت پیش کیا۔ تحفۃ الاحباب کا یہ جملہ قابل توجہ ہے۔

"اگر کسے دریں سخن تردد سے داشتہ باشد یا بخاطر کسے خلجانی خطور کند۔ باید کہ فقہ احوط امام ہمام محمد نوربخش مطالعہ کند" ۵۶

جب میر عراقی دوسری مرتبہ وارد کشمیر ہوئے تھے تو وہ اپنے ساتھ سید محمد نوربخش کے کچھ رسالے اور کتاب احوط لائے تھے۔ فرشتہ بھی احوط کو میر عراقی کی تصنیف نہیں سمجھتے ہیں۔ ان کا یہ جملہ تاریخ میں ہنوز

مفید ہے۔

"کتاب احوط تالیف شمس الدین نیست" ؎ ۵۸

وفات

ڈاکٹر محب الحسن اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ میر شمس الدین عراقی کا انتقال ۱۵۳۳ء میں مرزا حیدر کے کشمیر پر پہلے حملے سے قبل ہوا ہوگا۔ ۵۹ محمد شفیع نے ۱۵۲۶ء قرار دیا ہے۔

ڈاکٹر پارمو نے اسے تسلیم کیا ہے ۶۰ تحفۃ الاحباب، بہارستان شاہی، تاریخ ملک حیدر چاڈورہ وغیرہ اس بارے میں خاموش ہیں۔ خانقاہ زڈی بل میں بھی ان کے مقبرہ پر تاریخ وفات کا کوئی کتبہ نہیں ملتا ہے۔ یہ تو ثابت ہے کہ وہ ۹۳۰ہجری مطابق ۱۵۲۳-۲۴ء میں زندہ اور ۹۳۸ہجری مطابق ۱۵۳۱ء میں محرم بیگ کوکہ کی آمد کشمیر کے وقت کئی برس پہلے انتقال کر چکے تھے ۶۱ خاندانی حالات میں درج ہے کہ ان کا انتقال بعمر ۶۳ سال ۹۳۲ہجری (۱۵۲۶ء) میں ہوا تھا۔ اور مادۂ تاریخ "یا ہادی المضل" ہے جس سے ۹۳۲ کا سال ہجری برآمد ہوتا ہے۔

تحفۃ الاحباب سے معلوم ہوتا ہے کہ میر شمس عراقی کا انتقال ۳ رمضان کو ہوا تھا۔ اس بارے میں مصنف کہتا ہے کہ:-

---

(۷) محمد شفیع کہتے ہیں کہ ۱۹۲۳ء میں میری ملاقات لاہور میں موچی دروازہ کے اندر امام باڑہ سید رضا شاہ کے پاس لال کھوہ میں سید رضا حسین صفوی کشمیری سے ہوئی۔ ان کا بیان تھا کہ میں میر شمس الدین عراقی کی اولاد سے ہوں اور میر عراقی شیعہ تھے۔ نوربخشی فرقہ کا انہوں نے نام بھی نہ سنا تھا۔ میں نے کچھ حال اس فرقہ کا سنایا تو کہنے لگے کہ میر عراقی کشمیر میں ۸۸۸ھ میں آئے اور وہیں ۹۳۲ھ میں فوت ہوئے۔ تاریخ وفات ان کی "یا ہادی المضل" (۹۳۲ھ) ہے جو بقول ان کے عراقی کے سنگ مزار پر بھی کندہ ہے۔

موصوف نے یہ بھی کہا تھا کہ ان کے بعض اعزہ عراقی کے مزار کے متولی ہیں۔ ان کے خاندان کے ایک بزرگ نے اپنے خاندان کے حالات کتابی صورت میں مرتب کیے ہیں۔ جس کا نام "حالات شمس عراقی" ہے (اورینٹل کالج میگزین لاہور مئی ۱۹۲۹ء حصہ اول) راقم الحروف نے میر شمس الدین عراقی کے مقبرے پر ان کی تاریخ وفات کا کوئی کتبہ نہیں دیکھا ہے۔

(اکبر حیدری)

"در زمانِ حیاتِ مخصوص ایزد متعال حضرت شیخ دانیال یاد داریم کہ اربعینی بود۔ در ایام مبارک رمضان و درویشان را پیش از شہر صیام بہ دہ روز باربعین نشاندند و چوں دہ اوّل تمام شد در رمضان مبارک درآمد۔ حضرت شیخ شہید از پدر فقیر پرسید کہ عرس حضرت امیر شمس الدین محمد کے خواہد بود۔ پدرِ فقیر گفتند کہ در سیوم رمضان ہم عرسِ حضرت فاطمہ زہراؑ و ہم عرس حضرت امیر شمس الدین محمد ماست" ٦٢؎

اس حساب سے میر شمس الدین کا انتقال ۳ رمضان ۹۳۲ھ ہجری مطابق ۱۳ جون ۱۵۲۶ء روز دوشنبہ کو ہوا تھا۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ وہ شہید کر دیئے گئے تھے۔ اس کا ذکر خاندانی حالات میں بھی اس طرح کیا گیا ہے کہ ملا سعید اشرف خواہرزادۂ ملا محمد باقر مجلسی زینب النسار خانم دختر اورنگ زیب کے ساتھ کشمیر آئے تھے۔ انھوں نے میر شمس عراقی کی وفات پر مرثیے کہے تھے۔ دو شعر ذیل میں پیش کیے جاتے ہیں ؎

چوں شہادت یافتہ بداز شاہِ شہیدانش بارث — شد شہید بہ تیغ ناپاکی کہ از شمر ازل است
سائلے پرسید از تاریخ سال فوت او — گفتمش در اول شہر ربیع الاول است

اگر مادۂ تاریخ " اول شہر ربیع الاول" فرض کیا جائے تو اس کے اعداد ۸۹۲ ہوتے ہیں جو کسی بھی صورت میں تاریخ وفات قرار نہیں دی جاسکتی ہے۔ یہی تاریخ خانقاہ زڈی بل کے خوشحال سر کی طرف پھاٹک کے سنگ مرمر پر ۱۳۶۳ھ ہجری مطابق ۱۹۴۴ء میں کتبہ کرائی گئی ہے۔

راقم الحروف کو میر شمس الدین عراقی کی شہادت کا واقعہ کسی تاریخ میں نظر سے نہیں گزرا ہے۔ اس لیے خاندانی حالات میں جو شعر ملا اشرف کی طرف منسوب کیے گئے ہیں اور جو مادۂ تاریخ اس میں درج ہے وہ درخور اعتنا نہیں ہے۔ میر عراقی اپنی بنائی ہوئی خانقاہ میں دفن ہیں۔ ان کی قبر کی بائیں طرف ان کی صاحبزادی بی بی آغا کی قبر ہے۔ تحفۃ الاحباب میں قبر کی نشاندہی کے بارے میں درج ہے کہ:-

"قریب بست و پنج قدم متوجہ بقبلہ می روند۔ بعد از اں رو بہ جنوب کردہ مقدار چہل قدم می روند تا بحریم خانہ ملائک پناہ می رسند و مرقد منور آنحضرت بدست راست گرفتہ و مزار متبرکہ کہ حضرت بی بی آغا بجانب یسار گرفتہ" ٦٣؎

کشمیر کے اکثر لوگ خانقاہ زڈی بل سے ناواقف ہیں۔ یہ مقام میر شمس عراقی کے مقبرہ کی وجہ سے مرجع خاص و عام ہے۔ حجت الاسلام جناب آغا سید یوسف الموسوی کی سربراہی میں یہاں ہر سال میر عراقی کی وفات کے سلسلے میں مجلس عزا منعقد کی جاتی ہے۔

جب مرزا حیدر کاشغری نے کشمیر میں شیعوں کو بے دریغ تہ تیغ کیا تو اس نے مقبرہ اور خانقاہ کو خاکستر کر کے زمین بوس کیا۔ سید علی مصنف تاریخ کشمیر نے مقبرے کی بے حرمتی کا جو حال لکھا ہے اس سے اس زمانے کے ظلم کی انتہا واضح ہو جاتی ہے کہ مرزا حیدر کا دل مذہبی تعصب سے کس قدر لبریز تھا۔ اس کے ظلم وستم اور فاسقانہ طرز عمل سے نظام انسانیت کی بنیادیں لرزہ براندام ہوتی ہیں۔ اس مجرمانہ اقدام سے ظالم کے خلاف قدرتی نفرت کا اظہار ہونا ایک لازمی بات ہے۔ جو شخص مبلغ دین اور مجاہد اعظم کی لاش کے ساتھ اس طرح کا بہیمانہ سلوک کرے وہ زندوں کے بارے میں کیا کیا ناپاک عزائم رکھتا ہو۔ اگرچہ اس واقعہ کی تائید تحفۃ الاحباب، بہارستان شاہی اور تاریخ ملک حیدر سے نہیں ہوتی ہے پھر بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس شرمناک اور ننگِ انسانیت واقعہ کو مرزا کاشغری کے حامی اور شیعوں سے تعصب رکھنے والے مؤرخ سید علی کے الفاظ میں لفظ بہ لفظ درج کیا جائے۔

"مرزا حیدر شعارِ اہلِ تسنّن ظاہر و باہر ساختہ و مارا از اہلِ رفضہ و لغی برآوردہ، خانقاہِ شمس عراقی را آتش در کشیدہ و استخوانِ او را از قبر برآوردہ سوختانیدہ، جائے قبراو را مزبلہ قرار دادہ، ہر روز یک ہزار حطب فرمودہ کہ بر آں قبرمی سوزانیدہ باشند۔ درمیانِ تمام شہر منادی کردہ برائے قضائے حاجت در آنجا می رفتہ باشند و اثرے ازاں نہ گذاشتند"[۶۴]

بعد کے مورخین اعظم دیدہ مری اور حسن وغیرہ نے بھی اس افسوسناک واقعہ کو بیان کیا ہے[۶۵] اصل واقعہ یوں ہے کہ مرزا حیدر نے ۹۵۴ھ ہجری مطابق ۱۵۴۷ء میں کمال تعصب کے ساتھ خانقاہ اور مرقد میر شمس الدین عراقی کو منہدم کیا۔ خانقاہ کے ملحق پتھر اور لکڑی کی جتنی عمارتیں تھیں ان کو بھی تہس نہس کیا۔ اور ان کا مصالحہ یعنی پتھر اور لکڑی اپنے محل واقع اندرکوٹ لے گیا۔ مصنف تحفۃ الاحباب جو ایک ہمعصر مورخ کی حیثیت رکھتا ہے۔ تفصیل درج ذیل الفاظ میں بیان کرتا ہے۔

"و آں خانقاہِ ملاک پناہ جمیع عمارات و سائر بیوتات کہ از دست اہتمام و مساعی تمام آنحضرت عمارت و مرات یافتہ بود۔ ہر جا باقی بود۔ تا زمانِ تسلط و استیلائے ترکان و عہد سلطنت و پادشاہی مرزا حیدر گورگان و بعد از چہل و چہار سال در سنہ ۹۵۴ھ اربع و خمسین و تسعمایہ مرزا حیدر از کمال خسارت و غایت شقاوت و نہایت عناد و عداوت تہدیم و تخریب آن عمارت حکم فرمود و تمام عمارتِ خانقاہ و سائر بیوتاتِ سنگین و چوبین آں بقعۂ شریفہ را ویران ساختہ باندرکول (کوٹ) بردند۔ و دیوار ہائے مرزا مقدس و مرقدِ منورہ و روضہ

آنحضرت ہمہ دیران و منہدم ساختند۔ وکیفیتِ آں قضیات و واقعات و شرح آں بلیات و

حادثات در بیان اظہار عداوت وعناد مرزا حیدر گورگان شروع خواہد شد" ۶۶

مرزا حیدر کاشغری کی وفات ۹۵۷ھ ہجری مطابق ۱۵۵۰ء کے بعد جب دولت چاک ۹۵۸ھ ہجری مطابق ۱۵۵۱ء سے ۹۶۱ھ مطابق ۱۵۵۴ء تک سلطان اسماعیل شاہ کے وزیر اعظم رہے تو انہوں نے اپنے عہدِ حکومت میں میر شمس عراقی کی خانقاہ اور مقبرہ پھر سے تعمیر کیا۔ راقم الحروف نے ابھی حال ہی میں خانقاہ میں مقبرے کے پھاٹک کا ایک بڑے پتھر کا ٹکڑا دیکھا۔ اس پر ۹۶۱ھ (۱۵۵۴ء) کی تاریخ کے علاوہ "مرقد نور انیش" کندہ ہے جس سے ۹۶۱ کا سال ہجری نکلتا ہے۔ غالباً اسی سال خانقاہ اور مقبرہ دوسری مرتبہ تعمیر کیا گیا تھا۔ خانقاہ دوسری مرتبہ اس وقت نذر آتش کردی گئی تھی جب شہنشاہ اکبر اعظم نے کشمیر پر ۹۹۴ھ (۱۵۸۵ء) میں بزور طاقت قبضہ کیا۔ شمس چاک کیواری کے بیٹے ظفر خان چاک نے معاہدۂ الحاق کے تحت کمال دشمنی کے سبب خانقاہ میر شمس عراقی کو خاکستر کر کے زمین بوس کیا۔ تواریخ میں یہ واقعہ اس طرح درج ہے:۔

" ظفر خاں پسر کلاں شمس چک کہ از سنیان متعصب و صاحب داعیہ ملکی بود۔ بنا بر تعصب یں خانۂ دولت محلہ زڈی بل را آتش کشیدہ، خانقاہِ زڈی بل را کہ ساختۂ دولت چاک بود، نیز می سوخت۔ مدفن شمس عراقی را خرابہ ساختہ، شیعہ ہا را بسیار رنجانید" ۶۷

ملک حیدر چاڈورہ رئیس الملک چغتائی کے والد ملک حسن چاڈورہ نے جہانگیر کے عہد سلطنت میں ۱۰۲۹ھ مطابق ۱۶۲۰ء میں جب جہانگیر کشمیر آئے تھے۔ خانقاہ میر شمس عراقی کو از سر نو تعمیر کیا۔ یہ شعر اب تک تاریخ میں یادگار ہے ؎

حسن ابن ملک ناجی نمودہ بنائے خانقاہِ حضرتِ میر ۶۸

اس کے بعد یہ خانقاہ بار بار ۱۲۸۹ھ (۱۸۷۲ء) تک نذر آتش کی گئی۔ تفصیلات آخر میں "تاراج شیعہ" کے تحت ملاحظہ ہو۔

ایک خاندانی روایت کے مطابق جب ملکانِ چاڈورہ کو مرزا حیدر کاشغری کی درندگی کا حال معلوم ہوا تو انہوں نے راتوں رات خانقاہ زڈی بل کے مقبرے سے میر شمس عراقی کی نعش سرنگ بنا کے نکالی اور پھر اسے چاڈورہ میں دفن کیا۔ اس زمانے میں ملک محمد ناجی چاڈورہ امرائے کشمیر میں مشہور و معروف تھے اور ان کی قرابت داری میر عراقی کے ساتھ تھی۔ یعنی میر عراقی کی صاحبزادی ان سے منسوب تھی۔

مقبرۂ شمس الدین عراقی کا ایک کتبہ (زڈی بل)

کتبۂ قدیم حسن آباد سری نگر

قبر ۱ جناب حجۃ الاسلام المسلمین آیۃ اللہ مہدی مجتہد العصر اعلی اللہ مقامہ۔
قبر ۲ جناب حجۃ الاسلام المسلمین آیۃ اللہ آغا سید محمد صاحب اعلی اللہ مقامہ۔
قبر ۳ جناب ثقۃ الاسلام آقا سید علی صاحبؒ۔ قبر ۴ جناب حجۃ الاسلام المسلمین آقا سید احمد صاحبؒ۔

جب سنہ ۱۲۹۷ ہجری مطابق سنہ ۱۸۸۰ء میں آغا سید مہدی آیت اللہ مجتہد کشمیر عراق میں ۲۰ سال گزار کر وارد کشمیر ہوئے تو انھوں نے چاڈورہ میں قبر کی نشاندہی کی۔ اس کے بعد انھوں نے اس پر مقبرہ تعمیر کیا۔ تب سے ہر سال یہاں مجلس عزا ہوتی ہے۔ آغا سید مہدی جیسا کہ شجرہ سے ظاہر ہے میر شمس الدین عراقی کی اولادوں میں سے تھے۔ اس واقعہ کی تفصیل خاندانی حالات میں یوں درج ہے:۔

"آخر الامر ملکانِ چاڈورہ کہ امرائے و فرمانروائے این دیار شدہ بودند و سر حلقۂ مریدان و مخلصان آنجناب داشتند۔ از زیر دیوار سنگین مقبرۂ آنجناب شعبے (کہ الحال نمودار است) کندہ برابر مرقد بدن اطہر آنجناب را کشیدہ بردہ در موضع چاڈورہ مدفون فرمودند۔ در موضعیکہ نہرے از خانہائے ملکان از طرف مغرب آمدہ و مرقدِ مطہر را بہ سبب خوفِ ظالمانِ بے دین دشمنان بر کیس را ہموارہ زمین نمودند۔ وہمیں طور مرقد مطہرہ آں جناب تا زمانِ ورود صاحب توفیق والی تحقیق غواص بحر کرامت، سیاح عالم شرافت سید آغا سید مہدی موسوی کشمیری یعنی سنہ ۱۲۹۷ ہجری غائب و مستقد بود۔ و آں بزرگوار از اولاد آنجناب بود۔ و آنجناب مرقد مطہر جد بزرگوارِ خود را ظاہر و روشن فرمودند۔ و بر سر مرقد بزرگوار عمارت فرمودند۔ چنانچہ ازاں زماں الی الآن از دحام مردمان برائے زیارت و فاتحہ خوانی آنجناب و برائے آمدنِ حاجات بوسیلۂ آنجناب می روند کہ الحال اظہر من الشمس است کہ محل فیض و فتوحات است۔"

مقبرۂ چاڈورہ سنہ ۱۳۵۲ ہجری میں جناب آغا سید احمد موسوی فرزند ارجمند جناب آغا سید محمد قبلہ نے دوبارہ تعمیر کیا تھا۔ چاڈورہ میں اب کوئی شیعہ نہیں رہتا ہے۔ مقبرے کا مجاور ایک سنی مسلمان ہے۔

خانقاہ زڈی بل کی بدحالی

جب یہ خانقاہ سنہ ۹۱۰ ہجری مطابق سنہ ۱۵۰۴ء میں مکمل اور مزین ہوئی تھی تو اس کی نظیر روئے زمین پر نہیں ملتی تھی۔ جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے کہ سلاطین، امراء، رؤسا، حکما، وزرا اور خاص و عام یہاں آ کر سر عقیدت جھکاتے تھے اور اس کا طواف کرتے تھے۔ مدتِ دراز تک مرجع خلائق رہی۔ خانقاہ شیعیان کشمیر کی عظمت گذشتہ اور موجودہ دور کے انحطاط کی یاد دلاتی ہے۔ یہ سالہا سال سے کھنڈرات اور شکستہ آثار کی مایوس کن تصویر پیش کر رہی ہے۔ اس کی تباہی اور ویرانی سے ایسا لگتا ہے کہ میر شمس

عراقی کے جاہ وجلال اور رعب وسطوت سے محکمہ آثار قدیمہ بھی لرزہ براندام ہے۔ اگر یہ حقیقت نہ ہوتی تو اس نے خانقاہ کے بیش بہا اور نادر آثار شکستہ کو عرصے سے محفوظ رکھا ہوتا۔ اگر اس کے کتنے رنگ بست اور فن سنگتراشی کے اعلیٰ اور عدیم المثال نمونے ہی محفوظ رکھے جاتے تو قومی سرمایہ کا یہ بدترین المیہ نہ ہوتا۔ خانقاہ کشمیری شیعہ مسلمانوں کی سیاسی بدحالی، تعلیمی بدذوقی اور نحوست پسندی پر آٹھ آٹھ آنسو رو رہی ہے۔ ۱۹۴۷ء کی آزادی کے بعد ماشاء اللہ شیعوں کی معاشی حالت پہلے کے مقابلے میں اب کہیں زیادہ بہتر ہے۔ قالین بافی، شالبافی اور پیپر ماشی ان کے خاندانی پیشے ہیں۔ یہ لوگ دنیادار ہیں۔ بڑی بڑی تعمیروں اور سماجی بیہودگیوں پر زر کثیر صرف کرتے ہیں۔ بیہودگی کی ایک ادنیٰ مثال یہ ہے کہ حال ہی میں ایک سرمایہ دار نے چارمنزلہ دعوتی کارڈ بسلسلہ شادی انگریزی میں شائع کیا۔ یہ کارڈ بٹوے کی صورت میں ریگزین سے بنایا گیا ہے۔ اس کی لمبائی ۵۳ اور چوڑائی ۱۷ اسنٹی میٹر ہے۔ اس میں سیکڑوں بیہودہ الفاظ دنیا بھر کی فحاشی اور عریانی کا مظاہرہ کر رہے ہیں اور کمپنی کی شہرت کے لیے اس کارڈ کی لغویات کی اتنی دھوم مچی کہ کئی دن تک کشمیر کے طول و عرض میں اس کا نفس مضمون موضوع بحث رہا اور اب بھی ہے۔ کہتے ہیں کہ اس کارڈ پر بہت پیسہ خرچ ہوا ہے۔ غرضیکہ لوگوں کو تاریخ، ثقافت، تعلیم اور علوم جدید کے اکتساب میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ باہمی نفاق اور مخاصمت کا یہ عالم ہے کہ ایک دوسرے کے خون کے تشنے نظر آتے ہیں۔ اس نااتفاقی اور عدم اخوت نے ان کے سیاسی حقوق پر کاری ضرب لگائی ہے۔ ان میں قومی غیرت کا فقدان اور جینے کا سلیقہ نہیں آتا ہے۔

ان اخلاقی کوتاہیوں کی روشن مثال خود خانقاہ زڈی بل کی شکستہ حالی ہے۔ اگر لوگوں میں اپنے اسلاف کی ناموری اور عزت و ناموس کا خیال ہوتا تو کم از کم بانی شیعت میر شمس الدین کے مقبرے کی حالت اچھی ہوتی۔

اگر میر عراقی کسی دوسری قوم میں پیدا ہوتے تو ان کے کارناموں پر لوگ ہمیشہ فخر کرتے اور تاریخوں میں ان کا نام سنہری حروف میں لکھا جاتا ان کے نام بڑی بڑی یادگاریں جیسے یتیم خانے، مسافر خانے، کتب خانے، لنگر خانے، سرائیں اور مدرسے قائم ہوتے۔ ان کے جشن ولادت پر ہر سال مجالس مذاکرات کا انعقاد ہوتا۔ ان میں مضامین پڑھے جاتے کتابیں لکھی جاتیں، تحقیقی کاموں کی اشاعت ہوتی اور ان کے تئیں شاندار خراج تحسین پیش کیا جاتا۔

ستم بالائے ستم یہ ہے کہ شیعوں کو یہ نہیں معلوم کہ خانقاہِ زڈی بل ان کی تاریخ تہذیب ان کی میراث ان کی سلطنت اور ان کے مرکزِ وجود کی یادگار ہے۔ ان کو اس بات کا بھی احساس نہیں ہے کہ اس متبرک اور مقدس خانقاہ میں تیس سال تک ان کا بانیٔ قوم سیکڑوں درویشوں اور صوفیوں کے ساتھ محو عبادت رہتا تھا۔ لوگوں نے ان کو اتنا فراموش کیا ہے کہ کسی کو یقین نہیں آتا ہے کہ یہاں شیعی دنیا کے سب سے بڑے انقلابی عالم دین اور مجاہد اعظم دفن ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں کے دل و دماغ پر اب بھی مرزا حیدر کاشغری اور ظفر چک کپواری کی چھاپ قائم ہے۔ اسی لیے کسی کو تعمیر خانقاہ کی ہمت ہی نہیں ہوتی ہے۔

میر شمس عراقی کے نام لیواؤں کی بے حسی کی انتہا دیکھئے کہ وہ ان کتبات اور آثار قدیمہ کا تحفظ نہ کر سکے جو یہاں پانچ سو سال سے نصب ہیں۔ اور جو بہترین فن خطاطی اور سنگ تراشی کے نمونے پیش کر رہے ہیں۔ ان کتبوں پہ اسمائے دوازدہ معصومین بڑی مہارت اور کاریگری سے کندہ ہیں بعض کتبوں پر محرابیں بنی ہوئی ہیں اور انہی میں آیۃ الکرسی کے بہترین نقوش اب بھی صاف اور نمایاں نظر آتے ہیں۔ یہ کتبے آج سے تیس چالیس سال قبل اچھی حالت میں تھے۔ اب ان میں اکثر و بیشتر کتبے قدردانوں اور بزرگوں کے اٹھ جانے سے لونڈوں نے توڑ دیئے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ حال ہی میں مقبرے کی مرمت کے سلسلے میں خانقاہ کی زمین کھودی گئی تھی۔ اس اثنا میں زمین سے بڑے بڑے سنگ بست ہا (تراشیدہ پتھر) برآمد ہوئے تھے جن کی لمبائی اور چوڑائی کئی کئی فٹ تھی۔ جاہل لوگوں نے ان پتھروں کو اصنام سمجھ کر ریزہ ریزہ کیا۔

خانقاہ کی کسمپرسی کی حالت یہ ہے کہ بہت سے ستون اور کتبے چرائے گئے ہیں۔ یہ بات بھی مشاہدے میں آئی ہے کہ آس پاس کے لوگ یہیں کے بڑے بڑے تراشیدہ پتھر اپنے مکانوں کی دہلیز میں استعمال کرتے ہیں اگر پانچ دس صاحب دول خانقاہ کی تعمیر نو کا بیڑا اٹھاتے تو پوری قوم پر احسان ہوتا۔ اس سے نہ صرف ان کا نام تاریخ میں سنہری حروف میں لکھے جانے کے قابل ہوگا بلکہ اس نیک فال کو میر شمس عراقی کی روح جو زمانۂ سلف میں بار بار مجروح کی گئی دعائیں دے گی۔

خانقاہ زڈی بل کی تعمیر کی سب سے بڑی ذمہ داری جناب شریعتمدار، حجۃ الاسلام آغا سید یوسف الموسوی الصفوی پہ عاید ہوتی ہے۔ قبلہ و کعبہ انہی کی اولاد سے ہیں۔ اگر وہ خانقاہ کی تعمیر و مرمت کے لیے ذاتی دلچسپی کا اظہار فرمائیں گے تو انشاء اللہ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہو جائیں گے۔

راقم الحروف خانقاہ کی تباہی اور شکستہ حالی پر اپنے جذبات کا اظہار اس سے بھی سخت لہجے اور تلخ الفاظ میں کرتا ۔ لیکن جناب آغا سید یوسف قبلہ وکعبہ کی یقین دہانی پر زبان قلم اب نہیں روکتا ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ اس اپیل کا فوری اثر یہ ہوا کہ جناب آغا صاحب نے خانقاہ زڈی بل کی تعمیر نو کی رسم افتتاح مورخہ ۱۱ اکتوبر ۱۹۸۶ء کو ایک پر وقار تقریب اور جلسۂ عام میں کیا۔

میر شمس عراقی کی اولاد

تاریخ سے ثابت ہے کہ میر شمس الدین عراقی کے دو صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں تھیں۔ بڑی صاحبزادی کا عقد ایک رومی درویش شیخ عبدالسلام سے ہوا تھا۔ یہ مقبرے میں اپنے والد کے بائیں طرف دفن ہیں دوسری صاحبزادی بی بی بانو ملک حیدر چاڈورہ کے دادا ملک محمد ناجی ملقب بکمال الدین سے منسوب تھیں ۹۹؎ صاحبزادوں میں سید دانیال اور میر حسن زڈی بلی مجتہد کے نام تاریخوں میں ملتے ہیں ۱۰۰؎ انھیں شیخ دانیال اور شیخ حسن بھی مورخوں نے لکھا ہے۔ سلاطین چک میر حسن کو اپنا مرشد مانتے تھے۔ جب یعقوب شاہ کو معلوم ہوا کہ شمس چک کپواری اور عالم شیر ماگرے بربنائے تعصب شیخ حسن زڈی بلی اور بابا خلیل اللہ کو قتل کرنے کا منصوبہ باندھ رہے تھے۔ تو انہوں نے دونوں کے خلاف سوپور میں فوج کشی کی اور دونوں کو شکست دی۔ شیخ حسن اعلیٰ پائیہ کے عالم اور شیعوں کے مجتہد تھے۔ انہوں نے مذہب امامیہ کو نقطۂ عروج پر پہنچایا تھا۔ وہ میر عراقی کے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ میجر بڈلف نے میر عراقی کے دو اور صاحبزادوں کا ذکر کیا ہے۔ ان کے نام میر مختار اور میر یحییٰ بتاتے ہیں۔ دونوں کا انتقال اسکردو میں ہوا۔ ۱۰۱؎ یہ دراصل میر دانیال کی اولادوں میں سے تھے سید مختار کا انتقال ۱۱۳۱ھ مطابق ۱۷۱۸ء میں ہوا۔ یہ میر دانیال کی بارہویں پشت سے تھے۔

میر سید دانیال

میر دانیال میر شمس عراقی کے بڑے صاحبزادے تھے۔ خاندانی حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی ولادت مکہ معظمہ میں ہوئی تھی ۱۰۲؎ تاریخ ولادت کہیں نہیں ملتی ہے۔ تحفۃ الاحباب میں لکھا ہے کہ جب سید محمد بیہقی کے بعد ملک موسیٰ رینہ وزیر اعظم ہوئے تو اس وقت میر دانیال کا سن بارہ برس کا تھا ۱۰۳؎ تاریخوں سے ثابت ہے کہ ملک موسیٰ رینہ ۹۰۷ سنہ ہجری مطابق ۱۵۰۲ء میں وزیر اعظم ہوئے تھے۔ اس حساب سے ان کا سال ولادت ۸۹۵ سنہ ہجری (۱۴۹۰ء) قرار دیا جا سکتا ہے۔ خاندانی حالات میں ۹۰۱ سنہ ہجری سن پیدائش مندرج ہے جو صحیح نہیں معلوم ہوتا ہے۔

جب میر عراقی تبت (اسکردو) کے لیے روانہ ہوئے تو دانیال نے باباعلی کے تعاون سے خانقاہ زڈی بل کا سارا انتظام کمسنی میں سنبھالا۔ ملک موسیٰ رینہ وزیر اعظم ہوئے تو ملا باباعلی اور کچھ صوفی میر دانیال کے ہمراہ ان کے گھر تہنیت دینے گئے۔ ملک موسیٰ نے جونہی ان کو دیکھا تو اپنی جگہ سے فوراً اٹھے اور انھیں خلعت پہنایا۔ اور پھر خانقاہ ہمدانیہ کا سارا انتظام ان کے سپرد کیا [۵۴]

میر دانیال ۱۲ برس کے سن میں چلے میں بیٹھے تھے۔ درویشوں میں شمعیں روشن کر کے تقسیم کرتے تھے اور اس طرح آداب و قواعد جو اربعین نشینی کے لیے ضروری ہوتے تھے کمسنی میں ہی سیکھے تھے۔ چلہ نشینی میں اور لوگوں کے علاوہ ان کے ساتھ داؤد صوفی، جنید صوفی، درویش زیرک، درویش کمال، باباشمس گنائی اور حاجی بایزید ہوتے تھے۔ جب میر عراقی نے انھیں اربعین نشینی کے آداب و قواعد سکھا کر سنہ ۹۲۸ ہجری مطابق ۲۳-۱۵۲۲ء میں اپنا خلیفہ مقرر کیا تو سب سے پہلے حضرت بابا۔ مولانا حافظ بصیر، قاضی محمد قدسی مولانا درویش زیرک، باباشمس گنائی اور مصنف تحفۃ الاحباب جیسے صوفیائے اکابرین نے ان کی بیعت کی۔ اس موقع پر اس دن شہر و دیہات سے چھوٹے بڑے تمام صوفی لوگ حاضر ہوئے۔ میر دانیال نے انھیں ضیافت دی جس میں سرخ پلاؤ، زرد پلاؤ، ترش پلاؤ، مختلف سالن اور رنگارنگ حلوے پکائے گئے تھے۔ بعد طعام تمام لوگوں نے دانیال کو اپنا خلیفہ تسلیم کیا۔ اس تقریب پر لوگوں نے جو تحائف اور خلعتہا وغیرہ ان کی نذر میں پیش کیے تھے وہ انھوں نے اپنے مریدوں میں تقسیم کیے۔ اس واقعہ کے تین چار سال کے بعد میر شمس عراقی کا انتقال ہوا [۵۵]

میر دانیال اور باباعلی میں شکر رنجی

میر دانیال اور باباعلی میں بڑا اتحاد و اخلاص تھا۔ دونوں میں بعد میں خانقاہ ہمدانیہ کی تولیت

ح ۔ باباعلی ۔ آپ شیخ الاسلام بابا اسماعیل کے مشہور خلیفہ تھے۔ جب میر شمس الدین عراقی کشمیر آئے تو ان کے مرید ہوئے اور مذہب شیعہ قبول کیا۔ آپ میر عراقی کے نائب تھے۔ خانقاہ ہمدانیہ اور خانقاہ زڈی بل کی تولیت بھی آپ کو دیدی گئی تھی۔ ملک محمد ناجی، ملک موسیٰ رینہ اور سلاطین و امرا آپ کی بڑی عزت کرتے تھے۔ مرزا کاشغری نے آپ کو بھی قتل کرنا چاہا تھا لیکن ملک محمد ناجی کی مداخلت سے باز رہا۔ اس وقت آپ کی عمر سو برس سے بھی زاید تھی۔ جب دولت چک نے حکومت سنبھالی تو آپ کی لاش قبر سے نکال کر حسن آباد میں دفن کی۔ اور یہاں آپ کے صاحبزادے بابا حسن کے لیے خانقاہ تعمیر کی۔ شیعہ سنی

اور ایک ایرانی سید صاحب مسمّی سید احمد کی بنا پر گرد کدورت چھا گئی تھی۔ واقعات یوں ہیں کہ جب ۹۳۸ھ ہجری مطابق ۱۵۳۱ء میں مرزا محرم بیگ کے لشکر کے ساتھ سید مذکور یہاں آئے تھے تو وہ ایک دن خانقاہ زڈی بل کی زیارت کو گئے۔ ان دنوں یہاں صوفی اور درویش لوگ چلہ نشین تھے۔ سید نے دانیال اور بابا علی سے تین دن قیام کرنے کے لیے خانقاہ کی زیارت کی اجازت طلب کی تھی۔ وہ خانقاہ میں درویشوں کے طرز عبادت سے متاثر ہو کر مسرور ہوئے۔ ان کی رائے تھی کہ میں نے دنیا کے تمام سلسلوں (ہمدانیہ، سہروردیہ، قادریہ وغیرہ) کا بغور مطالعہ کیا لیکن مجھے خانقاہِ زڈی بل کے صوفیوں کا طریقہ سلوک اور ان کی ریاضت کے اسلوب و آداب کہیں نظر نہیں آئے۔

کشمیر میں سید احمد کی بڑی شہرت و مقبولیت ہونے لگی۔ بعض لوگ انھیں غلطی سے شاہ قاسم فیض بخش کے صاحبزادے سید احمد مجذوب سمجھنے لگے۔ اول الذکر حسن اخلاق اور اوصاف حمیدہ کی وجہ سے مشہور تھے۔ چونکہ ابدال ماگرے اور ملک رنگی چک وغیرہ امرائے کشمیر میر دانیال سے تعصب برت رہے تھے۔ انھوں نے موقع کی نزاکت سے فائدہ اٹھا کر ان کو خانقاہ ہمدانیہ کی تولیت سے برخاست کیا اور پھر اسے شاہ سید احمد کی تولیت میں دے دیا۔ متولی ہونے کی وجہ سے شاہ صاحب کی مقبولیت میں اضافہ ہونے لگا جس کے نتیجے میں لوگ جوق در جوق ان کی طرف مائل ہو گئے۔ میر دانیال سید صاحب کا احترام کرتے تھے اور ان کے پاس اکثر و بیشتر خانقاہ ہمدانیہ میں جاتے تھے۔ انہوں نے سید صاحب کو مشورہ دیا کہ وہ خانقاہ زڈی بل میں قیام کریں۔ سید نے ان سے اتفاق کیا اور دانیال نے ان کی خواہش پر انھیں روضہ لنگر (میر عراقی نے خانقاہ میں باغات کے ساتھ ایک لنگر بھی تعمیر کیا تھا جہاں غربا اور مساکین کو کھانا ملتا تھا) سپرد کیا۔ جب دانیال نے دیکھا کہ

فسادمیں خانقاہ نذر آتش ہوئی۔ اب اس کا نام و نشان نہیں ملتا ہے۔ مقبرہ بابا علی اور بابا حسن ویران و منہدم ہیں۔ ان مقبروں میں چراغ روشن کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ مقبرے کے کتبوں پر آئمہ معصومین کے نام درج ہیں۔ اور یہ سیکڑوں برس پہلے کے موجود ہیں۔ ان کے تحفظ کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ حسن آباد میں اب بھی کچھ لوگ بابا کے نام سے مشہور ہیں۔ شاید ان ہی کی اولاد ہوگی لیکن صاحبِ دل ہونے کے باوجود مقبرے کی تعمیر کی طرف کوئی توجہ نہیں کرتے ہیں۔ یہاں ایک عالیشان امام باڑہ بھی ہے جس کی نگرانی آغا سید یوسف قبلہ کر رہے ہیں۔ کتاب میں مقبرے کے ایک کتبے کا عکس بھی شامل ہے۔ اب معلوم ہوا ہے کہ مشہور و معروف رئیس التجّار حاجی محمد قاسم بابا اور حاجی محمد صادق بابا حضرت بابا علی کی اولادوں سے ہیں۔ (اکبر حیدری)

ان کے دو مرید خاص باباعلی اور مصنف تحفۃ الاحباب ان کے پاس اکثر جاتے ہیں تو انہیں یہ گوار ہوا اور اس میں اپنی سبکی محسوس کر کے ان سے خفا ہو گئے۔ ادھر خانقاہ ہمدانیہ بغیر متولی کے رہ گئی تھی۔ ملک رنگی چک، ابدال ماگرے اور دوسرے امرا نے دانیال اور باباعلی کی کشیدگی کا فائدہ اٹھایا اور انہوں نے باباعلی کو خانقاہ کی تولیت دیدی۔ یہ ایک سیاسی چال تھی اور اس کا مطلب دونوں بزرگوں میں نااتفاقی ڈال کر میر دانیال کی اہمیت کو گھٹانا تھا۔ دونوں کی باہمی ناراضگی یہ شدت اختیار کر گئی کہ میر دانیال نے باباعلی اور مصنف تحفۃ الاحباب کے والد کو خانقاہ زڈی بل میں چلہ نشینی سے روکا۔ اور انہوں نے ان دونوں کی جگہ پر ایک دوسرے نوربخشیہ مولانا عثمان گنائی کو بٹھا دیا۔ جب یہ حال باباعلی وغیرہ نے دیکھا تو وہ خانقاہ زڈی بل کو چھوڑ کر خانقاہ ہمدانیہ میں چلہ نشین ہوئے۔ آخر کار خواجہ تاج الدین اور حیدر لائے جو اس وقت حکومت کی نظروں میں صاحبانِ اقتدار تھے ان کی مساعی جمیلہ سے دونوں کی کدورت دور ہو گئی۔ جب آپس میں صلح و صفائی ہوئی تو ملاقات کے وقت تحفۃ الاحباب کے مصنف کے والد نے شیخ عطار کے یہ اشعار بطور معذرت سنائے۔ [۷۹]

بردر آمد بندۂ گریختہ	آبروئے خود ز عصیاں ریختہ
دائما در راہ عصیاں گشتہ ام	آخر از کردہ پشیماں گشتہ ام
نفس و شیطاں زد کریما راہِ ما	رحمتت باشد شفاعت خواہِ ما
بادشاہا جرم ما را در گذار	ما گنہگاریم تو آمرزگار
مغفرت داریم امید از لطفِ او	زانکہ حق فرمودہ لا تقنطوا

اس ملاقات کے بعد طرفین پھر شیر و شکر ہو گئے۔ یہاں تک کہ ایک دن میر دانیال کے حکم سے باباعلی نے درجہ بدرجہ مولانا عثمان گنائی، مولانا صوفی جنید، مولانا سعد اللہ اور مولانا جمال الدین کا سجدہ بجالایا [۸۰]

میر سید دانیال کی شہادت کے بارے میں میر شمس عراقی نے پیشین گوئی کی تھی کہ ایک ظالم کے ہاتھوں شہید کیے جائیں گے۔ چنانچہ خاندانی حالات میں درج ہے کہ

"میر شمس الدین روزے در مجمعے فرمودہ اند کہ پسر من میر دانیال کہ مکہ معظمہ زاداللہ تعالی شرفا مولد آں فرخندہ فال است۔ بعد از من بجہت مودت و محبت دوازدہ امام از دست ظالم بے دین و کافرے پر بغض و کیں مقتول خواہد شد و بدرجہ شہادت

کہ بہترین مدارج و خوشترین مناصب و غایت شرافت میراث اہلبیت رسالت است
خواہد رسید۔ بعد از رحلتِ آں سالکِ مسالکِ تحقیق بداں منوال کہ بزبان گوہر فشاں
آں صادق مقال جاری شدہ بود۔ از آں بفعل آمد و بوقوع پیوست "

میر دانیال نے مذہب امامیہ کی ترویج و اشاعت میں کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ یہاں تک کہ تبلیغ کرتے کرتے شہادت کا مرتبہ حاصل کیا۔ جب مرزا حیدر نے ۹۵۵ھ ہجری مطابق ۱۵۴۸ء میں شیعوں کے قتل عام کا بازار گرم کیا تھا تو اس سال قید کر کے انہیں جھوٹی شہادتوں کی بنیاد پر بڑی بے دردی کے ساتھ ۲۴ صفر ۹۵۷ھ ہجری مطابق ۱۵ مارچ ۱۵۵۰ء کو شہاب الدین پورہ میں قتل کروایا۔ تفصیلات کے لیے مرزا حیدر کاشغری کا قتل عام بسلسلہ' کاجی چک ملاحظہ ہو۔ کچھ عرصے کے بعد دولت چک نے آغاز حکومت میں ان کی لاش وہاں سے نکالی اور پھر اسے خانقاہ زڈی بل میں میر شمس عراقی کے پہلو میں دفن کیا۔ ان کی قبر پر آج سے آٹھ دس سال قبل ایک کتبہ نصب تھا اس پر آئمہ معصومین کے نام کے بعد یہ شعر کندہ کیا گیا تھا۔

آنکہ جاں باخت زبہر ربّ مجید
حضرت شیخ دانیال شہید

کتبے پر ۹۵۷ھ ہجری کی تاریخ لکھی تھی۔ افسوس ہے کہ یہ کتبہ بھی وہاں سے چرایا گیا۔ بہارستان شاہی میں میر دانیال کی جائے شہادت کا کوئی ذکر درج نہیں ہے۔ حسن نے یہ جگہ موضع شوش مرد کھائی ہے۔ خاندانی حالات میں یہ جگہ اشم اور اندر کوٹ کے درمیان بتائی گئی ہے۔ اندر کوٹ میں مرزا حیدر کاشغری کا محل تھا۔ قرآئن سے معلوم ہوتا ہے کہ کاشغری نے دانیال کو ان کی بڑھتی ہوئی ہر دلعزیزی کے خوف سے اپنے ہی محل میں قید کیا تھا اور پھر اسی حدود میں شہید کیا۔ آخر کار وہ شہاب الدین پورہ موضع ڈب میں عارضی طور پر دفن کیے گئے تھے۔ "ڈب" اشم اور اندر کوٹ کے ملحقہ گاؤں میں ہے۔

خاندانی حالات میں میر دانیال کے بارے میں ایک روایت بیان کی گئی ہے۔ جس کی تائید کسی اور ذریعہ سے نہیں ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ سلاطین چک کے دوسرے بادشاہ حسین شاہ نے ان کے مقبرے واقع شہاب الدین پورہ (ڈب شادی پورہ) میں ایک مضبوط فصیل تعمیر کی تھی۔ اور قبر کی بالیں پر ایک کتبہ رکھا تھا۔ اس میں دو انگل مربع کے برابر ایک سونے کی مہر کندہ کرا کے رکھی تھی۔ مہر میں کچھ نقش کرایا تھا جس کی عبارت اب پڑھی نہیں جا سکتی ہے۔ دانیال کے مرید و نے

دشمن کے خوف سے مقبرے کا نام "ریشہ بابا" رکھا تھا۔ لوگ اب اسے "شہید مزار" کہتے ہیں۔ یہ مقبرہ بھی زیارت کا درجہ رکھتا ہے۔ یہاں ہر سال مجلس عزا کی جاتی ہے۔

خاندانی حالات اور شجرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ میر دانیال کے صاحبزادے کا نام سید علی تھا۔ بڈگام کے ایک گاؤں "گرند کلاں" میں شہید کر دیئے گئے تھے۔ مریدوں نے ایک دوسرے گاؤں "تلوزو" میں دفن کیا تھا۔ ایک روایت کے مطابق بعد میں خانقاہ زڈی بل میں دفن ہوئے۔ راقم الحروف نے خانقاہِ زڈی بل میں میر دانیال کے پہلو میں ایک قبر پر کتبہ نصب شدہ دیکھا ہے اس پر ذیل کی تاریخ کندہ ہے ؎

از شعبدہ ہائے زمانی صد حیف	واز مردنِ خدایگانی صد حیف
تاریخ وفاتش ز خردِ جستم و گفت	صد حیف ز دانیال ثانی صد حیف

۱۰۴۸ ہجری

وثوق سے نہیں کہا جا سکتا ہے کہ "دانیال ثانی" کون تھے۔ خاندانی حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ میر دانیال کے صاحبزادے سید علی شہید کر دیئے گئے تھے۔ چونکہ دانیال بھی شہید ہوئے تھے اس لیے ممکن ہے کہ انہی کا لقب دانیال ثانی بعد شہادت رکھ دیا ہو۔ خاندانی حالات میں میر دانیال کے صاحبزادے سید علی کو شمس الدین ثانی کہا گیا ہے۔ اگر میر شمس الدین عراقی شہید کیے گئے ہوتے تو پھر سید علی کو شمس الدین ثانی کہنا ممکن ہو جاتا۔ بہرحال اس امر کے بارے میں کوئی ٹھوس شہادت دستیاب نہیں ہے اس لیے مزید کچھ نہیں کیا جا سکتا۔

خاندانی افراد کا فرداً فرداً ذکر کرنا مشکل ہے۔ ان کے نام شجرے میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اب میر شمس الدین عراقی کی اولادوں میں سے جناب آقا سید مہدی آیت اللہ مجتہد کے بارے میں کچھ سطریں درج کی جائیں۔

آقا سید مہدی

حجت الاسلام آقا سید مہدی درجۂ اجتہاد پر فائز تھے۔ آپ میر شمس عراقی کی تیرھویں پشت سے تھے۔ عالم بے مثل اور محقق بے بدل تھے۔ ننانوے سال تک عراق میں مختلف علوم حاصل کر کے ۱۲۹۷ھ مطابق ۱۸۸۰ء میں کشمیر آئے۔ یہاں امامیہ مذہب کی تبلیغ و اشاعت میں ہمہ تن مصروف رہے۔

ایک مرتبہ حج بیت اللہ کی زیارت کا شرف حاصل تھا۔ آخر کار ۲۱ رمضان المبارک ۱۳۰۹ھ مطابق ۱۹ اپریل ۱۸۹۲ء روز چہارشنبہ کو انتقال کیا۔ کریوہ بڈگام میں دفن ہیں۔

آپ کی تصانیف حسب ذیل ہیں

تمرینیۃ الغرویہ در تحقیق غوامض مسائل اصولیہ وفقہیہ عربی، رسالہ منقذۃ الغرقیٰ فارسی مختصر منقذۃ الغرقیٰ، رسالہ درنیت، رسالہ عربی مطول، رسالہ فارسی مختصر رسالہ در طہارت، رسالہ دیگر در مسائل فروع دینیہ از منقذۃ الغرقیٰ، کتاب مطفئتہ المحرقیٰ، رسالہ عربی مختصر، رسالہ رد جواب ملتانی عربی، کتاب مضاریب المتشککین، رسالہ عجالہ در اثبات سیادت برائے گم گشتگان وادی ضلالت، ترجمہ لمعۂ دمشقیہ، حاشیہ بر کتاب جامع عباسی و درر غالیہ

ان تصانیف میں سے ترجمہ لمعۂ دمشقیہ اور رسالہ دُرر غالیہ اخلاقیہ چھپ چکی ہیں۔ ابھی حال ہی میں جناب آغا سید باقر نے ایک اور کتاب مطفئتہ المحرقیٰ اردو ترجمہ کے ساتھ شایع کی ہے۔ کتاب تحقیقی ہے مصنف نے قرآنی دلیلوں سے اپنے دعووں کو ثابت کیا ہے۔ کتاب حضرت علی کی خلافت سے متعلق ہے۔

آقا سید محمد

آقا سید مہدی مجتہد کشمیر کے انتقال کے بعد ان کے فرزند ارجمند جناب آقا سید محمد قبلہ نے تبلیغ و رشد کے کام کو جاری رکھا۔ وہ بھی بڑے اعلیٰ پایۂ کے عالم و فاضل تھے۔ ۱۳۱۵ھ ہجری میں بڈگام میں امام باڑہ تعمیر کیا تھا۔ اس کی چھت پر بہترین اور عمدہ پیپر ماشی کے تختے لگائے گئے تھے۔ ان پر محتشم کاشی کا مشہور و معروف مرثیہ دروازہ بند کسی ماہر خوش نویس سے لکھوایا گیا تھا۔ آقا سید محمد کا انتقال ۲۸ ماہ شوال ۱۳۵۰ھ مطابق ۲ مارچ ۱۹۳۱ء دوشنبہ کو ہوا۔

وہ بڑے متقی، پرہیزگار اور راست گو تھے۔ جواہر ایمانی، منہاج الفلاح، ضیاء الہدا، تعریض المتشککین ان کی تصانیف ہیں۔ منہاج الفلاح کشمیری زبان میں ہے جس میں مسائل فقہ تفصیل سے بیان کیے گئے ہیں۔

آقا سیّد احمد

آپ آقا سیّد محمد کے بڑے صاجزادے تھے۔ انہوں نے ۱۳۵۲ھ ہجری میں چاڈورہ میں میر سید

حضرت حجۃ الاسلام آقا سید محمدؒ (سال وفات ۲۸؍شوال ۱۳۵۰ھ ہجری)
حجۃ الاسلام حضرت آقا سید یوسف الموسوی قبلہ (عالم شباب میں)

شمس عراقی کا مقبرہ از سرِ نو تعمیر کیا۔ اس کے بعد ۱۳۵۴ھ میں امام باڑہ حسن آباد کو نئے سرے سے بنایا۔ ۱۳۶۳ھ میں خانقاہ زڈی بل میں "خوشحال سر" کی طرف ڈیوڑھی تعمیر کی ۲۱ ذی الحجہ ۱۳۶۴ھ کو انتقال کیا

آقا سیّد یوسف

اپنے والد گرامی آقا سید محمد اور برادر بزرگوار آقا سید احمد کے انتقال کے بعد جناب آقا سید یوسف اثنا عشری مذہب کی تبلیغ میں ہمہ تن مصروف ہیں۔ آپ عوام میں آغا صاحب کے نام سے ہر دلعزیز ہیں۔ آپ ساتویں امام حضرت موسیٰ کاظم علیہ السلام کی ۳۰ ویں اور حضرت سید امیر شمس الدین محمد عراقی کی چودھویں پشت سے ہیں۔ ان کی ولادت ۱۳۳۲ھ ہجری میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد ماجد آغا سید محمد سے حاصل کی۔ ان کے انتقال کے بعد ۱۳۵۳ھ میں عراق گئے اور نجف اشرف میں بڑے بڑے مجتہدوں سے دینی علوم حاصل کیے۔ جناب سید ابوالحسن اصفہانی، آقا حسین طباطبائی قمی، آقا ضیاء الدین عراقی، آقائے شیخ محمد اصفہانی، آقا میرزا ابوالحسن مشکینی، آقا ابراہیم الحسنی آقا سید حسین طباطبائی البروجردی، آقا سید محسن الحکیم، آقا سید محمود الحسینی، شیخ محمد کاظم، آیت اللہ آقائے شیرازی آقائے جمال موسوی گلپایگانی وغیرہ جیسے بزرگان دین اور افاضل زمانہ آپ کی علمی استعداد اور اعلیٰ صلاحیتوں کے قائل تھے۔ ان علمائے کرام کے اجازات واسناد آپ کے علوم دینی کے سلسلے میں "ایقاظ العباد" میں شائع ہوئے ہیں۔ رہبر انقلاب فقیہہ عصر جناب آیت اللہ خمینی سے آپکے خاص مراسم ہیں۔

آپ شرافت کے پیکر ہیں۔ چہرے سے جاہ وجلال ٹپکتا ہے۔ دوست اور دشمن، اپنے اور غیر آپ کے تقویٰ، بزرگی، فضیلت، سیادت، حسن تدبر، سلامت طبع، دیانتداری اور سچائی کے معترف ہیں کشمیر کے امراء، روساء، حکام بلا تمیز مذہب وملت سبھی آپ کی تعظیم وتکریم کرتے ہیں۔ وزراء اعلیٰ بخشی غلام محمد، خواجہ غلام محمد صادق اور سید میر قاسم آپ کے شریعت کدے پر قدمبوسی کے لیے حاضر ہوتے تھے۔ شیخ محمد عبداللہ آپ کے تقدس وتقویٰ کے بے حد قائل ہیں۔ اور آپ کی بڑی عزت کرتے ہیں۔

آغا سید یوسف نے انجمن شرعی شیعان جموں وکشمیر کی داغ بیل ڈالی ہے۔ انجمن کی سرپرستی اور نگرانی آپ کی ذات سے وابستہ ہے۔ انجمن کے تحت مذہب اثنا عشری کی ترویج ہورہی ہے۔ آپ نے بڈگام میں ۱۷ ربیع الاول ۱۳۷۰ھ کو باب العلم کی بنیاد ڈالی۔ اور اسی سال اس میں درس و تدریس کا کام شروع کیا۔ مدرسے کا سارا انتظام انجمن شرعی کے تحت ہورہا ہے۔ یہاں کے طلبا ر

مزید تحصیل علوم کے لیے قم اور عراق جاتے ہیں۔ باب العلم کے مدرس اول جناب حکیم جلال الدین غازی ہیں۔ باب العلم کے علاوہ آپ نے پوری ریاست یعنی جموں، کشمیر اور لداخ میں دینی علوم کے لیے مدرسے قائم کیے ہیں۔ مدرسین کو انجمن شرعی کے تحت تنخواہیں ملتی ہیں۔ آغا صاحب نے باب العلم کی فلاح و بہبود کے لیے لاکھوں روپے کی مالیت کی اراضی وقف کر دی ہے۔

شہری اور دیہی علاقوں میں مدرسوں کے علاوہ آغا صاحب نے انجمن شرعی کے تحت امام باڑے اور مسجدیں تعمیر کی ہیں۔ ان میں امام باڑہ بڈگام اور حسن آباد قابل ذکر ہیں۔ بڈگام کا امام باڑہ ۱۳۷۵ھ میں لاکھوں روپے صرف کر کے تعمیر کیا گیا۔ اس شہرہ آفاق امام باڑے کی وسعت اور اہمیت کا اندازہ اس کتبے سے ہو سکتا ہے جس کا عکس کتاب میں شایع کیا گیا۔ امام باڑے میں فن سنگ تراشی اور پیپر ماشی کے بہترین نمونے نظر آتے ہیں۔ ان پر محتشم کاشانی کے مرثیے دوازدہ بند کے اشعار بڑی مہارت اور خوبصورتی سے لکھے گئے ہیں۔ امام باڑے کے ساتھ ہی آغا صاحب نے مسجد جامع تعمیر کی ہے جموں و کشمیر کی شیعہ آبادی میں یہ مسجد ایک بڑے رقبے پر تعمیر کی گئی ہے یہ بھی آغا صاحب کی ہی زیر نگرانی بنائی گئی۔ زڈی بل اور بڈگام میں اوقاف کی کئی بلڈنگیں تعمیر کی گئیں۔ آجکل امام باڑہ میر گنڈ اور خانقاہ زڈی بل کی تعمیرات میں مصروف ہیں۔

جناب سید یوسف صاحب قبلہ کا ایک بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے شریعت کدے پر شرعی عدالت قائم کی ہے جس میں شرعی نظام کے تحت فیصلے ہوتے ہیں اس شرعی عدالت کی نظیر برصغیر میں اور کہیں نہیں ملتی ہے۔ فریقین شرعی فیصلوں کے پابند رہتے ہیں۔ اگر کوئی فریق فیصلے کا احترام نہیں کرتا ہے تو لوگ اس کو پسندیدہ نگاہوں سے نہیں دیکھتے ہیں۔ عوام کو ان فیصلوں پر اتنا اعتماد ہے کہ شیعوں کے علاوہ سنی حضرات اور غیر مسلم بھی ان فیصلوں کو قبول کرتے ہیں۔ وراثت، ہبہ، وصیت، انتقالات اراضی، منقولہ و غیر منقولہ جائداد اور خرید و فروخت کے بیع نامے اسی شرعی عدالت میں اندراج کیے جاتے ہیں۔ اس اقدام سے لوگ عدالتی جھگڑوں سے چھٹکارا پاتے ہیں۔ اور وہ قانونی چارہ جوئی میں پیسہ اور وقت ضائع نہیں کرتے ہیں۔

آغا صاحب کے انصاف کا یہ عالم ہے کہ اس مادی زمانے میں جہاں اخلاقی قدریں پامال ہو رہی ہیں وہ مالکان زمین کو کاشتکاروں سے زمین واپس دلاتے ہیں یا اس کو فریقین کی رضامندی سے معاوضہ دلاتے ہیں۔ شرعی عدالت کا انعقاد آپ کے انقلابی دماغ کی

جامع مسجد بڈگام کشمیر

باب الرضوان:۔ امام باڑہ بڈگام کشمیر

محراب خانقاہِ معلیٰ۔ سری نگر

سب سے بڑی دلیل ہے۔ آغا صاحب عالم یگانہ اور علامۂ دہر ہیں۔ عربی اور فارسی زبانوں میں یدِطولیٰ رکھتے ہیں۔ ان کے فیصلے دونوں زبانوں میں ہوتے ہیں۔

آپ کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ایقاظ العباد، وسیلۃ النجاۃ اور سرمایہ نجاۃ آپ کی تصانیف ہیں۔ ان کتابوں کے علاوہ آغا صاحب نے بہت سے اعلیٰ اور تحقیقی مضامین لکھے ہیں جو "الارشاد" میں شائع ہوئے ہیں۔ آپ نے انجمن شرعی کے زیر اہتمام نشر و اشاعت کا شعبہ قائم کیا ہے۔ اس کے تحت کئی کتابیں زیورِ طبع سے آراستہ ہوئی ہیں۔ ان میں ترجمہ لمعۂ دمشقیہ جیسی ضخیم کتاب قابل ذکر ہے۔ زیر نظر تاریخ بہارستان شاہی کی اشاعت کا بیڑا بھی آپ ہی نے اٹھایا ہے علاوہ بریں آپ نے خانقاہ زڈی بل کو از سر نو تعمیر کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی میر شمس الدین عراقی کے نام سے ایک اکاڈمی قائم کرنے کی منظوری دی ہے جس کے تحت انجمن شرعی کے اہتمام سے میر شمس عراقی سے متعلق کتابیں شائع ہونگی۔ جب کبھی نظام شریعت کے اصولوں کے خلاف ریاستی اسمبلی میں کوئی بل پیش ہوتا ہے تو آغا صاحب پوری قوت کے ساتھ اس کی مخالفت کرتے ہیں۔ ان میں اسقاطِ حمل کا بل، نکاح کا بل اور شراب نوشی کا بل قابل ذکر ہے۔ آغا صاحب دراصل اس بات کے حامی ہیں کہ مسلمانوں کے تمام فرقوں میں شریعت محمدی کے تحت عدل و انصاف کی بنیاد پر تمام باہمی قضیہ نمٹائے جائیں اور غیر مسلمین کے حقوق کا تحفظ کیا جائے۔

کشمیری مسلمانوں میں یہ رواج تھا کہ صرف خانہ نشین دختروں کو وراثت کا حقدار سمجھا جاتا تھا اور جن لڑکیوں کی شادی گھر سے باہر ہوتی تھی وہ حق وراثت سے محروم کی جاتی تھیں آغا صاحب نے اس رسم کے خلاف رائے عامہ کو منظم کیا اور اسے نظامِ اسلام میں ایک سنگین بے قاعدگی سے محمول کیا۔ ان کی مخلصانہ کوششوں کی بدولت اب خانہ نشین اور غیر خانہ نشین لڑکیوں کو یکساں طور پر وراثت کا حقدار تسلیم کیا جاتا ہے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ کشمیر اور ہندوستان میں تمام مسلمانوں کے مشترک مقامات سرکاری اوقاف کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں۔ پورے ہندوستان میں صرف شیعان کشمیر ہی ہیں جن کے مذہبی مقامات

امام باڑے مسجدیں اور دوسری تعمیرات وغیرہ اوقاف ایکٹ کے حد اختیار میں نہیں آتے ہیں. آغا صاحب اس بات کے حق میں نہیں کہ شیعوں کے متبرک مقامات اوقاف کے دائرہ کار میں آجائیں موصوف بنفس نفیس شیعہ اوقاف کے صدر ہیں اور تمام تعمیرات کا حساب کتاب انہی کی نگرانی میں ہوتا ہے۔

کشمیری شیعوں پر ہر سال ایام نوروز میں عرصۂ حیات تنگ کیا جاتا تھا اور انھیں بے پناہ مصائب و آلام کا شکار ہونا پڑتا تھا۔ بعض جاہل اور تنگ نظر لوگ محض ایذا رسانی اور شر پسندی کی بنا پر ان پر یہ الزام لگاتے تھے کہ وہ آدم خوری کو مباح سمجھتے ہیں۔ چنانچہ بخشی غلام محمد کے عہدِ وزارت میں فتنہ پردازوں نے یہ بے پر کی اڑائی کہ شیعوں نے فلاں شخص کو مارا اور اس کے خون کو متبرک سمجھ کر نوش کیا۔ اس پر عوام الناس مشتعل ہوگیا اور اس نے دہشت گردی اور آتش فساد فروزاں کی۔ اس موقعہ پر آغا صاحب نے حسنِ تدبر کا مظاہرہ کرکے قابل تعریف کردار کا نمونہ پیش کیا۔ انہوں نے اس بے بنیاد الزام کے خلاف ملک کے طول و عرض میں اپنی تحریروں اور تقریروں سے صدائے احتجاج بلند کی۔ موصوف نے اندرون اور بیرون ریاست مسلمانوں کے ہر مکتب خیال کے علما کو متوجہ کیا کہ وہ شریعت کی روشنی میں آدم خوری کے الزام کی نہ صرف تردید کریں بلکہ ان لوگوں کے ناپاک عزائم کی پرزور مذمت کریں جو اس ہوّا کو کھڑا کرکے مسلمانوں کی وحدت کو پارہ پارہ کرتے ہیں۔ آغا صاحب نے حکومتِ وقت کو بھی متنبہ کیا کہ وہ ایسے اسلام دشمن عناصر اور افواہ بازوں کے سدباب کے لیے قانون بھی وضع کرے۔ آغا صاحب کے الفاظ یہ ہیں:۔

> " علاوہ براین بر حکومتِ وقت بحکم انصاف و لازم عدل و داد و نگاہداریِ ملک از اختلالِ نظام و خرابی دیار بہ تلف و اتلاف نفوس و اموال و اخمادِ آتشِ فتنہ و فساد در بلاد لازم می شود ــــــــ وضع قانون برائے سدّ افواہِ عوام از تفوہ باین اتہام و انفاذ حکم و اجرائے آں فی الحال بلا توانی و اہمال . . . "

آغا صاحب کے اس جہادِ عمل کا یہ نتیجہ مرتب ہوگیا کہ سبھی فرقوں کے علمائے دین نے ان کی آواز پر لبیک کہی اور مسلمانوں کے مختلف فرقوں میں حصول مودت اور استحکام اخوت کی اخلاقی قدروں پر زور دیا۔ جب سے آغا صاحب نے مسلمانوں کی مختلف جماعتوں میں اتحاد و اخوت کا اقدام کیا تب سے آج تک کوئی بھی جاہل شخص شیعوں کو آدم خوری اور خوں آشامی کا الزام لگانے کی ہمت نہیں کرتا ہے۔ یہ آغا صاحب کا ایک بڑا کارنامہ ہے اور تاریخ میں سنہری حروف میں لکھنے کے قابل ہے۔

جامعہ باب العلم بڈگام کشمیر

کتبۂ سنگِ بنیاد امام باڑہ بڈگام کشمیر

راقم نے کئی مرتبہ بچشمِ خود دیکھا ہے کہ جو لوگ دور دراز علاقوں سے اپنے اپنے قضیوں کو نمٹانے کے لیے آغا صاحب کی شرعی عدالت میں حاضر ہوتے ہیں اور جن کے ٹھہرنے کا کوئی انتظام نہیں ہوتا ہو وہ تاریخ مقررہ سے ایک دن پہلے آتے ہیں اور ان ہی کے شریعت کدے پر قیام کرتے ہیں۔ ان کے قیام وطعام کا بندوبست آغا صاحب بہ نفسِ نفیس فرماتے ہیں۔ اس طرح ایک بڑی تعداد میں لوگ آجکل کی انتہائی مہنگائی کے زمانے میں ان کے دسترخوان سے فیضیاب ہوتے ہیں اور قیام وطعام کی پریشانیوں سے فارغ ہوتے ہیں! ان کی عدالت سے کوئی بھی سائل خواہ اس کا تعلق کسی بھی فرقہ سے ہو یا وہ غیر مسلم ہی کیوں نہ ہو خالی ہاتھ نہیں جاتا ہے۔ وہ یتیموں اور بیواؤں پر ہمیشہ دستِ شفقت رکھتے ہیں۔ ہندوستان کے دینی مدرسوں اور طلبا کی بھی امداد فرماتے ہیں۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ لوگ ان کی عدالت میں خرید و فروخت اور مہر و بدل وغیرہ کے سلسلے میں بڑی بڑی رقمیں اور بیش بہا زیورات بغیر کسی رسید یا شواہد کے بطور امانت رکھتے ہیں۔ آغا صاحب بعد تصدیق واندراج لوگوں کو اپنی اپنی امانتیں واپس کرتے ہیں۔ جناب قبلہ وکعبہ کا یہ طرز عمل اور ان کی عدالت کا ربط و ضبط اور تقدّس دیکھ کر ایک آزاد خیال تعلیم یافتہ جناب غلام رسول رینزو سابق ہوم سکریٹری اس قدر مرعوب و متاثر ہوئے کہ انھوں نے آغا صاحب کے سوانح حیات مرتب کرنے کے لیے انجمن شرعی کو دو ہزار روپیہ کا نذرانہ پیش کیا۔ حکومت وقت بھی آغا صاحب کے شرعی فیصلوں کا احترام کرتی ہے۔ اور عدالت عالیہ بھی ان فیصلوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ بعض عدالتیں شرعی مسائل کی گتھیوں کو سلجھانے کے لیے آغا صاحب کی طرف رجوع بھی کرتی ہیں۔ آغا صاحب بعض قضیے نمٹانے کے لیے فریقین کی رضامندی سے جائے وقوع پر مشاہدے کے لیے جاتے ہیں اور وہیں فیصلے بھی صادر فرماتے ہیں۔ لوگ ان کے فیصلوں کا پابند ہونا مذہبی فریضہ سمجھتے ہیں۔ عدالت کے گرد و نواح علاقے کا نام "شریعت آباد" رکھا گیا ہے۔ آغا صاحب کی عدالت ہر روز بعد نماز ظہرین شروع ہوتی ہے اور قبل از مغرب برخاست ہوتی ہے۔ جمعہ کو عدالت کی کاروائی بند رہتی ہے۔ البتہ لوگ آغا صاحب کی خدمت میں کئی کئی میلوں سے آکر حاضری دیتے ہیں۔ سمنوں کا اجرا انجمن شرعی کے رضاکاروں کے ذریعہ سے ہوتا ہے۔ عورتیں مردوں کے ساتھ عدالت میں نہیں بیٹھ سکتی ہیں۔ ان کے اقربا موجود ہوتے ہیں۔ خود وہ ملحقہ کمرے میں ہوتی ہیں۔

آغا صاحب کا ایک غیر معمولی کارنامہ یہ بھی ہے کہ انھوں نے کشمیر یونیورسٹی کی اورینٹل فیکلٹی میں اثنا عشری طلبا کے لیے شیعہ نصاب منظور کروایا جو آج تک جاری ہے۔ اب وہ ایک آفسٹ پریس اور روزنامہ سیاسی اخبار کے اجرا کے لیے اقدام کر رہے ہیں۔

مقدمۂ دوم

سلاطینِ چک کے عظیم اور قابلِ فخر کارنامے

خواجہ اعظم دیدہ مری[۱] اور حسن[۲] نے خاندان چک کے بانی لنگر چک کے سلسلۂ نسب کے بارے میں عجیب و غریب روایتیں بیان کی ہیں۔ چونکہ یہ روایتیں نوع بشر کی تاریخ سے مطابقت نہیں رکھتی ہیں اس لئے ان کا ذکر کرنا باعث طوالت ہوگا۔

چک خاندان راجہ سہدیو ۷۰۱ھ ہجری تا ۷۲۰ھ ہجری (مطابق ۱۳۰۱ء تا ۱۳۲۰ء) کے عہدِ حکومت میں اپنے سربراہ لنگر چک کے ساتھ دردستان (کشن گنگا ویلی) سے ہجرت کر کے کشمیر آیا تھا۔ کتب تواریخ میں اس خاندان کی تاریخ اتنی ہی قدیم ہے جتنی کہ شاہ میر کے خاندان کی ہے۔ جب شاہ میر شمس الدین کے لقب سے ۷۴۰ھ ہجری مطابق ۱۳۳۹ء میں تخت نشین ہوئے تو خاندان چک کے افراد پہلے سے ہی یہاں موجود تھے انھوں نے لنگر چک کو اپنا سپہ سالار مقرر کیا[۳]۔ وہ ترہگام میں رہتے تھے۔ ان کے بارے میں زیادہ کچھ معلوم نہیں ہو سکا۔

بہارستانِ شاہی میں منقول ہے کہ لنگر چک کی اولاد میں پانڈو چک بڑے بہادر، غیور اور انقلابی ذہن کے جنگجو سپاہی تھے۔ وہ سلطان زین العابدین کے عہد میں اپنے قبیلے کے سردار تھے اور لوگ ان کی بڑی عزت کرتے تھے۔ انھوں نے بیگاری اور ظلم و جور کے خلاف بادشاہ کے خلاف علم بغاوت بلند کیا تھا۔ وجہ یہ ہوئی کہ بادشاہ چک افراد سے اپنے محل اور عمارتیں تعمیر کراتے تھے اور انھیں حقِ مزدوری نہیں دیتے تھے۔

جب بادشاہ کامراج گئے تو پانڈو چک اور قبیلے کے دوسرے لوگوں نے وہاں کا محل اور دوسری شاہی عمارتیں پھونک دیں۔ خود پانڈو چک ترہگام کی پہاڑیوں کی طرف چل دیے۔ اور اہل خاندان کو دراؤ (داردستان) کی طرف روانہ کیا۔ جب سلطان کو آگ کی واردات اور پانڈو چک کی بغاوت کا حال معلوم ہوا تو انھوں نے سپاہیوں کی ایک بڑی جماعت کو ترہگام بھیجا جس نے پانڈو چک

کی املاک کو نذرِ آتش کر دیا۔ اس کے بعد زین العابدین نے دوسری مرتبہ اپنی عمارتیں تعمیر کیں۔

پانڈو چک نے موقع پاتے ہی ان شاہی عمارتوں کو دوسری مرتبہ آگ لگا دی۔ اور دراوٗ کی طرف چل پڑے۔ بادشاہ نے جب یہ دیکھا تو انھوں نے دراوٗ کے لوگوں کو رشوتیں دے کر اپنے ساتھ ملا دیا۔ اور پھر انہی کی مدد سے پانڈو چک کو گرفتار کروایا۔ گرفتاری کے بعد پانڈو چک تمام اہل وعیال اور چھوٹے بڑوں سمیت سلطان کے روبرو پیش کیے گئے۔ سلطان نے ان کے اہل کنبہ کو جو جنگ کے قابل تھے موت کے گھاٹ اتار دیا اور خود پانڈو کو بھی پھانسی دے دی۔

سلطان نے پانڈو چک کی عورتوں اور چھوٹے چھوٹے بچوں کو کوارل کے دور دراز گاؤں میں ڈھکیل دیا۔ کچھ عرصے کے بعد جب یہ بچے حدِ بلوغ کو پہنچے تو انھوں نے گاؤں کے دوسرے لوگوں کے ساتھ میل ملت بڑھا دی۔ یہاں تک کہ نائکوں اور چکوں کے درمیان رشتہ بھی ہونے لگا۔

پانڈو چک کے بیٹوں میں ایک کا نام حسین چک تھا۔ وہ باپ (پانڈو چک) کے مرنے کے بعد پیدا ہوئے تھے۔ حسین چک کے دس بیٹے تھے اور ترہگام کے چک خاندان کے افراد انہی کی اولاد سے تھے[۱] حسین چک کے بارے میں بجز اس کے اور کچھ معلوم نہیں ہو سکا کہ انھیں بادشاہ زین العابدین نے الطاف واکرام سے ممتاز کیا تھا[۲] جب میر شمس الدین عراقی مذہب تشیع کی اشاعت کے لئے کشمیر آئے تو پانڈو چک، حسین چک اور کاجی چک نے مذہب امامیہ قبول کیا[۳] ترہگام کے چک شیعہ مسلک کے پیرو تھے۔

چک خاندان کی دوسری شاخ گلگت سے آکر شمس چک ولد لہت چک کی سربراہی میں کپواڑہ میں آکر پھیل گئی۔ شمس چک (متوفی ۹۰۸ھ ہجری مطابق ۱۵۰۲ء) کشمیری امرا میں شمار ہوتے تھے اور انھیں سید محمد بیہقی کی حمایت حاصل تھی۔ سلطان فتح شاہ کے عہد میں وہ بڑی قوت کے مالک تھے۔

چکانِ کپوارہ متعصب سنّی تھے اور ہمیشہ ماگریوں کے ساتھ سازباز کر کے ترہگام کے چکوں کے ساتھ برسرِ جنگ رہتے تھے اور ان کے استیصال کے لئے کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہیں چھوڑتے تھے[۴]

ترہگام کا چک خاندان کشمیر میں ۳۲ سال تک تاج وتخت کا مالک رہا۔ یہ لوگ جذبۂ حب الوطنی سے سرشار تھے۔ ملک کی سالمیت اور اس کا تحفظ کرنا ان کا بلند نصب العین تھا۔ وہ ہمیشہ بیرونی مداخلت کے خلاف وطن کی حفاظت کرنے میں جان کی بازی لگاتے تھے۔ جبھی ماگرے، کپواری چک اور دوسرے مفاد پرست کشمیری امرا مغلوں کے ساتھ کشمیر کا سودا کرنے کے لئے کشمیر پر حملہ آور ہوتے تھے تو ترہگام

کے یہ غیور چک انھیں بھاری جانی نقصان پہنچا کر مغلوب کرتے تھے۔ ان کا معمول تھا کہ جب کبھی شاہانِ مغل کشمیر پر دھاوا بولتے تھے تو یہ لوگ لشکرِ مغل کے سروں کا منارہ بناتے تھے۔

سلاطین چک بڑے مدبّر اور دور اندیش تھے۔ اسی لئے بابر، ہمایوں اور اکبر اعظم کے حملوں کو آخری دم تک ناکام بناتے رہے۔ اگر وہ چاہتے تو حکومت ایران کی طرف رجوع کرتے۔ اس زمانے میں سلطنت صفویہ بڑی مضبوط تھی اور شاہ طہماسپ صفوی زبردست طاقت کے مالک تھے۔ انھوں نے ہی ہمایوں بادشاہ کو تخت سلطنت پر دوبارہ بٹھایا تھا۔ آخر کار شہنشاہ اکبر کشمیری علماء و امراء کو رشوتیں دے کر اپنے سیاسی مقصد میں کامیاب ہوئے۔ انھوں نے مذہبی منافرت کی بنیادوں پر کشمیریوں کی خودمختاری کو طاقت کے بل پر سلب کر کے انھیں مغلوں کا غلام بنایا۔ حکیم غلام صفدر ہمدانی نے بالکل صحیح کہا کہ:-

> "شیعان کشمیر کو ہی یہ خصوصی امتیاز حاصل ہے کہ انھوں نے کبھی بھی وطن کی آزادی کے ساتھ سودے بازی نہیں کی۔ مرزا حیدر کاشغری نے اپنے عہد حکومت میں شیعانِ کشمیر پر مصائب اور مظالم کے پہاڑ ڈھائے۔ ان کا قتل عام کرایا۔ ان کے مکانات اور خانقاہیں جلائی گئیں۔ مذہبی رہنماؤں اور بزرگوں کو قتل کرایا۔ لیکن ان بے پناہ اور انسانیت سوز مظالم کے باوجود شیعہ مسلمانوں نے وطن سے غداری نہیں کی۔ جس وقت مرزا حیدر یہاں کے شیعہ مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلتا تھا اس وقت ایران کا تاجدار شاہ طہماسپ تھا جس کے پاس اکبر کا باپ ہمایوں بادشاہ بحیثیت پناہ گزیں گیا تھا۔ اگر شیعانِ کشمیر اس وقت ایران کے تاجدار سے رجوع کرتے اور اس کو اپنی بربادی اور تباہی کی داستان سناتے تو نہ ہمایوں کو ہی مدد ملتی اور نہ مغل سلطنت ہندوستان میں قائم ہوجاتی۔ اس وقت خود ہندوستان کی طاقت اتنی کمزور تھی کہ ایران کا بادشاہ آسانی سے اس ملک کو فتح کرتا اور کشمیر کو بھی اپنے زیر نگیں لاسکتا۔ مگر شیعان کشمیر نے سختیاں جھیلیں اور گوناں گوں مصائب برداشت کئے لیکن وطن کا سودا نہیں کیا اور نہ ملک سے غدّاری کی۔[۲۴]"

تاریخ کشمیر چکوں کی حبّ الوطنی، حریّتِ آزادی اور بے مثل بہادری کے کارناموں سے لبریز ہے۔ وہ بڑے دلیر، باہمت اور طاقتور تھے۔ عدل و انصاف ان کا شعارِ زندگی تھا۔ وہ سچے سب

سپاہی پیشہ اور جنگجو تھے۔ حسن [illegible] سے ان کی بہادری کے بارے میں زوال سلطنت کے کوئی تین سو سال کے بعد لکھتے ہیں کہ :-

"قوت و شجاعت و دلاوری و شوکت و سپاہ گری و مبارزت در ذات چکان اصلی و جبلی بود۔ یکے از نسل چکانِ ترہگام پیش خدمت سردار عظیم خان شدہ بود۔ کلاہ تتری بر سر و کفش اوزبکی در پائے۔ مسلح و مکمل ہمرکاب سردار می رفت و بالائے او با ہودجِ فیل برابر بالا بود و سردار را از ہودج فیل برداشتہ بزیر می آورد[۹]"

ملک کاجی چک

لنگر چک کی اولادوں میں ملک کاجی چک سر فہرست ہیں۔ تاریخ کشمیر میں انھیں غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ وہ دو عظیم المرتبت کارناموں کی وجہ سے مشہور ہیں۔ ایک یہ کہ انھوں نے شیعہ مذہب کی ترویج و اشاعت میں کارہائے نمایاں انجام دئے۔ دوسرے یہ کہ انھوں نے سلطنت چک کے قیام کے لئے زمین ہموار کی تھی۔

وہ میر شمس الدین عراقی کے فدائی تھے۔ اول الذکر نے ان کی وزارت کے لئے پیشین گوئی کی تھی اور ان سے عہد لیا تھا کہ وہ اپنے دورِ اقتدار میں عدل و انصاف، رعایا پروری اور مذہب امامیہ کی اشاعت کے لئے تندہی اور ایمانداری سے کام کریں۔ اس سلسلے میں مصنف بہارستان شاہی کہتا ہے کہ

"ایں طائفۂ چکاں ہیچ وجہی نہ داشتند کہ سامان و ہیاٰ لشکر سازند۔ پیش حضرت میر شمس الدین محمد عراقی جہت التماسِ خرچ راہی آمدند۔ و ہر رنگ چک را ہمراہ آوردند۔ کہ ایں پسر ملک شمس چک است۔ باشد کہ حضرت میر شمس الدین بطفیلِ او خرجی عنایت کند۔ و چوں آنحضرت آمدہ عرض احوالِ خود کردند۔ باوجود آنکہ از پنج شش کس زیادہ نہ بود۔ و امیدواری ایشان را صد ترک برنج و پنجاہ ترک آرد و مبلغ دو لک پلِ نقد عطا نمود۔ و از جماعت ایشان ملک کاجی چک را بنظر شفقت مخصوص فرمود و گفت کہ ایں ملک زادہ گوشِ بریدہ را پیش بیاورید۔ و ملک کاجی چک را در جنگ سوپور ہنگامِ شبخونِ شمس چک گوش بریدہ شدہ بود و آنحضرت او را پیش خود آوردہ فرمود کہ حضرت قادر با قدرت حکومتِ ایں ولایت و تصرفِ ایں مملکت بہ تو مسلّم

خواہد ساخت ۔ می باید کہ طریق معدلت و رعیت پروری و قاعدۂ نصفت و مرحمت گستری شعار خود سازی ۔ و ہمگی ہمت تمامی و نہمت خود بہ ترویج دین اسلام و رونق ملت سیّد انام علیہ الصلوٰۃ والسلام مصروف داری ۔ ملک کاجی چک ازیں سخن ترسید کہ کسے بگوش ملک موسیٰ رینہ ایں سخن نہ رساند ترساں و ہراساں پیشِ آنحضرت سجدۂ تعظیم بجا آورد و گفت کہ محلا ہمیں سوگند می خورم کہ ہر چہ حضرتِ میر مرا فرمائید بجان و دل قبول کردم ۔ اگر حق تعالیٰ مرادِ دولت رساند از فرمانِ حضرت ایشان تخلف و تجاوز نہ ورزم و قدم از دائرۂ حکم بیروں نہ نہم ۔ چوں ایں سخن ادا کرد ۔ حضرت میر شمس الدین قدس سرۂ دستار بزرگی کہ بر سر داشتند آں را بر سر ملک کاجی چک نہاد کہ ایں تاج دولت و افسر حکومت بہ تو دادم ۔ بروید کہ عنقریب بدولت خواہد رسید"

ملک موسیٰ رینہ (متوفی ۹۱۶ھ ہجری) کے بعد ۹۲۴ھ تک ابراہیم ماگرے، ملک عثمان اور جہانگیر پڈرو یکے بعد دیگرے منصب وزارت پر فائز رہے ۔ جب ۹۲۱ھ میں سلطان فتح شاہ تیسری مرتبہ بادشاہ ہوئے تو ملک کشمیر چار حصوں میں منقسم ہوا ۔ ایک حصّہ کے مالک فتح شاہ رہے ۔ دوسرا حصّہ جہانگیر پڈرو تیسرا حصّہ شنکر رینہ اور چوتھا حصہ ملک کاجی چک کو دے دیا گیا اور چاروں امراء اپنے اپنے حصّے پر متصرف رہے ۔ بادشاہ برائے نام تھا ۔ تین سال کی جنگ و جدل کے بعد جب سلطان محمد شاہ (متوفی ۹۴۴ھ) چوتھی بار ۹۲۴ھ میں بادشاہ ہوئے تو انھوں نے ملک کاجی چک کو وزیر اعظم بنایا ۔ اس مرتبہ محمد شاہ نے سکندر لودی بادشاہ دہلی کی فوجی کمک سے کشمیر پر قبضہ کیا تھا ۔ سکندر لودی کی فوج کو واپس بھیجنے کے لئے محمد شاہ خود نوشہرہ تک گئے تھے اور کشمیر میں اپنی جگہ پر کاجی چک کو قائم مقام بنایا تھا ۔ ابھی بادشاہ نوشہرہ سے نہیں لوٹے تھے کہ برفباری سے تمام پہاڑی راستے آمد و رفت کے لئے بند ہو گئے تھے ۔ اور وہ یہاں نہیں آسکے ۔

ادھر لوہر ماگرے اور نصرت رینہ نے اپنے چند حواریوں کے ساتھ ملک کاجی چک کے خلاف بغاوت شروع کر دی اور قلعہ ناگام میں صف آرا ہوئے ۔ آخر کار ذالڈگر کے میدان میں گھمسان کا رن پڑا جس میں نصرت رینہ ڈھیر ہو گئے ۔ لوہر ماگرے نے راہ فرار اختیار کی ۔ ان کے بہت سے آدمی مارے گئے ۔ ملک کاجی چک کے انگوٹھے کے پاس والی انگلی لڑائی میں

کٹ گئی تھی[۱۱]

۹۲۶ھ میں جہانگیر پڈرو نے بمقام پانپور کاجی چک کے خلاف بغاوت کی کاجی چک نے ان کی سرکوبی کے لئے اپنے بیٹے مسعود چک کو بھیجا۔ چوں کہ جہانگیر پڈرو کو لڑنے کے لئے ہمت نہ ہوئی اس لئے وہ گدا ملک کے ساتھ گریز بھاگ گئے[۱۲]

۹۲۷ھ میں ابدال ملک، لوہر ماگرے اور ملک عیدی رینہ نے سکندر خان فرزند سلطان فتح شاہ کو اپنا ہمنوا بنایا اور کاجی چک کے خلاف رایت بغاوت قلعہ ناگام میں بلند کیا۔ ادھر گریز سے جہانگیر پڈرو اور گدائے ملک نے پرگنہ لار میں شورش برپا کی۔ کاجی چک نے اپنے دو بیٹوں مسعود چک اور دولت چک کو جہانگیر پڈرو کے مقابلے میں روانہ کیا اور خود سکندر خان کی جماعت پر حملہ کیا۔ گدا ملک مارے گئے۔ سکندر خان ہندوستان کی طرف بھاگ گئے۔ جہانگیر پڈرو بھی بہ طرف ہند فرار ہوئے اور ملک کاجی چک سرخرو ہوئے[۱۳]

کاجی چک کی روز بروز بڑھتی ہوئی قوت سے کشمیری امرار کے حوصلے پست ہو گئے۔ وہ سازش میں مصروف رہے اور ان کے استیصال کے لیے سرگرم عمل رہے۔ ان باغیوں نے سلطان محمد شاہ کو اپنے ساتھ ملا لیا۔ چنانچہ سلطان نے ۹۳۰ھ (مطابق ۲۴-۱۵۲۳ء) میں ملک علی، لوہر ماگرے ابدال ملک اور ریگی چک سے ساز باز کر کے ملک کاجی چک کو وزارت کے عہدے سے معزول کیا۔ جب کاجی چک کو اس سازش کا حال معلوم ہوا تو وہ نوشہرہ کی طرف روانہ ہوئے[۱۴]

بابر کی شکست

اسی اثنار میں بابر بادشاہ نے قوچک بیگ اور شیخ علی بیگ کی سربراہی میں ترکوں کے لاؤ لشکر کے ساتھ کشمیر پر حملہ کیا۔ جب اس کی اطلاع نوشہرہ میں ملک کاجی چک کو ہوئی تو انھوں نے اپنے دو بیٹوں غازی خان اور حسین خان اور دوسرے لوگوں کے تعاون سے تمام راستوں اور دروں پر پہرہ بٹھا دیا اور غازی خان و حسین خان کو جن کی عمر سترہ اٹھارہ سال سے زیادہ نہ تھی دشمن کے مقابلے میں بھیج دیا۔ دونوں بھائیوں نے مٹھی بھر جماعت کے ساتھ پردۂ شب میں لشکر بابری پر حملہ کر دیا۔ حسین خان نے اس معرکے میں بہادری کے خوب جوہر دکھائے۔ وہ علی بیگ کے خیمے میں در آئے اور ان پر تلوار کے تین وار کیے۔ شیخ علی بیگ نے پہلی مرتبہ تکیے کی آڑ لی جو حسین خان کی ضربت شمشیر سے دو ٹکڑوں میں تقسیم ہوا۔ دوسری مرتبہ انھوں نے

نے تانبے کی پلیٹ کو سپر کے طور پر استعمال کیا۔ اس کے بھی دو ٹکڑے کیے گئے۔ تیسری دفعہ جب حسین خان کا وار ہونے لگا تو وہ چارپائی کے نیچے چھپ گئے اور پھر جان بخشی کی درخواست کی۔ اس لڑائی میں بہت سے مغل سردار اور سپاہی موت کے گھاٹ اتارے گئے۔ بہتوں کو گرفتار کیا گیا اور بچے کھچے سپاہی الٹے پاؤں بھاگ گئے۔ لڑائی میں حسین خان بھی مجروح ہوئے تھے اور ان کے بدن پر نو تیر پیوست ہو کر لٹکتے تھے، غازی خان نے بھی کئی مغل سرداروں کو موت کے حوالے کیا تھا۔[۵۱]

نفسیاتی طور پر دیکھا جائے کہ معزولی کے بعد ملک کاجی چک نوشہرہ میں جلائے وطن کی زندگی گزارنے اپنے دو کمسن بیٹوں کے ساتھ گئے تھے۔ اس زمانے میں وہ رنجیدہ اور پریشان تھے۔ حب الوطنی کا جذبہ اس قدر غالب آگیا تھا کہ بے سروسامانی کی حالت میں شہنشاہ بابر کی فوج کے چھکے چھڑا دیے اور انھیں کشمیر کی سرزمین پر قدم رکھنے نہیں دیا۔

جب بابری فوج کی شکست اور ملک کاجی چک کی فتح کی اطلاع سلطان محمد شاہ کو ملی تو انھوں نے گذشتہ کینہ و عداوت کے ناگوار واقعات کو فراموش کیا اور محبت و یگانگی کے خطوط ملک کاجی چک کے نام لکھ دیے اور انھیں کشمیر آنے کی استدعا کی۔ محمد شاہ کے اس عہد و پیمان کے بعد ملک کاجی چک سری نگر آئے۔ ان کے ساتھ سلطان فتح شاہ کے بیٹے شہزادہ سکندر خان بھی پابند زنجیر تھے۔ سکندر خان ہی دراصل مغلوں کو کشمیر پر حملہ کرانے کے ذمہ دار تھے۔ سلطان محمد شاہ نے ملک کاجی چک کو دوبارہ وزیر بنایا۔ بادشاہ نے سکندر کی آنکھیں نکلوائیں۔ ان کی اس حرکت پر کاجی چک ناراض ہو گئے۔ اسی دوران کچھ ہامہ میں ماگریوں نے علی ملک کی سرکردگی میں کاجی چک کے خلاف پھر علمِ بغاوت بلند کیا۔ کاجی چک نے ان سب کو شکست دی اور علی ملک کو قید کیا۔ بعد میں وہ بھی نوشہرہ کی طرف بھاگ گئے۔[۵۲]

سلطان محمد شاہ عہد و پیمان توڑ کر کاجی چک کے خلاف پھر سازشیں کرنے لگے۔ کاجی چک نے ملکی انتظام کے مفاد اور بادشاہ کے دوغلہ کردار کے پیش نظر ان کو تخت سلطنت سے برطرف کر کے لدکہ (لوہ کوٹ) کے درے میں قید کیا۔ پھر ان کے بیٹے ابراہیم شاہ کو برائے نام بادشاہ بنایا اور سلطنت خود کرنے لگے۔ یہ ۹۳۴ھ کا سال تھا۔[۵۳]

ماگریوں کی ترغیب پر بابر کا دوسرا حملہ

اُدھر نوشہرہ میں ملک علی اور ملک ریگی چک ماگریوں کی جماعت کے ساتھ شامل ہو گئے اور کشمیر کا سودا کرنے کے لیے ملک کاجی چک کے خلاف سازشیں کرنے لگے۔ اس کے بعد یہ لوگ ابدال

ماگرے کی قیادت میں شہنشاہ بابر کے پاس پہنچ گئے اور ان کو کشمیر پر دوبارہ حملہ کرنے کے لیے آمادہ کیا۔ بابر نے خوب رشوتیں دے کر ان کا خیر مقدم کیا اور شیخ علی بیگ اور محمد خان کو حکم دیا کہ وہ کشمیری امراء کے ہمراہ کشمیر پر حملہ کریں۔ چنانچہ ۹۳۵ھ (مطابق ۱۵۲۸ء) میں ماگریوں کی رہنمائی اور پشت پناہی پر مغل فوج جس کی تعداد بیس سے اٹھائیس ہزار تک بتائی جاتی ہے کشمیر میں داخل ہوگئی۔ یہاں سے کاجی چک مقابلے کے لیے نکلے۔ موضع بانگل میں خونریز جنگ ہوئی جس میں کاجی چک کے نامور سپاہی سہہ چک، مسجی چک، تازی چک اور سرسنگ چک وغیرہ کام آئے۔ کاجی چک نے داد شجاعت خوب دی لیکن شکست کھائی اور اپنے کو بچانے میں گکھر کی طرف کامیاب ہوئے۔ ماگریوں نے اس موقع پر محمد شاہ کو بادشاہ بنایا۔

کاجی چک کی شکست کے بعد ابدال ماگرے وزیر ہوئے۔ اس نے کشمیر کو چار حصوں میں تقسیم کیا۔ ایک حصے پر خود قابض رہے۔ دوسرا لوہر ماگرے کو تیسرا ریگی چک کو اور چوتھا حصہ علی ملک کے قبضے میں دیا۔ شیخ علی بیگ کو رشوتیں دے کر رخصت کیا۔[۱۲]

مرزا کامران کا حملہ

جب کشمیر چار امراء کی ملکیت میں بٹ گیا تو انتظامی امور میں خلل پڑنے لگا۔ اس نااتفاقی اور افراتفری کا فائدہ مغلوں نے اٹھایا۔ ۹۳۸ھ (مطابق ۱۵۳۱ء) میں مرزا کامران نے اپنے بھائی ہمایوں بادشاہ کے تعاون سے محرم بیگ اور شیخ علی بیگ کی سربراہی میں تیس ہزار نامور اور بہادر سواروں کے ساتھ کشمیر پر حملہ کیا۔ خود کامران نے نوشہرہ میں توقف کیا۔ امرائے کشمیر یہ خبر سنتے ہی اٹک کی طرف مقابلے کے لیے روانہ ہوئے۔ مغل فوج تیزی کے ساتھ سری نگر میں داخل ہوئی انھوں نے شہر پر قبضہ کیا۔ شہر میں آگ لگائی اور لوگوں کا قتل عام کیا۔ ابدال ماگرے، لوہر ماگرے، ریگی چک اور علی ملک بیہرہ اوڈر کے قلعہ میں جمع ہوئے۔ مغلوں نے انھیں یہاں بھی شکست دی پھر انھوں نے آپس میں مشورہ کر کے متفقہ طور پر کاجی چک کے پاس تیز سوار قاصد کو یہ پیغام دے کر بھیجا کہ یہ ملک آپ کا ہے اور اسے بیرونی طاقتوں سے بچانا آپ کا فرض ہے۔ آپ آئیے اور ہم سب لوگ آپ کے ساتھ ہیں۔ ملک کا دفاع کرنا آپ کے لیے ضروری ہے۔

کاجی چک چونکہ محب وطن تھے۔ یہ پیغام سنتے ہی اپنے بیٹوں اور ساتھیوں کے ساتھ سری نگر پہنچے۔ اور انھوں اجن کے مقام پر امرائے کشمیر سے مل گئے۔ ان کی آمد سے کشمیریوں کا حوصلہ بڑھا۔ یہ

اتحاد کشیریوں کی قوت کا باعث ہوا اور انھوں نے جنگ آزمائی پر کمر ہمت باندھی اور مغلوں کو پسپا کر دیا۔ اتھواجن میں کاجی چک اور مغلوں کے درمیان شدید جنگ ہوئی۔ آخر کار محرم بیگ نے مغلوں کی زبوں حالی دیکھ کر عاجزی سے صلح کی درخواست کی۔ کاجی چک نے خوشی سے اسے منظور کیا۔ اور بچی کھچی مغل فوج بارہمولہ کے راستے سے اپنا سا منھ لے کر واپس چلی گئی۔[۱۹]

مرزا کامران کی واپسی کے بعد ملکِ کشمیر پانچ امرا میں منقسم ہوا۔ ایک حصّہ ملک کاجی چک کو دے دیا گیا۔ ان کی جائے اقامت زینہ پور میں مقرر کی گئی۔ دوسرا حصّہ بانگل مع منصب وزارت ابدال ماگرے کو۔ تیسرا حصّہ کامراج کا ملک ریگی چک کو۔ چوتھا حصہ پرگنۂ ولر کا ملک علی کو۔ ایک حصّہ بطور جاگیر و تنخواہ کے سید ابراہیم خان کو ملا۔ بقول حسن پانچواں حصہ لوہر ماگرے کو دیا گیا تھا۔ اس طرح ایک سال ان تمام امرا میں باہمی اتفاق سے گزرا۔

مرزا حیدر کا حملہ

۹۳۹ھ (مطابق ۱۵۳۲ء) میں سلطان سعید خان والیِ کاشغر نے لداخ پر حملہ کیا۔ انھوں نے لداخ کے صوبہ تبرا پر قبضہ کیا۔ خود وہ لداخ میں ہی ٹھہرے۔ اسی دوران موسم سرما کی وجہ سے راستے بند ہوگئے۔ لداخ میں سعید خان کے قیام لشکر کے لیے گنجائش نہیں تھی۔ اس لیے انھوں نے اپنے بیٹے سکندر خان کو مرزا حیدر کاشغری کی سربراہی میں ۷ ہزار سواروں کا لشکر گراں کشمیر پر حملہ کرنے کے لیے بھیجا۔ یہ ترک لشکر لار کے علاقے سے سری نگر میں داخل ہوگیا۔ شہر کے لوگ ان کے خوف و دہشت سے درّوں اور پہاڑوں میں چھپ گئے۔ مرزا حیدر کچھ دنوں کے لیے سری نگر نوشہرہ میں ٹھہرے۔ اس کے بعد وہ کامراج کی طرف روانہ ہوئے۔ مرزا حیدر نے قتل عام کا بازار گرم کیا۔ جو جہاں پر نظر آتا تھا اس کو وہیں پر قتل کرتے تھے۔ شہر کو خاکستر کیا۔ امرا ڈر کے مارے قلعۂ ہانجک میں پناہ گزیں ہوئے۔ قتلِ عام کے بعد مرزا نے عورتوں اور بچوں کو غلام بنایا۔[۲۰] مصنفِ تاریخ کشمیر کہتا ہے کہ

> "اہل شہر از سطوت و ہیبت کاشغریاں جلائے وطن اختیار کردہ در شعاب جبال و مغارہ و زوایا پنہاں گردیدند۔ و در قلمروِ کشمیر حیض و بیض و ہرج و مرج افتاد۔ و علما و فضلا و اکابرانِ شہر در جزیرۂ لنک میانِ تالاب اُولر منزوی گشتند۔ و امرائے کشمیر در قلعۂ ہانجک محصور نشستند و مرزا حیدر چند روز در نوشہرہ اقامت کردہ بجانب کامراج یورش نمود۔ ہر جا کہ می رسید، دست نہب و غارت دراز کردہ

مرداں راقتل عام ساخت وزنان وطفلاں بہ اسیری وغلامی می برد"[21]

مصنف بہارستان شاہی نے مرزا حیدر کی سفاکی اور خونریزی تفصیل سے بیان کی ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ:-

"اہل شہر و مردم مملکت ہمہ جلائے اوطان کردہ، شواہقِ جبال و جزائر بحار ملجا و ماوا گرفتند۔ ولشکر مغل بہرجا کہ می رسیدند مردم را قتل می کردند و کشا کشی و خونریزی بے نہایت نمودند۔ اسباب واشیاء و املاک مردم را غارت می کردند۔ وعورات و اطفال را اسیری وغلامی می بردند و از بے باکی و نہایت بے دینی شہر اسلام دارالحرب می پنداشتند وخونِ مسلمانان راشیر مادر خود می دانستند۔ جملہ قضاۃ وعلماء و فضلاء جلائے وطن نمودہ بجزیرہ لنگ پناہ گرفتہ بودند"[22]

علماء اور مجتہدین کشمیر نے ایک زبان ہو کر فتویٰ جاری کیا کہ جو کشمیری مرزا حیدر کی فوج کے خلاف لڑتے لڑتے مرجائے گا وہ شہید ہوگا۔ اس حکم جہاد سے کشمیریوں کے حوصلے بلند ہوئے۔ چنانچہ صحرائے بابل کرو (مازنٹڈ) میں کشمیریوں اور ترکوں کے درمیان زبردست جنگ ہوئی۔ کشمیریوں نے اعلیٰ پیمانے پر جوہر شجاعت اور مردانگی دکھائی۔ ان کے ۱۶ سو سپاہی کھیت پڑ گئے۔ وہ لوگ کمی تعداد کی وجہ سے مغلوب ہوئے۔ جب یہ حال ملک کاجی چک نے دیکھا تو انھوں نے فوج کی کمان خود سنبھالی اور دن رات ترکوں سے جنگ لڑتے رہے۔ آخر کار ترک لڑتے لڑتے عاجز آگئے۔ اس اثنا میں مرزا حیدر اور دائم علی بیگ میں پھوٹ پڑ گئی۔ اور آخرالذکر ہتھیار ڈالنے پر مجبور ہوگیا۔ مرزا حیدر اپنے بچے کھچے سپاہی ساتھ لے کر لار کے راستے سے واپس چلے گئے۔ تاریخ کشمیر میں یہ واقعہ یوں مندرج ہے:-

"بعد ازاں کاجی چک و امرائے مملکت باوجود ہزیمت باز جمعیت کردہ درپئے انتقام ترکان مستعد شدند و بہ محاربات بسیار و شبخونہائے بے شمار دمار از ترکان برآوردند۔ ہرجا کہ مغلان نزول می کردند امرائے کشمیر دنبال آنہا می بودند، ہیچ روزے از حرب و ضرب و شبخون خالی نمی گذاشتند۔ عاقبت مغلان از جدال و قتال بہ تنگ آمدہ۔ خواہان صلح شدند...... و از راہ لار بہ مراجعت و معاودت پرداخت"[23]

مرزا حیدر کے واپس چلے جانے کے بعد امرائے کشمیر یعنی ابدال ماگرے، لوہر ماگرے، ریگی چک، علی رینہ اور کاجی چک ملک کی سابقہ تقسیم پر قائم رہے اور ہر ایک اپنے اپنے حصے پر تین سال تک قابض و متصرف

رہا۔ اس عرصے میں کشمیر میں امن و امان رہا۔ کسی نے کسی کے خلاف محاذ آرائی نہیں کی۔ بلکہ آپس میں محبت، یگانگی اور میل ملت کا مظاہرہ کرتے رہے۔ اسی دوران ۹۴۳ھ (مطابق ۱۵۳۶ء) میں سلطان محمد شاہ کا انتقال ہوا۔ ان کی وفات کے بعد ان کے بیٹے سلطان شمس الدین ثانی تخت نشین ہوئے۔ وہ برائے نام بادشاہ تھے۔ عنان حکومت ملک کاجی چک کے ہاتھ تھی اور وہی سلطنت چلاتے تھے۔ شمس الدین ایک سال تک برائے نام حکومت کر کے قضا کر گئے۔[۲۴]

شمس الدین کی وفات کے بعد ان کے دوسرے بھائی سلطان اسماعیل شاہ ۹۴۵ھ (مطابق ۱۵۳۸ء) میں بادشاہ ہوئے۔ وہ بھی برائے نام تھے۔ سلطنت کا نظم و نسق کاجی چک ہی چلاتے تھے۔ ان کی اس بڑھتی ہوئی قوت کے خلاف ماگریوں نے پھر سازش اور بغاوت کا علم اٹھایا۔ سوپور میں فریقین کے درمیان زبردست گھمسان کا رن پڑا۔ اگرچہ کاجی چک کی طرف سپاہیوں کی تعداد بہت کم تھی لیکن دولت چک اور سید ابراہیم بیہقی نے جس ثابت قدمی اور بہادری کا مظاہرہ کیا اس نے میدان جنگ کا پانسہ ہی پلٹ دیا اور نتیجے میں ماگریوں کو شکست کھانی پڑی۔ ان کے بہت سے سردار اور امراء تہہ تیغ کر دیے گئے۔ تاریخ میں اس لڑائی کے بارے میں درج ہے کہ:۔

"باقی جمعیت ماگریاں ہزیمت خوردہ بجانب ہندوستان گریختند۔ و دراں محاربہ ایں طائفہ سادات بیہقی چناں دست برد بر جماعت ماگریاں کشودند کہ اگر سام نریماں می دید۔ زبان ثنائے بر مبارزت ایشاں می کشودے۔
ایں جنگ در سال نہصد و چہل و پنجم ہجری بود "[۲۵]

شکست کے بعد ابدال ماگرے، ریگی چک اور دوسرے امرائے کشمیر ہندوستان کی طرف بھاگ گئے اور ملک کاجی چک فاتح کی حیثیت سے سری نگر آئے اور سلطنت کے کاروبار میں مصروف رہے۔

کاجی چک کا بڑھتا ہوا اقتدار ابدال ماگرے، ریگی چک اور دوسرے امرائے کشمیر کی آنکھوں میں کھٹکتا رہا۔ اور وہ ہندوستان میں ان کے استیصال اور کشمیر کی سودا بازی کے لیے سازشوں میں مصروف رہے۔ چونکہ بے بس تھے اس لیے انھوں نے مذہب کی آڑ لے کر مرزا حیدر کاشغری اور خواجہ باندے کشمیری کی وساطت سے ہمایوں بادشاہ کو کشمیر میں شیعہ مسلک کی ترقی و ترویج کا رونا رو دیا۔ اور کتاب احوط کے بہانے سے جس کا ذکر میر شمس الدین عراقی کے

سلسلے میں ہو چکا ہے بادشاہ سے درخواست کی کہ وہ کشمیر پر حملہ کرکے اُسے اپنی سلطنت میں شامل کریں۔ اس وقت ہمایوں نے شیر شاہ سوری کے ہاتھوں شکست کھائی تھی۔ اس لیے انھوں نے کشمیری امرا کی درخواست مسترد کردی۔ تاریخ کشمیر کے صفحات میں یہ ناخوشگوار واقعہ یوں مندرج ہے۔

"چوں ابدال ماگرے وریگی چک از جنود اہل سنت وجماعت بودند۔ وبہ سبب تغلّب کاجی چک درجنگ سوپور ہزیمت خوردہ بہ جانب پنجاب خراب و آوارۂ اوقات گزاری می کردند۔ درآں حال فرزندان خود در پیش گاہ ہمایوں بادشاہ بامیّد معاونت ومعاضدت فرستادند۔ ودرآں جا بوساطت میرزا حیدر وخواجہ بانڈے بخدمت ہمایوں بادشاہ حقیقت استیلائے متابعان شمس عراقی بہ شیوع مذہب تشیّع مفصل عرضداشتہ کتاب احوط تصنیف میر شمس عراقی بعینہٖ گزرانیدند وبرائے اصلاح مذہب وفرستادن افواج بکشمیر التماس نمودند۔ دراں ایّام ہمایوں شاہ ازدست شیر خان افغان ہزیمت خوردہ وارد لاہور شدہ بود۔ وموجب خواستگاری امرائے کشمیر عزم عزیمت ایں حدود بخاطر خود جزم نمود۔ امّا مرزا ہندال اورا ازیں خیال بازداشت ...... والتماس امرائے کشمیر را التفات نہ نمود" ۲۶

مرزا حیدر کا حملہ

ہمایوں بادشاہ کے انکار کے بعد ابدال ماگرے اور ریگی چک وغیرہ نے مرزا حیدر کاشغری کی طرف الحاق کشمیر کے بارے میں رجوع کیا۔ اور انھیں اپنی بھرپور حمایت کا یقین دلاکر کشمیر پر حملہ کرنے کی ترغیب دی۔ مرزا حیدر کشمیریوں کی درخواست پر ایک فوج گراں کے ساتھ چیرہ ہار کے راستے سے وارد کشمیر ہوئے۔ یہ ۲۱ رجب ۹۴۷ھ کا واقعہ تھا۔ جب کاجی چک کو خبر ہوئی تو وہ فوراً گنز بل کے درے پر مدافعت کے لیے تیار رہے۔ کشمیری امرا مرزا حیدر سے مل گئے۔ کاجی چک نے جب یہ دیکھا تو وہ بغیر مقابلے کے نوشہرہ چلے گئے اور اس طرح مرزا حیدر بغیر کسی مزاحمت کے کشمیر پر قابض ہوگئے۔ انھوں نے سلطان ابراہیم کو تخت سلطنت سے معزول کرکے سلطان فتح شاہ کے بیٹے نازک شاہ کو بٹھایا۔ وزارت کا خلعت ابدال ماگرے کو پہنایا۔ اور کشمیر کو تین حصّوں میں تقسیم کیا۔ ایک حصّے پر خود قابض رہے۔ دوسرا اور تیسرا حصّہ ابدال ماگرے اور ریگی چک کو بخشا۔ اسی اثنا میں ابدال ماگرے کا

انتقال ہوا۔ مرزا حیدر نے ان کی جاگیر و منصب ان کے بیٹے حسین ماگرے کو دیا۔

ملک کاجی چک ہمیشہ سے بیرونی طاقتوں کے خلاف تھے۔ وہ مرزا حیدر کے مظالم سے واقف تھے۔ اس لیے انھوں نے حب الوطنی کے جذبے کے تحت بیرونی قبضے کو چھڑانے کے لیے شیر شاہ سوری سے مرزا حیدر کے خلاف امداد طلب کی۔ شیر شاہ نے کاجی چک کا احترام کیا۔ انھیں خان خانانی کا خطاب دے کر ہزار سواروں کے ساتھ روانہ کیا۔ جب وہ ہیرہ پور کے راستے سے داخل ہوئے تو ادھر سے مرزا حیدر کاشغری، ریگی چک، عیدی رینہ، حسین ماگرے اور دوسرے سردار نکلے وتھنار کے مقام پر شدت کی جنگ ہوئی۔ کاجی چک نے کمال بہادری کا مظاہرہ کیا۔ چونکہ فوجی طاقت نہایت قلیل تھی اس لیے شکست ہوئی۔ یہ واقعہ ۹۴۷ھ مطابق ۱۵۴۱ء کا تھا۔ ملا یوسف الماس خطیب نے مرزا حیدر کے ہاتھوں تسخیر کشمیر کی تاریخ "فتح مکرر" ۹۴۸ھ یعنی "فتح اول پارسال" و "فتح مکرر" "امسال کہی۔ کاجی چک، دولت چک اور سید ابراہیم بیہقی اپنی مٹھی بھر جماعت کے ساتھ بیرہ ہار کے راستے سے پرونچ (پونچھ) چلے گئے۔[۲۷]

فتح کشمیر کے بعد مرزا حیدر اپنے سیاسی مقاصد کو پورا کرنے کے لیے ریگی چک کے ساتھ خانقاہ میر شمس الدین کی زیارت اور شاہ سید احمد مجذوب کی ملاقات کے لیے زڈی بل گئے۔ مرزا حیدر نے خانقاہ کا طواف کیا اس کو اندر اور باہر سے دیکھا اور میر شمس الدین کے کارناموں کو سراہا۔ انھوں نے ان کے روضے پر فاتحہ پڑھی۔ اور ایک حافظ قرآن خواجہ حافظ اسماعیل سے آیت الکرسی کی تلاوت کرائی۔ اس کے بعد پھر فاتحہ پڑھی اور خضوع وخشوع سے باہر آئے۔ باہر جب آنے لگے تو خانقاہ کی طرف احترام کے طور پیٹھ نہیں کی تھی بلکہ اس کی طرف منھ کر کے الٹے چلے تھے۔ اس کے بعد وہ خانقاہ کے صوفیوں اور درویشوں کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ملک ریگی چک نے جب یہ دیکھا تو وہ آتش حسد سے جلنے لگے اور کہا

"ما دریں جا برائے ہمیں گفتگوئے شما آمدہ ایم"؟[۲۸]

اس واقعہ کے بعد مرزا حیدر کو ریگی چک سے رنجش پیدا ہوئی اور وہ ان کے استیصال کے درپے رہے۔ انھوں نے خواجہ حاجی بانڈے، ملک عیدی رینہ اور حسین ماگرے کے مشورے سے کامراج میں ریگی چک کی گرفتاری کے لیے فوج بھیج دی۔ ریگی چک کرناہ کے راستے سے پونچھ میں ملک کاجی چک سے ملے اور ان سے رشتۂ اتحاد مستحکم کیا۔ ادھر مرزا حیدر کا مراج میں ریگی چک کی املاک کو نذر آتش

کر کے واپس اندر کوٹ آگئے۔ ۲۹ے

۹۵۱ھ مطابق ۱۵۴۴ء میں ملک کاجی چک ریگی چک کے تعاون سے کشمیر آئے۔ یہاں گوری مرگ (گل مرگ) میں انھوں نے مرزا حیدر کے خلاف محاذ قائم کیا۔ مرزا حیدر مغلوں اور کشمیریوں کی ایک بڑی جماعت کے ساتھ وہاں پہنچے۔ اور ان کا محاصرہ کیا۔ سخت لڑائی کے بعد ملک کاجی چک سید ابراہیم بیہقی اور دوسرے امرا شکست کھا کر پنجاب کی پہاڑیوں کی طرف بھاگ گئے۔ اسی اثنا میں تھنہ کے مقام پر بعارضہ بخار کاجی چک کا انتقال روز جمعہ ۲۳ جمادی الاخر ۹۵۱ھ مطابق ۱۲ ستمبر ۱۵۴۴ء کو ہوا۔ "فوت سردار" تاریخ وفات ہے جس سے ۹۵۱ کے اعداد نکلتے ہیں۔ ۳۰ے

کاجی چک کی بہادری

کاجی چک نہ صرف قبیلۂ چک کے ہی سردار تھے بلکہ وہ قوم و وطن کے محافظ، نگہبان اور سپاہ سالار تھے۔ انھوں نے اپنی غیر معمولی شجاعت کے کارناموں سے ہمیشہ مغل افواج کے عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ تاریخ کشمیر میں ان کی بے مثل بہادری کے عظیم واقعات ہمیشہ کے لیے محفوظ رہیں گے۔ وہ میدان جنگ میں دشمن پر چھا جاتے تھے۔ ان کی بہادری کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ سوپور میں انھوں نے شمس چک (متوفی ۹۰۰ھ) کے چھکے چھڑائے تھے۔ ان کا سارا بدن میدان جنگ میں زخموں سے چور تھا لیکن پائے ثبات میں لغزش نہ آنے پائی۔ اس جنگ عظیم میں انھوں نے وہ پامردی اور داد شجاعت دی کہ تاریخ کشمیر میں اس کی نظیر کہیں نہیں ملتی ہے۔ اس جنگ کے بارے میں مصنفِ بہارستان شاہی کہتا ہے کہ

> "ملک کاجی چک درآں محاربہ مبارزتے نمود۔ کہ اگر رستم دستان و سام نریمان آں شجاعت و مبارزت می دیدند بر ہفتاد پشتِ او تحسین و آفریں می کردند۔ و بر سر در روئے و تمام وجودِ او چنداں جراحتہا و زخمہا رسید کہ جملہ آشنا و بیگانہ از حیات وے مایوس و ناامید گشتند و بعضے اقربا او را ازآں معرکہ برداشتہ بر مرہم و علاج وے اشتغال نمودند۔ چوں حق تعالیٰ حکومتِ ایں ممالک و سعادات ہائے دینی و دنیوی باو مقرر کردہ بود بلطفِ عمیم خود او را باز حیات بخشیدہ بصحت و سلامت رسید" ۳۱ے

۹۳۵ھ مطابق ۱۵۲۸ء میں موضع بانگل میں شیخ علی بیگ کی قیادت میں شہنشاہ بابر کے لشکرِ گراں سے

ملک کاجی چک کا سخت مقابلہ ہوا۔ بابری لشکر میں سے ایک جوان بہادر جونشۂ شجاعت میں جھوم رہا تھا اور جس کی بہادری کی دھاک چار دانگ عالم میں مچی ہوئی تھی آگرے سے کشمیر کاجی چک کو دیکھنے آیا تھا اور یہاں ہر ایک سے کہتا رہا کہ مجھے کاجی چک کی شکل وصورت دکھا دے تاکہ میں اُسے سے مردانہ وار مقابلہ کروں۔ یہ کہہ کر وہ اپنے لشکر سے نکل کر ملک کاجی چک کی فوج کی طرف آیا اور چلایا!—

"کاجی چک کیست؟ کہ باو جنگے خواہم کرد۔ باید کہ از فوجِ خود بیروں برآید۔
بیک دیگر ساعتے بگردیم و یک دیگر را بیازمائیم!"

ملک کاجی چک نے جب دیکھا کہ وہ جوان مرد ہوا کے گھوڑے پر ان کی طرف للکار رہا ہے تو وہ اپنی فوج کو ہٹا کر اس کی جانب قدم اٹھانے لگے۔ مغل جوان نے بھی اپنے گھوڑے کو بڑے کروفر کے ساتھ ان کی سمت بڑھایا۔ اس نے حملہ کرنے میں سبقت کی اور کاجی چک کے سر پر شمشیرِ برق دم ماری۔ ملک کاجی نے ڈھال سے اپنے سر اور چہرے کو اس کی ضربت سے بچالیا۔ اور پھر دفاع میں اس کی چھاتی پر نیزہ اس زور سے مارا کہ زرہ بکتر اور بھاری ہتھیار پہننے کے باوجود وہ نیزہ ایک بالشت اس کی چھاتی کے پار ہوا۔ جب مغل جوان زخم کھا کر زمین پر گر پڑا تو ملک کاجی چک نے اُس سے کشمیری زبان میں کہا کہ:۔

"ہمیں است کاجی چک کہ از آگرہ تابہ کشمیر برائے جان خود می طلبیدی"

یہ کہہ کر سری نگر کی طرف روانہ ہوئے۔ ادھر مغلوں کی جو حالت دیکھی وہ بھی سنئے:۔

"چوں لشکرِ مغل نزد آں مبارز رسیدند۔ اندک رمقی از و ماندہ بود و باں لشکر گفت کہ ہر کہ در عقب آں مرد (ملک کاجی چک) تازد، جانِ خود را در ورطۂ ہلاک اندازد۔ سرِ خود را در میدانِ مرگ بازد۔
چوں ترکان آں مبارز را دیدند و آں زخم نیزہ ملاحظہ نمودند۔ عنان از دویدن تاختن باز کشیدند و آہستہ آہستہ در عقب او می رفتند" ۳۲ھ

کاجی چک کی رواداری

ملک کاجی چک بڑے روادار اور انصاف پرور تھے۔ جو خوبیاں کسی ملک و قوم کے سردار میں ہونی چاہئیں وہ ملک کاجی چک میں اس معاہدے کے تحت بے کم وکاست پائی جاتی تھیں جو انھوں

نے اقتدار حاصل کرنے سے قبل میر سید شمس الدین عراقی کے ساتھ عدل وانصاف کی بنیادوں پر کیا تھا۔

اپنے دورِ اقتدار میں ملک کاجی چک سے استقلال واستعداد کا دامن کبھی نہیں چھوٹا۔ اور ابتدا سے آخر تک دین اسلام میں چار چاند لگا دئے۔ کبھی ملک وقوم سے اقتدار اعلیٰ کے لیے غداری نہیں کی۔

کاجی چک دشمن کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتے تھے۔ ان کے جرم کو درگذر کرتے تھے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ ان کے مراتب و مناصب میں اضافہ کرتے تھے۔ جو واجب القتل ہوتے تھے ان کی جان بخشی کرتے تھے اور کچھ وقت کے لیے قید میں ڈالتے تھے۔ پھر ان کی خطاؤں کو معاف کر کے انھیں آزاد کرتے تھے لڑائی میں اگر دشمن بھاگ جاتا یا کسی اور کمزوری یا غلطی کا مرتکب ہوتا تھا اس کو بھی چھوڑ دیتے تھے اور کسی کا پیچھا نہیں کرتے تھے۔ تاریخ کشمیر میں ملک کاجی چک کے یہ اوصافِ حمیدہ ان الفاظ میں درج ہیں :۔

"ملک کاجی چک حاکم ایں ولایت ووالیِ ایں مملکت باستقلال واستعداد تمام بود۔ واعلام شرعیہ واسلام درعایت دین انام براوج عزت و ذروۂ کرامت می افراخت۔ و بالحقیقت باحکام سلطنت و پادشاہی ایں ولایت می پرداخت۔ بعضی سران وسردارانِ قبائل وطوائف کہ داعیۂ فساد وفتنہ انگریزی داشتہ علم مخالفت ومعاندت می افراشتند بند می ساخت وحبس وقید ہا می انداخت۔ وبقتل کشتن کسے از ایشان نمی پرداخت۔ بعد از چند مدت از گناہانِ ایشان می گذشت و باز جاگیر بقدر ایشان مسلم وارزانی می داشت۔ و ہر چند بقین خاطرِ دریائے مقاطرش می شد کہ قصدِ جانِ وے دارند۔ اما وے کسے را بقتل نمی رسانید و اولاد و احفادِ او کہ اکنون برسریر سلطنت و تخت و حکومت دم استقلال واستبداد می زنند۔ خواہ دانند یا نہ دانند۔ ہمہ بہ یمن وسعادت واحسان واکرام اوست" ۵۳۳

ملک کاجی چک کی فہم وفراست

ملک کاجی چک امورِ سلطنت اور جوہر شجاعت کی اعلیٰ خوبیوں کے علاوہ فہم وفراست کی

دولت سے بھی مالا مال تھے۔ کتب تواریخ میں ان کی فراست اور دانشمندی کی تعریف کی گئی ہے۔ فرشتہ کہتے ہیں کہ:۔

"محمد شاہ نے ملک کاجی چک کو جو فراست اور عقلمندی میں مشہور و معروف تھے۔ وزارت کا عہدہ سونپا۔ ملک کاجی چک مقدمات کا فیصلہ کرنے میں یدطولیٰ رکھتے تھے۔ چنانچہ مشہور ہے کہ ایک شخص (کاتب) کی زوجہ نے اس کی عدم موجودگی میں بے صبری کرکے دوسرا عقد کر لیا۔ یہ شخص ظاہر ہوا اور شوہر اول و دوم کے درمیان مناقشہ ہوا۔ مقدمہ ملک کاجی کے روبرو پیش ہوا۔ فریقین میں سے کوئی بھی شخص اپنے دعویٰ کے سلسلے میں ٹھوس ثبوت پیش نہ کر سکا۔ اور فیصلہ بے حد مشکل نظر آیا۔ ملک کاجی چک نے عورت سے کہا کہ میرے نزدیک تو سچ کہتی ہے۔ اور یہ شخص جو تیرے شوہر اول کا مدعی ہے دروغ گو ہے۔ آ اور تھوڑا سا پانی اس دوات میں ڈال دے تاکہ میں اسی سیاہی سے تیرے حق میں مقدمے کا فیصلہ تحریر کر لوں کہ کاذب مدعی کو تجھ سے کچھ سروکار باقی نہ رہے۔ عورت اٹھی اور اس نے بقدر ضرورت پانی دوات میں ڈالا۔ ملک کاجی نے اور تھوڑا پانی ڈالنے کا حکم دیا۔ عورت نے دوبارہ اس قدر قلیل پانی دوات میں ڈالا جس کی آمیزش سے روشنائی پھیکی نہ ہونے پائی۔ اور اس مرتبہ پانی ڈالنے میں بڑی احتیاط سے کام لیا۔ ملک کاجی نے حاضرین عدالت سے کہا کہ عورت کی اس احتیاط اور دوراندیشی سے ثابت ہوگیا کہ عورت شوہر اول کی زوجہ ہے۔ عورت نے خود بھی اس فیصلے کی تصدیق کی اور اس طرح جھگڑا خوبی کے ساتھ طے ہوگیا" [۱۲]

مرزا حیدر اور کشمیریوں کا قتلِ عام

ملک کاجی چک کے انتقال کے بعد چک خاندان اور ان کے ساتھ وابستہ لوگوں کے حوصلے اور ولولے ٹوٹ گئے اور یہ لوگ پریشانی اور زبوں حالی کی زندگی بسر کرنے لگے۔ ان کی بدحالی کا فائدہ اٹھا کر مرزا حیدر نے دستِ تظلم دراز کرنا شروع کیا۔ یہاں کے سبھی لوگ اس کی ستم شعاری اور سفاکی سے پہلے سے ہی واقف تھے مگر پھر بھی بعض لوگوں کی ناعاقبت اندیشی کے سبب اس نے دوبارہ کشمیر میں اپنی جارحیت کا تسلط جما دیا۔ جب وہ پہلی مرتبہ ۹۲۹ھ میں کشمیر میں حملہ آور ہوا تھا تو اس

نے چھ ماہ تک یہاں قتل عام کا بازار گرم کیا تھا۔ اس قتل عام کے پیش نظر یہاں کے علماء اور بزرگانِ دین نے اس کے خلاف لڑنے کے لیے جہاد کا حکم دیا تھا۔ کشمیریوں نے متحد ہو کر اس کے خلاف جہاد لڑا اور اس کو واپس ڈھکیل دیا تھا۔

دوسری مرتبہ ۹۴۸ھ میں بعض خود غرض اور مفاد پرست کشمیریوں کی حمایت سے اس نے کشمیر پر قبضہ کیا۔ نازک شاہ کو برائے نام بادشاہ رکھا اور عنانِ سلطنت اپنے ہاتھ میں سنبھالی جو چاہتا تھا کر لیتا تھا جن لوگوں نے اس کے تسلط اور بربریت کے خلاف آواز اٹھائی ان کا قلع قمع کیا۔ کاجی چک کے انتقال کے بعد اس نے امامیہ، نوربخشیہ، ہمدانیہ اور شافعی مسلک کے مسلمانوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ ان مسالک کے علماء نے ۹۳۹ھ میں مرزا حیدر کے خلاف حکم جہاد دیا تھا۔ اب کی مرتبہ وہ ان مسلک کے لوگوں کو اپنی حکومت کا خیر خواہ نہیں سمجھتا تھا۔ اسی لیے وہ حنفیوں کے سوا باقی تمام لوگوں سے متنفر ہو گیا تھا۔ اس کا اصل مدعا یہ تھا کہ ان لوگوں کے قتل عام کے بعد اس کی حکومت کی بنیادیں مستحکم ہو سکتی ہیں۔ اسی لیے اس نے حاجی بانڈے، عیدی رینہ اور حسین ماگرے کے باہمی تعاون سے یہاں کے بڑے بڑے علماء و فضلاء، عابد شب گذار، اور صاحبان تقویٰ کو جن کی زندگی محرابِ عبادت میں گذری تھی بڑے بہیمانہ طریقے سے تہہ تیغ کیا۔ ان کی لاشوں کے ساتھ ناقابل بیان بدتمیزیاں کیں۔ ان کے اعضاء قطع و برید کیے گے بعضوں کے سر وکھلی میں کوٹے گئے۔ بعضوں کو جلایا گیا۔ اس درندگی، سفاکی اور قتل عام میں وہ تمام لوگ شریک تھے جو غداری کے طور پر بار بار کشمیر کا الحاق مغلوں کے ساتھ چاہتے تھے اور جنھوں نے مرزا حیدر کی جارحیت اور سامراجیت کو "فتح اول یار سال" اور "فتح مکرر امسال" کے نعروں سے استقبال کیا تھا۔ اس ظلم و ستم اور قتل عام کا شکار زیادہ تر شیعہ مسلمان ہوئے تھے۔

مرزا حیدر بڑا متعصب اور دشمنانِ آل رسول کا سرگروہ تھا۔ اس کو حضرت علیؑ کی ذاتِ مقدس سے بغض و حسد تھا اور حضرت علیؑ کے نام لیواؤں سے کینہ و عناد رکھتا تھا۔ چنانچہ اس نے حاجی بانڈے اور دوسرے امرائے کشمیر کے تعاون سے ۹۵۵ھ مطابق ۱۵۴۸ء میں شیعہ مسلمانوں کے قتل عام کا حکم دیا۔ کتب تواریخ میں یہ قتلِ عام ان الفاظ میں ہمیشہ کے لیے محفوظ رہیں گے:۔

"در ۹۵۵ھ علم تعصب افراشتہ۔ باتفاق اعیان شہر مردم عوام را اشتعال داد برتاراج شیعہ ہا دلیر نمود۔ چنانچہ باشارۂ او عوام ہر سو تاختہ، شیعہ ہا را تاخت و تاراج نمودند۔ و بیوت آنہا را در دادہ خاکستر کردند۔ و خانقاہِ

شمس عراقی کہ در جڈی بل بود باآتش افروختند ولاشۂ شمس عراقی راازگور کشیدہ در سبرگین سگاں طعمۂ آتش نمودہ ۔ مرقد او رامزبلِ اہل شہر کردند۔

تنگلی ریشی کہ از مریدان بابا علی نجار بود و در نواحی پرسپور رواجے داشت از شالی کوب سرش کوفتہ لاشۂ او در سرگین افروختند و قاضی میر علی اخراج کردہ خانۂ اوراغارت نمودند و ملا حاجی خطیب از تیغ گذرانیدند"٣٦ھ

ملا حاجی خطیب ایک نامور ستی عالم و فاضل تھے ۔ وہ شیعہ ہونے کے الزام میں قتل کیے گئے ۔ مرزا حیدر نے میر شمس الدین عراقی کے ایک مشہور و معروف اور بزرگ دین صوفی اور درویش بابا داؤد کو پہلے قتل کیا۔ پھر ان کے بند بند جدا کیے اور آخر میں انھیں آگ میں خاکستر کر دیا۔

بابا علی نجار جو ابتدا میں "شیخ الاسلام" بابا اسماعیل کبروی کے سب سے بڑے قابل احترام مرید تھے اور جنھوں نے بعد میں نوربخشیہ مسلک اختیار کیا تھا ان کی عمر سو سال سے تجاوز کر گئی تھی۔ مرزا حیدر نے ان کو قتل کرنے کے ارادے سے اپنے پاس بلایا۔ وہ نہایت ہی لاغر اور ضعیف تھے ۔ چلنے پھرنے سے معذور تھے ۔ کچھ آدمی ان کو تھامے ہوئے مرزا کے پاس لائے ۔ بڑھاپے اور ضعیفی کی وجہ سے ایسا لگ رہا تھا کہ بابا زمین پر گرنے ہی والے تھے یہ لوگ بابا کے قتل کے خلاف تھے ۔ جب ملک حیدر چاڈورہ کے دادا ملک محمد ناجی نے بابا علی کی حالت دیکھی تو ان کی رگِ غیرت حرکت میں آگئی ۔ مرزا حیدر نے محسوس کیا کہ ان کے قتل سے ملک میں خلل پڑنے کا امکان ہے تو اُس نے ان کے قتل سے ہاتھ روک لیا۔ لیکن اس کی غیر انسانی حرکت دیکھیے کہ بابا علی کی ڈاڑھی منڈوائی ۔ ان کے چہرے پر کالک لگائی اور پھر گدھے پر سوار کر کے واپس بھیج دیا۔"٣٧ھ

٩٥٦ھ (مطابق ١٥٤٩ء) میں مرزا حیدر اسکردو گیا۔ وہاں سے میر شمس الدین عراقی کے بڑے صاحبزادے میر سید دانیال کو گرفتار کر کے کشمیر لایا۔ یہاں ایک سال تک انھیں قید میں رکھا اور انواع و اقسام کی صعوبتیں اور ایذائیں پہنچائیں۔ ١٥ سو سونے کی اشرفیاں بھی ان سے لیں۔ اس کے باوجود عبد الرشید خان کے لعن و طعن کو دور کرنے کے لیے میر دانیال کے قتل کی ٹھانی ۔ اس نے شیخ فتح اللہ کو رشوتیں دے کر اپنے پاس بلایا اور جھوٹے اور کاذب گواہوں کو رشوتوں سے نوازا۔ ان لوگوں کی شہادتیں احکامِ شرعی کے منافی تھیں۔ آخر کار اس بزرگ دین کو ۴ صفر ٩٥٧ھ کو قضاۃِ وقت قاضی حبیب، قاضی ابراہیم اور قاضی عبد الغفور کے حکم سے شہید کیا۔ "دشتِ کربلا" ان کی تاریخ شہادت ہے۔

جس سے ۹۵۵ ہجری کے اعداد نکلتے ہیں۔

جلادوں نے میر دانیال کے بند بند اشم اوراندرکوٹ کے صحرا میں جدا کیے۔ رات کے وقت ان کے ایک مرید نے ان کا سر دفن کیا۔ دوسرے دن دوسرا مرید کشتی میں سوار ہو کر جائے قتل میں پہنچا اور اس نے ان کا بدن اٹھا کر دفن کیا۔

ملا عبداللہ نے مرزا حیدر کو قتلِ میر دانیال سے منع کیا تھا۔ مرزا حیدر نے جواب میں کہا کہ میری حکومت کی بقا کا دارومدار اسی مصلحت میں پوشیدہ ہے کہ میں ان کو قتل کروں۔

مصنف بہارستانِ شاہی نے مرزا حیدر کے قتلِ عام کی تصویر قدرے تفصیل کے ساتھ الفاظ ذیل میں کھینچی ہے۔

"مرزا حیدر دستِ تغلب از آستین تعدی بدر کشید۔ و جماعتِ محبانِ اہلبیت رسولؐ و زمرۂ موالیانِ علیؑ ولی اللہ اظہار عداوت بنیاد و غایت بغض و نہایتِ تعصب کار بداں مرتبہ رسانید کہ بتخریب و تہدیم خانقاہ منبرکہ حضرت امیر شمس الدین امر نمود و دستِ طغیاں بر قتلِ اہل اسلام و ایمان و سفک دماءِ اربابِ ایقان کشود۔ و در تاریخ ۹۵۵ نہصد و پنجاہ و پنجم ہجری حضرت ریشی را شہید ساختند۔ در ہشتم سنہ مذکور کہ روز تردید باشد۔

و در سال نہصد و پنجاہ و ششم ہجری تبت رفتہ حضرت شیخ دانیال را گرفتہ آوردہ آنحضرت را قریب یک سال در قید و زنجیر محبوس داشتہ۔ بانواع تعذیب و ایذاہا۔ قریب ہزار و یا نصد اشرفی طلا از و گرفتہ آخر از جہت دفع مطاعن و رفع ملائنِ عبدالرشید خان در قصدِ کشتن و صددِ قتل آنحضرت افتاد و شیخ فتح اللہ پیش خود آوردہ۔ گواہانِ دروغ و شہودِ کاذبہ از دے طلب نمود۔ و آں مرد ناخدا ترس جست و جو و رشو تہا دادہ۔ جماعتے فساق و ملاحدہ آوردد۔ کہ نہ در احکام شریعت گواہیِ ایشان مقبول و نہ قواعدِ مروت اقوالِ ایشان مسموع بود۔ ایشان را حاضر ساختہ۔ بعضے از ایشان بر سبب رفض آنحضرت گواہ شدند و بعضے بر تزکیہ و تنقیہ گواہان شاہد شدند۔ و آنحضرت را در بست و چہارم ماہ صفر سنہ نہصد و پنجاہ و ہفتم ہجری بحکم قضاتِ وقت قاضی حبیب، و قاضی ابراہیم و

قاضی عبدالغفور شہید ساختند۔ و بعضے از مخلصان "دشتِ کربلا" تاریخ شہادت آنحضرت یافتند و شبانگاہ مخلصِ آنحضرت سر مبارکِ آں شہید مظلوم را برداشتہ پنہاں کرد و روزِ دوم مخلصِ دیگر بہ کشتی آمدہ جسدِ آنحضرت را برداشتہ جائے مدفون ساخت۔ بعد از کشتن مرزا حیدر ہم بدنِ مطہر و سر مبارک آنحضرت جمع ساختہ در قبلہ گاہ روضۂ حضرت امیر شمس الدین محمد عراقی آنحضرت را دفن نمودند و عجیب آنکہ مرزا حیدر مصلحت مُلک خود را در کشتنِ آنحضرت دیدہ بود و در ایام گفتگوئے قتلِ آنحضرت ملا عبداللہ بطریق تدبیر مانع کشتن شدہ بود۔ مرزا حیدر در جواب او گفتند کہ با مصلحتِ ملک و بقاء دولت و سلطنتِ خویش در کشتنِ او می بینم و دفع تہمت و رفعِ بدنامی ما کہ بسبب عبدالرشید خان در قتل و کشتن او یافتیم۔ فی الواقع خونِ ناحق و قتل بے گناہِ آنحضرت سبب زوالِ دولت و موجب ویرانی مملکت و سلطنت مرزا حیدر گشت "[۳۸]

مرزا حیدر نے بس اسی پر اکتفا نہیں کی کہ شیعہ اور نور بخشیہ مسالک کے پیرو کاروں کے خونِ ناحق سے اپنے ہاتھ رنگین کیے بلکہ اس نے منادی کی کہ جو شخص بھی شیعہ یا نور بخشیہ مسلک قبول کرے گا وہ موت کے گھاٹ اتارا جائے گا۔ اس نے شیعوں اور نور بخشیوں کے ساتھ ساتھ ہمدانیہ اور شافعی مسالک کے لوگوں کا بھی صفایا کیا تھا۔ چنانچہ یہ دہشت گردی اور چنگیز خانی آٹھ سال تک کشمیر میں قائم رہی۔ مرزا حیدر کو اس بات پر فخر تھا کہ اس نے سنّی مسلک کے سوا باقی تمام مسالک کے لوگوں کو صفحۂ ہستی سے مٹایا تھا۔ اس کا اعتراف اپنی تاریخ میں یوں کرتا ہے :-

"خدا کا شکر ہے کہ اس وقت کشمیر میں کوئی شخص اعلانیہ طور نور بخشی مسلک کا اظہار نہیں کرتا ہے بلکہ تمام لوگ اپنے آپ کو سنّی مسلک کے مسلمان تسلیم کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ میری سنگدلی اور سخت جانی سے واقف ہیں انھیں بخوبی علم ہے کہ اگر وہ کوئی دوسرا مسلک اختیار کریں گے تو موت کے گھاٹ اتارے جائیں گے "[۳۹]

فرشتہ نے بھی کم و بیش انہی خیالات کا اظہار کیا ہے۔ وہ ایک جگہ تاریخ رشیدی کے حوالے سے مرزا حیدر کی زبان سے نور بخشیہ مسلک کے لوگوں کے قتل و غارت کے بارے میں لکھتا ہے کہ

"بس (مرزا حیدر) نے اکثر اہل کشمیر کو جو اس ارتداد (نور بخشیہ) پر مائل تھے۔ گروہ اہل حق میں داخل کیا اور بہتوں کو تہ تیغ کیا۔ یہ لوگ زندیق اور ملحد ہیں۔ جنھوں نے مسلمان

کو گمراہ کرنے کا بیڑا اٹھایا ہے۔" ۱۲۰

مرزا حیدر کے بیان کی تائید بہارستانِ شاہی سے بھی ہوتی ہے۔ اس میں درج ہے کہ :-

"مرزا حیدر از غایتِ انکار طریقِ مستقیمہ نوربخشیہ بلکہ سلسلۂ قویۂ ہمدانیہ را از ین ممالک بکلیہ محو و معدوم ساختہ بود۔ چنانچہ در تمام این ممالک از ان سلسلۂ شریفہ ہیچ اثرے باقی نہ ماندہ بود و قریب ہشت سال ہیچ کس از اہالی و موالی این ممالک دم از ان سلسلۂ علیہ نہ توانستند زد۔ بلکہ از کمالِ تعصبِ خود مذہبِ شافعی کہ تمام اہلِ عالم از شرق تا بغرب انکارِ آں مذہب نتوانند کرد۔ مردم این ممالک را منع می کرد۔ کہ ہیچ کس شافعی المذہب ہرگز نہ باشند۔ و ماسوئ مذہب حنفیہ تمام مذاہب را محو و نسوخ ساختہ"۱۲۱

مرزا حیدر کا شعری کا عبرتناک انجام

شانِ قدرت دیکھئے کہ میر سید دانیال کی شہادت چند ہی مہینوں کے اندر اندر کیا رنگ لائی۔ جس مقصد سے اس نے ان کو شہید کیا تھا وہ پورا نہیں ہو سکا۔ ان کی شہادت مرزا حیدر کے زوال کا باعث ہوئی اور اس کے تمام منصوبے خاک میں مل گئے۔ اس نے میر دانیال کو اپنی مملکت کے لیے سنگ راہ سمجھا تھا اور انھیں اس لیے راستے سے ہٹایا تھا کہ اس سے اس کی حکومت پائیدار اور مستحکم ہو جائے گی۔ لیکن یہ معلوم نہیں تھا کہ جس سلطنت کی اساس وہ مظلوموں کے خونِ ناحق گرانے سے قائم کرنا چاہتا تھا کیا وہ خدا کو بھی منظور تھا؟ جب خدائے بزرگ و برتر کا عتاب نازل ہوتا ہے تو بڑے بڑے شہنشاہوں کو سلطنت سمیت نیست و نابود کرتا ہے۔ یہی حال مرزا حیدر کا بھی ہوا۔ مصنف بہارستانِ شاہی اس کے تکبر، ناخدا ترسی اور اس کی بوالہوسی کا انجام ان الفاظ میں بیان کرتا ہے :-

"زہے بیوفائی دنیائے غدار! کہ مرزا حیدر ناخدا ترس خونِ حضرت شیخ دانیال را و عہدۂ اموال او را مصلحتِ ملک گویا بہ گردنِ خود گرفت و گواہانِ دروغ را رشوت نہادہ بفریب لاَّ فتح اللہ را اغوا و گمراہ ساختہ، آنحضرت را بدرجۂ شہادت رسانیدند۔ و خونِ آں چنان بزرگے دیدہ و دانستہ بگردنِ خود گرفت بہ طمع آنکہ دولتِ دنیا با وباقی و پائندہ باشد۔ و بعد از شہادتِ آنحضرت بحکم الدم الانبیام

زیادہ از ۹ ماہ نتوانست زیست" ۴۲ؔ

جو کشمیری لوگ دس سال پہلے ہندوستان جا کر مرزا حیدر کاشغری سے کشمیر پر حملہ کرانے کے ذمہ دار تھے وہی اس کے خلاف میر دانیال کے واقعۂ شہادت کے بعد اچانک صف آرا ہونے لگے۔ ملک عیدی رینہ، خواجہ حاجی بانڈے اور حسین ماگرے وغیرہ اس کے جابرانہ اور تحکمانہ نظام سے خائف ہونے لگے تھے۔ نتیجتاً وہ اس کے اقدام قتل کا منصوبہ تیار کرنے لگے۔ عیدی رینہ منصوبہ ساز تھا۔ اس نے دولت چک، غازی چک اور سید ابراہیم خان بیہقی کو اپنے ارادوں سے باخبر کیا اور ان کو کشمیر آنے کی دعوت دی۔ چنانچہ وہ عہد و پیمان کرنے کے بعد ہیرہ پور کے راستے سے ان کے ساتھ یہاں آیا۔ بالآخر تمام کشمیری امراء ایک جان دو قالب ہو کر مرزا حیدر پر حملہ آور ہوئے اور انھوں نے کھامپور کے قریب ماتر کے قلعے میں اس پر شبخون مارا۔ اور کمال دونی کے ہاتھ سے شب ہشتم ذی قعدہ ۹۵۷ھ کو قتل کیا۔ اس نے کشمیر میں دس سال تک حکومت کی" ۴۳ؔ

ملک دولت چک

مرزا حیدر کے قتل کے بعد عیدی رینہ منصب وزارت پر فائز رہے۔ نازک شاہ برائے نام بادشاہ تھے۔ امور سلطنت کے مالک عیدی رینہ ہی تھے۔ دولت چک، غازی چک، علی چک اور حسین چک جن کے حوصلے مرزا حیدر کاشغری کے قتل عام کے سبب سرنگوں ہوئے تھے، پھر ایک مرتبہ سربلند اور صاحب اقتدار ہونے لگے۔ اسی اثنا میں سلیم شاہ افغان کی طرف سے ہیبت خان نیازی اپنے بھائیوں کے ساتھ ایک لشکر جرار کے ہمراہ جموں کی طرف سے کشمیر پر حملہ آور ہوا۔ افغانی لشکر جب باہال پہنچا تو ادھر سے ملک دولت چک بڑی سرعت کے ساتھ فوج کے ہمراہ مقابلہ کے لیے روانہ ہوئے۔ ملک عیدی رینہ اور حسین ماگرے وغیرہ اپنے سپاہیوں کے ساتھ دولت چک کے پیچھے آہستہ آہستہ قدم اٹھا کر چلتے تھے۔ یہ لوگ چاہتے تھے کہ دولت چک کو شکست ہو اور وہ لڑائی میں قتل ہوں تاکہ پھر میدان ان کے ہاتھ میں آجاتا اور کوئی دشمن باقی نہ رہتا۔ اس لیے یہ لوگ جان بوجھ کر اپنے سپاہیوں کو آگے نہیں بڑھنے دیتے تھے۔ ان کی بدنیتی کے بارے میں یہ الفاظ تاریخ میں آج تک محفوظ ہیں کہ

"سبب آہستگیِ رفتن عیدی رینہ و حسین ماگرے ایں بود کہ ہر دو بر شہرت دولت چک در مدافعۂ ہیبت خان نیازی حسد می بردند و از خدا می خواستند کہ ایں

کس از میان بر رود"[۴۴]

عیدی رینہ کی یہ حرکت دیکھ کر دولت چک نے اپنی فوج دو حصوں میں تقسیم کی اور وہ الگ الگ راستوں سے دشمن کی طرف بھیج دیا۔ انھوں نے دشمن کا محاصرہ کیا۔ دوسرے دن صبح سے شام تک دونوں فوجوں میں خونریز جنگ ہوئی۔ جس میں افغانوں کا لاؤ لشکر کھیت پڑ گیا۔ ہیبت خان نیازی، اس کی زوجہ بی بی رابعہ اور شہباز خان وغیرہ جیسے نامور سپاہی لڑائی میں موت کے گھاٹ اتارے گئے۔ پورے افغان لشکر میں صرف دو آدمی بچ نکلے۔ دولت چک نے ہیبت خان نیازی، سعید خان اور شہباز خان کے سروں کو سلیم شاہ کے پاس روانہ کیا[۴۵]۔ اسی وقت انھوں نے ایک عرضداشت قاصد کے ہاتھ نازک شاہ کو بھیجی کہ شمس ملک اور یحیٰ ملک، ملک عیدی کی طرف سے میرے ہمراہ تھے۔ انھوں نے اس جنگ میں میری کوئی حمایت نہیں کی اور نہ ملک کے دفاع کے لیے ہی کوئی اقدام کیا تھا۔ ان کے دل میں گزشتہ مخالفت اور فساد کے سبب بغض و حسد کی آگ بھڑک اٹھی ہے۔ مضمون عرضداشت کتب تواریخ میں ان الفاظ میں مقید ہے :۔

"شمس ملک اور یحیٰ ملک کہ از طرف عیدی رینہ ہمراہِ من بودند۔ آنہا ہیچ گونہ رفاقت سخنی بمن نہ کردند۔ نائرۂ بغض و عداوتِ دیرینۂ شان افروختہ شدہ بود۔ ایں بے اتفاقی علاوہ اشتعال فساد و عناد نمود"[۴۶]

ملک دولت چک کی اس فتح عظیم سے ملک عیدی رینہ کے تن بدن میں حسد کے شعلے فروزاں ہونے لگے۔ اور وہ دولت چک کے استیصال اور بیخ کنی کے لیے سازشیں کرنے لگے۔ انھوں نے دولت چک کے خلاف چکانِ کیوارہ، طائفہ ماگریاں اور ساداتِ بیہقی کو اپنے ساتھ ملایا۔ اور رمضان ۹۵۸ھ مطابق ۱۵۵۱ء میں دولت چک اور ان کے ساتھیوں کی تباہی کے لیے بیڑا اٹھایا۔ چنانچہ شمس ملک، یحیٰ ملک، خواجہ بانڈے، بہرام چک، یوسف چک اور دوسرے کیواری چکوں کے تعاون سے ملک عیدی رینہ نے دریائے جہلم کے تمام پل کاٹ دئے اور لڑائی کے لیے صف آرا ہوئے۔ ملک دولت چک اور غازی خان ان کے مقابلے کے لیے نکلے۔ انھوں نے سید ابراہیم اور حسین ماگرے کو گرفتار کیا۔ اور باقی ان کے تمام ساتھی مفرور ہوگئے۔ عیدی رینہ شمہ ناگ کے جنگل میں پناہ گزین ہوئے۔ وہاں بیمار ہوئے اور کچھ دنوں کے بعد سری نگر میں انتقال کیا[۴۷]۔ تاریخ میں یہ واقعہ یوں درج ہے۔

"ملک عیدی رینہ جمیع از چکان کیوارہ کہ اہل سنت بودند۔ وطائفۂ ماگریاں و

سیدانِ بیہقی باخود متفق ساختہ۔ در ماہ رمضان ۹۵۸ھ بہ محاربت چکاں علمِ منازعت افراختہ۔ در قلعۂ علاءالدین پورہ متحصن نشستہ و مبارزت و مخالفت آنہا پیدا ساخت۔ تا آنکہ شبے شمس چک کپوارہ و نجی ملک و حاجی بانڈے و بہرام نیائیک و یوسف خان باتفاقِ جماعتے از خیل و خدم بلہائے شہر بریدہ بمحاربہ و مقاتلہ ایستادند۔ و دولت چک و غازی چک بہ مبارزت و مقابلت آنہا مبادرت نمودند۔ و سید ابراہیم خان و حبیب خان ماگرے را گرفتار کردہ محبوس داشتند۔ باقی جماعتِ آنہا در قلعۂ علاءالدین پورہ پیشِ عیدی رینہ گریختہ رفتند۔ و دولت چک از روئے خدیعت و روبہ بازی معاندان عیدی رینہ را استمالت نمودہ۔ لوہر ماگرے و لسی ملک و فتح چک و یوسف چک بخود مائل ساخت و بہ تقویت و جمعیت آنہا از دریائے بہت عبور کردہ بر جنود مخالفان بغتۃً ریختہ۔ گرد ہیجا تا بفلک بر انگیختہ خونِ ہزاراں مردم بر زمین ریختہ۔ رایت نصرت بہ اوج عزت افراخت"[۴۸]

بقول صاحبِ طبقاتِ اکبری دولت چک اور عیدی رینہ کی یہ فیصلہ کن جنگ عیدگاہ میں واقع ہوئی تھی[۴۹]

ملک عیدی کے انتقال کے بعد ۹۵۸ھ مطابق ۱۵۵۱ء میں ملک دولت چک منصب وزارت پر فائز ہوئے۔ انھوں نے سلطان نازک شاہ کو تخت سلطنت سے معزول کیا اور وہ پنجاب کی طرف چل پڑے۔ ان کی جگہ پر سلطان ابراہیم شاہ کے بیٹے اسماعیل شاہ کو برائے نام بادشاہ بنایا[۵۰]

مصنفِ بہارستانِ شاہی نے دولت چک کے مندرجہ ذیل کارناموں کو بے حد سراہا ہے۔

(۱) یہ کہ انھوں نے میر دانیال کی لاش شہاب الدین پورہ سے نکال کر نہایت ہی تزک و احتشام کے ساتھ دریائی جلوس میں سری نگر پہنچائی۔ یہاں عیدگاہ میں تابوت کا شاندار استقبال کیا گیا۔ تابوت کے ساتھ اور لوگوں کے علاوہ دولت چک بھی تھے۔ اس کے بعد تابوت زڈی بل پہنچایا گیا جہاں میر دانیال کی لاش ان کے والد میر شمس الدین عراقی کے پہلو میں دفن

کی گئی۔

(۲) یہ کہ انھوں نے خانقاہ میر شمس الدین عراقی کو جسے مرزا حیدر کاشغری نے غارت کر کے خاکستر کیا تھا پھر سے تعمیر کیا اور میر شمس الدین کی اولادوں کے لیے وہ گاؤں واگذار کیے جنھیں مرزا حیدر نے بند کیا تھا۔ دولت چک نے خانقاہ کے مجاوروں اور معتکفوں کے لیے وظیفے مقرر کیے۔

"چند دہے از وقفیاتِ قدیمہ مخلص ساخت و مجاوران و عاکفانِ آستانِ ملائک آشیاں را بوظائف و اورادات بنواخت۔ تا آں خانقاہِ متبرکہ باز بطریقۂ قدیمہ بجلوسِ اربعین و احیاءِ احکامِ اسلام و قواعدِ دین و آداب و ارکانِ عباداتِ اربابِ یقین معمور گشت و بہ مواظبتِ اوراد و اوقاتِ جمعہ و جماعات در خمس صلوٰۃ و سائر وظائف و اذکار و طاعاتِ لیل و نہار بدستِ اہتمام آں ملک سعادت یار آباداں شد"

(۳) یہ کہ مرزا حیدر نے شیعہ، نوربخشیہ، ہمدانیہ اور شافعی مذہب کے لوگوں پر پابندی لگا دی تھی اور انھیں مذہب بدلنے کا حکم دیا تھا۔ ملک دولت چک نے اس حکم تانا شاہی کو کالعدم قرار دیا اور حکم جاری کیا کہ وہ اپنے اپنے مسلک پر پھر سے قائم رہیں۔ حکم یہ ہے:۔

"ہر کس از اہالی و موالی بہر مذہب کہ خواہند باشند و ہیچ کس بر دیگرے تحکم و تکلیف نہ کنند و مزاحم یکدیگر نہ شوند"

(۴) یہ کہ دولت چک نے بابا علی کے لیے سری نگر میں حسن آباد کی بنیاد ڈالی اور یہاں ایک وسیع اور شاندار خانقاہ تعمیر کی۔ انھوں نے بابا علی کی لاش کو نکال کر حسن آباد میں دفن کیا۔ اور ان کی قبر پر ایک بڑا روضہ عوام کی زیارت گاہ کے لیے تعمیر کیا۔ علاوہ بریں انھوں نے بابا علی کے فرزندوں اور نواسوں کے لیے حسن آباد میں زمینیں خریدیں۔ ان پر باغ اور مکان تعمیر کیے۔

(۵) یہ کہ ملک دولت چک نے امامیہ مذہب کی تبلیغ و اشاعت کے لیے سرگرم حصّہ لیا۔ مسجد جامع سری نگر میں خطبۂ دوازدہ امام دوبارہ جاری کیا۔ اس سے قبل میر شمس الدین کے زمانے میں یہ خطبہ مسجد میں پڑھا جاتا تھا۔ مرزا حیدر کاشغری نے شیعان علی پر بے پناہ مظالم ڈھا کر اس خطبے کو ممنوع قرار دیا تھا۔ خود جامع مسجد کے امام صاحب قاضی حبیب اسمائے معصومین کے نام سے اجنبی اور بیگانے تھے۔ اس سلسلے میں مصنف بہارستانِ شاہی کہتا ہے کہ:۔

"از ترسِ تہدیدات و تخویفاتِ مرزا حیدر ہیچ کس از مردم ایں ممالک نام آئمہ معصومین بر زبان نمی توانستند گرفت۔ و از اغوا و اضلالِ ملایانِ ایں جا ذکر دوازدہ امام نمی کردند۔ و اطلاق امام بر ایشان گناہ و نامشروع می دانستند۔ و اہالی و موالی ایں ممالک از نام و نشانِ آئمہ معصومین و اسمائے شریفہ آئمہ اہل بیت رسول رب العالمین چناں اجنبی و بیگانہ بودند کہ یک روز در مجلس حسین شاہ از قاضی حبیب اسمائے شریفہ معصومین پرسیدند۔ و آں چناں بیگانہ بود۔ کہ بعد از اسامی شریفہ حضرت امیر المومنین امام حسنؑ و امام حسینؑ بغیر از نام حضرت امام جعفر صادق نامِ کسے نمی دانست و ہیچ یکے از آئمہ باقی بنام نہ گرفتند۔ چہ جائے آنکہ ترتیبِ نسب و تعظیم منصب ایشاں می دانست۔ و تمام اہل مجلس از نادانی و بیگانگی او حیران ماندند۔

و ایں ملک دولت چک سعادت مند در عہدِ حکومتِ خود در مسجد جامع فرمود۔ تا خطبۂ دوازدہ امام بخوانند و ازاں باز بطریقے کہ در زمانِ حیاتِ حضرت امیر شمس الدین محمد عراقی می خواندند۔ ہم در مسجد جامع و ہم جاہائے دیگر خطبۂ دوازدہ امام می خواندند۔ و ذکر آئمہ معصومین می کنند و نمی ترسند" [۵۱]

ملک دولت چک کی جسمانی طاقت

ملک دولت چک تہور و شجاعت اور طاقت و توانائی میں رستم بے بدل تھے۔ ان کے دست و بازو عام لوگوں کے مقابلے میں بہت لمبے تھے۔ جب کھڑے ہوتے تھے تو دونوں ہاتھ زانوؤں تک پہنچتے تھے۔ تیر اندازی میں بھی یگانۂ عصر تھے۔ جب کمان سے تیر رہا کرتے تھے تو وہ کروہ (ایک کروہ کی مقدار مسافت چار ہزار گز کی ہے) کے فاصلے پر نشانے پر جا لگتا تھا۔ ان کی جسمانی طاقت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ جس شہتیر کو دو سو مزدور اٹھاتے تھے۔ اس کو وہ ایک ہاتھ سے اٹھاتے تھے۔ جن دنوں ملک کاجی چک کے ساتھ شیر شاہ سوری کے پاس دہلی گئے تھے تو پاپیادہ ایک مست ہاتھی کی دم زور سے پکڑلی اور زمین پر دونوں پیر کوہِ گراں کی طرح مضبوطی سے پکڑ لیے کہ ہاتھی پریشانی کے عالم میں چنگھاڑنے لگا۔ اور اس کا شور و غوغا تا بفلک گیا۔ لیکن دولت چک نے پوری قوت کے ساتھ "زمین جنبد نہ جنبد گل محمد" کے مصداق ہاتھی کو ایک قدم بھی آگے پیچھے نہیں ہلنے دیا۔ [۵۲]

تاریخ کشمیر میں ان کی بہادری کے قابلِ فخر کارنامے اس طرح درج ہیں :-

"زور او برتبہ بود کہ خانہ ساختہ بود۔ طول آنہا خانہ چہل گز بود۔ شہتیرے علی الرسم بالائے خانہ مردم کشمیر می گذارند کہ طول آں ہم بقدرِ خانہ می باشد۔ وقطرش دو گز می بود۔ و دو بیست کس آں چوب را ببالا می کشیدند۔ ناگاہ ریسمان ہا پارہ شدہ۔ چوب رہا گشت و بجانب ملکِ مذکور افتاد۔ او را بیک دست نگاہداشت و دیگر دست بر زمین قائم کرد کہ دستش تا آرنج در خاک فرو رفت وتا بر ریسمان براں بستند نگہداشتہ بود" ۵۳

"گویند آں کہ پا پیادہ دم فیل مست را بدستِ خود مضبوط می گرفتہ۔ فیل از حرکت باز ماندہ۔ جوش و خروش وصدائے فریاد باوجِ فلک الافلاک می رسانید۔ گویند کہ قبل از تحکم وزارت ہمراہ پدر یعنی ملک کاجی چک در ہندوستان پیش شیر شاہ افغان بادشاہ دہلی رسیدہ۔ ہنگامیکہ ملک کاجی چک از شیر شاہ استمداد و کمک خواست۔ بر سبیل تعریف شیر شاہ را دولت خواہانِ خود فہمانیدند۔ کہ قوتِ بازوئے ایں جواں چک نژاد یعنی دولت چک بدیں درجہ است۔ شیر شاہ مبالغہ دانستہ۔ فیلِ مست را در معرکہ طلبیدہ۔ ملک دولت چک و شیر شاہ حضورِ سرکشانِ ہندوستان فیل مست را بشۂ نیم خواب پندا بعمل مذکور دست در بازیدہ فیل بے چارہ از جا نتوانست جنبید۔ شیر شاہ و سرکشانِ ہندوستان از گوشہ آفرینش گفتند۔ ومعرکہ آرا یانِ نامور در حلقۂ ارتباط واختلاطِ او بہ ہزار آرزو وتوسل جستند" ۵۴

اس واقعہ کو ملک حیدر چاڈورہ نے بھی بیان کیا ہے۔ ان کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک دن دلّی میں ملک دولت چک نے سرِ راہ ایک ہاتھی کی دم زور آزمائی کے لیے پکڑ لی تھی اور ہاتھی کو چلنے سے روکا تھا۔ جب یہ خبر شیر شاہ سوری کو پہنچی تو انھوں نے اس واقعہ کے بارے میں ملک دولت چک سے دریافت کیا۔ ملک مذکور نے اثبات میں جواب دیا۔ پھر بقول ملک حیدر :-

"روزیکہ خواص و عام حاضر بودند۔ فیلے را نزدِ خان آوردند۔ کہ علم الیقین بعین الیقین رسیدہ

پلنگا نش از زور سرپنجہ زیر　　　　　　　نرد برده چنگال در مغز شیر۵۵ھ

کتب تواریخ میں ملک دولت چک کی علو ہمت اور مردانگی کا ایک اور دلچسپ واقعہ یوں بیان کیا گیا ہے کہ جب ۹۳۵ھ میں ماگریوں کی قیادت میں شہنشاہ بابر کی ۲۸ ہزار فوج گراں شیخ علی بیگ کی کمان میں ملک کاجی چک پر پرگنہ بانگل میں حملہ آور ہوئی تو مغلوں کے ایک فوجی دستے نے دولت چک کو گرفتار کیا اور پابند زنجیر کر کے سری نگر کی طرف روانہ کیا۔ ملکِ مذکور کو اس لڑائی میں متعدد زخم لگے تھے، راستے میں نماز شام کے قریب دولت چک کشتی سے چھلانگ لگا کر ساحل کی جانب آگئے اور ایک تالاب میں جو متصل ہی تھا نظروں سے اوجھل ہو گئے۔ محافظ دستے نے آدھی رات تک تالاب میں چالیس پچاس کشتیوں کی مدد سے ان کی تلاش کی لیکن ان کا بال تک ہاتھ نہ آیا۔ ملک دولت نے تالاب میں اپنے کو کنول کے ایک پتے سے ڈھانپ دیا تھا۔ اور منھ پانی سے باہر نکال کر سانس لیتے تھے۔ جب فوجی دستہ تلاش کرتے کرتے بے بس ہو گیا اور نصف شب تک دولت چک کا کھوج نہ ملا تو بے نیلِ مرام چلا گیا۔ اس کے بعد وہ تالاب سے نکلے اور دشمن کے دستبرد سے اپنے کو بچایا۵۶ھ

گرفتار ہونے سے پہلے ملک دولت چک نے پہلے تو تلوار سے دشمن کا مقابلہ کیا تھا۔ جب لڑتے لڑتے تلوار ٹوٹ گئی تو انھوں نے گرز گراں سے جنگ لڑی اور ایک جوان ترک سپاہی کے سر پر گرز اس زور سے ماری کہ ایک تو گھوڑے سے گر گئے اور دوسرے گرز ان کے ہاتھ سے چھوٹ گئی۔ جب دوسرے مغل سردار نے دیکھا کہ اب وہ بغیر سلاح کے ہیں تو اس نے ان پر تلوار کا وار کیا۔ ملک نے ہاتھ اونچا کر کے اس کی تلوار چھین لی۔ اس سے ان کا دایاں ہاتھ مجروح ہو گیا۔ تلوار بائیں ہاتھ میں پکڑ کر اس مغل پر ماری۵۷ھ

دولت چک چار سال سے زاید (۹۵۸ھ تا ۹۶۲ھ) عرصے تک حکومت کر کے اپنے اور غیروں کی سازش کا شکار ہو گئے۔ فتنہ پردازوں نے غازی خان اور حسین خان کو ان کے خلاف اکسایا۔ چنانچہ غرہ ماہ ذی الحجہ ۹۶۲ھ کو یہ لوگ ان کی جان کے درپے ہوئے۔ وہ شکار کھیلنے میں مصروف تھے اور جونہی انھیں اس سازش کا پتہ چلا تو وہ کشتی چھوڑ کر کوہِ بھاگ کی چوٹی کی طرف روانہ ہوئے۔ غازی خان نے اپنا تمام لشکر ان کے پیچھے پکڑنے کے لیے بھیجا۔ آخر کار پہاڑ پر گرفتار کیے گئے۔ فتنہ پردازوں نے دو دن تک حسین خان کو مجبور کیا

کہ وہ غازی خان سے ملک دولت چک کا خاتمہ کرا دیں۔ دو دن کے بعد سازشیوں نے غازی خان کو گمراہ کیا۔ اور انھوں نے آنکھیں نکال کر ان کو اندھا بنا دیا اور اس طرح

"آں جہاں سعادت منش را در ہاویۂ ہلاکت دائمی انگندند" [۵۸]

بعد کے مورخین نے دولت چک کے خلاف کی گئی سازش کی یہ وجہ بتائی ہے کہ انھوں نے اپنے چچا کاجی چک کی دوسری بیوی سے نکاح کیا جو غازی خان اور علی خان کی والدہ تھیں [۵۹]۔

غازی شاہ

۹۶۲ھ مطابق ۱۵۵۵ء میں دولت چک کو منصب وزارت سے معزول کر کے سلطنت کا نظم و نسق اپنے ہاتھ میں لے لیا اور انھوں نے سلطان اسماعیل شاہ کو برطرف کر کے اپنے بھانجے سلطان حبیب شاہ کو برائے نام بادشاہ بنایا۔ ایک دن حبیب شاہ دربار میں بیٹھے تھے تو انھوں نے امراء و سرداران کی موجودگی میں احکام صادر کرنے میں ایسی غلطی کی کہ جس سے تمام اہل دربار کو شرمندگی اٹھانی پڑی۔ اس سلسلے میں ملک حیدر چاڈورہ کہتے ہیں کہ :-

"در تاریخ نہصد و شصت و دو کہ در دیوان نشستہ بود۔ در احکام غلطی کرد۔ کہ اکثر ارکان خجالت کشیدند۔ علی خان برادر خورد غازی خان تاج از سر حبیب برداشت۔ و بر سر غازی خان گذاشت" [۶۰]

حسن نے حبیب شاہ کے سر سے تاج سلطنت ہٹانے کی یہ وجہ بتائی ہے کہ انھوں نے سر دربار ایسے زور سے ریاح خارج کیا کہ اہل دربار اس کی آواز سے جھینپ گئے۔ بادشاہ کے اس نامعقول طرز عمل سے علی خان غیظ و غضب میں بل کھانے لگے اور انھوں نے حبیب شاہ کے سر سے تاج اٹھا کر غازی خان کے سر پر رکھا۔ حسن کے الفاظ یہ ہیں :-

"بعد انقضائے مدتِ یک سال حبیب شاہ بہ مسند شاہی نشستہ۔ گوزے شدید بکمال شد و مد انداخت کہ بہ نفیر آں اہل مجلس شرمندہ شدند۔ و علی خان بجوش آمدہ تاج شاہی از سرش برداشتہ برفرق غازی خان نہادہ۔ حبیب شاہ از نشیمنِ شاہی بیروں ساخت۔ بادشاہِ سلاطین کشمیر بہ خاتمہ رسید۔

سبحان اللہ پادشاہی دو صد و سی و دو سالہ بیک بادِ مخالف بباد رفت" [۶۱]

خاندان چک میں جو شخص سب سے پہلے بادشاہی کے درجے پر پہنچے وہ غازی شاہ ہی تھے۔ انھوں نے قلیل عرصے میں لداخ، اسکردو، گلگت، پکھلی دارود (دردستان) کشتواڑ غرضیکہ تمام کوہستان ہند کو مسخر کر کے اپنی سلطنت میں شامل کیا۔ اور ہر ایک علاقے میں دفاع کے لیے اپنے فوجی دستوں کو مقرر کیا تھا۔[۱]

۹۶۲ھ کے موسم بہار کی ابتدا میں ان فتنہ پردازوں نے جو ہمیشہ تر ہکام چکوں کی سازشوں میں ہندوستان میں بیرونی طاقتوں کے ساتھ ملوث ہوتے تھے ایک مرتبہ پھر علم بغاوت بلند کیا۔ ان کے بزرگ ہمیشہ اقتدار کی رسہ کشی کے لیے یہاں سے فرار ہو کر ہندوستان میں مغل بادشاہوں کو طرح طرح کے سبز باغ دکھا کر اپنی حمایت کا یقین دلاتے تھے اور ان کو کشمیر پر حملہ کرنے کی ترغیب دیتے تھے۔ چنانچہ انھوں نے بابر، ہمایوں، اور مرزا حیدر کاشغری کو کشمیر فتح کرنے کے لیے یہاں بھیجا تھا۔ اب ان لوگوں نے پہلے ہی مرحلے میں غازی شاہ اور ان کے بھائی حسین خان کے قتل کا منصوبہ تیار کیا کہ ان کے قتل کے بعد وہ خود تخت سلطنت پر قابض ہو جائیں۔ یہ باغی اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوئے کیونکہ غازی شاہ کو اس سازش کا پتہ چلا تھا انھوں نے مخالفین کو بلایا۔ نصرت چک، یوسف چک پسر ریگی چک اور شنکر چک حاضر ہوئے۔ بادشاہ نے ان کی چالبازی کے پیش نظر ان کو دلاسا دیا اور رات بھر کے لیے روکا۔ دوسرے دن نصرت چک کے بھائی اور دوسرے مخالفین نے دریائے جہلم کے تمام پل کاٹ دیے۔ اور غازی شاہ کے خلاف بہ مقام ذالڈگر صف آرا ہوئے۔ صبح کو غازی شاہ ان کی سرکوبی کو نکلے اور ذالڈگر میں حملہ کیا۔ شدید جنگ کے بعد انھیں شکست دی۔ نصرت چک کے بھائی اور کچھ دوسرے باغی موت کے گھاٹ اتارے گئے۔ بعد ازاں یوسف چک پسر ریگی چک قید خانے میں ڈال دیے گئے۔[۲]

تھوڑے ہی عرصے کے بعد باغیوں کے ساتھ شنکر چک اور بہرام چک وغیرہ مل گئے۔ اور سوپور میں بغاوت کا جھنڈا بلند کیا۔ غازی شاہ نے ان پر چڑھائی کی اور ان کو شکست دی۔ بہرام چک کھوہامہ میں گرفتار کر کے سری نگر میں قتل کیے گئے۔ یوسف چک اندھے کر کے قید کیے گئے لیکن ان کی آنکھیں درست ہو گئیں۔ کچھ دنوں کے بعد جیل سے فرار ہو کر پنجاب چلے گئے۔ ان کے بھائی ابراہیم چک کا صفایا کیا گیا۔ اس طرح غازی شاہ نے اپنے بھائی ملک حسین چک اور علی چک کے تعاون سے ملک کشمیر کو خس و خاشاک سے صاف کر کے ایک قلعے کی طرح مضبوط بنایا۔

ابو المعالی کی شکست اور مغلوں کے سروں کا منارہ

غازی شاہ کا کارنامہ یہ ہے کہ انھوں نے اپنے عہد میں کمال جرأت و مردانگی کے ساتھ ہمیشہ مغل سامراجیوں کو جن کی پشت پناہی مفاد پرست اور وطن دشمن کشمیری کر رہے تھے شکستِ فاش دی۔ انھوں نے کشمیر میں مغلوں کو غارت کر کے پورے ہندوستان سے اپنی بہادری کا لوہا منوایا تھا۔ جن لوگوں کو غازی شاہ نے شکست دی تھی اور جو ہندوستان مفرور ہوئے تھے وہ وہاں ان کے استیصال کے لیے سازشوں میں مصروف رہے۔ ان کا ایک وفد ملک شمس رینہ ولد عیدی رینہ کی قیادت میں شہنشاہ ہمایوں کے پاس دلی گیا۔ اور ان سے کہا کہ وہ کشمیر پر حملہ کریں۔ بادشاہ ان کے بہکاوے میں آکر کشمیر پر حملہ کرنے کے لیے آمادہ ہو گیا۔ لیکن انہی دنوں ہمایوں چھت سے گر کر جاں بحق ہوئے۔ کشمیریوں نے شاہ ابو المعالی (ہمایوں ان کو اپنا بیٹا کہتے تھے) کے ساتھ ساز باز کر کے ان کو اپنی حمایت کا یقین دلا کر ۹۶۵ھ مطابق ۱۵۵۸ء میں کشمیر پر حملہ کرنے کے لیے تیار کیا۔ چنانچہ دشمن نے بے خبری میں حملہ کر ہی دیا اور اب وہ بارہمولہ کے راستے سے سری نگر کی جانب پیش قدمی کر رہا تھا۔ کشمیر کے تمام چھوٹے بڑے سنّی حضرات نے دشمن کا استقبال کیا اور جوق در جوق مغل فوج میں شامل ہو گئے۔ جب غازی شاہ کو معلوم ہوا کہ دشمن سر پر آرہا ہے تو وہ مقابلے کے لیے روانہ ہوئے۔ ان کے ساتھ دو بھائی حسین خان اور علی خان اور چند محدود لوگوں کے علاوہ اور کوئی نہیں تھا۔ ہانجی ویرا کے مقام پر زبردست جنگ ہوئی۔ میدان جنگ غازی شاہ کے ہاتھ رہا۔ انھوں نے دشمن کو مغلوب کر کے انھیں زبردست جانی نقصان پہنچایا۔ اور سترہ سو سپاہی قید کیے گئے۔ جو بچے تھے وہ حواس باختہ ہو کر فرار ہوئے۔ طرفین سے جنگ میں چار ہزار سپاہی کام آئے۔ مرنے والوں میں اکثر و بیشتر مغل سپاہی تھے۔ غازی شاہ نے مغل سپاہیوں کے سروں کے کئی منارہ مرتب کیے۔ انھوں نے ملک شمس رینہ کو بھی

> "باوجود قرابت کہ دختر شمس الدین (شمس رینہ) در خانۂ پسر غازی خان بود بقتل آورد۔ وایں نوع فتحے از عواظم خواقین کسے را روئے نہ نمود کہ نصیب غازی خان شد"۔

غازی شاہ کی اس فتح عظیم سے مغلوں کے دل و دماغ پر کئی سال تک خوف و ہراس چھا گیا۔[۱]

حسن نے یہ واقعہ ان الفاظ میں بیان کیا ہے:۔

"شمس رینہ پسر عیدی رینہ و چند کس از امراء برائے استعانت و استمداد در دہلی پیش ہمایوں پادشاہ پناہ گرفتند۔ درآں روز ہمایوں از بام افتادہ دنیائے فانی را پدرود نمود۔ امرائے کشمیر میرزا ابو المعالی را کہ از سادات کاشغر پسر خواندہ پادشاہ بود۔ بہ خدعیت و فریب ورغلانیدہ با عسکر ہمراہ آوردہ در بے خبری بغتۃً وارد بہن شدند۔ و دراں جا بسیارے از دلاوران و سپاہان کشمیر با ایشان ملحق گشتند۔ غازی خان بہ مساعدت تمام سرانجام مہام لشکر سرانجام دادہ سید ابراہیم خان را با خود متحد و متعہد ساخت۔ نصرت چک مسلسل و مغلول ہمراہ برداشتہ بوفور سامان و یراق و طمطراق یلغار کردہ بر نہر ہانجی دیرہ رایت تقابل افراشت۔ فردا از آب عبور کردہ فریقین بحرب و ضرب پیوستند۔ انہار خون جاری کردند۔ از جانبین دادِ شجاعت و مبارزت دادہ۔ گرد ہیجا بہ فلک رسانیدند۔ از صبح تا شام صمصام خون آشام در انتقام بود۔ ظاہراً غلبہ از طرف مغلاں روئے نمود۔ ناگاہ دہشتے و رعبے در عسکر مغلاں افتادہ بجانب کوہستان منہزم شدند۔ و شمس رینہ دست و پا گم کردہ در اخراج مغلاں سعی می کرد کہ مبادا دستگیر شدہ ضائع خواہند گرفت۔

درآں حالت غازی خان بر لشکر مغل تاخت آوردہ۔ قریب یک ہزار و ہفت صد کس از لشکر مغل مع شمس رینہ اسیر ساخت۔ سوائے آں از دلاوران فریقین چہار ہزار کس در رزم گاہ بقتل رسیدند۔ و ابو المعالی با جمیع از بقیۃ السیف بجانب ہند رجعت نمود۔ غازی خان از روئے سفاکی مغلان اسیر شدہ را طعمۂ تیغ اجل ساخت۔ شمس رینہ بدار کشید۔ از آنجا کوس فیروزی نواختہ بجانب مسندِ حکومت رایت معاودت افراخت"[۶۵]

اس واقعہ کے دو سال کے بعد ۹۶۵ھ (مطابق ۱۵۵۸ء) میں محمد رینہ برادر شمس رینہ، لوہر چک، احمد خان ماگرے اور حبیب چک کپواری وغیرہ امرائے کشمیر نے بادشاہ غازی شاہ کے خلاف پھر علم بغاوت بلند کیا۔ ان کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہونے لگا۔ باغیوں نے دریائے جہلم کے پل کاٹ دیے۔ اور میدان ذالڈگر واقع سری نگر میں اپنا محاذ قائم کیا۔ غازی شاہ محلہ دیدمر موجودہ

محلۂ خانقاہ سوختہ) کے قریب دریا پار کر کے ذالڈگر پہنچے۔ یہاں فریقین میں ہاتھیوں کی زبردست جنگ ہوئی۔ غازی شاہ نے دشمن کو شکست دی اور اپنے سپاہیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ اس کے بعد وہ امور سلطنت کی طرف متوجہ ہوئے۔ تاریخ کشمیر کے صفحات میں اس جنگ کا حال یوں درج ہے :۔

"درسالِ دوم محمد رینہ برادر شمس رینہ بہ معاضدت جیبب چک پائے استقامت افشردہ بہ محاربہ و مجادلہ بر غازی خان غلبہ آورد۔ و غازی خان در عرصۂ کارزار فیل زبانِ خود را بہ جنگ محمد رینہ ہیجان داد و محمد رینہ ضرب ہائے ناچخ و صلیل بر کالبد فیل انداختہ عاقبت ذلیل گشت و حبیب چک رو بروئے فیل آمدہ حملہ ہائے مردانہ ساختہ تاکہ فیل بہ غضب آمدہ خرطوم خود بر حبیب چک افراختہ۔ وے اسپ خود بدریا انداختہ رو بہ گریز نہاد۔ اما بموجب تقدیر پائے اسپش ناگاہ در خلاب بند شد۔ سلاحش از دست افتاد۔ فیل بکمال غضب در عقب او تاختہ خرطوم بر او رہا کرد۔ حبیب چک خرطوم فیل بدندانِ خود چناں گزید کہ فیل بگریخت۔ چوں اجلش رسیدہ بود فیل بازگشت آمدہ او را ریزہ ریزہ کرد۔ پس غازی خان علم نصرت بفلک افراختہ سپاہیانِ خود را بہ انعام و اکرام ممنون ساختہ و در رتق و فتق امورِ سلطنت پرداخت"

قرابہادر کی شکست اور مغلوں کے سروں کا بلند مینار

۹۶۷ھ مطابق ۱۵۶۰ء میں غازی شاہ کے امرائے مخالفین مثل حاجی باندے، لوہر ڈانگر، یوسف چک، فتح چک اور نصرت چک گیواری وغیرہ جو غازی شاہ کے ہاتھوں شکست کھا کر ہندوستان میں جلائے وطنی اور آوارہ گردی کی زندگی گزار رہے تھے متحد ہو کر کشمیر کی سودے بازی کے لیے شاہنشاہ اکبر کے پاس وفد کی صورت میں چلے گئے۔ ان لوگوں نے شہنشاہ کو دستور قدیم کے مطابق اپنی حمایت کے سبز باغ دکھا کر کشمیر پر حملہ کرنے کے لیے آمادہ کیا۔ اکبر اعظم نے قرابہادر ہمشیرزادہ مرزا حیدر کاشغری کو حکم دیا کہ وہ کشمیر فتح کرے۔ قرابہادر سامراجی حکم کے تحت بارہ ہزار لشکریاں اور کشمیری امراء کے ہمراہ فتح کشمیر کی غرض سے راجوری پہنچے۔ غازی شاہ کو دشمن کے آنے کی اطلاع جب ملی تو وہ بھی مقابلے کے لیے معدودے چند ساتھیوں کے ہمراہ

ہیرہ پور کے راستے سے تھنہ پہنچے۔ یہاں سے مزید کمک کے ساتھ لوہر کوٹ وارد ہوئے۔ اس مقام پر انھوں نے ایک دن میں قلعہ تعمیر کیا۔ دوسرے دن جانبین کی فوجیں نبرد آزمائی کے لیے راجوری میں صف بستہ ہوئیں۔ مغلوں کو شکست ہوئی۔ جن میں اور لوگوں کے علاوہ ان کے ایک نامی بہادر مثل رستم توچک بہادر بھی کام آئے۔

غازی شاہ نے ایک فرمان جاری کیا کہ جو کوئی مغل سپاہی کا سر کاٹ کر لائے گا اس کو ایک ایک اشرفی انعام میں دی جائے گی۔ فرمان شاہی سنتے ہی ڈوموں کی ایک جماعت تیار ہوگئی۔ اس نے صبح سے نماز پیشین تک سات ہزار مغل سپاہیوں کے سر قلم کر کے غازی شاہ کے سامنے انبار کیے۔ انھوں نے ان لوگوں کو دوگنے انعام سے نوازا۔ بلکہ بعضوں کو پانچ گنا انعام سے سرفراز کیا۔ باقی مغل جو بچ گئے تھے انھوں نے راہ فرار اختیار کی۔ فتح کے بعد غازی شاہ سری نگر واپس آئے۔ یہاں انھوں نے دوسری مرتبہ مغل سروں کا منار تعمیر کیا جو پہلے مرتب کیے گئے منار سے کہیں زیادہ بلند تھا۔[۶۵] مغلوں کے ساتھ غازی شاہ کی یہ دونوں لڑائیاں ان کے بلند کارنامے تھے۔

۹۶۸ھ مطابق ۶۱-۱۵۶۰ء میں فتح چک اور لوہر چک کی سربراہی میں امرائے کشمیر نے پھر بغاوت کی۔ غازی شاہ نے اپنے بھائی حسین خان کو ان کی سرکوبی کے لیے بھیجا۔ اسی اثنا میں سردی کا موسم شروع ہوگیا اور بہت سے باغی برف کے اندر دب کے مر گئے۔ بقیہ کشتواڑ کی طرف پناہ گزیں ہوئے لیکن چونکہ وہ بڑی مصیبت میں تھے انھوں نے حسین خان کے آگے ہتھیار ڈال دیے۔ ان لوگوں نے ان کی طرف سے غازی شاہ سے صلاح و مشورہ کیا۔ غازی شاہ نے انھیں بخش دیا اور جاگیر عطا کی۔

غازی شاہ بڑے انصاف پرور، بہادر، جفاکش، محب وطن اور بیدار مغز تھے۔ انھوں نے اپنے دورِ اقتدار میں غداروں، اور سرکشوں اور باغیوں کا قلع قمع کر کے ملک میں امن و امان قائم کیا تھا۔ ان کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انھوں نے شاہنشاہ اکبر کی فوج گراں کو دو مرتبہ موت کے گھاٹ اتار کر کشتوں کے پشتے لگائے اور سروں کے منار تعمیر کیے تھے۔ ان شکستوں سے مغلوں پر اتنا خوف و ہراس چھایا کہ ان کو غازی شاہ کے زمانے میں کشمیر پر حملہ کرنے کی ہمت ہی نہیں پڑتی تھی۔[۶۶] ڈاکٹر محب الحسن کہتے ہیں کہ

"غازی شاہ میں وہ تمام صفات موجود تھیں جو کسی خاندان کی داغ بیل

ڈالنے کے لیے کافی ہوتی ہیں۔ وہ بیدار مغز، ہمت ور، جفاکش، دھن کا پکا اور موقع شناس تھا۔ اس نے ۱۸ سال کی عمر میں اپنے باپ کاجی چک کی نگرانی میں سپاہی کی حیثیت سے زندگی کا آغاز کیا تھا۔ اس نے اس کے ساتھ نہ صرف لڑائیوں میں شرکت کی بلکہ جلاوطنی اور دوسری صعوبتوں میں بھی ساتھ دیا۔ کاجی چک کے انتقال کے بعد وہ خاندان کے دوسرے بزرگ افراد کے تحت کام کرتا رہا۔ اور اس نے چکوں کو اس طرح متاثر کیا کہ جب وہ دولت چک سے غیر مطمئن ہوئے تو انھوں نے غازی کو اپنا سربراہ بنایا۔ برسر اقتدار ہونے پر غازی چک نے باغی سرداروں کا سر کچل دیا۔ اور ملک میں امن و سکون قائم کیا۔ لیکن ان کی سب سے اہم خدمت یہ تھی کہ وہ ملک کو مغلوں کے حملے سے بچانے میں کامیاب رہا۔ جبکہ ۲۰ سال بعد اس کے جانشین اس حملہ کو روک نہ سکے۔ غازی شاہ کی شکل وصورت بھدی تھی۔ لیکن وہ علم و ادب کا دلدادہ تھا۔ اور فارسی میں شاعری بھی کرتا تھا۔ وہ اپنے خیر خواہوں سے فیاضی کا برتاؤ کرتا تھا۔ لیکن غداروں پر اس کو ذرا بھی رحم نہیں آتا تھا۔ اور وہ ان کو سخت سے سخت سزائیں دیتا تھا۔ لیکن کشمیر کا پہلا سلطان تھا جس نے سیاسی حریفوں کو اندھا کرنے اور ان کے اعضا کاٹنے کا طریقہ جاری کیا تھا۔ بایں ہمہ وہ بہادروں کو پسند کرتا تھا۔ اور مخالفت کے باوجود ان کو معاف کر دیتا تھا۔ جب مغل سردار کو چک بہادر تیر کھا کر شدید زخمی ہوا اور گرفتار کر لیا گیا۔ غازی شاہ نے اس کی جان بخشی کی اور اس سے مہربانی سے پیش آیا اور علاج کے لیے اس کو طبیب کے پاس بھیجا"۔

غازی شاہ کا معیار عدل

تمام مورخین نے سلطان غازی شاہ کے عدل و انصاف کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انھوں نے نظام عدل کے معیار کو ہمیشہ کے لیے اونچا رکھا ہے۔ انصاف کا پلہ بھاری رکھنے کے لیے انھوں نے جو اعلیٰ ترین مثال تاریخ کشمیر میں قائم کی ہے اس کی نظیر کہیں نہیں ملتی ہے۔ بادشاہ نے عدل و معدلت کے بلند اصولوں کی خاطر اپنے جوان بیٹے کا خون بھی نہیں بخشا۔ بقول شاعر ؎

گشت از بسکہ در عدالت خاص   کُشت فرزند خویش را بقصاص[۵]

ان کے میزانِ عدل اور ضابطۂ آئین کی مثال اس سے بڑھ کر اور کیا پیش کی جا سکتی ہے کہ ۹۶۶ھ مطابق ۱۵۵۸-۵۹ء میں ایک مرتبہ وہ چوگان کھیلنے کی غرض سے فوجی افسروں کے ہمراہ عید گاہ جا رہے تھے ۔ راستے میں اتفاق سے گھوڑے کی ٹاپ بجائے زمین کے ایک عنّاب فروش پر آ پڑی۔ جس سے اس کے انگور زمین پر گر پڑے ۔ اسی اثنا میں غازی شاہ کے چہیتے بیٹے شہزادہ حیدر خان کے ملازم نے چند انگور زمین سے اٹھائے ۔ ابھی وہ کھانے ہی جا رہا تھا کہ عنّاب (انگور فروش) نے بادشاہ سے شکایت کی۔ جب انھوں نے نافرمان نوکر کے ہاتھ میں انگور دیکھے تو جائے موقعہ پر ہی اس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا۔ اور آناً فاناً ہاتھ قطع کیا گیا۔ یہ حادثہ شہزادے پر ناگوار گذرا۔ وہ باپ کے طرزِ عمل سے دل برداشتہ ہو گئے ۔ اور ان کے پاس آنا جانا چھوڑ دیا۔ غازی شاہ نے اپنے سالے ملک محمد چاڈورہ کو شہزادے کے پاس سمجھانے بجھانے کے لیے بھیجا ۔ ماموں اور بھانجے میں گرما گرمی اور کچھ تلخ کلامی ہوئی ۔ اس پر شہزادے کو غصہ آیا اور انھوں نے ملک محمد کو ایک ہی ضربتِ شمشیر سے ملکِ عدم کو پہنچایا۔ اور "اول قدم عدم" کے حکم پر اکتفا نہ کرتے ہوئے تیغ خوں آشام لے کر باپ کے قتل پر آمادہ ہوئے ۔ یہ دیکھ کر ماں دامنگیر ہوئی اور قسمیں دے دے کر بیٹے کو اس ارادے سے باز رکھا۔ جب یہ خبر بادشاہ غازی شاہ کو پہنچی تو انھوں نے شفقت پدری کو بالائے طاق رکھ کر انتہائی غیظ و غضب سے شہزادے کو بہ سیاست تمام گھر سے نکالا اور عید گاہ کی سر راہ پر قربانی کے بکرے کی طرح پھانسی پر لٹکا دیا۔ جب کبھی عید گاہ کی طرف اس راستے سے جاتے تھے تو بیٹے کی لاش کی جانب آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتے تھے ۔ شہزادے کی لاش سولی پر آٹھ دن تک لٹکتی رہی اور بعد میں دریا میں پھینک دی گئی ۔ اس سانحہ جانکاہ سے قدرتی طور پر غازی شاہ پر ایسا اثر پڑا کہ وہ عارضۂ جذام میں مبتلا ہوئے ۔ گو یہ بیماری ان کو پہلے سے ہی تھی لیکن بیٹے کے المناک حادثے نے اس میں مزید اضافہ کیا اور ۹ سال دو ماہ کی حکومت کر کے ۹۷۱ھ (۱۵۶۳ء) میں اپنے بھائی حسین خان کے حق میں تاج و تخت سے دستبردار ہوئے ۔ آخر کار ان کا انتقال ۵۸ برس کی عمر میں ۹۷۴ھ ہجری مطابق ۱۵۶۶ء میں ہوا[۱۱]

سلطان غازی شاہ مذہبی معاملات میں بڑے روادار تھے۔ مذہباً شیعہ تھے لیکن دوسرے فرقے کے لوگوں سے ان کا برتاؤ اچھا رہا۔ ہندوؤں اور بودھوں کو بھی مکمل آزادی دی

تھی۔ نوادر الاخبار کے مصنف کا بیان ہے کہ غازی شاہ متعصب تھے۔ اسی وجہ سے بہت سے سنی حضرات مثل نصرت چک، یوسف چک اور ناجی چک وغیرہ کاشغر گئے اور ان کا تختہ الٹنے کے لیے قرا بہادر کو کشمیر پر حملہ کرنے کی دعوت دی تھی[۲۸] حسن کا یہ کہنا غلط ہے کہ غازی شاہ نے شیخ حمزہ مخدوم کو پرگنۂ بیروہ بھیجا۔ اور "اہل سنت را بسیار زحمت رسانید"[۲۹] اگر یہ صحیح ہوتا تو اس کا ذکر خواجہ اعظم کی تاریخ یا اس سے قبل کی کتابوں میں بھی ہوتا۔ راقم نے خواجہ اعظم کی تاریخ کے کئی پرانے نسخے جن میں ۱۸۴۵ء کا مطبوعہ نسخہ بھی شامل ہے بغور دیکھے ہیں۔ ان میں سے کسی بھی نسخے میں یہ نہیں لکھا ہے کہ غازی شاہ نے شیخ حمزہ مخدوم کو بیروہ کی طرف ڈھکیل دیا تھا یا یہ کہ انھوں نے سید کمال کو قتل کیا تھا۔ سید کمال غازی شاہ کے زمانے میں مرے تھے اس سلسلے میں خواجہ اعظم کے الفاظ یہ ہیں:-

"اپنی موت سے موئے یا کسی نے زہر دے دیا۔ بہر کیف انھوں نے اس جہاں سے رحلت فرمائی"[۳۰]

تاریخ کشمیر مولفہ خواجہ اعظم کا جو نسخہ آج کل رائج ہے اُسے کشمیر کے مشہور و معروف تاجر کتب غلام محمد نور محمد نے مولوی محمد شاہ سعادت کی تحریفوں کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس میں فاضل مرتب نے اپنی طرف سے بہت سے مقامات پر حاشیے لکھے ہیں۔

کتب تواریخ میں اس بات کی کوئی شہادت نہیں ملتی ہے کہ غازی شاہ متعصب تھے اور انھوں نے یہاں کے بزرگان دین کے ساتھ کوئی سختی کی تھی۔ اس بات کی بھی کوئی شہادت نہیں ہے کہ امرائے کشمیر غازی شاہ کا تختہ الٹنے کے لیے کبھی کاشغر بھی گئے تھے۔ جب شہنشاہ اکبر نے قرا بہادر کو کشمیر فتح کرنے کے لیے بھیجا تھا تو بہت سے سنی امراء جیسے فتح چک، لوہر چک اور نصرت چک نے مغلوں کا ساتھ چھوڑ دیا اور غازی شاہ کے وفادار رہے۔ تاریخ میں نصرت چک کا یہ جملہ آج تک محفوظ ہے کہ

"من پیش غازی خان بیایئم و بغل بہ مغل ہمراہ نشویم"

غازی شاہ کی رواداری کی ایک مثال یہ بھی ہے کہ انھوں نے مسلمانوں کے مختلف فرقوں میں یگانگی پیدا کرنے کے لیے گکھر قبیلے کے سردار کمال خان کی صاحبزادی سے اپنا عقد کیا تھا۔ اسی طرح رشتۂ اتحاد کو مستحکم کرنے کے لیے انھوں نے اپنی صاحبزادی کی شادی مشہور

سنی سردار سید ابراہیم خان بیہقی کے ساتھ اور اپنے بیٹے سے شمس ریبنہ ولد عیدی ریبنہ کی لڑکی منسوب کی تھی[۲۸]

لوگوں کا یہ کہنا بھی غلط ہے کہ غازی شاہ کے عہد حکومت میں مذہبی اختلافات کی بنا پر بغاوتیں ہوئیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ چکوں کے دورِ اقتدار میں تختہ الٹنے کی سازشیں امرائے کشمیر نے اندرون کشمیر اور بیرون کشمیر محض طاقت اور بالادستی حاصل کرنے کے لیے کی تھیں۔ بہر حال لوگوں کا یہ کہنا غلط اور گمراہ کن ہے کہ غازی شاہ متعصب تھے اور انھوں نے دوسرے فرقوں کے لوگوں کے ساتھ اچھا برتاؤ نہیں کیا تھا۔ یہ الزامات بہارستانِ شاہی اور تاریخ ملک حیدر سے ثابت نہیں ہیں۔ برعکس اس کے تمام مورخین نے باتفاق رائے ان کے عدل و انصاف اور ملکی نظام کو شاندار الفاظ میں سراہا ہے۔

سلطان حسین شاہ

سلطان حسین شاہ ۹۷۱ھ میں "نوشیروان عادل" کے لقب سے تختِ سلطنت پر جلوہ افروز ہوئے۔ کتب تواریخ میں عدل و انصاف اور رعایا پروری کی بنا پر ان کا سالِ جلوس "خسروِ عادل" قرار دیا گیا ہے جس سے ۹۷۱ کا سال ہجری برآمد ہوتا ہے۔ انھوں نے منصب وزارت پر ملک حیدر چاڈورہ کے جد امجد ملک محمد ناجی[ح] کو فائز کیا اور ان کے ساتھ باپ کی طرح عزت و احترام سے پیش آتے تھے۔

حسین شاہ کے عہد حکومت میں ان ہی فتنہ پرور عناصر نے جنھوں نے کہ اقتدار کی ہوس میں ملک دولت چک اور غازی شاہ کے دورِ حکومت میں فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دی تھی حسین شاہ کے خلاف سازشوں میں مصروف رہے۔ یہ لوگ ان کے استیصال اور قتل کے لیے منصوبے تیار کرنے لگے۔ جب بادشاہ کو اس سازش کا پتہ چلا تو انھوں نے بعض شرپسندوں کو سخت سزائیں دیں۔ احمد خان اور محمد خان ابدال ماگرے کے بیٹے کی آنکھیں نکلوائیں[۲۹] کچھ ہی عرصے کے بعد فسادیوں نے فتح خواجہ کو بادشاہ کے خلاف اکسایا۔ فتح خواجہ بادشاہ

ح۔ ان کا انتقال ۹۸۰ہجری میں ہوا۔ مولانا محمد معین مستغنی نے "شیخ سپاہی" ان کی تاریخ وفات کہی ہے۔ (تاریخ ملک حیدر چاڈورہ ورق ۶۶ ب)

کے مقربین میں سے تھے اور انھیں خانِ زماں کے لقب سے ممتاز کیا تھا۔ اس صاحبِ منصب نے فتح چک، شمس دونی، حیدر خان اور دوسرے امرا کے تعاون سے حکومت کا تختہ الٹنے اور اس پر قبضہ کرنے کی سازش کی۔ ایک دن حسین شاہ شکار کے لیے دتھنار جھیل کی طرف گئے تھے۔ ملک محمد ناجی سری نگر میں ہی تھے۔ ان کو سازش کے بارے میں علم ہوا وہ حسین شاہ کے محل میں گئے اور محل کے تمام دروازے بند کیے۔ باغیوں اور خان زماں نے موقع کو غنیمت سمجھ کر محل پر ہلّہ بول دیا لیکن محل میں ان لوگوں کا محاصرہ کیا گیا۔ انھوں نے بادشاہ کے محل میں بھی آگ لگا دی۔ تاریخ ملک حیدر چاڈورہ مخطوطہ نمبر ۱۸۵۶ نسخہ سری نگر میں ورق ۱۶۱ الف میں درج ہے کہ

> " و چوں شعلۂ آتش بلند شد حسین خان از دتھنار ملاحظہ کرد و دانست کہ آتش در نواحیِ دولت خانہ است بسرعتِ تمام مراجعت نمود۔ دتھنار سیدن او ملک محمد ناجی خانِ زماں را شکست دادہ و مغلوب ساختہ بود۔ و چوں حسین خان رسید از ملک محمد ناجی بسیار راضی شد۔ چند پرگنہ دیگر زیادہ برانچہ داشتند مفوض داشت و مبلغی زر نثار کرد "

فتح چک اور بہادر خان پسر فتح خواجہ بعض کشادہ راہوں سے گھس آئے۔ یہاں زبردست مقابلہ ہوا۔ مخالفین مغلوب کیے گئے اور ان کے بہت سے سپاہی موت کے گھاٹ اتارے گئے۔ خان زماں اور شمس دونی دم دبا کر بھاگے۔ لیکن کچھ لوگوں نے ان کا تعاقب کیا اور راستے میں گرفتار کیے گئے۔ بادشاہ نے ان کے اعضا کاٹنے کا حکم دیا اور پھر خان زماں کا منصب دوسرے سردار مبارز خان کو سونپا۔ کچھ ہی دنوں کے بعد تعصب مذہب کی بنیاد پر انھوں نے بھی بادشاہ کے قتل کا منصوبہ باندھا۔ جب اس کا علم حسین شاہ کو ہوا تو انھوں نے مبارز خان کے ہاتھ پیر کاٹنے کا حکم دیا اور ان کے ساتھ ہی لوہر چک کے بھی ہاتھ پیر کٹوائے۔ نصرت چک جو کہ اس واقعہ سے قبل قید میں محبوس تھے ان کی آنکھیں نکلوائیں۔ علاوہ بریں جن لوگوں نے غازی شاہ کو فریب دے کر ملک دولت چک کی آنکھیں نکلوائی تھیں۔ وہ بھی طرح طرح کی پریشانیوں میں مبتلا کیے گئے۔[۵۸]

۹۷۵ھ مطابق ۱۵۶۷ء میں حسین شاہ کے بھائی شنکر خان نے کوہستانِ نوشہرہ میں بغاوت شروع کی اور وہاں کے لوگوں پر دست تظلّم دراز کیا۔ لوگ ان سے پریشان ہوئے اور انھوں

نے بادشاہ سے شکایت کی۔ بادشاہ شنکر خان کے نامعقول طرزِ عمل سے آزردہ ہوئے اور انھوں نے نوشہرہ کے لوگوں کو لکھا کہ

"شما اُورا دستگیر کنید و اگر محتاجِ مدد باشید بنویسید کہ تا کمک فرستادہ شود"

جب شنکر خان کو یہ اطلاع ملی تو وہ ایک فوجِ گراں کے ساتھ مقابلے کے لیے کشمیر کی طرف روانہ ہوئے۔ ادھر بادشاہ نے اپنے چھوٹے بھائی علی خان اور ملک محمد ناجی کی کمان میں مدافعت کے لیے اپنی فوج بھیجی۔ دونوں فوجیں پونچھ میں صف آرا ہوئیں۔ لشکرِ ہراول کے سپہ سالار ملک محمد ناجی علی خان سے پہلے ہی پونچھ میں خیمہ زن ہوئے۔ شنکر خان نے فوج کثیر کے ساتھ ان پر حملہ کیا۔ محمد ناجی نے اپنے خاندان کے سات بہادر عزیزوں کے ساتھ دشمن کے مورچہ پر مثلِ شیر ببر حملہ کیا۔ اور خود بھی میدانِ جنگ میں دادِ شجاعت دی۔ جنگ میں ان کا نیزہ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ اس کے بعد انھوں نے تلوار کا مظاہرہ کیا۔ دشمن کی تعداد چونکہ بہت زیادہ تھی اس لیے ملک محمد ناجی کے داہنے ہاتھ کی تین انگلیاں جنگ کے دوران جدا ہو گئیں۔ آخر کار شنکر خان مغلوب ہو کر فرار ہوئے۔ جب اس فتح کی روداد بادشاہ نے سنی تو ملک محمد ناجی کے مراتب میں اضافہ کیا۔[۷۹]

خان زمان اور مبارز خان کے زوال کے بعد حسین شاہ نے ۹۷۵ھ میں ملک لولی کو وزارت کا قلمدان سونپا۔ انھوں نے ۴۰ ہزار خروار سرکاری ملکیت کا دھان خورد برد کیا۔ اس غبن کے الزام میں بادشاہ نے انھیں عہدۂ وزارت سے برطرف کیا اور ان کی جگہ پر علی کوکہ کو منصب وزارت پر بٹھا دیا۔[۸۰]

یوسف میر کا حادثۂ قتل

علی کوکہ شیعہ مسلمانوں کے خلاف متعصبانہ اور مخاصمانہ کارروائیوں میں سرگرمِ عمل رہتے تھے۔[۸۱] چنانچہ انھوں نے دیدہ و دانستہ ایک ایسے قیامت خیز واقعہ کو جنم دیا۔ جس نے تاریخ کشمیر کو ہمیشہ کے لیے داغدار بنا دیا ہے۔ مورخین نے تہذیب و شائستگی کے دامن کو تار تار کر کے ایسی بے سر و پا باتیں بیان کی ہیں کہ دل چاہتا ہے کہ تاریخ کے وہ اوراق پھاڑ کر پھینک دیے جائیں۔ واقعے کی اصلیت کو چھپانے کے لیے انھوں نے نہایت ہی غیر ذمہ دارانہ طرزِ عمل سے اپنی تاریخوں کو مرتب کیا۔ اس شرمناک واقعہ میں شہنشاہ اکبر کے سیاسی ہتھکنڈے بھی شامل تھے اور علی کوکہ اور دوسرے لوگوں کے شانہ بشانہ وہ بھی اس جرمِ عظیم کے مرتکب تھے۔ تاریخ کشمیر میں یہ المناک اور دلدوز واقعہ یوسف میر

کے حادثۂ قتل کا ہے۔ جو ۹۷۶ھ مطابق ۱۵۶۸ء میں رونما ہوا۔ اس بارے میں مورخین نے جو کچھ لکھا ہے وہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

سید علی — سید علی بیہقی جو اپنے والد کے ساتھ مرزا کاشغری کے قتل عام میں شریک تھے۔ لکھتے ہیں :-

"در بادشاہی حسین شاہ فتنۂ مذہب شدہ۔ دو مفتی بقتل رسیدند۔ یکے ملا الماس و دوم ملا بیچہ گنائی کہ ہر دو شہید شدند۔ فتنۂ عظیم روئے دادہ۔ چنانچہ یوسف منڈو نام سپاہی از نوکران بتدبیر مرزا مقیم ایلچی اکبر بادشاہ در مسجد جامع بر سر قاضی حبیب کہ خطیب مسجد جامع نیز بود۔ شمشیر کشیدہ بودند۔ ازیں کار ملامت بہ حسین شاہ افزودہ باتفاق مرزا مقیم فتویٰ از مفتیانِ مذکور طلب کردہ کہ اگر کسے بر خون ناحق حکم کند و بحکم او کشتہ شود او را موافق شرع شریف چہ می رسد۔ چوں در میانِ کشتن یوسف منڈو گذشتہ بود۔ ایں مفتیان خالی الذہن ازاں تدبیر بودند۔ فتویٰ مہر کردہ دادند" [۸۲]

یعنی حسین شاہ کے عہد سلطنت میں ایک مذہبی فتنہ رونما ہوا۔ دو مفتی مارے گئے۔ ایک ملا الماس اور دوسرے ملا بیچہ گنائی۔ ان کے مارنے سے بڑا فساد ہوا۔ مرزا مقیم سفیر اکبر بادشاہ کے سپاہی یوسف منڈو نے جامع مسجد کے اندر قاضی حبیب کے سر پر تلوار ماری۔ اس ناگوار واقعہ سے حسین شاہ کی ندامت بڑھ گئی۔ انھوں نے مرزا مقیم کے مشورہ سے مذکورہ بالا مفتیوں سے فتویٰ طلب کیا تھا کہ اگر کوئی کسی بے گناہ شخص کے قتل کے بارے میں حکم دے اور اس کے حکم سے وہ مارا جائے تو اس کے لیے شرع کیا کہتی ہے۔ چونکہ وہ بھی یوسف کے قتل میں شامل تھے اس لیے مفتیان اس ضمن میں خالی الذہن تھے اس لیے فتویٰ جاری کیا۔

خواجہ اعظم دیدہ مری — یوسف منڈو اکبر بادشاہ کے سفیر مرزا مقیم اصفہانی کے ملازم تھے۔ انھوں نے جمعے کی نماز کے بعد قاضی حبیب اللہ خطیب جامع مسجد کے سر سے پگڑی اتار کر بے ادبی کی۔ اس پر لوگوں نے حسین شاہ کے خلاف نفرت کا اظہار کیا اور لوگوں نے یوسف کو قتل کیا۔ ان کے قتل کا فتویٰ ملا الماس اور ملا فیروز گنائی نے بادشاہ کے کہنے پر دیا تھا۔ [۸۳]

خلیل مرجان پوری کی بھی یہی رائے ہے۔ مزید برآں وہ یہ بھی لکھتے ہیں کہ

"یوسف منڈو نے بادشاہ حسین شاہ کے مشورے سے قاضی حبیب کی پگڑی اتاری تھی۔ اس لئے انھیں" بضربتِ خشت وشت کشتند" ۵۵

ملّا بدایونی ـــ ملا عبدالقادر بدایونی اس واقعے کے بارے میں لکھتے ہیں کہ

"اسی سال ۹۹۵ھ میں بادشاہ (اکبر) نے مرزا مقیم اصفہانی اور ایک شخص میر یعقوب کشمیری کو رافضی ہونے کے جرم میں فتح پور میں قتل کروایا۔ مرزا مقیم لکھنؤ میں کچھ عرصے تک حسین خان کی ملازمت میں رہا تھا۔ حسین خان سیدوں کا بڑا معتقد تھا۔ اس لیے وہ مرزا کے ساتھ بڑی مہربانی سے پیش آتا تھا۔ اس نے مرزا کو اپنی سرکار کا وکیل بھی بنا دیا تھا۔ حسین خان کے عزیزوں اور بھائیوں نے خان کو بتلایا کہ یہ مرزا کٹر رافضی ہے۔ اس لیے خان اس سے کبیدہ خاطر ہوگیا۔ مرزا بھی حسین خان کی ملازمت چھوڑ کر بارگاہِ بادشاہی میں جا پہنچا۔ بادشاہ نے اس پر مہربانی کی اور اُسے کشمیر کے حاکم حسین خان کے پاس شاہی وکیل بنا کر بھیج دیا۔ اس زمانے میں کشمیر میں چند متعصب رافضیوں نے قاضی حبیب کو جو پکے سنّی تھے مذہبی تعصب میں حملہ کر کے زخمی کر دیا۔ قاضی ابھی زندہ ہی تھا کہ کشمیر کے حاکم حسین خان نے مفتیوں کے فتوے کے مطابق قاتل کو سزا دے دی۔ مرزا مقیم نے اس معاملے میں مداخلت کی اور اپنے اثر سے کام لے کر ان مفتیوں کو اس جرم میں کہ انھوں نے قاتل کے قتل کا فتویٰ کیوں دیا ایک نہایت متعصب اور شر پسند رافضی کے حوالے کر دیا۔ اس نے تین چار مفتیوں کو قتل کر دیا" ۵۶

عبدالباقی نہاوندی ـــ آپ اس واقعہ کے بارے میں لکھتے ہیں کہ :۔

"در ۹۷۶ھ ست وسبعین وتسعمایہ، قاضی حبیب را کہ حنفی مذہب بود روز جمعہ یوسف اید رنام در پائے کوہ زخمدار ساخت وشمشیر دیگر انداختہ انگشتان او قلم کرد۔ وغیر از تعصب کہ بواسطۂ اختلاف مذہب بود۔ باعثِ دیگر ظاہر نبود۔ یوسف بعد از مجروح نمودنِ قاضی گریخت۔ حسین خان فرمود تا یوسف را پیدا کردہ حاضر ساختند۔ وفقہا را طلب فرمود کہ درباب او حکم نمایند۔ فقہا گفتند کہ

"کشتنِ ایں چنیں شخصے از روئے سیاست رواست"۔ قاضی گفت "تا من زندہ ام، کشتنِ او جائز نیست"۔ عاقبت او را سنگسار نمودند۔ جمعے کہ با او در مذہب یکے بودند۔ بہ حسین خان گفتند کہ در کشتنِ او عجلت واقع شد۔ حسین خان گفت کہ بحکمِ ملایاں کشتہ شد۔ دریں اثنار مرزا یعقوب و مرزا مقیم برسم ایلچی گری از درگاہِ بندگانِ خلافت پناہ بکشمیر آمدند۔ بعد چند روز مرزا مقیم گفت "مفتیانے کہ یوسف را بفتوائے ایشان کشتہ اند نزد ما فرستند"۔ حسین شاہ مفتیان را پیشِ او فرستاد۔ قاضی زین کہ با یوسف در مذہب ہمراہ بود گفت "مفتیاں فتوئے غلط کردند"۔ مفتیان گفتند کہ "ما فتوائے کشتنِ او علی الاطلاق نہ کردیم۔ ما گفتیم ایں چنیں کساں را بجہت سیاست کشتن رواست"۔ مرزا مقیم مفتیاں را در مجلس اہانت نمودہ بفتح خان رافضی سپرد۔ و ایشاں را ایذا کرد۔ و فتح خان بحکم مرزا مقیم مفتیاں را بقتل آورد۔ و ریسماں در بستہ در کوچہ و بازار گردانیدند"

محمد قاسم فرشتہ ـــــ آپ لکھتے ہیں کہ:۔

"۹۷۰ ہجری میں قاضی حبیب جو مسلم دیندار اور سنی حنفی المذہب تھے۔ جمعہ کے روز جامع مسجد سے باہر نکلے اور زیارت قبور کے لیے وادی کوہ ماران روانہ ہوئے۔ یوسف نامی ایک شیعی نے قاضی صاحب پر تلوار کا وار کیا۔ قاضی صاحب کا سر زخمی ہوگیا۔ یوسف نے دوسرا وار کیا اور قاضی صاحب کی انگلیاں کٹ گئیں۔ اس واقعہ کی بنا محض تعصب مذہبی تھی ورنہ اس کو سیاست سے قطعاً تعلق نہ تھا۔ مولانا کمال قاضی صاحب کے داماد ان کے ہمراہ تھے۔ یوسف شیعی دو وار کر کے فراری ہوا۔ حسین شاہ اگرچہ خود بھی شیعی تھا لیکن اس نے یہ خبر سنتے ہی چند سپاہیوں کو یوسف کی گرفتاری کے لیے روانہ کیا۔ اور مجرم قید خانے میں بند کر دیا گیا۔ حسین شاہ نے شہر کے علمار ملا یوسف و ملا فیروز وغیرہ کو یکجا جمع کر کے فتویٰ طلب کیا۔ ان بزرگوں نے جواب دیا کہ از روئے سیاست ایسے شخص کو قتل کرنا جائز ہے۔ قاضی صاحب نے فرمایا کہ میں زندہ ہوں اس شخص کو قتل کرنا ناجائز ہے۔ غرضیکہ یوسف شیعی سنگسار کر دیا گیا۔

اسی درمیان میں اتفاق سے ایک شیعی گروہ یعنی مرزا مقیم، میر یعقوب ولد بابا علی وغیرہ اکبر بادشاہ کے دربار سے بطور قاصد کشمیر وارد ہوا۔ . . . چند روز کے بعد مرزا مقیم نے جو یوسف شیعی کا ہم مشرب تھا کہا کہ جن علمار نے یوسف کے قتل کا فتویٰ دیا تھا ان کو میرے حضور میں طلب کرو۔ حسین چک نے مرزا مقیم کے حکم کی تعمیل کی۔ قاضی زین نے جو مذہب امامیہ کا پیرو تھا کہا کہ علمار نے غلط فتویٰ دیا ہے۔ ان علمار نے جواب میں کہ ہم نے مجرم کے قتل کا مطلقاً فتویٰ نہیں دیا۔ بلکہ ہمارے فتویٰ کا مقصود یہ تھا کہ ایسے شخص کو از روئے سیاست قتل کرنا جائز ہے۔ مرزا مقیم نے اسی مجلس میں علمار کی توہین کی اور ان کو فتح خان چک کے حوالے کر دیا۔ فتح خان نے ان علمار کو بہت آزار پہنچایا۔ اور مرزا مقیم کے حکم سے علمار کو قتل کر کے ان کے پاؤں میں رسّی باندھی اور ان کی لاشوں کو شہر میں اس طرح گشت کر دیا" ؁؁

حسن ـــ پیر غلام حسن کھویہامی مشہور کشمیری مورخ لکھتے ہیں:۔

"در ۹۶۵ھ ہجری مرزا مقیم شیعہ از جانب اکبر بادشاہ ظاہراً بطور سفارت باطناً برائے تجسّس راہ وطور وطرز ایں دیار با جمعے معدود بکشمیر آمدہ۔ و چند گاہ دریں جا توقف نمود۔ و قاضی حبیب اللہ کہ قاضی شہر و خطیب مسجد جامع بود بعد نماز جمعہ در ذیل کوہ ماراں بزیارتِ قبور رفتہ بود۔ یوسف بندر کہ از متابعانِ مرزا مقیم شیعہ بود از روئے تعصّب و قصدِ ثواب شمشیر کشیدہ حوالہ قاضی نمود و سر قاضی مجروح گشت۔ چوں ضربِ دوم انداخت قاضی دستِ خود سپر ساخت۔ انگشتان او بریدہ شد۔ و مولانا کمال کہ داماد قاضی بود خود را بر قاضی انداخت و یوسف بعد از مجروح ساختن قاضی بگریخت و علی کوکہ و دتی کوکہ کہ از اہل سنّت بودند ایں خبر شنیدہ یوسف مذکور را محبوس داشتند و حسین خان را از دربار عام بنام مفتیان نوشتہ گرفتند کہ بہ نسبت یوسف بندر ہر چہ حکم شرع باشد جائز دارند و علی کوکہ در پیش مولانا شمس الدین الماس و ملّا بیہجی گنائی ولد نونی گنائی مشہور بہ

ملّا فیروز رفتہ بیان کرد کہ حسین شاہ بہ نظر سیاست یوسف بندر را حکم کشتن
داداہ است۔ ایشان ہم مطابق فرمان او حکم شرع جاری دارند و آں ہر
دو مفتیان گفتند کہ ہرگاہ کسے بر حاکم شرع یا والیِ اسلام بہ اہانت و استخفاف
و ارادۂ قتل اقدام نماید اگر حاکمِ وقت او برائے سیاست قتل کند در شرع
ماخوذ نیست۔ و دراں اثنا مردمِ عوامِ شہر ہجوم کردہ یوسف بندر در
طرفۃ العین بقتل آوردند

بعد چند روز حسین خان را پسر ارجمند خود ابراہیم خان کہ در حسنِ جمال
مانند بدرِ منیر و در سپاہگری و قبق اندازی و اسپ دوانی بے نظیر بود۔ بآزارِ
پیچک فوت شد۔ و حسین خان از تیمار فراقش مصیبت زدہ و پریشان خاطر گشت
و ملّا زین العابدین کہ از علمائے شیعہ بود حسین خان را ذہن نشین ساخت
کہ مفتیانِ اسلامیہ یوسف بے گناہ را حکم کشتن دادند و بہ شامت بے گناہیِ
او جگر گوشۂ ایشان از جان رفت کہ در حق او عدل نہ فرمودند۔ و حسین خان
مفتیانِ شہر سپردیوان طلبانیدہ بجانب مرزا مقیم سفیر اکبر شاہ کہ بہ مذہب
شیعہ بود تجویز داد کہ یوسف بندر بے گناہ مطلق است۔ مفتیانِ حنیفہ بر
بنا تعصب او را حکمِ قتل دادند۔ دریں باب ایشان از جانب من منصف
ہستند۔ و از ہر دو فریق دعویٰ و دلیل بہ تحقیق رسانیدہ حکم مناسب دہند۔

مرزا مقیم از مفتیان سنّیہ پرسید کہ ایشان بہ کدام مسئلہ یوسف بندر
را حکمِ کشتن دادند۔ مفتیان دلیلِ شرعی پیش آوردند۔ کہ استخفاف و اہانتِ
قاضیِ اسلام موجبِ اہانتِ شرع و شارع است۔ و مرتکبِ آں در ہر ملک و
محل متوجبِ قتل و سزاوارِ عقاب است و نیز در شرع وارد است کہ اگر
والیِ اسلام بجائے حدِّ صغیر برائے تنبیہ و سیاست حدِّ کبیر جاری دارد روا ست
ما بایں اطاعۃً للشرع و امتثالاً لحکم اولی الامر حکم نودیم۔ سوائے آں علی کوکہ دتی
کوکہ پیش ما آمدہ اظہار کردند کہ حسین خان را یوسف بندر برائے سیاست
کشتن است۔ شما حکم بکشتن او بنویسند۔ ما او را نہ کشتیم بلکہ حکم حاکم گشت۔

وحسین خان سوگند کرد کہ مرا قصدِ کشتنِ او نہ بود۔ تفضیہ او تقصات وعلما برائے

حوالہ کردہ بودم کہ تا اوراکسے نتوانند گشت ' ؎۵۵

ترجمہ: " ۹۷۵ھ ہجری میں مرزا مقیم شیعہ اکبر بادشاہ کی طرف سے ظاہراً بطور سفیر اور باطناً کشمیر کے سیاسی حالات کا جائزہ لینے کے لیے چند لوگوں کے ساتھ وارد کشمیر ہوئے اور کچھ دنوں کے لیے یہاں قیام کیا۔ قاضی حبیب اللہ قاضی شہر اور جامع مسجد سری نگر کے خطیب تھے۔ ایک دن نماز جمعہ کے بعد وہ کوہِ ماراں کے دامن میں قبروں کی زیارت کے لیے گئے تھے۔ یوسف بندر شیعہ نے جو مرزا مقیم کے پیروکاروں میں تھے بنائے تعصب اور قصدِ ثواب کے لیے تلوار کھینچی اور قاضی کے سر پر ماری۔ جب دوسرا وار کرنے لگے تو قاضی نے اپنے ہاتھ کو سپر بنایا۔ ان کی انگلیاں زخمی ہوئیں۔ قاضی کے داماد مولانا کمال قاضی پر گر پڑے۔ یوسف قاضی کو مجروح کر کے چلے گئے۔ علی کوکہ اور دتی کوکہ جو سنّی تھے انھوں نے یہ خبر سنتے ہی یوسف کو گرفتار کر کے قید کیا۔ اور حسین خان سے دربارِ عام میں مفتیوں کے لیے نوشتہ لے گئے کہ یوسف کے بارے میں جو بھی حکم شرع جاری کریں جائز ہے۔ علی کوکہ ملا الماس اور ملا فیروز کے پاس گئے۔ اور کہا کہ حسین شاہ نے از روئے سیاست یوسف بندر کے قتل کا حکم دیا ہے۔ آپ بھی بادشاہ کے حکم کے مطابق فتویٰ جاری کریں۔ دونوں مفتیوں نے جواب دیا کہ جو کوئی حاکم شرع یا والی اسلام کی توہین کرے یا اقدامِ قتل کا ارادہ کرے اگر حاکم وقت اس کو سیاست کی بنا پر قتل کرے تو شرع میں جائز ہے۔ اسی اثنا میں شہر کے عوام نے یوسف کو آنکھ جھپکتے ہی موت کے گھاٹ اتار دیا۔

اس واقعہ کے چند ہی دنوں کے بعد حسین خان کے صاحبزادے جو حسن وجمال میں لاثانی تھے اور جو تیر اندازی اور شہسواری میں بے نظیر تھے چیچک کی بیماری سے انتقال کر گئے۔ بادشاہ ان کے داغِ مفارقت سے دل ملول ہوئے۔ ملا زین الدین جو علمائے شیعہ میں تھے انھوں نے بادشاہ کو ذہن نشین کیا کہ چونکہ مفتیوں نے یوسف کا خون ناحق بہا دیا اور آپ نے ان کے حق میں انصاف نہیں فرمایا اسی لیے شہزادے کی موت واقع ہوئی۔ اس پر حسین خان نے شہر کے مفتیوں کو سر

دربار طلب کیا اور مرزا مقیم سفیرِ اکبر سے کہا کہ یوسف بے گناہ تھے اور حنفی مفتیوں نے تعصب کی بنا پر ان کے قتل کا حکم جاری کیا۔ اس سلسلے میں آپ میری طرف سے عادل ہیں اور دونوں فریقین کے استغاثے کی خوب جانچ کر کے مناسب حکم صادر کریں۔

مرزا مقیم نے مفتیوں سے دریافت کیا کہ آپ نے کس بنیاد پر یوسف کے قتل کا حکم دیا۔ انھوں نے شرعی دلیلیں پیش کیں کہ " قاضی اسلام کی سُبکی اور ذلتِ اسلام اور عالمِ شریعت کی توہین ہے جو اس امر کا ارتکاب کرے وہ ہر مذہب و ملت میں واجب القتل ہے۔ یہ بھی شرع میں لکھا ہے کہ اگر والیِ اسلام معمولی سزا کے بدلے کسی بڑی سزا کے لیے حکم جاری کرے وہ بھی جائز ہے۔ ہم نے عین شرع کے مطابق اور اولی الامر کے حکم کے تحت فتویٰ جاری کیا۔ اس کے علاوہ علی کوکہ اور دتی کوکہ ہمارے پاس آئے۔ انھوں نے بیان کیا کہ حسین خان کے لیے قتلِ یوسف ایک سیاسی مسئلہ ہے۔ لہٰذا آپ ان کے قتل کے لیے فتویٰ جاری کریں۔ ہم نے ان کو قتل نہیں کیا بلکہ بادشاہ کے حکم سے وہ قتل ہوئے " حسین خان نے قسمیں کھائیں کہ میری یوسف کے قتل کی نیت نہیں تھی۔ میں نے ان کا مقدمہ مفتیوں کے سپرد کیا تاکہ وہ محفوظ رہیں اور انھیں کوئی قتل نہ کر سکے۔"

حسن کا بیان گنجلک اور مبہم ہے۔ اس کے باوجود انھوں نے اس بات کا اعتراف کیا کہ قتلِ یوسف میں علی کوکہ وزیر اعظم نے مفتیوں اور ملاؤں کے ساتھ سازش کی تھی۔ کہ حسین شاہ از روئے سیاست یوسف کو قتل کرنا چاہتے ہیں۔ لہٰذا آپ ان کے قتل کا فتویٰ جاری کریں۔ حسن کے بیان سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ حسین شاہ کی نیت یوسف کے قتل کرنے کی نہیں تھی۔ انھوں نے محض تحفظ کے لیے یوسف کے مقدمہ کو علماء کے سپرد کیا تھا۔

حسن نے بادشاہ کے جس نوشتے کا ذکر کیا ہے وہ بھی جعلی اور فرضی معلوم ہوتا ہے اگر ان کی کوئی تحریر علی کوکہ یا مفتیوں کے پاس ہوتی تو وہ لوگ بھی اسے بر سرِ عدالت دفاع میں پیش کرتے۔ اور مورخین نے اس کا ذکر ضرور کیا ہوتا۔ خود حسن کے بیان سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ عدالت میں مفتیوں نے استفسار کے دوران بادشاہ کی کسی تحریر کا حوالہ نہیں دیا۔ ان لوگوں نے شرعی حدود کے اندر

مقدمہ کا فیصلہ اسلامی جذبے کے تحت نہیں کیا تھا۔ اس کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ خود مجروح قاضی حبیب نے ان کے فیصلے سے اتفاق نہیں کیا تھا۔ ان کا یہ فقرہ کتب تواریخ میں موجود ہے کہ جب ان سے قتل یوسف کے بارے میں پوچھا گیا تو انھوں نے جواب دیا کہ

"تامن زندہ ام کشتن او جائز نیست" ۹۳

ایسے ہی نام نہاد فتووں سے تاریخ اسلام کی پیشانی عرق آلود ہے۔

حسن نے قتل یوسف کے واقعات بہارستان شاہی سے اخذ کیے ہیں۔ انھوں نے واقعات بیان کرنے میں انصاف سے کام نہیں لیا بلکہ کج نگاہ غلط انداز مورخ کی طرح واقعات کو توڑ مروڑ کے پیش کیا ہے۔ بہارستان شاہی میں یہ واقعات یوں درج ہیں :۔

"حسین شاہ نے ملک محمد ناجی کو ہٹا کر علی کوکہ کو منصب وزارت پر فائز کیا۔ وہ بڑا متعصب اور شر پسند تھا۔ اس کے عہد حکومت میں ایک مشہور و معروف دوستدار یوسف اینڈر کے نام کے تھے۔ ایک دن راستے میں قاضی حبیب سے جو تعصب اہلبیت میں مشہور رہتے دوچار ہوئے۔ قاضی حبیب نے از سر تعصب شیعوں کو گالیاں دیں اور ان کی طرف تھوک دیا۔ اور غصے میں یوسف کے سر پر کوڑے مارے۔ یوسف میر چونکہ غیرت مند سپاہی تھے انھوں نے تلوار کھینچی اور ایک دو وار قاضی پر کیے۔ قاضی مجروح ہو کر گھوڑے سے گر پڑے۔ یوسف میر چلے گئے۔ علی کوکہ اور دتی کوکہ نے آپس میں یہ سازش کی کہ قاضی اور مفتی جو فتویٰ بھی جاری کریں اس پر عمل کیا جائے۔ ان دونوں نے قاضی موسیٰ، ملا فیروز گنائی اور ملا یوسف کو اپنے پاس بلایا۔ اور ان سے قتل یوسف کا فتویٰ صادر اور جاری کرایا۔ شہر کے لوگوں نے اس فقیر بے گناہ کو اس تعصب کے ساتھ قتل کیا کہ

"پارہ ہائے گوشت او را مردم بہ خانہائے خود تحفۂ زنان و ہدیۂ عورتان خود بردہ اند۔ و بسیار کسان خون آں فقیر را بجائے شربت نوشیدند"

قتل یوسف کے بعد علی کوکہ اور دتی کوکہ نے مفتیوں اور ملاؤں کے تعاون سے سوئے ہوئے فتنے کو جگا دیا۔ اور یوسف کے قتل کے باعث مسلمانوں کی ایک بڑی جماعت ایک دوسرے کے خون کی تشنہ ہوئی اور جانبین سے بہت سے

لوگ مارے گئے۔ حسین شاہ ان واقعات سے کلیتاً بے خبر اور ناواقف تھے۔ قتل یوسف کے بعد اہل سنت و جماعت کے مُلّا غیرت میں آ گئے۔ انھوں نے قاضی زین الدین اور ملا رضی ولد سلیمان مفتی کو یہ کہکر اپنا ہمنوا بنایا کہ ہم ان ملاؤں کے ساتھ مباحثہ اور مناظرہ کریں جنھوں نے مذہب اسلام کے نام پر یوسف میر کا قتل قرار دیا۔ ان کا قتل کسی بھی مذہب میں جائز نہیں تھا۔ ان ملاؤں نے محض تعصب اور دشمنی کی بنا پر یوسف کے قتل کا فتویٰ جاری کیا اور اس طرح ان کو انھوں نے بغیر کسی وجہ کے قتل کیا۔

قاضی زین الدین اور ملّا رضی تمام امرار، خواص اور حسین شاہ کے مقربین کو ساتھ لے کر لوگوں کے گھر گھر گئے اور ان کو قتل یوسف کی صحیح صورت حال سے آگاہ کیا اس کے بعد ان امرار اور مقربین نے اپنے موقف سے بادشاہ کو گوش گذار کیا اس کے بعد مرزا مقیم جلال الدین اکبر بادشاہ کی طرف سے سفیر کی حیثیت سے کشمیر آئے۔ اور انہی ایام میں بادشاہ کے حسین و جمیل شہزادے کا انتقال بھی ہوا۔ حسین شاہ تو پہلے سے ہی یوسف میر کے قتل سے پریشان تھے اب شہزادے کی موت نے پریشان تر کر دیا۔ آخر کار انھوں نے قتل یوسف کا مقدمہ بغرض عدل و انصاف مرزا مقیم کے سپرد کیا۔

مرزا مقیم نے بادشاہ کی یہ تجویز قبول کی اور انھوں نے مباحثہ کے لیے عدالت قائم کی۔ جب اہل سنت و جماعت کے ملّا حاضر ہوئے تو اس جماعت میں سے جس نے یوسف میر کے قتل کا حکم دیا تھا صرف دو آدمی یعنی ملّا بیچہ گنائی اور ملّا یوسف الماس عدالت میں موجود تھے۔ باقی قضات اور مفتیان فرار ہو کر روپوش ہوئے تھے۔

جب قاضی زین اور ملّا رضی نے مرزا مقیم اور علمار اور فضلار و اعیانِ مملکت و امرار اور معزز شہریوں کی موجودگی میں ملّا یوسف بیچہ گنائی اور ملّا الماس سے دریافت کیا کہ تم نے یوسف میر کے قتل کا فتویٰ کس مذہب اور کس کتاب سے جاری کیا۔ جب کہ یوسف میر نے قاضی حبیب کو دو تین زخموں سے مجروح کیا

اور ان زخموں کے باوجود وہ نہیں مرے ہیں اور نہ مرینگے ۔ اگر تم نے اس بچارے کو حنفی مذہب کی رُو سے قتل کا حکم دیا تو یہ حنفی مذہب کی کتابیں حاضر ہیں ۔ اگر شافعی مذہب کے تحت فتویٰ جاری کیا تو یہ شافعی مذہب کی کتابیں سامنے ہیں۔ بتائیے کہ کس مذہب کی روشنی میں ان کے قتل کا فتویٰ صادر کیا۔ کس مجتہد کے فتویٰ سے اس بے گناہ کے قتل کا حکم دیا۔ امتِ محمدیہ، شریعت نبویہ، ارباب اجتہاد، مجتہدان امصار اور علمائے دہر نے ہر جراحت اور ہر زخم کے لیے قصاص مقرر کیا ہے ۔ یہ قصاص ہر مکتب خیال اور ہر عالم دین کی کتابوں میں درج ہے ۔ بتائیے کہ کس مذہب کے تحت اس فقیر کے قتل کرنے کے احکام جاری کیے ہیں۔

دونوں مفتیان ان سوالوں کے جواب دینے سے قاصر رہے ۔ آخر کار انھوں نے کہا کہ ہمیں علی کوکہ سے پیغام ملا تھا کہ بادشاہ یوسف میر کو ازروئے سیاست قتل کرنا چاہتے تھے آپ بھی ان کے قتل کا فتویٰ جاری کریں ۔ ہم نے ان کو قتل نہیں کیا بلکہ بادشاہ نے ان کو سیاسی مقصد کی بنا پر قتل کیا۔

جب بادشاہ حسین شاہ سے اس بارے میں پوچھا گیا تو انھوں نے قسمیں کھائیں کہ مجھے یوسف کے قتل کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ میں نے ان کا مقدمہ قضات اور علماء کے سپرد کیا تھا۔ تاکہ وہ محفوظ رہیں اور ان کو کوئی قتل نہ کر سکے ۔ جب بادشاہ کا جواب عدالت میں پہنچا تو پھر دونوں مفتی ایک دوسرے کا منہ دیکھ کر لاجواب ہو گئے ۔ اس کے بعد جو سنی علماء عدالت میں موجود تھے انھوں نے متفقہ طور پر یہ فیصلہ سنایا کہ ان مفتیوں نے غلط فتویٰ جاری کر کے ایک بے گناہ کا خون بہایا ہے۔ قاضی عبدالغفور حنفی المذہب اور قاضی زین الدین شافعی المذہب نے پھر تمام علمائے اہل سنت و جماعت کے فیصلے سے اتفاق کر کے دونوں مفتیوں کے خلاف قصاص کا حکم دیا ۔ اس فیصلے کے مطابق ملا فیروز گنائی اور ملا یوسف الماس دونوں قتل کیے گئے "۔

عدالتی فیصلے کے بارے میں مصنف بہارستان شاہی کے الفاظ یہ ہیں :۔

" علمائے اہل سنت و جماعت کہ در آن مجلس حاضر بودند۔ اتفاق نمودہ وفتویٰ

بہ مذہب امام شافعی نوشتند کہ بادشاہِ ایں مملکت و قاضی عہد و مقتولِ ہمہ مذہب امام شافعی داشتند و بنا بر قصاص مذکور نسبت ہمہ ملّایان اہل سنت و جماعت توقیعہا کشیدند و ایں فتویٰ را ہمہ صحیح الجواب نوشتند کہ ایں ہر دو ملّا بہ سبب حکمِ باطل و امر بہ قتلِ ناحق و بہ سبب ایشان کشتنِ مردے بے گناہ متوجب قصاص و مستحقِ قود شدند۔ و قاضی عبدالغفور حنفی المذہب و قاضی زین الدین شافعی المذہب ہر دو باتفاق بوقتِ ایں فتویٰ بقصاصِ ایشان حکم کردند۔ و حسین شاہ آں ہر دو ملّا را بحکم قضات و فقہا باولیائے خون یوسف میر سپردند۔ والیانِ خون و طالبانِ قصاص آں ہر دو ملّا را بقصاص رسانیدند و باقی ملایان بعضے بطرف لاہور و ہند رفتند و بعضے ازاں باستشفاعِ شفیعان و حمایت ملوک و امرا باز بہ مناصبِ خود نشستند" ۹۰

اکبر کا تعصّب

اس واقعہ کے بعد علی کوکہ اور دتّی کوکہ پھر خونریز سازشوں میں معروفِ عمل رہے۔ یہ لوگ ہمیشہ اس کوشش میں لگے رہتے کہ کسی نہ کسی طریقے سے فتنے کی چنگاری بھڑک اٹھے۔ انھوں نے سازشیں کرکے بہت سے لوگوں کے خونِ ناحق سے اپنے ہاتھ رنگے تھے۔ لیکن پھر بھی ان کی شمشیرِ خون آشام کی پیاس نہ بجھی۔ جب حسین شاہ نے شہنشاہ اکبر کے لیے مرزا مقیم کو تحائف و سوغات دے کر روانہ کیا اور ان کے ہمراہ یعقوب میر کو اپنا سفیر مقرر کرکے رخصت کیا تو علی کوکہ اور دتّی کوکہ نے ایک مرتبہ پھر سازش کا منصوبہ تیار کیا۔ ان دونوں فتنہ پردازوں نے بادشاہ کو فریب دے کر اس بات پر آمادہ کیا کہ خواجہ حاجی گنائی بھی مرزا مقیم کے ساتھ دارالخلافہ جائیں تاکہ وہ لاہور سے ان کو کچھ تحائف دیدیں۔[۹۱] علی کوکہ اور دتّی کوکہ نے مرزا مقیم کے پیچھے فتنہ پروروں اور شر پسندوں کا ایک وفد مرزا مقیم کی شکایت کے لیے شہنشاہ اکبر کے پاس بھیجا۔ اس سلسلے میں حسن کہتے ہیں کہ

"بعد رفتن اینہا خواجہ حاجی گنائی کہ از اکابران شہر بود و شیخ عبدالنبی و ملّا عبداللہ و جماعتے از اہل سنّت ہمراہ گرفتہ در پیش گاہ اکبر رفتہ۔ از شہادت مولوی الماس و ملا فیروز استغاثہ نمود" ۹۲

اکبر کے سامنے جب یہ بے بنیاد اور غلط مقدمہ پیش ہوا تو وہ چراغ پا ہو گئے۔ انھوں نے ارکانِ

وفد اور علمائے متعصب کے ساتھ ملا عبداللہ اور شیخ عبدالنبی کو آگرہ جانے کا حکم دیا تھا۔ ان لوگوں نے گواہوں کو جھوٹی تعلیم سے آراستہ کیا۔ آگرے میں شیخ عبدالنبی اور دوسرے علماء نے جھوٹے گواہوں کے سہارے ایک ایسے فساد کے شعلے بلند کیے جس کے تحت مرزا مقیم، یعقوب میر اور سید حسینی شہید کر دیے گئے۔ [۹۳]

اکبر نے اپنے سیاسی ہتھکنڈوں کو بروئے کار لانے کے لیے یک طرفہ مرزا مقیم اور دوسرے لوگوں کے قتل کا فتویٰ شیخ عبدالنبی سے جاری کرایا۔ شہنشاہ کے ارادے کشمیر کے بارے میں اچھے نہیں تھے وہ ہمیشہ ملک کشمیر کو اپنی ملکیت سمجھتے تھے اسی لیے اسے "باغ خاصہ" کہتے تھے۔[۹۴] انھوں نے سیاسی اغراض کے لیے سفارتی آئین کے اصولوں کو پامال کر کے حسین شاہ کے سفیر یعقوب میر کو بھی شیخ عبدالنبی کے فتوے سے موت کے گھاٹ اتارا۔ اس طرح شہنشاہ ایک سیاسی جرم کے مرتکب ہوئے اور دوسرے یہ کہ کشمیری عوام میں مذہبی پھوٹ ڈالنے کے ذمہ دار بھی ہیں۔ انھوں نے مرزا مقیم اصفہانی اور یعقوب میر کشمیری کو محض رافضی ہونے کے جرم میں فتح پور میں قتل کرا دیا۔[۹۵]

حسین شاہ کی رواداری

بعض لوگوں کا یہ کہنا درست نہیں ہے کہ حسین شاہ متعصب تھے اور وہ ہندوؤں اور

ح۔ شیخ عبدالنبی۔ اکبر کے دین الٰہی کے نہ صرف حامی تھے بلکہ دین الٰہی پر اپنی مہر تصدیق بھی کی تھی (منتخب التواریخ صفحہ ۵۰۲) بڑے جیلی شخص تھے۔ جھوٹی شہادتوں پر لوگوں کے قتل کے لیے فتوے دیتے تھے۔ چنانچہ جھوٹی شہادت پر ایک برہمن کو بھی قتل کرایا۔ اس قتل پر شہنشاہ ان سے خفا ہو گئے۔ اور یہی قتل ان کے لیے باعث زوال بھی ہوا (منتخب التواریخ صفحہ ۶۰۷) شیخ صاحب بڑے مغرور، متکبر اور جاہل تھے۔ "ح۔ خ" اور "ر۔ ز" کی تمیز نہ تھی (منتخب التواریخ صفحہ ۴۳۶) آخر کار اکبر ان کے نامعقول طرز عمل سے آزردہ ہوئے اور ان کے منہ پر پوری قوت سے گھونسہ مارا۔ انھوں نے مکہ معظمہ جاتے وقت ستر ہزار روپیہ کا غبن بھی کیا تھا۔ عرصے تک حوالات میں رہے۔ آخر کار ایک رات گلا گھونٹ کر ہلاک کیے گئے۔ قتل کے دوسرے دن ظہر تک ان کی لاش بے گور و کفن پڑی رہی۔ یہ واقعہ ۹۹۳ھ ہجری میں رونما ہوا۔ اسی لیے تاریخ وفات "شیخ کنبوہ" نکالی گئی (منتخب التواریخ صفحہ ۵۰۳) جب اکبر کو ان ملاؤں کے کردار کا حال معلوم ہوا۔ تو انھوں نے ان میں سے بعضوں کو قتل کیا اور بعضوں کو گجرات بھیجا۔ ملا عبداللہ کو بھی گجرات کی طرف ڈھکیل دیا۔ (بہارستان شاہی ص ۱۳۶)

سنّیوں کے مخالف تھے۔[۹۶] حسن کے بیان میں تضاد ہوتا ہے۔ خود انھوں نے حسین شاہ کے عدل و انصاف اور رعایا پروری کے جذبے کو شاندار الفاظ میں سراہا ہے۔ ایک جگہ لکھتے ہیں کہ

"حسین شاہ ہمگناں را بعدل ورافت ونصفت دل خوش ساخت"[۹۷]

یعنی حسین شاہ نے اپنی رعایا کو عدل و احسان سے راضی کیا تھا۔ ایک اور جگہ کہتے ہیں کہ

"حسین خان در رعیت پروری وداد گستری از کردۂ برادران دیگر موصوف بود"[۹۸]

یعنی حسین شاہ رعایا پروری اور عدل و انصاف میں اپنے دوسرے بھائیوں سے متصف تھے۔ کتب تواریخ میں ان کی رعایا پروری کی ایک مثال یہ بھی درج ہے کہ وہ ہر روز نماز صبح کے بعد غریبوں اور محتاجوں میں نقد روپیہ تقسیم کرتے تھے۔[۹۹]

حسین شاہ مذہبی معاملات میں بڑے روادار تھے۔ ہندو اور مسلمان دونوں کو انصاف کی نظر سے دیکھتے تھے۔ جہاں وہ ہندوؤں کے مذہب کا احترام کرتے تھے اور ان کے تہواروں میں شرکت کرتے تھے وہاں دین اسلام کی ترویج کے کوشاں بھی تھے۔[۱۰۰] ڈاکٹر محب الحسن ان کے نظام حکومت، رعایا پروری کی مشغولیات کے بارے میں لکھتے ہیں کہ

"خاندان چک میں حسین شاہ ہر لحاظ سے سب سے بہتر حکمران تھا۔ اس کی حکومت مضبوط ہونے کے علاوہ معتدل اور انصاف پسند بھی تھی۔ اور اس کی رعایا ایران کے عظیم ساسانی شہنشاہ کے نام پر اس کو نوشیروانِ عادل کہتی تھی۔ وہ ان کی شکایتیں سنتا تھا۔ ڈاکوؤں اور لالچی عمال سے ان کو بچاتا تھا۔ اور ان کی خوشحالی کے لیے کوشش کرتا تھا۔ وہ بہت سخی بھی تھا اور فجر کی نماز کے بعد روزانہ غریبوں اور حاجت مندوں کو روپیہ تقسیم کرتا تھا۔ اگرچہ خود شیعہ تھا لیکن حنفی قانون پر عمل درآمد کیا۔ اور خوارزم کے ایک سنّی فقیہہ سید حبیب کو سری نگر کا قاضی اور مسجد جامع کا امام مقرر کیا۔ اپنی غیر مسلم رعایا کے ساتھ بھی اس کا برتاؤ نہایت ہی اچھا تھا۔ اس نے ان کو اپنے مذہبی رسوم کو ماننے اور تہوار منانے کی پوری آزادی دے رکھی تھی۔ کچھ تہواروں میں مثلاً بسنت اور شری پنچمی میں وہ خود بھی شرکت کرتا۔ وہ علم و ادب اور موسیقی کا شائق تھا۔ فارسی میں شاعری کرتا تھا اور

نکاروں اور اہل علم کی صحبت کو پسند کرتا۔ وہ ہفتہ بھر یوں کام کرتا تھا۔
سوموار کے دن قاضیوں اور میر عدل کے ساتھ دربار کرتا۔ منگل کو شکار کھیلنے جاتا۔ بدھ کو اپنی فوج کے ساتھ دن گزارتا۔ جمعرات کا دن ماہرینِ موسیقی اور احباب کے ساتھ گزارتا۔ جمعہ کے دن وہ علماء سے بحث و تمحیص کرتا۔ سنیچر کے دن وہ ہندو اور بودھ پروہتوں کے ساتھ رہتا اور اتوار صوفیوں کے ساتھ گزارتا[۱۰۱]"

حسین شاہ کے آخری ایّام میں ان کے صاحبزادے ابراہیم خان کا انتقال عنفوانِ شباب میں ہوا۔ ان کے داغ جدائی نے ان کی صحت نڈھال کر دی۔ جس کے سبب وہ تخت سلطنت سے اپنے بھائی علی خان کے حق میں ۹۷۸ھ ہجری (۱۵۷۰ء) میں دستبردار ہوئے۔ معزولی کے بعد وہ زینہ پور میں زندگی کے باقی دن یاد الٰہی میں گزارنے کے لیے گئے[۱۰۲] اور ایک سال چند روز کے بعد زینہ پورہ میں ہی انتقال کر گئے اور وہیں دفن ہیں۔ اس حساب سے ان کا انتقال ۹۸۰ھ ہجری (۱۵۷۲ء) ہوا تھا۔ صاحبِ طبقاتِ اکبری نے ان کا سال وفات ۹۷۹ھ قرار دیا اور ان کی جائے مدفن "حیران بازار" کے نواحی میں لکھا ہے[۱۰۳] جو درست نہیں معلوم ہوتا ہے۔

علی کوکہ اور دتی کوکہ یوسف میر اور مرزا مقیم وغیرہ کے قتل ناحق کی سازشوں میں ملوث ہونے کے بعد بھی سازشوں میں مصروف تھے۔ اب انھوں نے ایک اور نئی سازش کا منصوبہ تیار کیا۔ وہ یہ ہے کہ جب حسین شاہ بیمار تھے تو انھوں نے اپنی جھوٹی حمایت کا یقین دلا کر ان کو اس بات کے لیے آمادہ کرنے کی کوشش کی کہ علی شاہ، ان کے بیٹے یوسف شاہ اور سید مبارک خان بیہقی کو قید کر کے حسین شاہ کے کسی لڑکے کو تخت پر بٹھایا جائے۔ ان لوگوں نے نجی ملک کے مشورے سے علی شاہ پر شب خون مارنے کی سازش کی۔ دتی کوکہ نے یہ سازش فاش کی

ح ۔ تاریخ میں ان کے دو شعر یادگار ہیں ؎

حمائل کردہ تیغ و بستہ خنجر یار می آید
دلا برخیز کارے کن کہ جاں درکار می آید

آں ترکِ آل پوش سوار سمند شد
یاراں حذر کنید کہ آتش بلند شد

(واقعاتِ کشمیر ص ۹۳)

اور اس نے فتح یاری کے گاؤں میں علی شاہ کو مطلع کرایا۔ علی کوکہ اور اس کے ساتھیوں نے ہانجی ویرہ میں علی شاہ کے لشکر پر شب خون مارا۔ جب حملے کی یہ اطلاع علی شاہ کو ملی تو وہ خود بھی میدان جنگ میں لڑنے کے لیے آئے۔ دونوں فریقین میں جنگ ہوئی اور حسین شاہ کے سپاہی مغلوب ہوئے۔ سید مبارک خان نے کئی لوگوں کو قتل کیا۔ آخر کار حسین شاہ نے بابا خلیل اللہ کے ہاتھ تاج شاہی علی شاہ کے پاس بھیجا اور حسین شاہ تخت سے معزول ہوئے۔

سلطان علی شاہ

علی شاہ ۹۷۸ھ (۱۵۷۰ء) میں سریر آرائے سلطنت ہوئے۔ انھوں نے ایک مدبر، انصاف پسند اور روشن خیال شخص سید مبارک خان بیہقی کو منصبِ وزارت پر بٹھایا۔ سید مبارک ان کے وفادار جاں نثار دوستوں میں تھے۔ آپس میں اس قدر میل جول اور محبت و یگانگی تھی کہ بادشاہ نے اپنی صاحبزادی ان کے بیٹے سید ابو المعالی بیہقی سے منسوب کی[۱۰۴]
دو سال تک ملک میں امن و امان رہا اور کسی سازش نے جنم نہیں لیا۔ لیکن دو سال کے بعد ۹۷۹ھ (۱۵۷۲ء) میں علی خان ولد نوروز چک اور دیگر امراء نے گٹھ جوڑ کر کے بادشاہ کے خلاف عہد و پیمان کے ساتھ بغاوت کرنا شروع کی۔ یہ لوگ چاہتے تھے کہ تخت سلطنت پر ہم ہی قابض رہیں۔ اس سازش کا پتہ بادشاہ کو چلا۔ انھوں نے علی چک کو قتل کرنا چاہا لیکن سید مبارک خان کے مشورے سے اس اقدام سے باز رہے۔ اور علی خان کو اپنے وطن مالوف کامراج بھیج دیا۔ علی خان کا سر فتور سے بھرا ہوا تھا۔ وہ کامراج سے لاہور فوجی کمک حاصل کرنے کے لیے اکبر بادشاہ کے پنجاب کے صوبہ دار حسن قلی خان کے پاس چلے گئے۔ بعض شر پسندوں نے اس کے لاہور چلے جانے کے لئے سید مبارک خان کو موردِ الزام ٹھہرایا۔ ادھر علی خان تکبر اور فتورِ عقل کی وجہ سے حسن قلی خان سے کسی قسم کی فوجی امداد لیے بغیر ہی محمد کوٹ پہنچ گئے۔ علی شاہ نے آناً فاناً ان کے خلاف فوج روانہ کی۔ بالآخر گرفتار کیے گئے اور علی شاہ کی خدمت میں پیش کیے گئے۔ انھوں نے ایک سال سے زائد ان کو قید خانے میں ڈال دیا۔ اس کے بعد سید مبارک خان کی سفارش پر ایک سو دینار بطور نذرانہ ان سے لیے اور پھر قید سے آزاد کیا[۱۰۵]

علی شاہ کے زمانے میں ایبہ شاہ ولدِ غازی شاہ کے سر میں ملک پر قبضہ کرنے کا سودا پیدا ہوا۔ وہ پیٹھ پیچھے یوسف شاہ ولد علی شاہ کے خلاف لوگوں کو اکساتے تھے۔ جب اس کی اطلاع یوسف

شاہ کو ہوئی تو انھوں نے ایبہ شاہ کو موت کے گھاٹ اتارا اور خود سوپور کی طرف چلے گئے۔ کچھ امرا نے ابدال خان کی کمان میں ان کے خلاف فوج بھیجی۔ ابدال خان کا دل یوسف کے بارے میں صاف نہیں تھا۔ وہ ان کا قلع قمع کرنا چاہتے تھے تاکہ اس سے ان کی جانشینی کے لیے زمین ہموار ہو جاتی۔ سید مبارک ابدال خان کی چال سمجھ گئے۔ انھوں نے ان کو نصیحت کی اور کہا کہ آپ کی وفاداری علی شاہ کے تئیں ایبہ خان کو زندہ نہیں کر سکتی ہے۔ اگر آپ واقعی ایبہ خان کے ہمدرد ہیں تو ان کے بیٹوں سے ہمدردی کریں اس درمیان انھوں نے یوسف شاہ کو ایک نصیحت آمیز خط لکھا۔ اور اس طرح باپ بیٹے کی جنگ ایک مخلص اور بہی خواہ کی حیثیت سے ختم کرائی۔ یوسف شاہ سید مبارک خان کی نصیحت پر سری نگر واپس آئے۔ لیکن ان کے دل میں ابدال خان کا خدشہ برابر رہا۔ مصنف بہارستانِ شاہی کہتا ہے کہ

"این نوع غبارِ فتنہ بغیر از تیغِ آبدارِ مبارزانِ این دیار فرو نمی نشست۔ آخر بیک رشحۂ قلم آبدار نجستہ غبارِ فتنہ و فساد فرو نشانید و علی شاہ را منتِ دارو ممنون گردید۔ خدشۂ این معاملہ از یوسف خان بخاطر ابدال خان ماند" [۱۰۵]

اس واقعہ کے بعد ہی شمس دونی اور محمد مراج نے دوسرے کشمیری امرا کے تعاون سے ایک اور فتنہ و فساد برپا کرنا شروع کیا۔ جب یہ خبر علی شاہ کو ملی تو انھوں نے بغاوت کا تدارک کرنے کے لیے ان پر فوج کشی کی۔ جب اس کی اطلاع فتنہ پردازوں کو ہوئی تو وہ فوراً سید مبارک خان کے گھر آکر پناہ مانگنے لگے۔ جب اس کا علم علی شاہ کو ہوا تو انھوں نے اپنی حکومت کے استحکام کے لیے سید مبارک خان کی سفارش پر ان کی خطا معاف کی [۱۰۶]

۹۸۳ ہجری (۱۵۷۵ء) میں علی شاہ کو ایک زبردست سازش سے دوچار ہونا پڑا یہ سازش حیدر خان ولد محمد شاہ اولاد زین العابدین نے ماگریوں کے ساتھ ساز و باز کر کے کی تھی۔ بقول فرشتہ حیدر خان عرصے سے گجرات میں مقیم تھے۔ اکبر بادشاہ کی فتح گجرات کے بعد وہ ان کے ہمراہ ہندوستان آئے۔ اور پھر یہاں سے توشہرہ جاگر رہے [۱۰۷]۔ وہ حکومت کشمیر کے دعویدار تھے۔ اس ہم میں انھوں نے اپنے چچازاد بھائی سلیم خان کو بھی شریک کیا تھا۔ آخر کار محمد چک کے حسن تدبر سے یہ سازش ناکام ہوئی۔ محمد چک نے بڑی سمجھداری سے سلیم خان کو قتل کیا۔ اس ہم کے سر کرنے سے بادشاہ نے محمد چک کو انعام و اکرام سے ممتاز کیا۔ اس واقعہ کے بارے میں ملک حیدر چاڈورہ

لکھتے ہیں کہ :۔

" دریں عہد حیدر خان و سلیم خان کہ از اولاد شاہان سابق بودند۔ از ہندوستان رو بجانب کشمیر آوردند۔ و بعضے سرداران باہم ایشان ملحق شدند۔ پس علی خان مذکور لوہر خان و محمد خان را نسبت قرابت داشتند بالشکر گراں برائے مدافعۂ غنیم فرستاد۔ چوں بہ موضع ٹھنہ رسیدند محمد خان مرحوم لوہر خان را کہ ہمراہش بود مقید نمودہ باخود گرفت۔ ایں خبر بہ علی خان رسید و مضطرب شد۔ و ملک محمد ناجی را کہ در تدبیر و استقامت رائے بے مثل بود طلبیدہ مشورہ نمود کہ دریں امر چہ باید کرد وایشان گفتند کہ محمد خان عاقل است۔ و می دانم کہ حرام نمکی نخواہد کرد و بنابر مصلحت لوہر خان را محبوس نمودہ باشد۔ علی خان ایں معنی قبول نہ کردہ خود بفکر سفر افتاد و جاسوساں فرستاد۔ محمد خان مذکور در نوشہر با حیدر خان و سلیم خان ملاقات کرد و با ایشان اتفاق نمود۔ رو بکشمیر آوردہ کہ چوں براجور رسیدند محمد خان مذکور فرصت یافتہ سلیم خان را بقتل رسانید و حیدر خان فرار شد۔ پس لوہر خان را از قید خلاص ساختہ بفتح و نصرت برگشت۔ علی خان اعتقاد تمام باستقامت رائے و تدبیر و عقل ملک محمد ناجی بہم رسانید و محمد خان مذکور را بانعام و اکرام شاہانہ نواخت "[۱۰۹]

۹۸۱ھ مطابق ۱۵۷۳ء میں راجہ بہادر سنگھ کشتواڑ نے بغاوت شروع کی۔ علی شاہ نے تین فوجی دستے ابدال خان، علی خان اور نوروز چک کی سربراہی میں کشتواڑ پر حملہ کرنے کی غرض سے بھیجے اور خود سنگھ پور کے گاؤں میں قیام کیا۔ راجہ مقابلہ نہیں کر سکے کیونکہ ان کی فوجی طاقت مقابلتاً کم تھی۔ وہ صلح کرنے اور علی شاہ کی سرداری تسلیم کرنے پر راضی ہوئے اور اپنے بھائی نارائن سنگھ کو کسی عزیز کی خوبصورت اور حسین بیوی بادشاہ کے تحفے میں پیش کرنے کے لیے بھیجا۔ یہ عورت بادشاہ کی منظور نظر تھی۔ علی شاہ نے اس کے ساتھ نکاح کیا اور اس کا اسلامی نام فتح خاتون رکھا۔ عورت کے علاوہ راجہ نے خراج دینے کا وعدہ بھی کیا تھا۔[۱۱۰]

دوسرے سال ۹۸۲ھ مطابق ۱۵۷۴ء میں راجہ کشتواڑ بہادر سنگھ کے دماغ میں بغاوت کا فتور پھر شروع ہوا اور اس نے خراج دینے سے انکار کیا۔ اس مرتبہ علی شاہ نے اسماعیل گنائی اور

حیدر چک کے ہمراہ کشتواڑ پر حملہ بولنے کے لیے فوج روانہ کی۔ پہلے کی طرح اس دفعہ بھی راجہ نے صلح کی اور اپنی بہن شنکر دیوی کو بادشاہ کے پوتے یعقوب خان کی شادی کے لیے بھیجا۔ اس کے علاوہ ہر سال خراج دینے کا وعدہ بھی کیا۔ [۱۱]

اکبر کی جاسوسی

اس واقعہ کے چند سال کے بعد ۹۸۶ھ مطابق ۱۵۷۸ء میں ایک اور واقعہ رونما ہوا وہ یہ ہے کہ امسال شہنشاہ اکبر نے ملا عشقی اور قاضی صدر الدین کو شہزادہ سلیم (جہانگیر) اور حسین شاہ مرحوم کی صاحبزادی کے رشتہ کے لیے سفیر بنا کر بھیجا۔ لیکن رشتے کی تہہ میں اکبر کا سیاسی مقصد کارفرما تھا یعنی وہ کشمیر پر حملہ کرنے کی راہیں ہموار کرنا چاہتے تھے۔ تاریخ کے یہ الفاظ ہیں:۔

"رسولان کہ در حقیقت جاسوسان بودند۔ راہ و رسم کشمیر را دیدہ بعرض اکبر بادشاہ رسانیدند"

علی شاہ نے رشتہ منظور کیا۔ اور اپنے وکیل محمد قاسم کو اپنی بھتیجی کے ساتھ تحائف سمیت شاہی دربار میں بھیج دیا۔ انھوں نے اکبر کے نام سے خطبہ پڑھوایا اور سکے ڈھالے [۱۱]

شہزادہ سلیم کی شادی کا واقعہ بہارستانِ شاہی میں درج نہیں ہے اور نہ یہ واقعہ تاریخ ملک چاڈورہ میں نظر سے گذرا۔ اکثر کشمیری اور غیر کشمیری کتب تواریخ میں یہ واقعہ نقل کیا گیا ہے۔ ان کتابوں میں لکھا گیا ہے کہ حسین شاہ والیِ کشمیر نے مرزا مقیم اور یعقوب میر کے ساتھ اپنی صاحبزادی کو اکبر کی زوجیت میں بھیجا تھا۔ مرزا مقیم کے قتل کے بعد اکبر نے عروس کو واپس کیا تھا [۱۲]۔ یہاں یہ بات واضح نہیں ہوتی ہے کہ کیا حسین شاہ کی وہی صاحبزادی جو اکبر کی زوجیت کے لیے بھیجی گئی تھی! اور جن کو اکبر نے ٹھکرایا تھا وہی جہانگیر کی زوجیت کے لیے بھی شہنشاہ کے سفیروں کے ساتھ روانہ کی گئی تھی۔ اگر یہ بات درست ہے تو پھر یہ عقد اس مقولے کے تحت کیا ہوگا۔

اگر پدر نتواں کرد پسر تمام کند

راقم الحروف کو ازدواج کے یہ دونوں واقعات افسانے معلوم ہوتے ہیں۔ اسی طرح علی شاہ کی طرف سے اکبر بادشاہ کے نام خطبہ پڑھنے اور سکّہ ڈھالنے کے بارے میں بہارستانِ شاہی اور تاریخ ملک حیدر چاڈورہ میں کوئی ذکر نہیں ملتا ہے۔ ان دونوں تاریخوں میں اکبر کے نام سکّہ ڈھالنا اور خطبہ جاری کرنا یوسف شاہ کے ساتھ وابستہ کیا گیا ہے۔ یعنی جو معاہدہ یوسف شاہ اور بھگوان داس کے درمیان

ہوا تھا اس میں یہ طے پا گیا تھا کہ یوسف شاہ تخت کے مالک رہیں گے لیکن شہنشاہ اکبر کے نام سکے
ڈھالے جائیں گے اور خطبہ پڑھا جائے گا۔ [۱۱۳]

علی شاہ کا عدل و انصاف

علی شاہ احکام شریعت کے سخت پابند تھے۔ انھوں نے وہ تمام سخت قوانین جو سلاطینِ کشمیر میں رائج تھے منسوخ کیے تھے۔ یعنی آنکھیں نکالنے، اعضا کاٹنے اور لوگوں کو ہلاک کرنے کے جملہ قوانین اپنے عہد سلطنت میں کالعدم قرار دیے۔ وہ عدل و انصاف اور رعایا پروری میں بے مثال تھے۔ تمام مورخین نے ان کے نظامِ عدل و معدلت کو یک زبان ہو کر سراہا ہے۔ اس سلسلے میں چند مورخین کی آرا ذیل میں درج کی جاتی ہیں :۔

مصنف بہارستان شاہی —

"رسوم چشم کندن و مردم کشی و اعضا بریدن کہ در سلاطینِ ماضی و حکامِ سابقہ معیار شدہ بود، ایں علی شاہ در سلطنت خود برطرف نمود۔ و قواعد عدالت گستری و مراسم رعیت پروری کما ینبغی مرعی می داشت۔ و در ہیچ دقیقہ از حقائق معدلت و نصفت و حقائق احسان و شفقت بر رعایا و برایا فروغی گذاشت و تمام طوائف و قبائل امرا و حکامِ افتادہ را بر پا ساخت و ہمیشہ در امرِ حکومتِ خود پرستشِ حق سبحانہ و تعالیٰ و بہ ادائے فرائض و واجبات و ترکِ قبائح و محرمات و انقیادِ امر و نہی و اتباع سنت حضرت رسالت پناہی صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم می کرد" [۱۱۴]

ملک حیدر —

"علی شاہ ہمہ وقت در عدل و داد و احسانِ رعیت داشت و اکثر رعایا ازو راضی بودند" [۱۱۵]

نرائن کول عاجز —

"علی شاہ سلطانے رعیت پرور و معدلت گستر بود۔ ایام سلطنت را صرف بہ دلنوازی و کارسازی و چارہ پردازی می نمود" [۱۱۶]

حسن بیگ —

"قواعدِ عدالت گستری و مراسم رعیت پروری مرعی داشت" ۱۱۷ء

خواجہ اعظم دیدہ مری —

"علی شاہ غایت سعی در عدل و احسان و رعیت پروری نمود - اکثر اہلِ شہر را راضی داشت" ۱۱۸ء

حسن —

"علی شاہ در رفاہِ رعیت و توقیر اہلِ فضیلت و تکریم علماء و تعلیمِ مشائخ و فقراء رائیت ہمت افراشت" ۱۱۹ء

خلیل مرجان پوری —

"علی شاہ معدل افزائی و دل فروزی و جاں نوازی مردم بسیار سعی کرد - و در احسان رعایا و پرورش برایا بذل موفور و سعی مشکوری نمود" ۱۲۰ء

۹۸۴ھ (۱۵۷۶ء) میں کشمیر کے لوگوں کو ایک خطرناک اور ہلاک حادثے کا شکار ہونا پڑا - وہ یہ تھا کہ اس سال ربیع کی فصل بے وقت شدید برفباری کی وجہ سے خراب و برباد ہوئی - اور کشمیر کو ایسے قحطِ عظیم کا سامنا کرنا پڑا جس کی نظیر کہیں نہیں ملتی تھی - برفباری کی وجہ سے غلّہ نہ پک سکا - اور ایسا قحط پڑا کہ لوگ مُردوں کو کھانے لگے - بھوک سے بے شمار جانیں تلف ہوئیں - یہ سلسلہ تین سال تک ایک ہی حالت پر رہا - اس کے بارے میں تاریخ میں یہ شعر مقید ہے ؎

قحط تا حدیکہ خلق از فرطِ بے توقی چو شمع
جسمِ خود را سوختی بر آتش و مردے بکار ۱۲۱ء

قحط کی شدت دیکھ کر بادشاہ نیکو خصال نے اپنی رعایا پروری اور رحمدلی کا مظاہرہ اس حد تک کیا کہ قحط زدگان لوگوں میں اپنا سارا خزانہ، مال و متاع اور زیورات تقسیم کیے - اور شب و روز ان کی دیکھ بھال کر کے ان کی مصیبتوں میں شریک حال رہے - دو سال کے بعد خزانہ خالی ہوا - اور قحط میں کسی قسم کی کمی واقع نہ ہوئی - تو بادشاہ نے مخیر امیروں اور دولت مندوں سے اپیل کی کہ وہ فاقہ کش عوام کی مدد اپنے سرمایہ سے کریں - اس زمانے میں انھوں نے ایک دن کبھی چوگان نہیں کھیلا جس کے وہ عادی تھے - آخر کار جب قحط نے شدت کی صورت اختیار کی تو وہ پریشانی کے عالم میں بزرگانِ دین کے مزاروں کی طرف دعائے خیر کے لیے سوار ہوئے راستے میں ایک درویش زیتی چک سے ملاقات

ہوئی۔ وہ صاحب کمالات تھے۔ بادشاہ نے ان سے دریافت کیا کہ یہ بلا کب تک ہمارے سر پر منڈلاتی رہے گی۔ درویش نے جواب دیا کہ جب تک آپ زندہ ہیں۔ یہ سن کر علی شاہ دل ملول ہوئے۔ اور گھر واپس آئے[۱۲۲] پھر جامع مسجد سری نگر کے بالائی حصے میں گئے وہاں علماء اور فضلاء کے ساتھ نماز و تلاوتِ قرآن میں مشغول ہوئے۔ فرشتہ اور نہاوندی کے بقول

"در ۹۸۶ھ علی شاہ بالائے مسجد برآمدہ، با علما و فضلا صحبت داشت و کتاب مشکوٰۃ در آں مجلس آوردہ، بموجب حدیثے کہ در فضائل توبہ دارد بود توبہ کرد و غسل نمودہ بہ نماز و تلاوتِ قرآں مشغول گشت[۱۲۳]"

رواداری

علی شاہ مذہب کے معاملات میں بڑے وسیع النظر اور روشن خیال تھے۔ شیعہ اور سنّی میں کوئی فرق نہیں کرتے تھے۔ انھوں نے اپنے سمدھی سید مبارک شاہ کو جو سنّی تھے وزیر اعظم بنایا تھا۔ شیخ حمزہ مخدوم اور ان کے دو شاگردوں بابا داؤد خاکی اور بابا رشی ہروی کا احترام کرتے تھے۔ شیخ صرفی اور خواجہ رفیق جیسے بزرگوں کی عزت کرتے تھے۔[۱۲۴] بابا داؤد خاکی علی شاہ بادشاہ کے کردار و سیرت سے اتنے متاثر ہوئے تھے کہ انھوں نے قصیدۂ لامیہ میں ان کی اور شاہزادہ یوسف کی تعریف اس طرح کی ہے ؎

والیِ دور ں علی شاہ دوستدار صالحاں پورِ او شہزادہ یوسف شاہ باجاہ و جلال
ہر دو ایشاں صحبتِ ایں پیر را دریافتند ہر دو کردندے دعائے خیر خود از وے سوال
او دعا گفتے و ایشاں را مبارک آمدے ہم دریں اشفاق ایشاں کرد ازیں جا ارتحال[۱۲۵]

علی شاہ اپنے دورِ حکومت میں روزانہ صبح او شام کو عیدگاہ کے میدان میں چوگان کھیلتے تھے۔ بابا خلیل اللہ نے ایک دن از سرِ غیب کہلایا کہ چوگان بازی سے ان کو نقصان پہنچے گا۔ دوسرے دن انھوں نے اس بات کا دھیان نہیں رکھا اور ۹۸۶ھ (۷۹-۱۵۷۸ء) میں اپنے تمام رفقا اور فوجیوں کے ساتھ عیدگاہ چوگان کھیلنے گئے۔ کھیلنے میں مصروف تھے کہ اچانک قضائے الٰہی یوں آئی کہ زین کا نوکدار کونہ ان کے شکم میں گھس گیا۔ جس سے ان کی آنتیں پھٹ گئیں۔ انھوں نے گھوڑے کی لگام پھیر دی اور گھر کی طرف روانہ ہوئے۔ وقتِ چاشت گھر پہنچ گئے۔ اور پہنچتے ہی انتقال کیا۔[۱۲۶]

یوسف شاہ

علی شاہ نے انتقال سے پہلے اپنے صاحبزادے شہزادہ یوسف کو بادشاہ بنایا۔ جب علی شاہ کے بھائی ابدال خان کو علی شاہ کے مرنے اور یوسف شاہ کے بادشاہ بننے کی خبر ہوئی تو بعض شر پسندوں اور باغیوں نے انھیں تخت سلطنت پر حق جتانے کے لیے بغاوت پر آمادہ کیا۔ چنانچہ وہ اپنی فوج مرتب کر کے نوہٹہ میں یوسف شاہ کے خلاف صف آرا ہوئے۔ جب یہ اطلاع سید مبارک خان بیہقی کو ملی تو وہ یوسف شاہ کے پاس گئے جہاں وہ اپنے والد علی شاہ کی تجہیز و تکفین کے لیے فکر مند تھے۔ انھوں نے یوسف شاہ کے مشورے سے ابدال خان کے بارے میں صلح کی شرائط مرتب کر کے بابا خلیل اللہ کے ہاتھ ابدال خاں کو بھیجیں۔ اور ساتھ ہی یہ بھی کہلوایا کہ لڑائی کا خیال چھوڑ کر علی شاہ کے گور و کفن میں شریک ہونا چاہیئے۔ ابدال خان کے دل میں یوسف شاہ کے خلاف انتقام کی آگ بھڑک رہی تھی کیونکہ یوسف شاہ نے ایبہ خان کو قتل کیا تھا۔ اس لیے انھوں نے صلح کی شرائط کو ٹھکرا دیا۔ اس کے بعد دوسری مرتبہ بابا خلیل اللہ، سید مبارک خان اور محمد بٹ وزیر اعظم ابدال خان کے پاس صلح کے لیے گئے۔ انھوں نے ابدال خان سے یہ بھی کہا کہ تخت سلطنت کے حقدار یوسف شاہ ہیں لہٰذا جنگ و جدل سے کیا فائدہ؟ ابدال خان نے ان کی کوئی شرط قبول نہیں کی اور وہ جنگ پر مُصر رہے۔ سید مبارک اور ان کے ساتھیوں نے یوسف شاہ کو ابدال خان کے خلاف جنگ کا مشورہ دیا۔ علی شاہ کی میّت ابھی تک گھر ہی میں پڑی رہی تھی کہ یوسف شاہ اور ابدال خان کے درمیان نوہٹہ میں جنگ کے شعلے بھڑک اٹھے۔ جنگ میں آخر کار ابدال خان، سید حسین خان ولد سید مبارک بیہقی کے ساتھ کام آئے۔ حبیب چک ولد دولت چک تو بھاگتے بھاگتے سید جلال خان بیہقی ولد سید مبارک خان کو قتل کیا۔ جنگ ختم ہونے کے بعد یوسف شاہ جب میدان حرب میں پہنچے اور ابدال خان کی لاش کو خون آلود دیکھا تو حکم دیا کہ کسی بھی شخص کو ان کی تجہیز و تکفین کی اجازت نہیں ہے۔ اس کے بعد وہ گھر آگئے۔

قاضی موسیٰ نے یوسف شاہ کے حکم کی خلاف ورزی کی۔ اور انھوں نے بادشاہ وقت کے سب سے بڑے باغی دشمن ابدال خان کی لاش میدان جنگ میں خاک و خون سے اٹھا کر ان کے آبائی مقبرے میں سپرد خاک کی۔ چونکہ پورا دن صبح سے شام تک میدان جنگ میں گزرا تھا اس لیے یوسف شاہ نے دوسرے دن اپنے والد علی شاہ کی تجہیز و تکفین کر کے انھیں اپنے خاندانی مقبرے

میں دفن کیا اور پھر اسی دن ۹۸۶ھ ہجری میں تخت سلطنت پر جلوہ افروز ہوئے۔[۱۲۶]

دو مہینے کچھ دن کے بعد یوسف شاہ کو ایک اور بڑی بغاوت سے دوچار ہونا پڑا۔ وہ یہ ہے کہ بادشاہ نے ایک قابل اور مدبر شخص محمد بٹ کو عہدۂ وزارت تفویض کیا۔ بادشاہ کے ایک اور باغی ابدال بٹ نے محمد بٹ کے خلاف منصب وزارت کے لیے بغاوت شروع کی۔ یوسف شاہ رقص و سرود اور عیش و عشرت کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ اور امور سلطنت کی طرف متوجہ نہیں تھے اس لیے لوگ ان سے بددل ہو کر ابدال بٹ سے مل گئے۔ لوہر خان، علی خان اور فتح چک کیوارہ بھی سازش میں شریک ہوئے۔ ۱۶ ربیع الثانی ۹۸۶ھ کو سید مبارک خان بیہقی بھی باغیوں کے ساتھ ملوث ہوئے۔ ابدال بٹ اور دوسرے امرا نے سید مبارک خان کو تخت پر بٹھانے کا فیصلہ کیا۔ ان لوگوں نے دریائے جہلم کے پلوں کو کاٹ کر عیدگاہ کو محاذ جنگ بنایا۔ یوسف شاہ خود ذالڈگر میں رہے۔ ان کے فوجی سردار محمد خان نوا کدل کا پل بنا کر اپنی فوج کے ساتھ عیدگاہ پہنچے۔ اور انھوں نے باغیوں پر حملہ کیا۔ دونوں فوجوں میں خونریز جنگ چھڑ گئی۔ محمد خان[بٹ] قتل ہوئے۔ یوسف شاہ کا لشکر تتر بتر ہو گیا۔ کچھ لوگ سید مبارک خان کے ساتھ مل گئے اور کچھ ذالڈگر میں یوسف شاہ سے۔ جنگ میں بیہقی سادات کے سپاہیوں نے زبردست بہادری کا مظاہرہ کیا۔ اور آخر کار فتح و نصرت کا ڈنکا بجایا۔[۱۲۷] حیدر ملک یوسف شاہ کی شکست کے اسباب اور میدان جنگ کی کیفیت اس طرح بیان کرتے ہیں:

"چوں ایں خبر بہ یوسف خان رسید۔ ملک محمد ناجی را طلبیدہ و مشورۂ ایں ہم با ایشان نمود۔ گفتند کہ در محاربہ تعطل درکار است۔ کہ لشکر غنیم بسیار است و باید اہل لشکر خود را بجزئیتِ انعام خوش دل نمود۔ تاہم لشکرِ غنیم رجوع شما بیارند۔ یوسف خان از بخلی کہ داشت قبول ایں معنی نہ نمودہ و محمد خان و حبیب چک را سردار کردہ جمعی را بمحاربۂ سید مبارک خان فرستاد۔ ملک محمد ناجی ازیں عمل ہم منع نمودہ۔ گفت کہ اگر ارادۂ محاربہ ہست خود باید سوار شد۔ چوں ایام او بارش بود۔ گفتہائے ملکِ مسطور محمول بغرض یافت۔ پس محمد خان[بٹ] وغیرہ بالشکرِ یوسف خان بہ محاربہ رسید۔ مبارک خان رواں شدند۔ و در عیدگاہ میان ایں دو لشکر قتال و جدال عظیم واقع شد و دریں جنگ قریب سیصد کس از

بجانبین بقتل رسیدند و ملک قاسم پسر کہتر ملک محمد ناجی کہ شیر بیشۂ شجاعت بود مقتول شد۔ محمد خان ہزیمت دسید مبارک خان لوائے فتح و نصرت افراخت چوں ایں خبر بہ یوسف خان رسید۔ طاقتِ مقادمت نیاوردہ تاج شاہی مصحوب ملک محمد ناجی پیش سید مبارک خان فرستادہ وخود بکوہستانِ ہند فرار شد" [۱۲۹]

سیّد مبارک خان

سید مبارک خان بیہقی ۹۸۵ھ مطابق ۱۵۷۸ء میں تخت سلطنت پر بیٹھے۔ انھوں نے تاج شاہی کے ہیرے، جواہرات اور دُر ہائے بیش بہا فقرا اور مساکین میں تقسیم کیے۔ اور سادہ لباس میں حکومت کرنے لگے۔ حسن کہتے ہیں کہ

"سید مبارک خان بعد ساعتے از جلوت بخلوت درآمدہ۔ تاج شاہی در پیش نہادہ نفسِ خود را مخاطب ساخت وگفت :۔

اے نفس شوم! ایں تاج شاہی فی الحقیقت مذموم است، اصلاً غرّہ نشوی، فردا فرقِ تو از خاک مذلت آغشتہ باشد۔ ایں تاج برائے چندروز بر تو وبال است"

ایں بگفت و برمسندِ شاہی نشستہ در رتق وفتق امور مملکت پرداخت و دیہیم جہانبانی کہ از عہدِ سلاطینِ پیشین بہ دُر وجواہر ویاقوت مکلّل بود شکستہ بفقرا و مساکین قسمت نمود۔ وخود بہ لباس حقیر وسادہ کار سلطنت می ساخت" [۱۳۰]

سید مبارک خان نے چھ ماہ تک عدل وانصاف سے حکومت کی۔ بقول مصنّف بہارستانِ **شاہی** :۔

"ارقامِ جور واعتساب از صفحات وجُنات اہل دیار محو گردانیدہ۔ ابواب عدل وانصاف بروئے طوائفِ انسان برکشاد۔ واستسقائے دہر را از شربت عدالت شفائے عاجل بخشید" [۱۳۱]

جب امرائے کشمیر نے دیکھا کہ سید مبارک ہمارے اشاروں پر چلنے والے نہیں ہیں تو ۲ شعبان ۹۸۶ھ کو وہ ابدال بٹ کی سربراہی میں ان کے خلاف بھی بغاوت پر تل گئے۔ انھوں نے یوسف شاہ کو اپنی جھوٹی حمایت کا یقین دلا کر واپس بلایا۔ جب وہ پرگنۂ دلیو پہنچے تو سید مبارک خان کو اطلاع

مل گئی۔ وہ یوسف شاہ کے مقابلے کے لیے روانہ ہوئے۔ جن لوگوں نے یوسف شاہ کو اپنی حمایت کا وعدہ کیا تھا وہ ان سے منحرف ہو گئے ان واقعات کے پیش نظر یوسف شاہ واپس تھنہ چلے گئے اور مبارک خان بغیر کسی مقابلے کے کامیاب ہو کر واپس آئے۔

اس واقعہ کے بعد ابدال بٹ، لوہر خان اور حیدر چک وغیرہ امرائے کشمیر نے سید مبارک خان کے خلاف بغاوت شروع کی۔ ان کا موقف یہ تھا کہ سید مبارک عوام اور خاص کر چکوں کو تختۂ مشق بنا کر ان کے حقوق پامال کر رہے ہیں۔ اس لیے یہ فیصلہ کیا کہ یوسف شاہ یہاں آئیں۔ باغیوں نے اس مصالحت پر بھی پانی پھیر دیا جو یوسف شاہ اور سید مبارک کے درمیان ملا حسن اسود اور داؤد میر کی مفاہمت سے ہو رہی تھی۔ باغیوں کے سرغنہ ابدال بٹ کو جب اس مصالحت کا حال معلوم ہوا تو وہ اس کی مخالفت کرنے لگے۔ ابدال نے چکوں کو یہ کہہ کر سید مبارک خان کے خلاف اکسایا کہ وہ خاندان چک کو نیست و نابود کرنے کے درپے ہیں۔ چنانچہ یہ سب لوگ سید مبارک کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے تیار ہو گئے۔ انھوں نے دریائے جہلم کے پل کاٹ دئے اور ذالڈگر میں اقامت پذیر ہوئے۔ سید مبارک جنگ کرنا نہیں چاہتے تھے وہ بابا خلیل کی خانقاہ (موجودہ محلہ خانقاہ سوختہ نوا کدل) میں گئے۔ وہاں چک سردار بھی جمع تھے۔ ابدال بٹ کی سربراہی میں لوگوں نے باتفاق رائے سید مبارک کو تخت سے دستبردار ہونے کے لیے مجبور کیا۔ اور ان کی جگہ پر لوہر چک کو بادشاہ بنایا[۱۳۲]۔ مبارک خان نے چھ مہینے سے کچھ دن زیادہ حکومت کی[۱۳۳]۔

یوسف شاہ ابدال بٹ کے معاہدے کے تحت بٹن تک آئے تھے۔ ابدال نے انھیں پیغام بھیجا کہ آپ کا یہاں آنا باعث نقصان ہوگا۔ اس لیے وہ دل برداشتہ ہو کر فتحپور سیکری شہنشاہ اکبر کے پاس مدد کے لیے چلے گئے[۱۳۴]۔

لوہر شاہ

لوہر شاہ ۱۵ شعبان ۹۸۶ھ مطابق ۲۶ ستمبر ۱۵۸۰ء کو تخت نشین ہوئے۔ وہ شنکر خان کے بیٹے اور حسین شاہ کے بھتیجے تھے۔ لوہر بڑے فیاض، رحمدل اور رعایا پرور تھے۔ عادل و منصف ایسے تھے کہ لوگ عہد نوشیروان بھول گئے تھے۔ ان کے بارے میں کتب تواریخ میں درج ہے کہ:-

"در انتظام مہام ملک داری پرداخت و رعایا را بعدل و احسان نواختہ نام نوشیرواں از صفحۂ روزگار محو ساخت۔ و بہ آبیاری نیت حق طویت او کثرت

غلات و آبادیِ مزروعات بہ حدے رسید کہ مردماں یک خروار شالی

بیک فلوسِ مس کہ وزنِ آں بست و یک ماشہ بود در ہر جا بیع و شرا می کردند۔

و یک قرص نانِ کلان بوزن پنج پاؤ کہ اہل کشمیر "لوہر منڈ" می گفتند در بازار

بہ قیمت یک پشیز می فروختند" [۱۳۵]

لوہر شاہ نے ایک سال اور ایک مہینے تک حکومت کی۔ ابدال بٹ ان کے وزیر تھے [۱۳۶] لوہر شاہ نے اپنے استحکام کے لیے علی چک اور ان کے بیٹے یوسف خان کو قید میں ڈال دیا۔ بعض امراء مثلِ شمس چک اور علم شیر خان وغیرہ کشمیر سے بھاگ کر یوسف شاہ سے مل گئے۔

یوسف شاہ ایک سال تک شہنشاہ اکبر کے پاس رہے تھے۔ اکبر نے اس دوران ان کی خوب آؤ بھگت کی۔ انھوں نے یوسف شاہ کو دو کنیزیں بھی پیش کیں اور مرزا یوسف خان مشہدی اور راجہ مان سنگھ کو ان کے ساتھ فتح کشمیر کے لیے مقرر کیا۔ [۱۳۷] بقول فرشتہ، اکبر بادشاہ ہمیشہ فتح کرنے کے خواہش مند تھے۔ بادشاہ دہلی کو یہ بہانا ہاتھ آیا۔ [۱۳۸] لشکر اکبری جب ان دو سرداروں کے ساتھ لاہور پہنچا تو یوسف شاہ مغل فوج کو وہیں چھوڑ کر اپنے لوگوں اور بیٹوں کی ملاقات کے لیے بہلول پور چلے گئے۔ جب اس واقعہ کی اطلاع ابدال بٹ کو ہوئی تو انھوں نے یوسف شاہ کو خفیہ پیغامات بھیجنے شروع کیے کہ آپ آئیے۔ یہ ملک آپ کا ہی ہے اسے سنبھالیے۔ ہم آپ کے ساتھ پورا پورا تعاون کریں گے۔ آپ خدارا ہماری گزشتہ خطاؤں کو درگزر کریں۔ شہنشاہ اکبر کے لشکر پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ کشمیر فتح کرنے کے بعد انتظامِ حکومت اپنے ہاتھ میں لے کر یہاں مغل توانینِ نافذ کریں گے۔ براہ کرم آپ بغیر کسی خوف و تردّد کے تشریف لائیں۔

"کرم نما و فرود آکہ خانہ خانۂ تست" [۱۳۹]

یوسف شاہ ابدال بٹ کے جھوٹے وعدوں پر بھروسہ کر کے بہلول پور سے روانہ ہوئے۔ انھوں نے بعض امرائے کشمیر مثل محمد بٹ وزیر اعظم وغیرہ جو پنجاب میں پریشانی کے دن گذار رہے تھے ان کے تعاون سے چار ہزار سپاہی کا لشکر مرتب کیا اور لاہور کے تاجروں سے زرِ کثیر بطور قرضہ لے کر راجہ مان سنگھ کی اجازت لیے بغیر کشمیر کی طرف رختِ سفر باندھ لیا [۱۴۰] جب شہنشاہ اکبر کو معلوم ہوا کہ یوسف شاہ بغیر میری فوج کے سہارے کشمیر چلے گئے، تو وہ مرزا یوسف خان اور راجہ مان سنگھ سے برہم ہو گئے۔ [۱۴۱]

لوہر چک نے اپنے وعدوں سے انحراف کر کے یوسف ڈار کو یوسف شاہ کی مزاحمت کے لیے نوشہرہ بھیجا۔ یوسف شاہ نے ان کو شکست دی۔ راجوری کے راجہ بھی باغیوں سے ملے تھے۔ جب انھوں نے دیکھا کہ یوسف ڈار کو شکست ہوئی تو وہ یوسف شاہ سے مل گئے۔ یوسف شاہ نے ان کا احترام کیا اور اپنی فوج کے ہراول دستے کا افسر بنایا۔ اس کے بعد یوسف شاہ تھنہ کے لیے روانہ ہوئے۔ لوہر چک نے ان کے خلاف حسین شاہ کے لڑکے یوسف خان اور ابدال بٹ کے لڑکے کو مقابلے کے لیے بھیجا۔ سِڈو کے مقام پر یوسف خان نے نازک بٹ کو گرفتار کر کے یوسف شاہ کے حوالے کیا۔ اور خود بھی یوسف شاہ کے ساتھ شامل ہوئے۔ یوسف خان کے اس رویے سے لوہر خان کی فوج میں انتشار پھیل گیا اور اس کی ہمّت ٹوٹ گئی۔ شمس دونی، ملک حسن اور دوسرے امرا بھی تھنہ میں یوسف شاہ سے ملے۔ جب یوسف شاہ کی فوجی قوت بڑھ گئی تو وہ چیڑ ہار کے راستے سے سوپور پہنچے۔ وہاں کامراج پر قبضہ کیا۔ لوہر خان نے بابا خلیل اللہ کے ذریعے سے یوسف شاہ کو یہاں سے واپس جانے کے لیے کہلوایا اور یہ بھی کہا کہ آپ کو دکھن کھاور کے پرگنات بطور جاگیر دیے جائیں۔ یوسف شاہ نے یہ پیشکش ٹھکرا دی۔ غرضیکہ یوسف شاہ قبضہ کرتے کرتے دلنہ پہنچے۔ یہاں ان کی اور لوہر چک کی فوجوں میں گھمسان کی جنگ ہوئی۔ لوہر شاہ کے وزیر اور سپہ سالار ابدال بٹ یوسف شاہ کے ہاتھ سے قتل ہوئے۔ لوہر شاہ کی فوج کو شکست ہوئی۔ اور یوسف شاہ باغیوں کا صفایا کر کے سری نگر روانہ ہوئے۔ ۱۴۲

یوسف شاہ سری نگر جا رہے تھے۔ یہاں کے سبھی لوگ جوق درجوق زن و مرد، صغیر و کبیر ان کے استقبال کے لیے برتھنہ آئے۔ لوگوں نے جس خلوص اور محبت کے جذبات کے ساتھ ان کا خیر مقدم کیا تاریخ کشمیر میں اس کی نظیر کہیں نہیں ملتی ہے۔ اس کے بارے میں مورخین باتفاق رائے کہتے ہیں کہ

> " آنگاہ یوسف خان با جلالت و شہامت لوائے نصرت افراشتہ بجانب شہر عجلت کرد۔ وتمامی مردم شہر از وضیع و شریف و صغیر و کبیر تا موضع برتھنہ پیشوائی کردہ بہ تہنیت و مبارکبا دغلغلہ برداشتند۔ یوسف خان ہر کس را مشمول عنایت ساختہ در استمالت دلجوئی اقاصی و اوانی پرداخت۔ ملا محمد امین مستغنی پیش ازیں از کتاب دیوان حافظ فال کشیدہ

ع یوسف گم گشتہ باز آید بہ کنعاں غم مخور[۱۴۳]

یوسف شاہ بار دوم

یوسف شاہ باغیوں کو شکست دے کر دوسری مرتبہ ۹۸۹ھ مطابق ۱۵۸۱ء میں تخت سلطنت پر بیٹھے۔ بابا داؤد خاکی کے مطابق وہ ۹۸۸ھ ہجری میں ہی دوسری مرتبہ تخت نشین ہوئے تھے۔ اس سلسلے میں قصیدہ غلیبہ یوسف شاہی ملاحظہ ہو۔ انھوں نے محمد بٹ کو پھر وزارت کا عہدہ سونپا۔ بادشاہ نے تخت پر بیٹھتے ہی لوہر چک اور دوسرے باغی سرداروں کی سرکوبی اور گرفتاری کے احکام صادر کیے۔ لوہر چک پانچ ہزار سواروں کے لشکر کے ساتھ سوپور کی جنگ میں شکست کھانے کے بعد فرار ہوئے تھے۔ اور وہ سری نگر میں روپوش تھے۔ ایک دن محمد بٹ نے بادشاہ کو اطلاع دی کہ لوہر چک قاضی موسیٰ کے گھر میں روپوش ہیں۔ بادشاہ نے قاضی کی شریعت کا لحاظ کرتے ہوئے فوج کو ان کے گھر میں تلاشی کے لیے نہیں بھیجا بلکہ ایک خواجہ سرا خواجہ ملک ناظر کو حکم دیا کہ وہ قاضی کے گھر جا کر تلاشی لے لے۔ تلاشی کرنے پر یوسف شاہ کے سب سے بڑے باغی دشمن لوہر خان قاضی موسیٰ کے گھر کے تہہ خانے سے برآمد کر کے گرفتار کیے گئے۔ یہ شرمناک واقعہ کتبِ تواریخ میں ان الفاظ میں معرض تحریر میں آیا ہے۔

> "لوہر خان در قاضی موسیٰ پنہاں شدہ۔ چوں خان مرقوم رعایتِ شرع شریف بسیار داشت۔ نہ خواست کہ فوج بخانۂ قاضیِ مسطور رفتہ، تفحص لوہر خان نماید۔ خواجہ سرا خواجہ ملک ناظر امتثال امر نمودہ بود۔ از تجسس بسیار لوہر خانِ مسطور را از خانۂ قاضی دستگیر نمودہ حاضر ساخت" [۱۴۴]

اعظم دیدہ مری نے لوہر خان کی سازش میں قاضی موسیٰ کی والدہ کو بھی ملوث کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ:۔

> "لوہر شاہ در خانۂ قاضی موسیٰ خزیدہ است۔ یوسف شاہ رعایتِ شریعت کردہ خواجہ ملک خواجہ سرا از برائے تجسس فرستاد۔ ہر چند تفحص نمود۔ مدعا نہ یافت بز جر پیش آمد۔ معلوم شد کہ کسے از مادر قاضی خبر نہ داشت۔ نشان بحجرۂ تنگ و تاریک داد، از آنجا بر کشیدند" [۱۴۵]

یوسف شاہ نے لوہر خان کے علاوہ ان سرکردہ باغیوں کو بھی گرفتار کیا جنھوں نے ان کا تختہ الٹ دیا تھا۔ ان میں بیچہ گنائی، محمد چک اور حسنی چک وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔ ان میں بیچہ گنائی نہایت ہی کلے

درجے کے شرارت پسند اور خطرناک تھے۔ بادشاہ نے ان کے خلاف چار نکات پر مشتمل فردِ جرم عاید کر کے بعضوں کی آنکھیں نکالیں اور بعضوں کے اعضا قطع و برید کیے۔ الزامات یہ تھے

(۱) آنکہ باوجود نمک خوارگیِ قدیم با من بے وفائی کردند

(۲) آنکہ در حق سید مبارک خان دغا نمودند۔

(۳) آنکہ مکتوباتِ مُہر و دستخطیِ خود بوثوقِ عہد و پیماں در پنجاب پیش من فرستادند۔

عاقبت برآں عمل نہ نمودند

(۴) آنکہ امروز بر سرِ من علم بغاوت افراشتند۔

ان الزامات کے بعد لوہر خان، محمد چک، حسنی چک، بیچہ گنائی اور حسین خان کوکہ کے ہاتھ کاٹ دئے۔ یوسف لنڈ، علی چک، علی بٹ برادران ابدال بٹ سے تاوان وصول کر کے انھیں قید خانے میں ڈال دیا۔ شمس چک کیواری کو لوہر قورچی نے گرفتار کیا۔ اس کی بھی آنکھیں نکال کر اعمٰی بنادیا گیا[۱۴۶]

کچھ ہی عرصے کے بعد شمس چک ولد دولت چک، عالم شیر خان ماگرے اور دوسرے امرا نے یوسف شاہ کا تختہ الٹنے کے لیے بغاوت شروع کی۔ یہ خبر ملتے ہی بادشاہ نے انھیں قید کیا۔ حبیب چک ہندوستان فرار ہو کر لاہور میں حیدر چک سے جاملے۔ یوسف خان قید خانے سے فرار ہو کر باغیوں سے ملے۔ بادشاہ باغیوں کو پکڑنے میں کامیاب ہوئے۔ انھوں نے حبیب چک کی واپسی پر ان کی آنکھیں نکال لیں اور یوسف خان کے اعضا کاٹ دئے[۱۴۷]۔ حسن نے ان دونوں باغیوں کو شیطان کہا ہے[۱۴۸]۔

ان ہی ایام میں محمد بٹ وزیر اعظم نے یوسف شاہ کے خلاف علم بغاوت بلند کیا اور ان کا تختہ الٹنے کے لیے برسرِ عمل رہے۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ محمد بٹ کو شمس دونی سے ذاتی عناد تھا۔ اور وہ ان کو سزا دینا چاہتے تھے۔ یوسف شاہ کو یہ بات پسند نہیں آئی کہ بلا وجہ شمس دونی سے انتقام لیا جائے۔ محمد بٹ نے یوسف خان کی مدد سے یوسف شاہ کے قتل کا منصوبہ باندھا۔ اس کی اطلاع بادشاہ کو ہوئی۔ محمد بٹ ناکام ہو کر قید کیے گئے۔ ان کے دوسرے ساتھی کشتواڑ ایبہ خان ولد ابدال بٹ کے ساتھ چلے گئے۔ لیکن ملا حسن اسود کے سمجھانے پر واپس آئے۔[۱۴۹]

حیدر چک کی فوجی طاقت میں مزید باغیوں کے ملنے سے کافی اضافہ ہوا۔ انھوں نے بادشاہ کے خلاف کشتواڑ اور پیر پنچال میں بغاوت کے شعلے بلند کیے۔ یوسف شاہ نے یہ بغاوت کچل دی۔ باغیوں کے سردار حیدر چک کو شکست ہوئی۔ خود حیدر چک اور ان کے ساتھی لاہور جا کر راجہ

مان سنگھ سے ملے۔ راجہ نے ان کا پرجوش استقبال کیا۔ اور انواع واقسام کے تواضعات ومدارات سے نوازا۔ انھوں نے سیاسی اغراض کے لیے بھمبر اور نوشہرہ کے علاقے بھی بطور جاگیر بخش دئے۔ راجہ کے اس طرزِ عمل سے یوسف شاہ کی پریشانیوں میں اضافہ ہوا اور ان کا ماتھا ٹھنکنے لگا۔ کیونکہ راجہ مان سنگھ ان سے پہلے ہی ناراض تھے۔ اکبر کشمیر کو اپنی ملکیت تو سمجھتے ہی تھے اور اسے ہڑپنے کے لیے دندان آز تیز کیے بیٹھے تھے لیکن اس پر قبضہ کرنے کے لیے موقع نہیں ملتا تھا۔ ان حالات کے پیشِ نظر انھوں نے ایک جعلیہ اور خوشامدی خواجہ قاسم نبیرۂ خواجہ حاجی بانڈے کو حیدر چک کی مخالفت کے لیے راجہ مان سنگھ کے پاس بیش بہا تحائف دے کر لاہور روانہ کیا۔ خواجہ قاسم دراصل اپنے جدِّ بزرگوار خواجہ حاجی کی طرح مغلوں کے ایجنٹ تھے۔ انھوں نے راجہ کے ساتھ اور ہی معاملات پر گفتگو کی۔ واپسی پر خواجہ نے یوسف شاہ کو جھوٹی اور فرضی باتیں کہہ کر خوش فہمی میں مبتلا رکھا۔ یوسف شاہ نے میٹھی اور چکنی باتیں سن کر خواجہ قاسم کو مرزا کا خطاب دیا اور پھر عہدۂ وزارت بھی انہی کے سپرد کیا۔[۱۵۰]

یوسف شاہ نے محمد بٹ کی برطرفی کے بعد اپنے بیٹے یعقوب خان کو اپنا وزیر بنایا تھا۔ وہ وزارت کے فرائض خوش اسلوبی سے انجام دیتے تھے۔ خواجہ قاسم کو ان سے اس منصب کے لیے حسد وبغض پیدا ہوا تھا کیونکہ وہ اس کے آرزومند تھے اور ہمیشہ "سخنان غرض آمیز بہ یوسف خان می گفت"[۱۵۱]

اکبر کی مداخلت

۹۸۹ھ ہجری کے ہی ایام میں شہنشاہِ خلافت پناہ اکبر بادشاہ نے اپنے دو سفیروں مرزا طاہر اور صالح عاقل کو کشمیر میں سیاسی حالات کا جائزہ لینے کے لیے یوسف شاہ کے نام ایک فرمان دے کر روانہ کیا۔ شاہی قاصد جب بارہمولہ پہنچے تو یوسف شاہ نے ان کا استقبال کیا۔ خط کا مضمون یہ تھا:۔

> "چوں از جبینِ آں ارادت مند فروغ صدق واخلاصِ مبیں بود۔ بیشتر بہ نوازش والتفاتِ بادشاہی ممتاز گردید۔ ازاں باز کہ مراجعت بہ کشمیر نمود۔ احوال ملک بہ ایستادگانِ پایہ سریر خلافت مصیر معروض نہ داشت۔ الحال کہ از منازعانِ خاطر جمع کرد باید بہ مجردِ ورودِ فرمانِ قضا جریان بے توقف

ودرنگ بغیر ریو ورنگ بشرف تقبیلِ آستانِ خواقینِ درگاہ سعادت اندوز

نشائتین گردد"[۱۵۲]

خلاصۂ مضمون یہ ہے کہ یوسف شاہ نے کشمیر جانے کے بعد مغل دربار کو وہاں کے حالات سے آگاہ نہیں کیا اور اگر اس وقت وہاں کوئی شورش نہیں ہے تو فوراً شہنشاہ کے دربار میں حاضر ہو کر اپنی اطاعت گذاری کا ثبوت دے۔

یوسف شاہ شہنشاہ اکبر کے اس قہرنامہ سے گھبرا گئے۔ وہ جانتے تھے کہ اکبر کا ارادہ کشمیر پر حملہ کرنے کا ہے۔ اس لیے انھوں نے اپنے وزیروں اور مشیروں سے صلاح مشورہ کیا۔ مشیروں نے انھیں رائے دی کہ سرحدی چوکیوں کا دفاع مضبوط اور سخت ہونا چاہیے۔ اگر اکبر حملہ کر ہی لیں گے تو اس کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہیئے۔ یوسف شاہ نے ان لوگوں کے کہنے پر عمل نہیں کیا۔ برعکس اس کے انھوں نے چھوٹے بیٹے حیدر خان کو ایلچیوں کے ساتھ قیمتی تحائف دے کر اکبر کے دربار قاہرہ میں روانہ کیا۔ بادشاہ یوسف شاہ کی یک طرفہ کاروائی اور ان کی ناعاقبت اندیشی سے مشیروں کو اس مکتوب کی پیشین گوئی یاد آئی جو پرسپور کے بت خانے کو منہدم کرتے وقت میر شمس الدین عراقی کے ہاتھ آیا تھا اور جس میں لکھا تھا کہ:۔

"درعہد سلطنت چکاں ملک کشمیر از دست خواہد رفت وبتصرف جغتائی خواہد درآمد"[۱۵۳]

تاریخ کشمیر میں مرقوم ہے کہ

"از استماع ایں خبر یوسف خان مضطرب شدہ۔ ارکانِ دولت وسرداران راجمع نمودہ مشورت نمود۔ ہمہ کس بعد از مشورہ بعرض ایشان رسانیدند کہ جواب فرمان باید نوشت دیوچیکہا محکم نمود و لشکر بشیر نگہداشت واگر فوجی بیاید محاربہ باید نمود۔ ایں معنی را بشامت ادبار کہ پیش آمدہ بود قبول نہ کرد۔ و یوسف شاہ پسر حیدر خان را ماٰمور کرد کہ سرانجام سفر نمودہ با بعض تحف وہدایا ہمراہ ایلچیاں بملازمت اکبر بادشاہ برود۔ ہمہ سرداراں از پست فطرتی وسستی رائے او بسیار محزون شدند وحکایت مکتوبے کہ از بتخانۂ پرسپور برآمدہ بود بخاطر ایشان آمد.... یوسف خان پسر خود حیدر خان را با تحائف وہدایا بملازمت اکبر شاہ فرستاد۔ حیدر خان

مرقوم یک سال در رکاب بود۔ و بعد ازاں رخصت شد۔ و برائے یوسف خان فرماں نوشتند کہ خود بملازمت بیاید و گرنہ آمادۂ جنگ باشد"[۱۵۳]

یعقوب صرفی بطور سفیر

تاریخی شواہد سے ثابت ہے کہ یوسف شاہ نے اکبر بادشاہ کے سفیروں مرزا طاہر اور صالح عاقل کے ساتھ خیرسگالی کے طور پر شیخ یعقوب صرفی کو بطور سفیر تحائف و ہدایا لا کر شہنشاہ کے پاس بھیجا تھا۔ شیخ صرفی اور شہزادہ حیدر دربار اکبری میں ایک سال گزار کر ۹۹۰ھ ہجری مطابق ۱۵۸۲ء میں شہنشاہ کا یہ فرمان لے کر واپس آئے کہ یوسف شاہ فوراً فتح پور سیکری آ کر شہنشاہ کی قدمبوسی کے لیے حاضر ہو جائیں ورنہ ان کے خلاف فوجی کارروائی کی جائے گی۔[۱۵۴]

اس کے بعد راجہ مان سنگھ نے تیمور چک کو ایسے ہی شاہی فرمان کے ساتھ اپنا سفیر بنا کر یوسف شاہ کے پاس کشمیر روانہ کیا۔ یوسف شاہ شہنشاہ اکبر کے عتاب نامہ سے ڈر گئے۔ اور انھوں نے ۹۹۲ھ ہجری (۱۵۸۴ء) میں اپنے بڑے صاحبزادے شہزادہ یعقوب کو قیمتی تحائف دے کر تیمور بیگ کے ہمراہ دربار اکبری میں روانہ کیا۔ جب وہ حاضر دربار ہوئے تو اکبر اعظم انھیں دیکھ کر بہت خفا ہوئے۔ اور شکایت کی کہ یوسف کو حکم دیا گیا تھا کہ وہ قدم بوسی کے لیے حاضر ہو جائیں لیکن نہیں آئے۔ انھوں نے برہم ہو کر یعقوب کو حراست میں دو سال تک رکھا۔ اس اثنا میں شہزادہ محمد حکیم مرزا (اکبر کے سوتیلے بھائی) کا انتقال ہو گیا اور وہ کابل کے لیے روانہ ہوئے اور

> "بہر منزل و مقام کہ نزولِ اجلال می فرمود، یعقوب خاں را برائے آمدن یوسف خان استعجال می نمود۔ و یعقوب خان دافعاتِ ہر منزل بخدمتِ والدِ خود معروض می داشت"[۱۵۵]

یعنی یعقوب دربار اکبری میں رہ کر یوسف شاہ کو اکبر کے عزائم کے بارے میں مطلع کرتے رہے لیکن یہ اہم اطلاعات خواجہ مرزا قاسم (نبیرۂ خواجہ حاجی بانڈے) یوسف شاہ سے چھپاتے تھے ـــــ اسی دوران شہنشاہ اکبر نے قیام لدھیانہ کے وقت اپنے دو سفیروں حکیم علی اور صالح عاقل کو حکم دیا کہ وہ یوسف شاہ کو میرے سامنے حاضر کریں۔ اگر وہ آنے سے ہچکچائیں گے تو موردِ عتاب ہوں گے۔ شہزادۂ یعقوب بڑے بہادر اور غیرت مند تھے۔ جب انھوں نے شہنشاہ اکبر

کا سخت اور مخالفانہ روّیہ دیکھا اور جب اکبر لاہور پہنچے تو وہ حراست کی زنجیریں توڑ کر کشمیر کی طرف بہلول پور سے روانہ ہوئے اور تین دن شب و روز کی مسافت طے کرکے یوسف شاہ کے پاس پہنچ گئے۔ ان کے آنے پر مرزا قاسم ڈر گئے۔ انھوں نے یعقوب کو یوسف شاہ کے سامنے غلط رنگ میں پیش کیا۔ یوسف انھیں گرفتار ہی کرنے والے تھے لیکن امرا کی برمحل مداخلت کرنے سے وہ ایسا نہ کر سکے۔[۱۵۶] اکبر کا یہ فرمان تھا:۔

"یوسف خان از درگاہ ما سرفراز شدہ بہ ملک خود رفتہ۔ بہ عیش و عشرت مشغول گشت۔ و اصلاً اثر مریدی و شیوۂ بندگی ظاہر نہ ساخت۔ از برائے آں کہ فرمانِ عالی شان بہ طلبِ او صادر شدہ بود۔ کہ بہ تقبیل درگاہِ خلائق پناہ آمدہ مشرّف شود۔ باز خود بیاید و فرزند کلانِ خود را فرستاد کہ خالی از خللِ دماغ و دیوانگی و خبطے نیست "[۱۵۷]

جب اکبر کے سفیر (بقول اکبر نامہ ص ۴۶۹ جلد سوم بہار الدین کنبوہ بھی ان کے ساتھ تھے) خامپور پہنچے تو یوسف شاہ نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور انھیں اپنے محل کے قریب سید علی کی حویلی میں اتارا[۱۵۸] یوسف شاہ اکبر کے فرمان سے لرزہ براندام ہوئے اور انھوں نے دربارِ اکبری کی قدم بوسی کے لیے اپنے وزیروں اور مشیروں سے تبادلۂ خیال کیا۔ ان لوگوں نے سمجھایا کہ اکبر کے پاس جانے سے تخت سلطنت ہاتھ سے نکل جائے گا اور کشمیر میں مغلوں کے آنے سے ملک تباہ و برباد ہو جائے گا۔ کشمیریوں کو قیامت تک پچھتانا ہوگا۔ اور ہمارے چہروں سے بدنامی اور رسوائی کا دھبّہ کبھی نہ مٹے گا۔ یہ واقعہ تاریخ میں اس طرح درج ہے:۔

"چوں حکیم علی بہ کشمیر برسید و تبلیغ پیغام بہ یوسف خان نمود۔ بر اضطراب و خوفِ خان مذکور را فزود۔ پس اعیان و اہالی را جمع نمودہ مشورت کرد۔ ہمہ اعیان حتیٰ کہ رعایا بہ عرض رسانیدند کہ از واقعہ ذو لجو کہ سابق شدہ بود ہنوز اکثر ملک کشمیر خراب است۔ و اگر باز غنیم غالب آید تا قیامت ملک رو بہ آبادی نہ خواہد آورد۔ و گرد خفّت و بدنامی از چہرۂ ما نہ خواہد رفت۔ ہر چند در ظاہر یوسف خان اطمنانِ خاطرِ ایشان می نمود "[۱۵۹]

یوسف شاہ نے شاہی سفیروں سے وعدہ کیا کہ وہ شہزادۂ یعقوب کو ہاتھ پاؤں باندھ کر دربارِ اکبری

میں بھیجیں گے۔ اس پر عوام نے بادشاہ سے سخت مخالفت کی۔ بابا خلیل، بابا مہدی اور دوسرے مشیروں نے یوسف شاہ پر واضح کر دیا کہ اگر آپ دربار میں حاضر ہونے پر اصرار کریں گے تو ہم آپ کو قتل کر کے یعقوب خان کو تخت نشین کریں گے۔ اس وقت یوسف شاہ نے امیروں اور مشیروں کے خوف سے دربار اکبری میں اپنی حاضری کو معرض التوا میں ڈال دیا۔ اور اکبری قاصدوں کو دو مہینے کے بعد واپس جانے کی اجازت دی۔ انھوں نے شہنشاہ کو صورت حال سے آگاہ کیا اور اس طرح اکبر کو یوسف شاہ کا ایک اور بہانہ ہاتھ آیا۔ چونکہ وہ کشمیر کو طاقت سے قبضہ میں کرنا چاہتے تھے اس لیے انھوں نے شاہ رخ مرزا، شاہ قلی خان اور راجہ بھگوان داس کو پچاس ہزار مغل سواروں کے ہمراہ کشمیر کو فتح کرنے کے لیے روانہ کیا۔ [۱۱]

اکبر کا حملہ صرفی کی سربراہی میں

ابوالفضل کے کہنے کے مطابق شہنشاہ اکبر نے ۲۰ دسمبر ۱۵۸۵ء کو شیخ یعقوب صرفی اور حیدر چک کی سربراہی میں مرزا شاہ رخ بہادر، راجہ بھگوان داس، شاہ قلی محرم، مادھو سنگھ، مبارک خان اور دوسرے فوجی سرداروں کے ساتھ کشمیر پر حملہ کرنے کی غرض سے بھیجا۔ یعقوب صرفی جن کو یوسف شاہ نے ۹۹۰ھ (۱۵۸۲ء) میں اکبر بادشاہ کے پاس تحائف وہدایا سمیت بطور سفیر بھیجا تھا انھوں نے اکبر کے ساتھ ساز باز کر کے حملہ آوروں کی کامیابی اور آسانی کے لیے پہاڑی راستہ دکھانے کی ذمہ داری قبول کی تھی۔ بہر حال مغل فوج شیخ صرفی کی رہنمائی میں دریائے کشن گنگا عبور کر کے داخل کشمیر ہوئی۔ [۱۱]

جب مغل حملہ آوروں کی اطلاع سری نگر پہنچی تو یوسف شاہ نے ظاہراً اپنی فوج ترتیب دینی شروع کی لیکن باطناً وہ اکبر کی مور و ملخ جیسی فوج گراں کا مقابلہ کرنا بیکار سمجھتے تھے اس لیے انھوں نے خود کو مغلوں کے حوالے کر دینے کا فیصلہ کیا۔ اس اثنا میں انھوں نے اپنے مخالفین محمد بٹ (سابق وزیر اعظم)، عالم شیر ماگرے اور دوسروں کو قید سے رہا کیا۔ بادشاہ سری نگر کو محمد بٹ کی نگرانی میں چھوڑ کر خود عالم شیر ماگرے کے ساتھ بارہمولہ کی طرف روانہ ہوئے۔ اور وہاں اپنی فوج کے تین دستے مرتب کیے۔ ہراول کا دستہ ملک حسن چاڈورہ (والد حیدر ملک) اور عالم شیر ماگرے کے سپرد کیا۔ داہنے دستے کو یعقوب خان اور ابوالمعالی کے حوالے کیا اور بائیں بازو

بابا طالبؔ اصفہانی کی کمان میں رکھا۔ ترتیب فوج کے بعد یوسف شاہ کوارہ مست کی طرف چل پڑے۔ جب مغل فوجیں درۂ بولیاس پہنچیں تو یہاں طرفین میں گھمسان کارن پڑا اور مغلوں کو سخت جانی نقصان اٹھانا پڑا۔ ان کے سرکاٹ کر یوسف شاہ کے سامنے لائے گئے۔[۱۱۱] موسم کی خرابی کی وجہ سے بھی مغلوں کی جان کے لالے پڑ گئے۔ تاریخ میں یہ واقعہ یوں درج ہے۔

ح۔ بابا طالب اصفہانی۔ از دار السلطنت اصفہان است۔ مدتہاست کہ در ہندوستان می باشد و در سلک بندگان بادشاہ ظل اللہ اکبرشاہ منتظم بود۔ در درویش طبیعت و فانی مشرب است۔ و در ہندوستان بابا طالب اشتہار داد۔ و اکثر اوقات بہ مصاحبت اکابر و اعیان این ولایت مثل حکیم ابوالفتح و زین خان کوکہ و شیخ ابوالفضل و شیخ فیضی و سائر بزرگان بسر می برد و بے تعلقی و قاعدہ دانی است و بیشتر ایام توقف در ہندوستان در کشمیر دلپذیر می باشد۔ و بغایت از آب و ہوا و دیگر خصوصیات آن دیار محظوظ است و در وقتے از فرمانِ فرمائے کشورِ ہندوستان نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ او را بطلب مرزا غازی ترخانی والی ٹھٹھ فرستاد۔ برسم حجابت و دوران رفت۔ و آمد کارہائے نمایاں از و بظہور آمدہ۔ والحال در ۱۰۲۵ھ مطابق ۱۶۱۶ء) صدرِ ولایت گجرات است۔ و در شاعری و نکتہ دانی نیز مہارتے تمام دارد۔ و فی الجملہ طالب علمی نیز کردہ۔ ہمیشہ با مولانا قاسم و مولانا نظیری کہ از دانشمندان روزگار بودند۔ و در ہندوستان بدانش ممتاز بودند بسر می برد و صحبت می داشت۔ و خود را بمداحی و دعاگوے این عالی جاہ مشہور ساختہ عمر خود را صرف مداحی ایشان کردہ و رعایت کلی یافتہ و می یابد۔ اگرچہ الحال توقعی نہ دارد نظر بر حقیقت می گمارد۔ از زخارف دنیوی بے نیاز است و از روشِ اشعارے کہ در مدح ایشان گفتہ روش التفات و مرحمتِ عالی جاہ و اخلاص مندرا می توان یافت۔ (ماثر رحیمی جلد سوم صفحہ ۱۲۵۹ مطبوعہ ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ)

بابا طالب اصفہانی در زمانِ حکومت چکاں از اصفہان بکشمیر رسید۔ از فنونِ علوم آراستہ و انواع کمالات پیراستہ بود و قبولیتی بہم رسانید و در قرب سلاطین از اقران درگذرانید و در نزاع امرا و فتن ارباب داعیہ سعی مصالحہ بسیار داشت۔ تا ایام تسلط اولیائے دولت اکبر بہ چمن پیرائے نکتہ سنجی مود۔ چوں رحلت کرد در مزار بابا خلیل بمقام نوکدل (خانقاہ سوختہ حال) آسود۔ در فنون شاعری ماہر بود (واقعات کشمیر[۱۱۲])

(باقی حاشیہ)

" دلاورانِ طرفین دست و بازو کشادہ بہ حرب و ضرب پیوستند۔ و مبارزان یوسف خان بکمال شجاعت آویزش ہا بکار بردہ۔ بسیارے از مغلاں بہ قتل رسانیدہ، سرہائے آنہا پیش یوسف خان فرستادند۔ و چند روز از جانبین بریکدیگر تغلب و تفوّق ساختہ آتشِ ہیجا مشتعل بود۔ ناگاہ بقدرتِ قادر قدیر ابرِ مطیر عالمگیر گشتہ، بارش و برف و باراں تا یک ہفتہ جانوراں را پر زدن نہ دادہ۔ دریاہا طغیانی و نہرہا و جوئے بارہا طوفانی گشت۔ و از ہر راہ پلہا شکستہ۔ افواجِ شاہی را راہِ رسد رسانی مسدود شد۔ و درمیانِ فوج قحطِ عظیم افتاد کہ بیک اشرفی یک آثار غلّہ یافتہ نمی شد۔ و فیلان و اسپان بہ مصرفِ خوردن رسانیدند۔ مولانا احمد دراں واقعہ گفت ؎

گر نظر بر ہلال می کردند　　　　لبِ نانے خیال می کردند

گردنِ خود دراز می کردند　　　　دہن آز باز می کردند

علاوہ بر آں معسکر شاہی زیر دامنِ کوہ درمیان زمین زرعی بود کہ بہ سبب قلبہ رانی و از روئے کثرتِ آب گل ولائے بہم رسانیدہ بود و درمیان آں پیاہاں افتان و خیزاں بصولت برودت بے جان شدند و در طرفۃ العین جم غفیرے تباہ گشتند۔ معاذ اللہ طرفہ بلائے و عجب واویلائے در فوجِ شاہی افتاد " ۱۲۳۰ھ

اکبر کی شکست

جب راجہ بھگوان داس نے شہنشاہِ اکبر کی فوج کی ابتری اور انتشار کا یہ حال

(حاشیہ صفحہ گزشتہ)

علاء الدین علائی نے شعرائے فارسی کا تذکرہ نفائس المآثر کے نام سے لکھا۔ یہ تذکرہ ۹۰۳ ہجری میں ختم ہوا اور بعض شعرا کے حالات ۹۹۰ ہجری تک لکھے گئے۔ تذکرہ میں لکھا ہے کہ بابا طالب اصفہانی کشمیر میں گزشتہ ۲۰ سال سے مقیم تھے۔ اکبر نے انھیں لداخ میں بطور ایلچی بھیجا۔

(اودھ کیٹلاگ ص۶۰ ڈاکٹر اسپرنگر۔ مطبوعہ ۱۸۵۴ء)

دیکھا تو سپر انداختہ ہو کر صلح کرنے پر آمادہ ہو گئے، لیکن اس کے ساتھ ہی انھوں نے اپنے جارحانہ عزائم سے یوسف شاہ کو متنبہ کیا اور حکیمانہ انداز میں ایک خط لکھ کر اپنے ایلچی شاپور خان کے ہاتھ یوسف شاہ کو بھیجا۔ خط کا مضمون یہ تھا:۔

"بالفرض ہر گاہ عسکری شاہی این وقت بہ تند باد قہر الٰہی ضائع گشت۔

اما از پیشگاہ جم جاہ بارِ دیگر صد ہزار سپاہ تعین خواہد شد۔ و سرزمین این

بر و بوم بسُم فیلان بباد خواہد داد شمارا فکر ہراصل کار و معاد این اطوار باید ساخت[۱۶۴]"

یعنی اگر اس وقت شہنشاہ خلافت پناہ اکبر اعظم کی فوج باد و باراں اور قہر الٰہی کی وجہ سے تباہ و برباد ہو گئی ہے لیکن دوسری مرتبہ بادشاہ کی طرف سے ایک لاکھ سپاہی مقرر ہوں گے اور اس سرزمین کا چپہ چپہ ہاتھیوں سے روندا جائے گا۔ آپ کو اس بارے میں غور کرنا چاہیے۔ بہتر یہی ہے کہ آپ شہنشاہ کے حضور میں حاضر ہو جائیں۔

راجہ بھگوان داس نے دو سفیروں کے ہاتھ اپنا خط یوسف شاہ کو بھیجا تھا۔ لیکن اتفاق سے یہ دونوں سفیر خط لے کر یعقوب خان کے پاس پہنچے۔ انھوں نے جب خط پڑھا تو دونوں سفیروں کو موت کے گھاٹ اتارنا چاہا۔ لیکن آئینِ سفارت کا لحاظ رکھتے ہوئے دونوں کو چھوڑ دیا اور ان کو یوسف شاہ کے پاس روانہ کیا۔[۱۶۵]

یوسف شاہ نے سفیروں کے ساتھ رات بھر تبادلۂ خیال کیا۔ مرزا قاسم نے یوسف شاہ کو چاپلوسی اور مکر و فریب کی شیشی میں اتار کر آمادہ کیا کہ وہ راجہ بھگوان داس کی وساطت سے اکبر کے پاس جائیں اور ان کے ساتھ معاہدہ کریں۔ آخر کار یوسف شاہ اس گمراہ کے ساتھ اپنی فوج کا جائزہ لینے کے بہانے سے نکلے اور چار پانچ سواروں کے ہمراہ بولیاس میں ۱۴ فروری ۱۵۸۶ء کو مغل فوج سے جا ملے۔ ہر چند مشیروں، مدبروں اور بیٹوں نے وہاں جانے سے روکا تھا لیکن ان کی کوششیں بے سود رہیں۔[۱۶۶]

یوسف شاہ کے مغلوں کی طرف چلے جانے کے بعد کشمیریوں کے عزم و استقلال میں کوئی فرق نہیں آیا۔ انھوں نے اسی وقت یعقوب خان کو یوسف شاہ کے بجائے تخت نشین کیا اور مغلوں کے خلاف کوہِ پیکر کی طرح میدان جنگ میں ثابت قدم رہے۔ کشمیریوں نے بابا طالب اصفہانی اور محمد سلیم کاشغری کو ہراول دستہ مرتب کر کے دشمن کے مقابلے میں روانہ کیا۔ انھوں نے

دوپہر تک شہنشاہ مغل اعظم کے تین ہزار سپاہیوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اس جنگ کے بارے میں تاریخ میں مرقوم ہے کہ :۔

"یعقوب شاہ با امرا و سردارانِ دیگر از یک جانب متوجہ گردیدہ روئے بہ محاربۂ مغل نہادند۔ جنگہا شد کہ رستم دستاں رشک ازاں می بردند۔ اگر گیو و بیژن ہم حاضر می بود ازاں دار و گیر از حیرت و غیرت خوں می خورد ؎

چناں خوں رواں شد ز دشتِ نبرد — کہ چوں سیل رفتہ ز جا پائے مرد
چکا چاک شمشیرِ بُرّندہ فرق — زمیں را بہ دریائے خوں کردہ غرق
سناں آتش کیں بر افروختہ — پرِ مرغ را در ہوا سوختہ "[۱۶۷]

شاہ رخ مرزا کے کچھ سپاہیوں نے اپنے ایک کشمیری غدار او ستا لو بخار سے دریائے جہلم پر ایک مضبوط پل بنوایا۔ اور ان کے سپاہیوں نے سرحد کھادرہ عبور کی۔ یہاں قبیلہ گکھر کے زمین داروں نے ان کا قلع قمع کیا ان کے مال و اسباب کو غارت کیا اور پھر پل مذکور کو توڑ دیا۔ ادھر موسم کی خرابی نے بھی لشکرِ مغل کو پامال کیا۔ راجہ بھگوان داس نے جب فوج کی یہ شکستہ حالت دیکھی تو انھوں نے مرزا علی اکبر شاہی کو بطور سفیر یعقوب شاہ کے پاس تسلی و تشفی کے لیے بھیجا اور مبارک خان گکھر کی لڑکی کو ان کی زوجیت کے لیے نامزد کیا۔ مغلوں نے اس طرح چاپلوسی کر کے صلح کی پیش کش کی یعقوب شاہ نے بھی جنگ روک دی۔[۱۶۸]

اکبر کی معاہدہ شکنی

جب یوسف شاہ بولیاس میں راجہ بھگوانداس کے پاس گئے تھے تو دونوں میں یہ معاہدہ ہوا تھا کہ یوسف شاہ تاج و تخت کے مالک بدستور رہیں گے۔ لیکن شہنشاہ اکبر کے نام سکے ڈھالے جائیں گے اور خطبہ پڑھا جائے گا۔ یہ بھی طے ہوا تھا کہ ٹکسال، زعفران کے کھیت ابریشم و شالبافی اور شکار کے شعبے قلندر بیگ، خواجہ میر کی اور ملا مظہری کی نگرانی میں رہیں گے۔[۱۶۹] مبارک خان گکھر کی لڑکی شہزادہ یعقوب سے منسوب ہوگی۔ یوسف شاہ کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ یعقوب خان کو اکبر کے حضور میں پیش کریں گے[۱۷۰] معاہدہ مکمل کر کے راجہ بھگوانداس نے یوسف شاہ کو اٹک کے مقام پر شب جمعہ ۲۹ ربیع الاول ۹۹۴ھ کو پیش کیا۔ اکبر نے معاہدہ کو رد کیا۔ اس لیے دربار شاہی کے جو امراء یوسف شاہ کے ساتھ تھے ان کی پیشانیاں عرق شرم

سے تر ہو گئیں اور وہ منھ چھپائے بیٹھے رہے ۔ اکبر یوسف شاہ کو پھانسی دینا چاہتے تھے ۔ جب بھگوانداس نے شہنشاہ کے یہ تیور دیکھے کہ اکبر معاہدے کی خلاف ورزی کر رہے ہیں تو انھوں نے اپنے قول و قرار کی حمیت و غیرت میں خود کشی کا اقدام کیا۔[۱۶۱] مصنّف بہارستانِ شاہی سے کہنا ہے کہ

"چوں راجہ بھگوان داس در سخن و قول خود خلل دید۔ غیرت اصلی کہ در نہادِ آں طائفہ جبلّی است او را برآں آورد۔ کہ دشنۂ تیز خوں ریز از کمر خویش برآوردہ حوالۂ شکمِ خود نمودہ، امعاء احشائے خویش بیروں انداخت ۔ چوں قاصد ممات بمنزلِ حیات او نہ رسیدہ بود یا از خلعت تندرستی پوشیدہ "[۱۶۲]

اکبر نے اٹک میں یوسف شاہ کو راجہ رام داس کچھواہا کے حوالے کیا تھا۔ لاہور پہنچے پر ٹوڈرمل کی نگرانی میں قید خانے میں ڈال دیا۔ جہاں ڈھائی سال تک انھوں نے ایک قیدی کی زندگی گزاری۔ اس کے بعد بہار کے گرم ترین علاقے میں بھیجے گئے۔[۱۶۳] ملک حیدر کے بیان سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جب راجہ بھگوانداس پکھلی پہنچے تو انھوں نے یوسف شاہ کو گردن میں طوق اور پاؤں میں زنجیر ڈال کر (مسلسل و مغلول) اٹک میں شہنشاہ خلافت پناہ کے حضور میں پیش کیا اور پھر راجہ ٹوڈرمل کی نگرانی میں ان کو قید خانے میں ڈال دیا۔ جب راجہ مان سنگھ کابل سے واپس آئے تو ان کی سفارش پر اکبر نے دو سال کے بعد قید و بند سے آزاد کیا اور ان کے لیے نہایت ہی قلیل یومیہ مقرر کر کے انھیں پھر صوبہ بنگال بھیجا جہاں ان کی خوشحالی مفلسی میں بدل گئی۔[۱۶۴]

ایک اور ذریعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ پکھلی تک یوسف شاہ راجہ بھگوانداس کے ہمراہ بڑے اعزاز کے ساتھ پہنچائے گئے ۔ پھر یہاں سے ان کی گردن اور پاؤں میں زنجیریں ڈال کر انھیں راجہ بھگوانداس نے جلال الدین محمد اکبر کے حضور میں دریائے اٹک کے کنارے حاضر کیا۔ اکبر نے راجہ ٹوڈرمل کو حکم دیا کہ انھیں قید خانے میں سخت سے سخت تکلیفیں اور اذیتیں پہنچائی جائیں ۔ راجہ مذکور نے اکبر کے شاہی عتاب نامے کے تحت یوسف شاہ کو اخلاقی مجرموں کی طرح بڑی ذلت اور انتہائی رسوائی کے ساتھ قید خانے میں ڈال دیا۔ کچھ عرصے کے بعد ان کی تکلیفوں اور صعوبتوں میں شہنشاہ عالم پناہ کے حکم سے یوسف شاہ کی نازک مزاجی کے سبب نرمی کر دی گئی ۔ چونکہ یہ المناک اور شرمناک واقعہ مورخین نے چھپایا ہے اور اسے ایک ایسے شخص

نے بیان کیا جو اپنے تعصب کی بنا پر سلاطین چک کو بدترین خلائق میں سمجھتا تھا اور ان کے نام غیر شائستہ الفاظ استعمال کر کے اپنے لیے فخر سمجھتا تھا۔ اس لیے ذیل میں من و عن درج کیا جاتا ہے۔

"یوسف خان چک تا سرکار پکھلی باعزاز تمام و اکرام ہمراہ راجہ بھگوانداس و سران دیگر رسیدہ۔ در آنجا سرکشان لشکر اکبر بادشاہ گردن و پایش مسلسل و مغلول گردانیدہ و بدستور اسیراں ہمراہ بردند۔ و در کنار دریائے اٹک راجہ بھگوانداس شرف عتبہ بوسی بارگاہ اکبر بادشاہ دریافتہ۔ بعد عرض چون و چرا سرگذشت یوسف خان چک را بنظر انور گزرانیدہ از راہ قہر و غضب فرمان قضا جریان اکبر بادشاہ چناں صادر گردید۔ کہ یوسف خان چک را حوالہ راجہ ٹوڈرمل نمایند کہ بشد اید قیچ در قید حبسش گزارد۔ بنا بر اصدار حکم والا راجہ ٹوڈرمل مثل گنہگاران سائر الناس اورا بذلت و خفت نا متناہی چندگاہ محبوس گذاشتہ در اندک بر طبق حکم عالم پناہ صعوبات و عقوبات تخفیفش شدہ بہ سبب اشتہار نازک مزاجی و چابک طبعی او"[۱۷۵]

بعض مورخین نے یوسف شاہ کے ساتھ حبہ خاتون کے فرضی نام کو بھی وابستہ کیا ہے۔ اور "عیش یوسف شاہی و سرود حبہ خاتون" کی ضرب المثل ان کی طرف منسوب کی ہے۔ یہ افسانہ سب سے پہلے یوسف شاہ کے کوئی تین سو سال بعد پنڈت بیربل کاچرو نے اپنی تاریخ میں بغیر کسی حوالے کے اختراع کیا[۱۷۶]۔ اس کے بعد حسن[۱۷۷] اور خلیل مرجان پوری[۱۷۸] نے اپنی شوخی تحریر سے اس افسانے میں مزید رنگ آمیزی کی۔ بعد ازاں جس آدمی نے بھی مصنف بننے کے شوق میں یوسف شاہ یا حبہ خاتون کے بارے میں لکھا اس نے اس فرضی قصے کو تاریخی لباس پہنانے کی کوشش کی حتی کہ فوق نے اپنی کتاب میں اس بے بنیاد افسانے کو بہارستان شاہی کے حوالے سے[۱۷۹] بیان کیا۔ جبکہ بہارستان شاہی میں ابتدا سے آخر تک کہیں کسی حبہ خاتون کا نام نہیں ملتا ہے۔ حیرت اس بات پر ہوتی ہے کہ ڈاکٹر آر۔ کے پارمو[۱۸۰]، ڈاکٹر محب الحسن[۱۸۱] اور حکیم غلام صفدر مرحوم[۱۸۲] نے بھی اس فرضی اور من گھڑت افسانے کو اپنی کتابوں کی زینت بنایا ہے۔ جب راقم الحروف نے حبہ خاتون کے افسانے کے بارے میں ڈاکٹر محب الحسن سے تبادلہ خیال کیا تو انھیں بھی حبہ خاتون کا تاریخی وجود مشکوک نظر آنے لگا۔ اور انھوں نے کتاب کے دوسرے ایڈیشن میں اس بات کا اعتراف کیا۔

بہرحال جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ حبہ خاتون یوسف شاہ کی محبوبہ یا ملکہ تھیں وہ تحقیقی کاموں میں غیر واقف معلوم ہوتے ہیں۔ تفصیلات کے لیے راقم کی کتاب تحقیقی فوادر مطبوعہ اردو پبلشرز لکھنؤ ۱۹۷۴ء میں صفحہ ۲۲۲ میں "ملکہ حبہ خاتون کا وجود عنقا کے برابر" ملاحظہ ہو۔

یوسف شاہ کا نظامِ عدل

یوسف شاہ کا عدل واحسان، دادگستری، رواداری اور رعایا پروری اس حد کو پہنچی تھی کہ گویا ان کے عہد حکومت میں شیر اور بکری ایک ہی گھاٹ پانی پیتے تھے۔ رعایا کی فلاح و بہبود کے لیے کسانوں سے سپاہیوں کی بیگار لینا ممنوع قرار دیا تھا۔ ہانجیوں سے بیگار اور زکوٰۃ لینا ناجائز ٹھہرایا تھا۔ ہندوؤں سے جزیہ اور دوسرے لوگوں سے ظالمانہ محصولات لینا خلاف قانون قرار پایا تھا۔ بقول ملک حیدر چاڈورہ :-

"یوسف خان در مدتِ سلطنت ہمیشہ در عدل واحسان و پرورش رعیت و لشکریان اہتمام تمام داشت۔ و اکثر بدعتہائے کہ در زمان حکام سابق بود برطرف نمود۔ و بعض رعایا کہ پریشان احوال بودند حاصل مقرری معاف کرد۔ و بعض حاصلہا کہ از روئے تعدی مقرر کردہ بودند کہ رعایا بے اجرت سفرہا ہمراہ می بردند و سر درخت میوہ دار و سر نفر حرفہ گر چیزے مقرر بود می گرفتند، ہم معاف کرد" ۱۸۳

یوسف شاہ بڑے فیاض اور سخی تھے۔ ان کا دست سخاوت ہمیشہ کھلا رہتا تھا اور نقد و جنس لوگوں میں تقسیم کرتے تھے۔ ان کی فیاضی اور دادگستری کتب تواریخ میں شاندار الفاظ میں ضبطِ تحریر میں آچکی ہے۔ حسن کہتے ہیں کہ :-

"یوسف شاہ بہ بسط بساطِ معدلت پرداخت و دستِ نوال بہ بذل نقود و اموال برکشاد۔ در ہدم بنیان بدعتہا کہ پیشتر مروج شدہ بود سعی بلیغ بکار بردہ رفع نمود" ۱۸۴

حکیم غلام صفدر اپنی کتاب میں ملک حیدر چاڈورہ کی تاریخ صفحہ ۱۹۴ کے حوالے سے "یوسف شاہ کی سخاوت" کے بارے میں لکھتے ہیں کہ

"یوسف شاہ کی عشرت عسرت میں مبدل ہوئی۔ ان کے پاس نقدی زیور

اور سونا چاندی تھا۔ وہ غریبوں اور محتاجوں میں تقسیم کیا۔ وہ لوگ جو یوسف شاہ کی فیاضی سے واقف نہ تھے اس سخاوت کو دماغی فتور تصوّر کرنے لگے۔ ان اجنبیوں اور اغیار کو کیا معلوم تھا کہ یوسف شاہ اپنے دورِ حکومت میں غریبوں اور محتاجوں کو کس قدر امداد کرتے تھے۔ وہ کسی بھی وقت خیرات اور بخشش کرنے سے غافل نہیں رہتے تھے۔ چنانچہ ان کی جود و سخا کے متعلق شاعر نے کہا ہے ؎

بود زبس مائلِ احسانِ زر — چوں کفِ گل بود کفش کانِ زر
گر بنودے اہلِ نیازی برش — دادے ازیں کف بکفِ دیگرش
کس نہ شدے از کرمش تنگ دل — بود چو کان و نہ کانِ سنگ دل

اور جو چیز انھوں نے لوگوں کو نہیں دی وہ ظلم اور تکلیف تھی"[۱۸۵]

ملّا محمد توفیق کشمیر کے ایک مشہور و معروف شاعر تھے۔ انھوں نے اپنے کلّیات میں منظوم تاریخ کشمیر لکھی ہے وہ یوسف شاہ کی رعایا پروری اور جود و بخشش کے بارے میں لکھتے ہیں ؎

کہ چوں کرد استاد رنگین سخن — گلِ رفتہ را باز زیبِ چمن
کہ چوں گشت کشمیر بارِ دگر — بفرمانِ یوسف شہِ نامور
دلِ مردمِ شہر وہ کرد شاد — بہ جود و بہ بخشش بعدل و بداد

رسومِ ستم ہائے شاہانِ پیش
بہم بر زدن ساخت آئینِ خویش[۱۸۶]

یوسف شاہ اور مشائخ کشمیر

یوسف شاہ مذہبی معاملات میں بڑے فیاض اور روشن ضمیر تھے۔ وہ علماء و فضلاء اور بزرگانِ دین کا بہت زیادہ تعظیم و احترام کرتے تھے۔ حسن کہتے ہیں کہ

"یوسف شاہ در استفادۂ مزارات اولیاء، وصحبتِ مشائخ و بزرگان مستفید می شد۔ و در خدمتِ حضرت بابا ہردی ریشی برہنہ پا می رفت"[۱۸۷]

یعنی یوسف شاہ اولیاء کے مقبروں کی زیارت کرتے تھے۔ اور مشائخ و بزرگان کی خدمت میں حاضر ہو کر فائدہ اٹھاتے تھے۔ حضرت بابا ہری ریشی کی خدمت میں احتراماً پا پیادہ حاضر

ہوتے تھے۔

یوسف شاہ حضرت شیخ حمزہ مخدوم کو بھی عزت و احترام کی نظر سے دیکھتے تھے۔ انھوں نے ان کے آستانہ شریفہ کی تولیت کے لیے اپنے فرمان کے ذریعہ سے شیخ علی کو متولی مقرر کیا تھا۔ فرمان شاہی ۹۹۰ھ مطابق ۱۵۸۲ء میں بادشاہ کے دستخط اور مہر کے ساتھ جاری کیا گیا تھا۔ یہ نادر و نایاب دستاویز عدالت عالیہ سری نگر کی گولڈن جبلی کی نمائش میں عوام کی دلچسپی کے لیے یکم جون ۱۹۷۸ء کو رکھی گئی تھی۔ یوسف شاہ کے دل میں مخدوم صاحب کا جو جذبۂ خلوص و عقیدت کارفرما تھا اس کا اندازہ اس فرمان سے بآسانی ہوگا۔ فرمان سے ان لوگوں کے خیالات کی تردید بھی ہوتی ہے جو سلاطین چک کو بدنام کرنے کے لیے یہ پروپگنڈا کرتے رہتے ہیں کہ وہ بزرگان دین کا احترام نہیں کرتے تھے۔ ذیل میں اس فرمان کی نقل درج کی جاتی ہے۔

باسمہٖ سبحانہٗ

فرمان نصیر الدین محمد یوسف

سادات کرام و مشائخ عظام و علمائے نیکو نام و قضات ذوی الاحترام و جمہور انام و اہالی و موالی من الخواص والعوام بدانند کہ دریں وقت فرمان جہان مطاع خورشید شعاع از مکمن عواطف خاصتانی شرف نفاذ و عز صدار یافت کہ امر تولیت مقبرہ و منزل گہ شریف قدوۃ المحققین زبدۃ المتورعین عمدۃ الفضلاء والکبرا ...... والاتقیاء کمال الحق والدین حضرت شیخ حمزہ مرحوم و مغفور بادشاہ پناہ و ہدایت دستگاہ فضائل مآب کمال انتساب نظام الدین بندگی شیخ علی ..... شیخ مرحوم مفوض وارزانی فرمودیم و زمین و کتب و باغات و عمارات و اشجار و غیر ذالک کہ تعلق بمقام قلاشں پورہ داشتہ باشد بلا مشارکت احدی از سائر خلفاء و مریدان بہ تخصیص موصی لہٗ آنحضرت مرحوم واز مجاوران و متوطنان و سکنۂ آں مزار بمقام مذکور بآں متولی مشارالیہ مقرر و مسلم نمودیم۔ و کسے را نمی رسد کہ بلا اجازت ولی در خصت بندگی شیخ مذکور دراں مزار متبرکہ دخلے و تصرف نماید و اندک زمیں جہت قبر کردن بہ کسے حوالہ کند و آنچہ از نذور و ہدایا و تحف و فتوحات مریدان و معتقدان مخلصین بداں مزارات بابرکت

ارسال نمایند بہ معرفت متولی موحی الیہ میاں مجاوراں واہل خدم از مجاوراں و مریدان وامام وموذن وآب کش وآشپنر وجاروب کش وغیرہم تقسیم نمایند واحدی از مذکورین از سخن صواب دیداو کہ موافق شریعت غرا بودہ باشد بوجھ من الوجوہ تمرد وخلاف عدول وانحراف جائز ندرانہ، سبیل حکام ودیوانیاں و عمال حال واستقبال بدانند۔ کہ مزار ومقام بموجب نوشتہ زیور تبصرف متولی مشارٌالیہ وگذاشتہ۔ اصلاپیرامون نہ گردند واز کل تکالیف وحوالات سلطانی و تغیرّ ووجوہات دیوانی ومرفوع القلم دانستہ۔ ہر سال .... پروانہ طلب ندانند۔ سنہ ۹۹۰ ہجری ۱۵۸۲ء

محمد یوسف بادشاہ

یوسف شاہ قاضی موسیٰ کا بھی ادب اور لحاظ کرتے تھے۔ اس بارے میں دو مثالیں ملتی ہیں۔ ایک یہ کہ جب کہ یوسف شاہ نے فرمان جاری کیا کہ کوئی بھی شخص ابدال خان کی میت نہ اٹھائے۔ قاضی موسیٰ نے بادشاہ وقت کے حکم کی صریحاً خلاف ورزی کی اور میدان جنگ سے ابدال خان کی میت اٹھا کر اُسے دفن کیا۔ یوسف شاہ نے اس سنگین خلاف ورزی پر قاضی سے سوال وجواب نہیں کیا۔ ایک اور موقع پر لوہر خان نے سازش کر کے یوسف شاہ کا تختہ الٹنے کے لیے بغاوت کی تھی۔ بادشاہ نے لوہر خان کی گرفتاری کا حکم جاری کیا۔ تلاش وتفحص کرنے کے بعد وہ قاضی موسیٰ کے گھر میں پکڑے گئے۔ یوسف شاہ کی رواداری اور حسن سلوک دیکھیے کہ انھوں نے اس موقع پر بھی قاضی کو درگزر کیا۔ حالانکہ وہ اخلاقی اور آئینی طور پر انھیں بھی سزا دینے کا حق رکھتے تھے۔

یوسف شاہ اور بابا داؤد خاکی

یوسف علما اور فضلا کی نظر میں اعلیٰ سیرت وکردار کے مالک تھے۔ کشمیر کے ایک ممتاز عالم وفاضل اور بزرگ صوفی شاعر بابا داؤد خاکی ان کے حسن اخلاق، عدل وانصاف، شعر وشاعری، علما پروری اور فنون لطیفہ کے کمالات سے بے حد متاثر ہوئے تھے۔ چنانچہ

فرماتے ہیں کہ:۔

یوسف شاہ اللہ کے رسولؐ، آلِ رسولؐ اور اصحاب کے عاشق ہیں۔ گھر میں نمازِ جماعت کی امامت خود ہی انجام دیتے ہیں۔ بعدِ نماز قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہیں۔ شعر گوئی، صرف و نحو، صنفِ معمّا، علم تصوف، فن خوشنویسی لغات فارسی اور سخن فہمی میں بے نظیر ہیں۔ فنِ موسیقی میں مقامِ حسینی و غزال کو نقطۂ عروج تک پہونچایا ہے۔ وہ لوگوں سے جبراً غلّہ وصول کرنے کے خلاف ہیں۔ اہل زہاد و تقویٰ، قاضیان و مفتیانِ شہر اور خطیبانِ مساجد کے لیے یہ ضروری امر ہے کہ وہ بر سر منبر درود و وظائف کے بعد ان کے حق میں دعا کریں۔ لوگ انھیں ظلِ الٰہی سمجھتے ہیں۔ علاوہ ان اوصاف کے وہ شہسواری اور تیر اندازی میں بھی بڑی مہارت رکھتے ہیں۔ ان کی تیر اندازی کا یہ عالم ہے کہ گھوڑے پر سوار ہو کر عین نشانے پر تیر مارتے ہیں۔"

بابا داؤد خاکی نے یوسف شاہ کے یہ اوصاف حمیدہ "قصیدہ غسلیۂ یوسف شاہی" میں بیان کیے ہیں۔ یہ قصیدہ یوسف شاہ کے عہد حکومت میں ۹۸۸ھ ہجری مطابق ۱۵۸۰ء میں تصنیف کیا گیا تھا۔ قصیدہ ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔ اس کا ایک نسخہ بخط مصنف مکتوبہ ۹۹۳ھ خواجہ محمد اعظم دیدہ مری کو دستیاب ہوا تھا وہ قصیدے کے بارے میں اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں کہ

"راقم الحروف گوید۔ در ایام تحریر ایں اوراق، ورقے چند بخط شریف حضرت بابا داؤد بدست آمد۔ چوں تحریر آں مناسب حال ست۔ دریں رسالہ نقلِ آں مرقوم می شود۔ ایں است:۔

"ایں ذکر بیت مشتمل بر آنکہ در سال نہصد و نود و سیوم (۹۹۳ھ) در دورِ مبارک سلطنت سلطان محمد یوسف اسعدہ تعالیٰ در قریہ بلدۂ کشمیر......." ۱۸۹

قصیدۂ غسلیہ کے دو مخطوطات حیرت کشمیری اور مہجور کشمیری کے کتاب خانوں میں محفوظ ہیں۔

راقم نے جس نسخے سے استفادہ کیا وہ محکمۂ ریسرچ سری نگر میں زیر نمبر ۱۹۱۴ موجود ہے۔ اس کے اختتام پر پروفیسر حسن شاہ ڈائرکٹر لائبریز ریسرچ اینڈ میوزیم نے مورخہ ۴ اپریل ۱۹۶۳ء کو اپنے دستخط اور مہر کے ساتھ درج ذیل عبارت لکھی ہے۔

"اصل ہذا مملوکہ پیرزادہ محمد امین ابنِ مہجور سے مقابلہ کرکے تعلیق و تسوید درست پائی گئی ہے۔ نقل ہذا محکمہ ریسرچ کی نقل ہے"

بابا داؤد خاکی کا اپنے ہاتھ سے "در دورِ مبارک سلطنتِ سلطان محمد یوسف اسعدہٗ تعالیٰ" لکھنا ہی اس بات کا بڑا ثبوت ہے کہ یوسف شاہ اپنے عہد حکومت میں علماء اور بزرگانِ دین کی نظروں میں صاحبِ عزّت و توقیر اور اعلیٰ کردار کے مالک تھے۔ قصیدے میں یوسف شاہ کے صاحبزادوں شہزادہ یعقوب اور شہزادہ ابراہیم کی تعریفیں بھی کی گئی ہیں۔ قصیدہ کی تمہید الفاظ ذیل سے شروع ہوتی ہے:۔

"ملاحظۂ حق محبت و اخلاص و احسانِ سلطان وقت و پادشاہِ جوان مرد و جوان بخت، محبِّ علم و علماء و معتقد زہّاد و صلحاء نصیر الدین محمد یوسف شاہ غازی سلّمہ اللہ و اصلح شانہ باعثِ آں شد کہ تبقریب آنکہ ایں رسالہ غسلیہ نادرہ چوں بدور ہمایوں و وقت میمون او در خیال ایں داعی افتادہ و نزدیک باتمام رسیدہ، خطاب او "غسلیۂ یوسف شاہی" کردہ آمد تا بدیں تقریب نامِ نیک انجام و اسم سعادت فرجام او تا دیرگاہ ماند۔ و چوں قرین و مُدرجِ رسائلِ دینیہ باشد در اطراف عالم برالسنۂ دینداراں و صالحانِ باذکر دعا و اوصاف پسندیدہ جویاں یابد و برکاتِ آں شاملِ احوالِ دو جہانی ایں پادشاہ سعادت دستگاہ باشد۔ و بہ مناسبتِ ذکر بعضے اوصاف پادشاہ مذکور بعضے نصائح کہ مناسب پادشاہ و حکام و امراء باشد۔ اشارتے رفتہ تا شاید کہ حضرت پادشاہ و بعضے فرزندان سعادتمند و امراء و سعداء او وغیر ہم در اثنائے مطالعۂ ایں رسالہ براں واقف شوند و بقدرِ استطاعت در عمل آرند و بہ سعادتِ دینی و دنیوی بہرہ مند شوند۔ واللہ الموفق"

اس کے بعد یوسف شاہ کی مدح میں ۶۰ شعر ہیں۔ آخری شعر میں سالِ تصنیف ۹۸۸ھ درج ہے۔ اس کے بعد بطورِ "التماس" درج ذیل عبارت بھی ہے :-

" از مطالعہ کنندگانِ با انصاف آنکہ چوں غرضِ اصلی ایں داعی ہمیں تنظیم بعضے روایات بودہ۔ معلوم است کہ گنجایئدنِ معنی آیات و احادیث و نقول در نظم یک قصیدہ خالی از عسرتے نبود۔ پس اگر از ممرِ تکرار بعضے قوانی کہ در قصائد جائز داشتند یا از رہگذر عدم سلامتِ بعضے الفاظ یا سببے دیگر دریں منظومہ قصورے بنیند۔ اگر توانند بقلم اصلاح راست سازند۔ ولا بذیل عفو بپوشند"

اس کے بعد رسالۂ غسلیہ کے ۱۵۲ اشعر درج ہیں۔ تمہید چھ صفحوں پر مشتمل ہے۔ ابتدائی الفاظ یہ ہیں :-

" ایں رسالہ ایست دربیان روایاتِ غسلہائے مفروضہ با ذکر بعضے فضائل و فرائض آن و غسلہائے مسنونہ غسلہائے مستحبہ و اغسال نقلیہ و روایات و نقول مُشعر بآنکہ عبادتِ غسل از زمان حضرت آدم تا زمان پیغمبر ما مامور و مشروع بودہ است "

جو لوگ یوسف شاہ کے بارے میں محض کج فہمی اور کوتاہیِ مطالعہ کی بنا پر متعصبانہ رائے رکھتے ہیں ان کے لیے یہ قصیدہ تازیانۂ عبرت سے کم نہ ہوگا۔ قصیدہ کا ایک ایک لفظ یوسف شاہ کو ان نام نہاد الزامات سے بری الذّمہ قرار دینے کا ضامن ہے۔

قصیدۂ غسلیہ میں کل ۲۱۲ شعر ہیں۔ ان میں جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے ۶۰ شعر یوسف شاہ کے لیے مخصوص ہیں۔ بقیہ اشعار میں فقہ سے متعلق بعض اہم مسائل پر بحث کی گئی ہے۔ رسالے کے دیباچے میں مصنف کہتا ہے :-

" ایں رسالہ ایست دربیانِ روایاتِ غسلہائے مفروضہ با ذکر بعضے فضائل و فرائض آں و غسلہائے مسنونہ غسلہائے مستحبہ و اغسال نقلیہ و روایات و نقولِ مُشعر بآنکہ عبادتِ غسل از زمان حضرت آدم تا زمان پیغمبر ما مامور و مشروع بودہ است "

قصیدہ غسلیہ سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ بابا داؤد خاکی نے یوسف شاہ کی ذات کو اس قدر

مقدس سمجھتا تھا کہ انھوں نے ایک مذہبی رسالے میں ان کی مدح میں تعریف کرنا اپنے لیے ایک اہم فریضہ سمجھا۔ یوسف شاہ کی اہمیت اس سے بھی واضح ہوجاتی ہے کہ بابا خاکی نے قصیدے کا نام ان ہی کے نام پر "غسلیہ یوسف شاہی" رکھا۔ بہرحال "غسلیۂ یوسف شاہی" "عیشِ یوسف شاہی" کی نمایاں تردید ہے۔ قصیدے کا ایک ایک شعر یوسف شاہ کے کردار و سیرت اور ان کے کمالات کا آئینہ دار ہے۔ اس لیے ان کی تعریف کے بھی اشعار ذیل میں درج کیے جاتے ہیں ؎

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

حمد باریِ تعالیٰ

حمد پاک از جانِ ہر پاکے بپاک ذوالجلال	آنکہ ہست او دوستدار طاہران جسم و بال
ہر درودِ پاک بر لوح رسولؐ پاک ذات	باد و بر اولاد و بر اصحاب او یا کی مآل
بعد ازاں از عبد حق داؤد خاکی گوش کن	در بیانِ غسل ہا ایں خوش روایات و مقال

اشارتے بتوجیہِ تسمیۂ ایں رسالہ و نسبِ آں بپادشاہ زماں سلّمہ اللہ عزّ و جل

نام ایں منظوم من غسل یوسف شاہی است	چوں بہ فرح دورِ یوسف شاہ آمد در خیال
نامور شاہے کہ بارِ دیگر از لطفِ حق‌ش	گشتہ حاصل تخت و بخت و تاج و باج و ملک و مال
حاصلش گشتہ زفضلِ حق بہ تقسیم ازل	سیرت و صورت مزین بانکوئی و جمال
دوستدار مصطفیٰ و اہلبیتؑ و صحب اوست	مذہبِ مقبول دارد ایں شہِ نیکو خصال
زانکہ با اخلاص گفتار مسلمان و مومنم	نیز بیزارم بدل از بدعت و کفر و ضلال
طالب علم و شریعت ہست خوانانِ کتب	از مسائل عالماں را می کند اکثر سوال
بشنود از عالمانِ معنیِ تفسیر و حدیث	فکر و دخلے می تواند کردن اندر ما یقال
در جماعت خانہ وقتے خود امامت می کند	سورہ خواند گہہ قصار او گہہ ز اوساط و طوال
بہرۂ دارد ز علمِ اصطلاحِ صرفیاں	می شناسد وزن و حرف افعال و انفعال
ہم ز حرف و نحویاں نوعے خبر می دارد او	می تواند فہم کردن حدِّ استشہاد حال
تیز فہمی و سوادے دارد اندر نظم و شعر	وز معما داند استخراج اعمال و مثال
خواہش علمِ تصوف نیز در دل دارد او	فہمد از قولِ مجازی رمز ہائے اہلِ حال

برلغت ہا واقفست و در ہنرہا ذوفنون — حسن خطّے نیز دارد ایں شہِ نیکو خصال

اہل حرفت و سخندان با شناسیِ شعر — طبع موزوں نیز دارد ایں شہِ فرخندہ حال

ورزشِ نیکو بداند گفتن موزوں نمود — با زبانِ ہندی گوید ثنائے ذوالجلال

علمِ موسیقی رسانیدہ بحدِّ انتہا — ہر مقالے نیک داند چوں حسینی و غزال

ہست شاہے نرم، خوش شیریں زبان و بردبار — باز در فہم و فطانت بے نظیر و لامثال

ہیبت و فرمانروائی نیک دارد ہر طرف — ظالماں از ہیبتش ہستند اندر احتیال

عاملاں را حکم کرد از بہر اوقافِ قدیم — تا نہ گیرند از کسے مقدار ابنان و جوال

مستحقانانِ جدیدی را تفحّص کردہ تو — وقف کردہ دادہ بعضے را ز مینے منتطال

قاضیان و مفتیان را بہر عدلِ خلق ماند — تا کسے ظلمے نہ خواہد کرد بر یک بیوہ زال

از پے تادیب اہل معصیت در شہر ودہ — ماند جمع محتسب با دُرّۂ چرم و دوال

جمعے از زہّاد و مرتاض از حقِ احسان او — در دعائیش بعد وردِ خویش دارند اشتغال

ایں خطیبانِ مساجد ہم دعائے خیر او — بر سر منبر ہمی گویند بے ہیچ احتمال

ہم دریں شہرش مدرّسہاست در ہر گوشۂ — از پئے تعلیم در محظور و مکروہ و حلال

با وجودِ آں پے تقصیرہائے نفسِ خویش — خواہد از عفوِ غفورِ مذنبان حب سجال

شاہ زر بخشے کہ خلقے را عطاہا می دہد — غازیِ کو کردہ با اعدایش بنفسِ خود قتال

بر خدا کردہ توکّل تاخت بر خیلِ عدو — آمد از غیبش مدد از لطفِ حق در اقتتال

شد ز فضل باریش نصرٌ من اللہ حاصلش — گفتہ بسم اللہ چو دادہ تیغِ خود را انسلال

خصمِ مدبر را سر و گردن جدا کرد از تنش — بر سر و گردن اگرچہ داشت محکم خود و حال

شہسوارے آنچناں کہ ہر طرف دہ دہ کند — چوں سواری می کند با تازیِ زیبندہ بال

چوں بہ ہندوستاں دواں براسپ تیر انداختہ — مردم آنجا شدہ در وصفِ او حیران و لال

بازداران قدیم از صنعتش حیراں شود — چوں کند ارسال سوئے مرغ باز تیز بال

بر دعا کن اکتفائے دل چو اندر مدحِ شاہ — ہست در نظمِ قصیدہ نطق را طبق محال

یارب ایں شہ را ز فضل خویشتن انعام کن — صحّتِ ایمان و تن توفیقِ عدل و صلاح بال

لشکرِ او باد با فتح و ظفر چوں می دہند — بر سر اعدائے دیں شمشیرِ خود را انسلال

بارِ دیگر جملگی اولادہم احفاد او
نیک بختاں دوستدار از بخشش باری تعالیٰ

ہست اولادش کلاں مرزا لقب یعقوب خاں
آنکہ عقلِ کاملاں دارد بنو عہدی بسال

در دلیری و سخا ممتاز ازاں قرن آمدہ
شہرتے دارد بحسنِ صورت و خلق و خصال

دیگر ابراہیم میرزا نیک و خوش شہزادہ ایست
صاحبِ اقبال و جود و حشمت و جاہ جلال

در دعا فرضست بر مردم بقول مصطفےٰ
بہر ایاں یک دعا دیگر پے سلطان جمال

ہر شہے در جہاں بر زیردستاں عدل کرد
جا دہد فردا مرا او را عرش حق زیر ظلال

گفت پیغمبرؐ اگر سلطان بنا شد می خورند
یک دگر را مردماں بیست حیثیت ترزین خیال

ہر شہے کو نصرتِ حق جست باید کردنش
نصر دین حق بعدل و احسانش لامحال

مصطفےٰؐ گفتا کہ سلطاں در زمین ظلِّ خدا ست
تا ستم دیدہ کند سوئے پناہش ارتحال

پادشہ را عدلِ مظلومے و دفع ظلم از و
با ثواب حج ہا آمد برابر در مثال

ہست مشہور اینکہ بعضے پادشاہاں یا فقیر
با وجودِ سلطنت توفیق در کسب کمال

زانکہ در ترویجِ دیں بس عدل و کوشش کردہ اند
داشتندے نیز اندر طاعت و ذکر اشتغال

والیے کو ترک گیرد عدل و شفقت بر عوام
گوئیا او را خلیفہ ساختہ شیطان خصال

والئے کو مال بیت المال و محصولِ خراج
صرفِ حقداراں نہ سازد بے شکے بیند نکال

مہتر ہر قوم و دیگر سرور و سردار دہ
حکم شہ دارد کنندش از رعایایش سوال

نظم نقد خویش را داعی بنام شاہ خواند
"تا بماند نامِ نیکش یاد عا" تا دیر سال

آنچناں کز شعرِ سلماں شاہی سلطان اویس
ذکر یابد در جہاں با نیکنامی لایزال

آرے آرے ماندہ است از نظم فردوسی بہ دہر
ذکر شاہا نیکہ بودہ جنگی شاں پور زال

جز فسانہ خسرواں ار نہ ماند نیک کن
تا بماند نیک نامی از تو بعد از انتقال

بودہ از ہجرت گذشتہ نہصد و ہشتاد و ہشت
بہر ایں تصنیف اگر خواہش کنی تاریخ سال

یوسف شاہ اور فن موسیقی

بابا داؤد خاکی کے زیر نظر قصیدے کو محض شاعری سمجھ کر نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہو۔
بلکہ حقیقت یہ ہے کہ انھوں نے یوسف شاہ میں جن فنون و کمالات اور اعلیٰ اوصاف کا مشاہدہ

کیا ہے ان کی ترجمانی اپنے کلام میں فرمائی۔ بابا کے بیان کی تائید و تصدیق کتب تواریخ سے بھی ہوتی ہے۔

یوسف شاہ کو علم موسیقی میں ید طولیٰ حاصل تھا۔ اس فن میں انھیں تان سین پر فوقیت حاصل تھی۔ خود تان سین نے اس بات کا اعتراف کرکے یوسف شاہ کو اپنا استاد تسلیم کیا تھا۔ افسوس ہے کہ یوسف شاہ کا یہ فن بھی تعصب کی نذر ہوگیا ہے۔ بابا داؤد خاکی کا یہ شعر اظہار حقیقت کا آئینہ دار ہے کہ

علم موسیقی رسانیدہ بحدّ انتہا
ہر مقامے نیک داند چوں حسینی و غزال

یعنی یوسف شاہ نے فن موسیقی کو نقطۂ کمال تک پہنچایا اور وہ موسیقی کے جملہ مقامات چہ حسینی و چہ غزال میں مہارت رکھتے تھے۔ ملک حیدر کہتے ہیں کہ

" در مجلس ساز و نغمہ کہ در فنِ موسیقی بے نظیر بود۔ پادشاہ (شہنشاہ اکبر) با او صحبت می داشت۔ چنانچہ یک مرتبہ نادر الزماں میاں تان سین کلاونت را کہ در یکے از مقامات غلط کردہ بود۔ یوسف شاہ تعلیم کرد و تان سین مذکور قبول داشت و چوں بادشاہ از صحبت او محظوظ بود " [190]

یعنی یوسف شاہ فن موسیقی میں اپنی نظیر نہیں رکھتے تھے۔ شہنشاہ اکبر ان سے لطف اٹھاتے تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ نادر زماں میاں تان سین نے کسی مقام پر غلطی کی۔ یوسف شاہ نے ان کی غلطی درست کی۔ تان سین نے اس غلطی کو دل سے تسلیم کیا۔ اکبر بادشاہ یوسف شاہ کی صحبت سے محفوظ ہوتے تھے۔ اس واقعہ کو ایک اور مورّخ نے تفصیل سے بیان کیا ہے۔

" روزے مطربے تان سین نام کہ در فن علم موسیقی یکتائے عالم بود۔ پیشِ اکبر بادشاہ بالائے طبقۂ ثانی کوشک طنبور یا ساز دیگر می نواخت و یوسف خان چک حاضر آمدہ۔ ما بین طبقۂ دوم ایستادہ، بعنوانِ امتحان اکبر بادشاہ از وپرسید کہ ہنر نوازندہ چگونہ می یابی۔ جوابش داد کہ استادِ بے بدل است۔ امّا تار ساز او شکست خوردہ، برداخت آں نمی کند۔ سازندہ در تفحص افتادہ۔ تار درونی ساز را شکستہ دیدہ بادشاہ، حضار مجلس و نغمہ سنجان ضرب المثل از رسائی طبیعت او حساب بر داشتند۔ " [191]

یعنی ایک دن تان سین جو فنِ موسیقی میں یکتائے روزگار تھے۔ اکبر بادشاہ کی موجودگی میں محل کے طبقۂ ثانی کے بالائی حصّے میں طنبورہ یا اور کوئی ساز بجا رہے تھے۔ یوسف شاہ بھی طبقۂ دوم میں دُور سے کھڑے ہو کر مشاہدہ کر رہے تھے۔ شہنشاہ نے امتحان کے طور پر ان سے دریافت کیا کہ تان سین ساز کیسا بجا رہے ہیں۔ یوسف شاہ نے جواب دیا کہ استادِ بے نظیر ہیں لیکن ساز کا ایک تار ٹوٹا ہوا ہے۔ اس لیے ٹھیک نہیں بجتا ہے۔ تان سین نے ساز کی طرف بغور دیکھا تو معلوم ہوا کہ اس کا اندرونی تار واقعی شکستہ تھا۔ اس پر بادشاہ، حاضرینِ مجلس اور بے مثال نغمہ پردازوں نے یوسف شاہ کی استادی کو تسلیم کیا۔

نوادر الاخبار میں فنِ موسیقی کے سلسلے میں یوسف شاہ کے درک کے بارے میں درج ہے کہ

> "روزے اکبر بادشاہ بہ سیر و شکار رفتہ، یوسف خان چک را در رکابِ سعادت ہمراہ گرفتہ۔ ہنگام تگ و دو شکار کاربازاں و نہایتِ گرمیِ آفتاب در شکارگاہ یوسف خان چک جامہ و کلاہِ بارانی پوشیدہ۔ لمحہ نہ گذشت کہ باراں از آسماں رو آوردہ۔ اکبر بادشاہ وجہ دریافت نقاطِ بارش از وا استفسار فرمودہ۔ عرض کرد کہ صدائے غوک موافقِ آہنگ را بتاثیر بند کو پر اوازِ باراں خواہد بارید۔ تمام لشکریاں از قوتِ نغمہ فہمی او حیرت دانستہ افزودہ "۱۹۲

ج۔ تان سین۔ اصلی نام تان سینا یا ٹونا سانٹا تھا۔ کہتے ہیں کہ ان کی پیدائش اٹلی میں ہوئی تھی۔ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ پرورش کشمیر میں ہوئی۔ شاید کشمیر ہی میں پیدا ہوئے ہوں۔ ۹۷۵ھ میں وہ کشمیر سے لاہور میں آئے۔ وہاں سے ۱۸ سال کی عمر میں دہلی چلے گئے۔ یہاں ایک بزرگ ملّا سلامت کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے۔ یکم رمضان ۹۸۰ ہجری کو پشاور بھاگ گئے۔ لیکن سرکاری آدمی دونوں کو دہلی سے پکڑ لائے۔ ملّا سلامت کے مرنے کے بعد وہ دہلی سے آگرہ چلے گئے۔ یہاں چھ ماہ ٹھہر کر بہار اور بنگالہ کی طرف چلے گئے اور داؤد شاہ کے دربار میں ملازم ہو گئے۔ داؤد کی سلطنت کے بعد وہ آگرہ کو لوٹ آئے اور چند ہی دن میں دربارِ اکبری میں باریاب ہوئے۔ تان سین کا انتقال ۱۰۰۱ ہجری میں ہوا۔ (منتخب التواریخ بدایونی ص۴۲ اردو ترجمہ)

یعنی ایک مرتبہ اعلیٰ حضرت شہنشاہ اکبر سیرِ شکار کے لیے یوسف شاہ کو اپنے ہمراہ لے گئے۔ اس وقت شدت کی گرمی پڑ رہی تھی۔ شکارگاہ میں یوسف شاہ نے برساتی اور ٹوپی پہن لی۔ ابھی ایک لمحہ بھی نہ گزرا تھا کہ بارش ہونے لگی۔ اکبر نے یوسف شاہ سے بارش کی وجہ پوچھی۔ جواب دیا کہ مینڈک کی آواز میرے کانوں میں مقام نوا کے موافق سنائی دی۔ اس آواز کی تاثیر سے میں سمجھا کہ بارش ہوگی۔ لشکر کے تمام لوگ جو اس موقعہ پر شہنشاہ کے ہمرکاب تھے یوسف شاہ کی قوت نغمہ فہمی سے ہکا بکا رہ گئے۔

صاحب نوادر الاخبار نے یوسف شاہ کے کمال فن موسیقی کے کئی عجیب وغریب واقعات کا انکشاف کیا ہے۔ ایک واقعہ اس محفلِ سرود کا ہے جو اکبر بادشاہ نے یوسف شاہ کے ذریعۂ منعقد کرائی تھی۔ اس میں بہت سے نغمہ پرداز، تماشہ بین اور حوریان رقص کناں وپائے کوبان زرق برق لباس پہن کر جلوہ گر ہوئی تھیں۔ تمام اہل مجلس نے یک زبان ہوکر کہا کہ یوسف شاہ جیسا عیاش دنیا میں کوئی دوسرا پیدا نہیں ہوا ہے۔ اس کتاب میں یہ بھی درج ہے کہ ایک مرتبہ حضرت خلافت پناہ نے تان سین اور یوسف شاہ کو حکم دیا کہ وہ دونوں صاحبان کمال ایک محفل موسیقی میں اپنے اپنے فن کے جوہر دکھا دیں۔ تان سین نے دلچسپی کے لیے ایسا درد بھرا اور پرتاثیر نغمہ الاپا کہ جنگلی جانوران وخیزاں نغمہ سے متاثر ہوکر ارد گرد جمع ہوئے اور مبہوت سا ہوکر نغمہ سننے لگے۔ تان سین نے موتیوں کا ہار ایک ہرن کے بچے کی گردن میں آراستہ کیا اور پھر دوسرے مقام یعنی راگ پر نغمے کو الاپا۔ اس کی آواز سے جنگلی جانور ایسے لطف اندوز ہوئے کہ وہ عادت کے موافق دشت وبیاباں سے رُخ کر کے تان سین کے ارد گرد جمع ہوگئے۔ پھر اپنے مدّمقابل یوسف شاہ سے کہا کہ ہار ہرن کے بچے کی گردن سے نکالیں اور اپنے فن کا مظاہرہ کرکے جانوروں کو اپنی نغمہ سرائی کی طرف متوجہ کریں۔ یوسف شاہ نے ہرن کے بچے سے ہار نکالا۔ اور اُسے پھر تان سین کی گردن میں پہنایا۔ اس کے بعد یوسف شاہ نے ایک ایسا نغمۂ جانگداز ساز پر چھیڑا کہ اس کی آواز کے اثر سے پتھر نرم ہوکر پانی ہوگیا۔ اور پھر اس پر اپنا ساز پھینک دیا۔ ساز پانی میں مل کر پتھر ہوگیا۔ اس کے بعد تان سین سے کہا کہ اب آپ پتھر سے میرے ساز کو نکال کر اپنے فن کا مظاہرہ کریں۔ تان سین نے عاجزی سے کہا کہ مجھے یہ کمال حاصل نہیں ہے کہ اپنے نغمے کے جادو سے آپ کے ساز کو پتھر کے پیٹ

سے باہر نکالوں' یوسف شاہ نے یہ جواب سنتے ہی اپنی لحنِ داؤدی سے ساز کو بھڑ کے پیٹ سے ایسے ہی نکالا جس طرح بھڑیں چھتے سے بھنبھناتی ہوئی فوراً نکل پڑتی ہیں۔

صاحب نوادرالاخبار کی باتوں میں مبالغہ آرائی نظر آتی ہے۔ اس طرح کی باتیں قلم بیچ بادرا ہیں تان سین کی طرف منسوب کی گئی ہیں۔ چونکہ یہ باتیں ایک ایسے مؤرخ کی تاریخ میں درج ہیں جو یوسف شاہ اور دوسرے چک بادشاہوں کے بارے میں حقیقت پسندی سے کام نہیں لیتا ہے۔ یہ باتیں ایک دوسری تاریخ گوھرِ عالم میں بھی موجود ہیں۔ دونوں کتابیں نایاب اور غیر مطبوعہ ہیں۔ اس لئے ذیل میں یوسف شاہ کے فن موسیقی کے واقعات درج کیے جاتے ہیں:-

"روزے حسب الامر اکبر بادشاہ جمی از مقربان درگاہِ او بیشِ یوسف خان چک تشریف بردند۔ و برطبق استدعائے جماعۂ مذکور یوسف خان چک در یک نشیمنے عنبر مختلف الالوان بارتفاع یک وجب بالائے فرش عنبر جا کردہ مطربان شیریں ہنر و رقاصانِ پری پیکر از ہمراہیان خویش طلبیدہ۔ مطربان را برکنار فرش عنبر جا دادہ۔ رقاصاں را میان طاقہائے چار دیوارِ نشیمن زیر پردہ ہا پنہاں نشانیدہ۔ بعد آرائش مجلس مہمانانِ تماشا بین را در محفل پیشِ خود خواندہ۔ مطربان بحکم او نغمہ آراستند۔ ہمیں کہ آہنگ چنگ و عود و نوائے رود و سرود درہم آمیخت رقاصانِ پری پیکر از زیر پردہ ہائے مزین و مکلل بیرون دویدہ۔ پائے کوباں بر فرش عبیرِ استبرق و یاقوت و گہر رنگ برقص در آوردند۔ و از کبر و باد و دامن بکالے (کذا) آں ماہ رویان کرد و غبار عبیر گونا گوں برخاستہ۔ مثال ستارہ ہائے زنگار رنگ بر رخسار ہائے افروختہ۔ ایشان جا بجا نشستہ ساحتِ محفل رشک فزائے گلشنِ فرادیس گردیدہ۔ بزم نشینان را از کمالِ تعجب و تحیر گماں شد کہ طلسم بکار بردہ۔ چنیں عجیبہ را در چشم مشاہدۂ اہل مجلس جلوہ گر ساختہ۔ کیفیتِ صحبت سراسر بہ ہمت پیشِ اکبر بادشاہ اظہار نمودہ۔ گفتند کہ عیاش مثل یوسف خان چک اغلب کہ در عالم بوجود نیامدہ باشد"

روزے بادشاہ تان سین قوال را کہ بعد از افلاطون در کمالاتِ فن علم موسیقی دم می زد۔ با یوسف خان چک در مجلسِ یک جا کردہ۔ ہر دو صاحبِ کمال

رافزود کہ نہایت کمالات نغمہ آرائی و نہایتِ تاثیرِ آہنگ پرداز ی بآئین شائستہ از بہر جمعیت باز نماید۔ ہر دو تن مدعیانہ باہم دیگر در اظہار کمالات فنون خود ہا کوشیدند۔ قوال افغان بر یوسف خان چک در ہیچ شعبہ اصلاً مطلقاً نگرفتہ۔ از رادہ ول بتغنی نغمہ رقت آمیز و موثر القلوب بروئے کار آوردہ۔ وحوش دشتی با ثرِ آہنگِ قوال افغان وخیزان از ہر سو دویدہ۔ در گرد او باستماع آواز نغمہ اش مبہوت ومعدوم الحرکت جا گزیدہ۔ قوال مذبور مروارید گلوئے خویش در گردن آہو بچۂ وحشی پیراستہ، نوائے نغمہ بمقام دیگر برگردانیدہ۔ فی الفور وحوش بعادت وحشتِ ذاتی خویش در پیرامون قوال جانب دشت وبیابان رو نہادہ۔ بعد آمیختن وحشیان قوال یوسف خان چک را گفت کہ زیور مروارید من از آہو بچۂ وحشی باز آر و کمال فن خود را روشن ساز۔ وحشیان مذکور بہ مجرد استماع استدعائے قوال در آہنگ نغمہ پرداختہ بدستور حال مستدعی مزبور وحوش را در مجلس حاضر ساختہ۔ زیور مروارید از آہو بچۂ وحشی در ربودہ برگردنِ قوال آویختہ۔ پس ازاں خانِ مسطور متصل او از نغمہ جانگداز آراستہ بتاثیر نوائے او سنگ مانند آب و آلت ساز در بطن سنگ ناپدید گشتہ وگفت کہ آلتِ سازِ من از بطن سنگ بیروں کن خود را نشو ونما بخش۔ قوال دراں امر ش درزیدہ۔ بکمال عجز و فروتنی برزباں راند۔ ہنر بدیں درجہ نہ دارم کہ در بطن سنگ بزور آہنگ برآرم۔ یوسف خان چک باستماع جواب قوال فی الحال آواز از حلق نشاط آمیز برکشیدہ۔ بتاثیر الحان شیریں اولات ساز از بطن سنگ مثل زنبور از آشیانہ صدا کنان بے درنگ بیروں جہندہ۔ قوال حلقہ بگوش وار پایش بوسیدہ و اکبر بادشاہ کنان از ہر چپ و چار بہ تحسین و آفرین او زبان کشادند"۔[۱۹۳]

مصنف بہارستانِ شاہی نے یوسف شاہ کے مختلف علوم فنون کی مہارت کے بارے میں لکھتا ہے کہ:۔

"یوسف شاہ بحلیۂ حسنِ بشرہ وصورت و بزیورِ جمال وسیرت آراستہ و پیراستہ

بود از علم موسیقی و اشعار ہندی و فارسی اقصی الغایت واقف و آگاہ بود،

چنانچہ در زمرۂ اہل شوق مخترعاتِ طبع لطیفش و اشعار ہندی در ہند و اشعار کشمیری و اشعار فارسی او بر زبان فضلا و شعرا اشتہار تمام دارد"

ایک اور مورّخ اپنی قلمی وغیر مطبوعہ کتاب میں کہتا ہے کہ :-

"یوسف شاہ در فن موسیقی مہارتے کامل و در حسن اہبہ ملاحتے شامل داشت۔ چون قطعہ وغزلے تصنیف فرمودے فی الفور آں را ترانہ بستے و بہ مقامے نشانیدے۔ نوعیکہ در عہد عشرت آثار او بہ ولایتِ کشمیر رواج علم موسیقی پذیرفتہ۔ در زمانِ بادشاہان پیشین عشر عشیر آں نہ بود۔ اخبار نویساں آغاز روداد عملِ او چناں در تصانیف مرقوم فرمودند۔"

یوسف شاہ اور کشمیری موسیقی

کتب تواریخ سے ثابت ہے کہ یوسف شاہ نہ صرف بادشاہ ہی تھے بلکہ وہ علم موسیقی کے علاوہ فن شاعری میں کامل دستگاہ رکھتے تھے۔ جب بھی شعر کہتے تھے تو اسی وقت اُسے راگ یا مقام (اصطلاح موسیقی میں راگ کو کہتے ہیں) میں ڈھالتے تھے۔ حکومت جمّوں وکشمیر کے محکمۂ ریسرچ کے کتاب خانے میں کشمیری مورّخ پنڈت بیربل کاچرو کے والد پنڈت دیارام کاچرو تخلّص خوش دل کا فن موسیقی میں ایک نایاب اور نادر مخطوطہ زیر نمبر ۱۲۲ محفوظ ہے۔ یہ مصنّف کے ہاتھ کا لکھا ہوا نسخہ ہے جو ۱۲۵۱ھ ہجری مطابق ۱۸۳۳ء میں تصنیف کیا گیا تھا۔ خوشدل نے کتاب کے صفحہ ۱۶ میں یوسف شاہ کو کشمیری شاعری کی موسیقی کا موجد قرار دیا ہے اور درج ذیل مقامات ان کی طرف منسوب کیے ہیں۔

چارگاہ	عراق	حسینی	دوگاہ	نوا
بوقت صبح	چاشت	تاچاشت	در وسط روز	در وقت پیشین

رہاوی و نوروز عجم	غزال	سہ گاہ مع زنگولہ	راست
بعدازاں	تاسہ پہر	شام	تا یک پہر شب

تبریز و اصفہان	مجاوات و عشیران	بیات ہا	نوا و رہادی
تا نصف شب	نصف شب	بعد ازاں	در نصف شب

یوسف شاہ کشمیری کے علاوہ ہندی میں بھی شعر کہتے تھے۔ اس کے علاوہ وہ ہندی موسیقی میں بھی صاحبِ کمال تھے۔ شفیق اورنگ آبادی نے ان کا ذکر تذکرۂ شعرائے فارسی میں کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ

"در موسیقیِ ہندی خیلے ماہر بود و در نواختنِ مزامیر یدِ طولیٰ داشت[194]"

یوسف شاہ بحیثیت شاعر

یُوسف شاہ فارسی کے قادر الکلام شاعر تھے۔ ان کے فارسی شعر علما و فضلا اور شعرا کی نوک زبان پر ہوتے تھے، وہ یوسف تخلص کرتے تھے اور شعر خوب کہتے تھے۔ افسوس ہے کہ ان کا کلام ملکی ناقدردانی کی وجہ سے انہی کے ساتھ دفن ہو گیا ہے۔ یہ شعر دستیاب ہیں ؎

دلِ پر دردِ من جاناں، بسانِ غنچہ پرخون ہست
چہ بے رحمی نہ پرسیدی کہ احوالِ دلت چون است

بعیش کوش کہ تا چشم می زنی برہم
خزاں ہمیں رسد و نوبہار می گذرد[195]

لیلیٰ جنازہ را برِ مجنوں بخود نہ راند
زور کند جذبۂ معجز نمائے اوست[196]

بریاد دو زلفِ بتِ کشمیر نژادے
شد تار سر و مار سراز گریہ دو چشم[197]

مرد بتمام آنکہ نہ گفت و بکرد
وانکہ بگوید بکند نیم مرد[198]

وآنکہ نہ گوید و نہ کند زن بُود
نیم زنست آنکہ بگفت و نہ کرد

ایک مثنوی کے چند شعر یہ ہیں ؎

چنیں گفت مرد سخن آفریں	ز اخبار یوسف شہے دور بیں
چو تہدید ابدال بٹ شہ شنود	زبانے بیاں در جوابش کشود
تو بودی کشاورز آبائے من	کشاورز را کے سزد جائے من
بشمشیر ترکش ترا نیست کار	کشاورز را با دلیری چہ کار
چہ میگوئی اے گرگ ابدال ننگ	بہ ترسانی از آبِ دریا نہنگ
غضنفر بصد فر بر آورد سر	حذر کن ز روباہ بازی گذر
تو در من چو نرم آشتیں دیدہ	کہ فولادِ خود را پسند یدہ
من اینک عناں باز پیچم زراہ	کہ یا سر دہم یا ستانم کلاہ

ترا آنچہ بائیست گفتم تمام
تو دانی دگر بعد ازیں والسّلام ؎[199]

وَفات

آخر کار جنّتِ ارضی کشمیر کا یہ مظلوم بادشاہ، یوسف ثانی، بہادر سپاہی، ہر فن مولا، کانِ جود و سخا، محبوبِ علمار و فضلار، حامیِ دینِ مصطفیٰ، غمگسار غربا، چشم و چراغ رعایا، شاعر باکمال، فن موسیقی میں بے مثال، شہنشاہِ خلافت پناہ، بادشاہ دولت قاہرہ اکبر اعظم کے دامِ فریب، ہوس ملک گیری اور عہد شکنی کا شکار ہو کر بہار جیسے دور دراز گرم علاقے میں ۵ ذی الحجہ ۱۰۰۰ہجری مطابق ۶ ستمبر ۱۵۹۲ء کو منگل کے دن وقتِ چاشت بیمار ہوا۔ چھ دن کی مختصر علالت کے بعد ۱۴ ذی الحجہ ۱۰۰۰ھ مطابق ۱۲ ستمبر ۱۵۹۲ء کو بدھ کی شب میں سہ گھڑی گزرنے کے بعد عالم بے کسی میں اس کا انتقال ہوا ؎

تفو بر تو اے چرخ گرداں تفو

یوسف شاہ کی میّت کشمیر کے ایک جانباز سپاہی اور حرّیتِ آزادی کشمیر کے حامی سیّد ابو المعالی بیہقی نے شاہانہ طور پر موضع جگر نا تھ سے اٹھائی۔ روز غربا، مساکین اور حافظانِ قرآن

2013
1592
421 سال
قبل

میں خیرات وعطیات اور کھانا تقسیم کرکے سوا دو مہینے کی لمبی مسافت طے کرکے ۲۳ ربیع الاول ۱۰۰۱ھ مطابق ۱۸ نومبر ۱۵۹۲ء کو یوم دوشنبہ وقت نماز پیشین صوبہ بہار میں بسوک کے پرگنے میں سپرد خاک کیے گئے۔ دفن کرنے کی تاریخ یہ ہے ؎

"یوسف شاہ مرد فریاد"

۱۰۰۱ ہجری

ان کے مقبرے کے اردگرد ایک بہت بڑا باغ اور کنواں پختہ اینٹوں سے تعمیر کیا گیا تھا۔[۵۶]

یعقوب شاہ

شہنشاہ اکبر کے توسیع پسندانہ اقدامات ، ولیعہدی اور یوسف شاہ کی گرفتاری کے بعد ۹۹۴ھ مطابق ۱۵۸۶ء میں یعقوب شاہ تخت نشین ہوئے ۔ "ظل امیر" تاریخ جلوس ہے ۔ انھوں نے ایک ناقابل اور بے اصول شخص علی ڈار کو عہدہ وزارت پر مسلط کرکے بڑی غلطی کی ۔ ان کی ناعاقبت اندیشی کی وجہ سے ملک میں سازشیں زور پکڑنے لگیں۔[۵۷]

ان ہی ایام میں یعقوب شاہ اپنے فرزند کی کتخدائی کے لیے سری نگر سے ہالہ والہ کے گاؤں گئے ، جب رشتہ طے کرکے وہ اچھبل پہنچے تو علی ڈار نے شمس چک کیواری ، علم شیر ماگرے ، میر حسین جاڈورہ اور دوسرے فسادیوں کے ساتھ ساز و باز کرکے علم بغاوت بلند کیا۔ باغیوں کا مطالبہ تھا کہ یعقوب شاہ تخت سلطنت سے دستبردار ہو جائیں اور ان کی جگہ پر باغیوں کے سرگروہ شمس چک کیواری بیٹھیں ۔ ان لوگوں نے سید حسین خان بیہقی اور شمس چک دونی کو بھی اپنے ساتھ ملانے کی کوشش کی تھی ۔ بغاوت کی اطلاع موصول ہوتے ہی یعقوب شاہ نے محمد میر کو قید و بند سے آزاد کیا ۔ اور پھر انہی کے ساتھ باغیوں سے قبل سری نگر پہنچے ۔ یہ دیکھ کر شمس چک کیواری اور علی ڈار اپنے دوسرے حامیوں کے ساتھ ذالڈگر میں صف آرا ہوئے ۔ یعقوب شاہ نے عیدگاہ میں اپنی فوج جمع کی۔ دونوں فریقین میں سات دن تک زبردست جنگ ہوتی رہی۔ ملک حیدر کہتے ہیں کہ :-

"آخر کار فضیلت پناہاں بابا خلیل و شیخ حسن مصلح شدند و قرار دادند کہ سمت کامراج از نہر سوپور گذشتہ تعلق بہ سرداران مذکور داشتہ باشد۔ وباقی در نصرت یعقوب خان۔ پس سرداران باتفاق بابا خلیل و شیخ حسن بطرف کامراج

کوچ کردند۔ در عرض راہ (ہارہ ترٹ) شمس چک قتل باباخلیل و شیخ حسن نمود۔
ازیں معنی ملک محمد حسن اطلاع یافتہ مانع آمد و ایشاں را خلاص نمودہ رخصت
کرد۔ چوں مشار الیہما پیش یعقوب خان رسیدند۔ حقیقت بعرض او رسانیدند۔
یعقوب خان چوں نسبت ارادت بایشان داشت۔ ازیں امر شگفت آمدہ
تہیۂ محاربہ باسرداران مذکور نمود۔ و با دوازدہ ہزار سوار و بست ہزار پیادہ
سوار شد۔ و چوں بہ سوپور رسید ہنوز از نہر عبور نہ کردہ بود کہ سرداران
مسطور طاقت و مقاومت نیاوردہ فرار شدند[۲۰۲]"

یعنی آخر کار باباخلیل اللہ اور شیخ حسن زڈی بلی کی مصالحت سے فریقین میں طے پایا تھا کہ سوپور سے کامراج تک کا علاقہ باغیوں کے قبضے میں رہے گا۔ اس کے بعد شمس چک اور دوسرے باغی باباخلیل اور شیخ حسن کے ہمراہ سوپور کی طرف روانہ ہوئے۔ جب باغیوں نے "ہارہ ترمٹھ" دریا کو عبور کیا تو شمس چک وغیرہ معاہدہ کی خلاف ورزی کرنے لگے اور انھوں نے دونوں علمار کو قتل کرنا چاہا۔ جب اس کی اطلاع ملک حسن چاڈورہ کو ملی تو وہ ان کے اقدام قتل کے مانع ہوئے اور دونوں بزرگوں کو بحفاظت سری نگر پہنچایا۔ جب شیخ حسن اور باباخلیل نے سری نگر میں یعقوب شاہ کو اس صورتِ حال سے آگاہ کیا تو عقیدت مندی کے جذبے کے تحت وہ یہ سن کر حیران ہو گئے اور فوج گراں کے ساتھ شمس چک کے مقابلے کے لیے روانہ ہوئے۔ جونہی وہ سوپور پہنچے اور ابھی دریا کو عبور نہیں کیا تو باغی مقابلے کی تاب نہ لاکر فرار ہوئے[۲۰۳]۔

شکست کے بعد باغی گروہ تتر بتر ہو گیا۔ علم شیر ماگرے اور دوسرے باغی کھامہ کی طرف دم دبا کر بھاگے۔ ملک حسین چاڈورہ نے موضع شمہال کا رخ کیا۔ علی ڈار نے برنغل کے ایک زمیندار کے گھر میں پناہ لی اور باغیوں کا سرغنہ شمس چک کبواری میر شمس الدین عراقی کی خانقاہ زڈی بل میں گرفتار کیے گئے۔ ان کی گرفتاری کے بعد باغیوں کا ایک گروہ اکبر بادشاہ کے پاس چلا گیا اور انھیں کشمیر فتح کرنے کی حمایت کا یقین دلایا تھا۔ تاریخ کے الفاظ یہ ہیں :۔

شمس چک در محلہ زڈی بل بخانۂ شیخ ابراہیم پنہاں شد۔ روزِ دیگر او
را دست بستہ پیش یعقوب خاں آوردند۔ و مقید داشت۔ و زمرۂ دیگر را
نیز دستگیر کردند۔ گروہے بخدمت پادشاہ آفاق بہ ہندوستان رفتند و

دربار معلّی متعهد شد۔ کہ کشمیر را بتصرف اولیائے دولت قاہرہ دہند۔
یعقوب خان بعد فراغ خاطر از گوشمال متعارضان محمد بٹ را محبوس داشتہ
باز ہماں مذکورات سابق با قاضی موسیٰ آورد۔ بعد از قیل وقالِ بسیار قاضی
را بدرجۂ شہادت فائز گردید" ۲۰۴

اعظم دیدہ مری کے مطابق باغیوں کی جماعت شمس چک کپواری کی قیادت میں یعقوب شاہ کے استیصال کے لیے کمربستہ تھی۔ یہ سبھی باغی قاضی موسیٰ کے معتقدین اور مخلصین تھے۔ انھوں نے اچھ بل میں یعقوب شاہ سے بغاوت کی تھی اور پھر وہاں سے بغاوت کا جھنڈا بلند کرکے پہاڑی راستوں سے ہیرہ پور پہنچ کر خیمہ زن ہوئے تھے۔ وہاں انھوں نے یعقوب شاہ کی اس لیے مذمت کی کہ انھوں نے یعنی یعقوب شاہ نے شہنشاہ اکبر کی فوج سے ڈٹ کر مقابلہ کرکے کشمیریوں کو رنجیدہ اور آزردہ کیا اب وہ قاضی موسیٰ پر لگائے گئے الزامات کی تحقیق کرنے لگے۔ باغی گروہ ہندوستان جاکر شہنشاہ اکبر کے پاس وفد کی صورت میں جانے کا عازم تھا لیکن ملک حسین چاڈورہ نے وہاں جانے سے باز رکھا۔ اور یہ سب آپس میں متفق الرائے ہوئے کہ یعقوب شاہ کے سری نگر پہنچنے سے پہلے ہی ہم ان کے تخت پر قبضہ کریں گے۔ یہ سن کر یعقوب شاہ نے نون پاک کے گاؤں پہنچ کر محمد بٹ کو قید خانے سے رہا کیا اور پھر ان کے ساتھ بغیر کسی تاخیر کے دشمن سے پہلے ہی سری نگر کی جائے سکونت نوہٹہ پہنچے۔ شمس چک وغیرہ مغرب کی طرف سے آئے۔ انھوں نے دریا کے تمام پل کاٹ دئے۔ اور لڑائی کے لیے صف آرا ہوئے۔ سات دن تک شب وروز گھمسان کی جنگ رہی۔ آخر کار بابا خلیل اور شیخ حسن کی مصالحت سے یہ طے پایا کہ سوپور اور کامراج شمس چک کو دیا جائے گا اور باقی تمام حصوں پر یعقوب شاہ بدستور متصرف و قابض رہیں گے۔ اس معاہدے کے تحت بابا خلیل اور شیخ حسن باغیوں کے ہمراہ سوپور کے لیے روانہ ہوئے۔ چونکہ یہ دونوں شیعہ تھے اس لیے شمس چک ان کو قتل کرنا چاہتے تھے۔ چونکہ اعظم دیدہ مری نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ باغی گروہ کو قاضی موسیٰ کی حمایت حاصل تھی اس لیے کہ وہ لوگ ان کو اپنا مرشد سمجھتے تھے دوسرے یہ کہ بابا خلیل اور شیخ حسن شدہ تھے اس لیے شمس چک کپواری ان کو قتل کرنا چاہتے تھے۔ خواجہ اعظم نے ان کے قتل کی وجہ یہ بتائی ہے کہ وہ دونوں باعثِ فتنہ تھے۔ کسی مورخ نے ان دو بزرگواروں کو فتنہ انگیز نہیں کہا

ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ دونوں ہمیشہ مسلمانوں کے مختلف فرقوں میں باہمی مفاہمت اور میل جول سے رہنے کی کوشش کرتے تھے۔ اگر ان کی نیت میں کسی قسم کا شبہ ہوتا تو پھر وہ یعقوب شاہ اور شمس چک کپواری کے درمیان مصالحت نہیں کراتے اور سوپور وغیرہ شمس چک کو نہ دلواتے۔ بہرحال چونکہ خواجہ اعظم کا بیان یعقوب شاہ اور قاضی موسیٰ کے مناقشے کے بارے میں نہایت ہی اہم اور معنی خیز ہے اس لیے ذیل میں بیان کیا جاتا ہے۔

"یعقوب شاہ از بسکہ خدمتِ شریعت مرتبت کمالات منزلت قاضی موسیٰ ابدال خاں را بطور خود دفن کرد۔ و از یوسف شاہ نہ پرسیدہ بود۔ ثانیاً لوہر شاہ را درخانۂ ایشاں یافتند حالانکہ قاضی خبرے نہ داشت۔ بقصدِ انتقام با قاضی بحث مذہب درمیان آوردہ و خلاف رائے ارکان دولت خود نمود۔ با وجود آنکہ مذہب اہل تشیع تقیہ است۔ از راہ غرور و علانیتہً با قاضی بے ادبی نمود۔ مخلصا قاضی بر ہمہ خصوصاً شمس چک کوپہ واری و ملک حسین چاڈورہ، علم شیر خان ماگرے و علی ڈار وغیرہم سرداران کہ بر سر چشمہ اچھ بل با یعقوب شاہ رفتہ بودند۔ از آں جا راہ کوہستان گرفتہ در ہیرہ پور نزول فرمودند و بر یعقوب شاہ ملامت می نمودند۔ کہ ہمچو اکبر شاہی را بہ غضب آوردہ مردم شہر را ناراضی داشت۔ اکنون حرف مذہب با قاضی شہر درمیان می آرد۔ معہذا قاضی نرم و گرم سرِ سخن بستہ می داشت و یعقوب شاہ برخلاف آں پیش می آمد۔ جماعۂ مذکور قصد ہندوستان کردہ بودند۔ و ملک حسین مانع رفتنِ ہند آمدہ۔ مقرر کردند کہ زود رفتہ سری نگر خواہم گرفت و تا یعقوب شاہ برسد۔ تخت بدست خواہم آورد۔ یعقوب شاہ در موضع نون پاک بود کہ ایں خبر وحشت اثر شنود و محمد بٹ را از حبس خانہ برآوردہ مشورہ پرسید گفت لشکر زود بہ شہر نمی رسد کہ سری نگر را نگیرند۔ شاہ خود را بزودی تمام بہ سری نگر رسانید در نوہٹہ کہ جائے سکونتش بود فروکش نمودہ۔ شمس چک وغیرہ جانب عزب آمدہ بودند۔ پلہا ویران ساختہ، مستعد جنگ استادند۔ تا ہفت شیاں روز مقابلہ و مقاتلہ بود۔ آخر با خلیل و شیخ حسن جڈی بلی کہ ہر دو از پیران یعقوب شاہ بودند۔ درمیان آمدہ طرح صلح انداختند و قرار داد ند

"[illegible] شمس چک وغیرہ باشد و باقی یعقوب شاہ

مسلم [illegible] قرار [illegible] آمدہ بوے سوپور رفتند و مردم این دو شیخ

اہل تشیع [illegible] نفاق و فتنہ می شدند - می خواستند کہ بکشند - ملک

حسین چادورہ [illegible] آمدہ - کسان خود را ہمراہ دادہ ہر دو را بشہر فرستاد - چوں ہر

دو پیر سرگذشت خود و شاہ نوجوان بیان کردند یعقوب شاہ بغضب لشکر انبوہ

تعین نمود - شمس چک وغیرہ از راہ طمع سری نگر باز بشہر آمدہ"[205]

اصل میں شمس چک کپوری کی بغاوت کے ذمہ دار قاضی موسیٰ تھے - وہ ہمیشہ سلاطین چک کی تباہی و بربادی کے لیے برسرِ عمل رہتے تھے - جب شمس چک یعقوب شاہ کے تخت کے دعویدار ہوئے تو انھیں قاضی کی حمایت حاصل تھی - اس سے قبل حسین شاہ کے عہدِ حکومت میں ایک بڑے فتنہ و فساد کے مرتکب ہوئے تھے قتل یوسف میر کا فتویٰ جن لوگوں نے دیا تھا ان میں قاضی موسیٰ بھی شامل تھے - اور جب ملا زین الدین شافعی اور ملا عبدالغفور حنفی نے ملا فیروز اور ملا الماس کو اسلامی عدالت میں قصاص مقتول لینے کا فیصلہ سنایا تو قاضی موسیٰ فرار ہو کر روپوش ہوئے - بعد میں چند امرا کی سفارش سے ان کا قصور معاف کر دیا گیا - قاضی صاحب ابدال خان کی سازش میں بھی شریک تھے - ابدال خان یوسف شاہ کا تختہ حکومت الٹ دینے کے لیے برسرِ جنگ تھے - قاضی موسیٰ فتنے کی آنچ کو ہوا دینے کے لیے شاہی فرمان بھی ٹھکراتے تھے - اس کی مثال یوسف شاہ کے اس فرمان کی ہے جس کے تحت انھوں نے متنبہ کیا تھا کہ کوئی بھی شخص میدان جنگ سے ابدال خان کی لاش کو دفن نہ کرے - اسی زمانے میں جب لوہر خان نے باغی ہو کر یوسف شاہ کا تختہ الٹ دیا تھا تو ان کی بیٹھ پر بھی قاضی ہی سوار تھے - یہاں تک کہ انہی کے شریعت کدے سے وہ گرفتار کیے گئے تھے - ان واقعات کے بعد جب ۹۹۳ھ ہجری میں راجہ بھگوان داس نے پچاس ہزار مغلوں سے کشمیر پر حملہ کیا تو یعقوب شاہ نے ایک فرمان کے ذریعہ سے دشمن کے خلاف خواجگان کشمیر سے ملک کی سالمیت اور اس کا دفاع مستحکم کرنے کے لیے سامان جنگ اور دوسرے ہتھیار حکومت کے حوالے کرنے کو کہا تھا - قاضی نے اس شاہی فرمان کو ٹھکرا کر لوگوں سے کہا کہ وہ ملک کے دفاع کے لیے بادشاہِ وقت کو اسلحہ نہ دیں - ان باتوں کے علاوہ مذہبی معاملات میں رخنہ ڈالنے کا الزام بھی ان پر عاید تھا -[206]

اوپر کی ان تاریخی شہادتوں کے پیش نظر ہر وہ انسان جو ذرا بھی حقیقت پسندی کا جذبہ رکھتا ہو یہی نتیجہ مرتب کرسکتا ہے کہ قاضی موسیٰ کسی وجہ سے سلاطین چک سے خوش نہ تھے اور وہ ہمیشہ ان کے خلاف دشمنوں کی پیٹھ ٹھونکتے تھے۔ ان حالات کی بنا پر کوئی بھی خود مختار اور ذمہ دار حکومت جس کو اپنی آزادی عزیز ہو کسی بھی شخص کی ان تخریبی کارروائیوں کو دیکھ کر ایک تماشائی کی طرح خاموش نہیں بیٹھ سکتی ہے۔ آخر کار یعقوب شاہ نے قاضی موسیٰ کو شمس چک کیواری کے ساتھ بغاوت میں ملوث ہونے کے ثبوت میں موت کی سزا دی تھی۔

بعض مورخین لکھتے ہیں کہ یعقوب شاہ نے قاضی موسیٰ پر دباؤ ڈالا تھا کہ وہ "علیؑ ولی اللہ" کا فقرہ داخل اذان کریں۔ اس کی تائید بہارستان شاہی یا تاریخ ملک حیدر کے کسی مستند نسخے سے نہیں ہوتی ہے۔ محکمہ ریسرچ حکومت جموں و کشمیر کے کتاب خانے میں راقم الحروف نے ملک حیدر کے دو نسخوں سے استفادہ کیا ہے۔ ان کا مخطوطہ نمبر ۳۹ اور ۸۵۶ ہے۔ ان میں سے اس فقرے کے بارے میں کچھ نہیں درج ہے۔ اس تاریخ کا ایک اور نسخہ خدا بخش لائبریری پٹنہ میں بھی زیر نمبر ۵۸۶ محفوظ ہے۔ اس میں بھی اس امر کے بارے میں کچھ نہیں لکھا ہے۔ 'علیؑ ولی اللہ' کے کے بارے میں اعظم دیدہ مری لکھتے ہیں کہ اس فقرے کے قول کی سچائی میں کسی کو اختلاف نہیں ہے۔ لیکن شیعہ لوگ اس فقرے کو ایک بہانہ بنا کر ترویج مذہب کے خواہاں تھے۔ اس لیے قاضی موسیٰ نے انکار کیا تھا۔[۱۲]

جن حالات میں یعقوب شاہ کی حکومت قائم ہوئی تھی ان حالات کے پس منظر میں یہ کہنا درست نہیں معلوم ہوتا ہے کہ یعقوب شاہ نے قاضی موسیٰ پر مذہب کی آڑ لے کر علیؑ ولی اللہ کے لیے کوئی دباؤ ڈالا ہوگا۔ وہ بخوبی جانتے تھے کہ شہنشاہ اکبر کے خیالات ان کے موافق نہیں تھے اور انھوں نے حسین شاہ کے زمانے میں ہی مرزا مقیم اور یعقوب میر کو آگرے میں بے گناہ قتل کر کے کشمیر میں بے پناہ مذہبی منافرت کا بیج بو یا تھا۔ یعقوب شاہ یہ بھی جانتے تھے کہ اکبر بادشاہ ہمیشہ کسی نہ کسی بہانے سے کشمیر کو ہضم کرنا چاہتے تھے۔ ان حالات میں وہ کیسے لوگوں پر مذہبی دباؤ ڈالتے۔ جب کوئی بڑی طاقت کسی چھوٹی حکومت کا تختہ الٹ دینے کے درپے ہوتی ہے تو اس کے خلاف تمام تر سیاسی اور مذہبی ہتھکنڈے بروئے کار لائے جاتے ہیں۔ اور اس حکومت کو بدنام کرنے کے لیے غلط اور گمراہ کن پروپیگنڈا کیا جاتا ہے۔ ان حربوں کا استعمال زمانہ قدیم ہی میں

نہیں ہوتا تھا بلکہ صدیاں گزرنے کے باوجود آج کل کی متمدن دنیا میں بھی ہو رہا ہے۔ لہٰذا علیٔ ولی اللہ کا نعرہ یعقوب شاہ کی طرف سے داخل اذان کرانے کا الزام محض ایک افسانہ دکھائی دیتا ہے۔ بہارستانِ شاہی تمام کتب تواریخ میں ایک ایسی کتاب ہے جس کے مصنف نے ایک سچے وطن دوست اور حقیقت پسند مبصر کی طرح یوسف شاہ اور یعقوب شاہ کے زمانے کے حالات و واقعات کا عینی مشاہدہ کیا تھا۔ وہ اور مورخین کی طرح مغلوں کا وظیفہ خوار رہا اور کسی دربار سے منسلک نہیں تھا۔ اس میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے۔ بہرحال قاضی موسیٰ اتنے بااثر اور صاحب رسوخ تھے کہ حسین شاہ اور یوسف شاہ ان کے ساتھ رواداری سے پیش آتے تھے اور مختلف سازشوں میں ملوث ہونے کے باوجود ان کا بال بیکا نہیں کر سکے۔ بہارستانِ شاہی نے یعقوب شاہ کی کھل کر تنقید کی ہے کہ انھوں نے اپنے مشیروں اور مدبّروں کی مخالفت کے باوجود قاضی موسیٰ کو قتل کر کے غیر دانشمندی کا ثبوت دیا اور اس طرح قتل موسیٰ زوال حکومت یعقوب شاہی ثابت ہو گیا۔[۲۰۸] اس واقعہ کے بعد یعقوب شاہ نے محمد بٹ کو وزارت کے عہدہ سے برطرف کر کے قید کیا اور ان کی جگہ ناژک بٹ کو مقرر کیا۔ اس تبدیلی سے سپاہیوں اور سرداروں کو فتنے کی دیا سلائی ہاتھ آئی اور وہ بادشاہ کے خلاف برسرِعمل رہے۔[۲۰۹]

معاہدۂ الحاق

تاریخ سے ثابت ہے کہ بعض کشمیری امرا سلاطین چک کے خلاف محض اپنے ذاتی اقتدار کے لیے ہمیشہ مغلوں کے ساتھ سازش کر کے ان کا تختہ الٹ دینے کی فکر میں رہتے تھے لیکن ان کی یہ سازشیں کبھی کامیاب نہیں ہوئیں۔ کشمیریوں نے ملک کی حفاظت کے لیے بابر، ہمایوں اور مرزا حیدر کاشغری کو شکست فاش دی تھی اور مغلوں کے سروں کو گاجر مولی کی طرح کاٹ کر منارے مرتب کرتے تھے۔ اکبر کو جب یہ شکستیں اپنے بزرگوں کے آئینۂ تصویر میں نظر آنے لگیں تو انھوں نے کشمیر میں مذہبی منافرت پھیلانا شروع کی اور کشمیری امرا کی بھاری رشوتوں سے دلجوئی اور حوصلہ افزائی کرنے لگے۔ اسی جذبے کے تحت کشمیری امرا کا ایک وفد اکبر بادشاہ کے پاس یعقوب صرفی کی قیادت میں گیا۔ وفد نے اکبر کو مکمل حمایت و تعاون کا یقین دلایا اور ان کے ساتھ کشمیر فتح کرنے کا معاہدہ بھی کیا۔[۲۱۰] یہاں اس بات کا اعادہ کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ معاہدہ الحاق سے چند سال قبل یوسف شاہ نے شیخ صرفی کو تحائف و ہدایا کے ہمراہ دربار اکبری میں اپنا سفیر بنا کر

بھیجا تھا۔ وہ شہنشاہ کے پاس ایک سال تک رہے۔ اس کے بعد جب اکبر کو بھگوانداس وغیرہ کی قیادت میں کشمیر پر پچاس ہزار سپاہیوں کے ساتھ حملہ کیا تو شیخ صرفی دشمن کی کامیابی کے لیے انھیں پہاڑی راستے دکھانے پر مامور ہوئے تھے۔ اب کی انھوں نے اکبر کے ساتھ جو معاہدۂ الحاق کیا اُس کے بارے میں خواجہ اعظم کہتے ہیں کہ

"حضرت جامع الکمالات شیخ یعقوب صرفی با جمعے دیگر از اکابر ورؤسا و فقراء محرک اکبر بادشاہ شدند و بشارتِ تصرف و تسخیر با ولیائے دولتِ بادشاہ دادند و عہد و قرار بمیان آوردند" [۲۱۱]

یعنی جامع الکملات حضرت شیخ یعقوب صرفی نے اکابر ورؤسا اور فقراء کی تحریک و ترغیب سے اکبر بادشاہ کو کشمیر فتح کرنے کی بشارت دی اور ان کے ساتھ معاہدہ بھی کیا۔ معاہدہ الحاق کی شرطیں یہ تھیں۔

(۱) عبادت کی پوری آزادی ہوگی۔ اور مذہبی اُمور میں کوئی مداخلت نہ ہوگی۔

(۲) کشمیریوں کو غلام نہیں بنایا جائے گا۔

(۳) کشمیریوں کو تنگ نہیں کیا جائے گا اور نہ ان سے بیگاری لی جائے گی

(۴) سلطنت کے نظم ونسق میں چک خاندان کے افراد کو اقتدار سے کوئی تعلق نہیں رہے گا۔

(۵) جبروزبردستی سے غلہ (جسے کشمیری اصطلاح میں مجوزہ کہتے ہیں) وصول نہیں کیا جائے گا۔

(۶) تجارت اور خرید و فروخت کے بارے میں کوئی مداخلت نہیں ہوگی

(۷) "آنکہ چکانِ شیعہ را در کشمیر ساکن نہ دارند"۔ یعنی شیعوں کا قلع قمع کرکے انھیں کشمیر میں رہنے کی اجازت نہیں ہوگی

شہنشاہ اکبر کی طرف سے معاہدۂ الحاق میں جو شرط درج کی گئی تھی وہ تاریخ کشمیر میں ان الفاظ میں محفوظ ہے:۔

"از جملہ پیمان اکبر بادشاہ کہ بارباب شہر ورؤسائے دہر انعقاد یافتہ

یکے ایں بود کہ بعد تصرف اولیائے دولتِ قاہرہ از مردمِ کشمیر ہیچ یکے اسلحہ نہ بندد۔ وبہ امورِ سپہ گری نہ پردازد" ۲۱۲؎

یعنی اکبر بادشاہ کی طرف سے معاہدۂ الحاق میں کشمیری وفد نے یہ شرط قبول کی تھی کہ فتح کشمیر کے بعد کسی بھی کشمیری کو ہتھیار رکھنے یا اس کو فوج میں لینے کا حق نہیں ہوگا۔

معاہدۂ الحاق کے بعد اکبر بادشاہ کی فوج کثیر جس کی تعداد تیس ہزار بتائی جاتی ہے قاسم خان، میر بحر کی کمان میں تسخیر کشمیر کے لیے بغیر کسی اعلان کے بڑے بڑے فوجی افسران مثل فتح خان، گوجر خان، مرزا علی اکبر شاہی، شیخ دولت خنجری، شیخ سکندر، رفیق شاہ محمد، میر عبدالرزاق معموری، یادگار حسین، لعل دیو، سنار چند، خواجہ ظہیر، ولی بیگ اور ہزارہ بیگ وغیرہ کے ساتھ روانہ ہوئی۔ شیخ یعقوب صرفی نے پہلے ہی شہنشاہ کو فتح کشمیر کی حمایت کا یقین دلایا تھا اور بادشاہ نے کشمیر فتح کرنے کا مصمم ارادہ کیا تھا۔ شیخ صرفی کے سپرد مغل فوج کو راستہ دکھاتے اور کشمیریوں کو یعقوب شاہ کے خلاف مغلوں کی طرف اکسانے کا کام تفویض کیا گیا تھا۔ صرفی نے یہ یقین بھی دلایا تھا کہ ہنی ونج میں بہت سے کشمیری سردار مغل فوج کا استقبال کریں گے۔ اس یقین دہانی پر قاسم خان کی ہمت بڑھ گئی اور وہ آگے کی طرف پیش قدمی کرنے لگے۔ اس سلسلے میں بہارستان شاہی کے الفاظ یہ ہیں:۔

"حضرت خلافت پناہ جامعہ مبارزانِ صاحب شکوہ با لشکر انبوہ خلعتہائے شہنشاہی و انعاماتِ بادشاہی سرفراز و ممتاز ساختہ بہ تسخیر ممالک کشمیر ہمراہ قاسم خان میر بحر روانہ گردید و جامع صورت و اسلوب شیخ یعقوب صرفی ہمراہِ قاسم خان میر بحر مرخص و مامور فرمودتا در ہر موضع و منزل رہبر شان بود۔ بہر کدام طائفۂ استمالت و مردانگی می دادہ باشند تا ہیچ احدی ہراس و رعب بخاطر خود راہ نہ داد و جلاوطنی اختیار نہ ورزد" ۲۱۳؎

جب یعقوب شاہ کو معلوم ہوا کہ دشمن کی فوج شیخ صرفی کی راہنمائی میں کوتہ پل پہنچی تو وہ سری نگر سے مقابلہ کے لیے روانہ ہوئے۔ سری نگر میں انھوں نے اپنے وزیر نازک بٹ کو حفاظت کے لیے مقرر کیا تھا۔ ابھی یعقوب شاہ ہیرہ پورہ نہیں پہنچے تھے کہ ان کے فوجی دستوں کے افسران

بہرام نائک، اسماعیل نائک اور شنگی چاڈورہ غدّاری کرکے دشمن کی فوج سے مل گئے۔ بادشاہ ابھی راستے میں ہی تھے کہ سری نگر میں شمس چک کے بیٹے ظفر چک نے بغاوت کر کے علم شیر ماگرے اور دوسرے سرداروں کے ساتھ سری نگر پر حملہ کیا۔ باغیوں نے محمد بٹ سابقہ وزیر اور شمس چک کیواری کو قید سے رہا کیا۔ یوسف خان بیہقی نے یعقوب شاہ کے وزیر اعظم سے فریب و جعل کے ذریعے سے خلعت، گھوڑا اور اسلحہ لیا۔ اور پھر علم شیر ماگرے اور ظفر چک کے ساتھ کھامہ میں زڈی بل کو نذر آتش کرنے اور شیعوں کے قتل عام کا معاہدہ کیا۔ تاریخ میں مرقوم ہے کہ:

"ظفر خان پسر نامور ملک شمس چک بہ مجرد استماع تسلّط پدر بر سریر حکومت در شہر کشمیر از غیرت تعصب کردہ مذہب اہل تشیعہ در شکنجۂ ایذا گرفتار نمودہ۔ علی الرغم مخالفان مذہب اہل تشیع در خانقاہ میر شمس الدین عراقی را در محلّہ جڈی بل بیوت با ساکنان گرد و نواح بقہر آتش سوختہ"[۲۱۴]

حسن کے کہنے کے مطابق شیعوں کے اس قتل عام میں ظفر چک کو عوام کا تعاون حاصل تھا۔ تین دن تک شیعوں کی تباہی و بربادی جاری رہی۔[۲۱۵] ظفر چک شیعوں کا قتل عام کر کے پونچھ کی طرف سے بھاگے اور پھر اکبر کی فوج میں شامل ہو گئے۔

جب یعقوب شاہ کے سپاہیوں کی غدّاری کا حال مغل افواج کو معلوم ہوا تو قاسم خان میر بحر نے معاہدے کے تحت شیخ صرفی کو پیشقدمی کا حکم دیا اور دشمن کی فوج شیخ یعقوب صرفی کی رہنمائی میں ہستی ونج پہنچی تو یہاں پر کشمیری اور مغل افواج کے درمیان زبردست مقابلہ ہوا۔ مغل فوج کے بہت سے لوگ مارے گئے۔ شیخ یعقوب صرفی گرفتار کیے گئے اور مغلوں کو شکست دے دی گئی۔[۲۱۶] نوادر الاخبار کا یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ

"حسب الامر شیخ یعقوب صرفی در میدان کارزار شجاعت کار فرما شدہ۔ افواج مخالفان مز بور را از معرکۂ جدال و قتال مانند روباہ گریزانیدند"[۲۱۷]

یعنی میدان جنگ میں شیخ صرفی نے بہادری کے جوہر دکھائے۔ انھوں نے کشمیری افواج کو میدان جنگ سے لومڑیوں کی طرح بھگا دیا۔

بقول ابوالفضل ہستی ونج کی لڑائی میں یعقوب صرفی کو دو زخم آئے اور وہ گرنے ہی والے اور مرنے ہی والے تھے کہ ان کے دوستوں نے انھیں بچایا۔ ابوالفضل کے الفاظ یہ ہیں:۔

"شیخ یعقوب در روز [illegible] در قالب [illegible]
دستمایہ رہائی شد"۲۲۹

بہارستان شاہی کے مطابق شیخ [illegible] بہ سبب بزرگی و نصیحت ان کو پناہ دے دی گئی۔

"شیخ یعقوب را بہ سبب نصیحت و درشتگی [illegible] و بہ سبب خویشی و
آشنائی حسین چک باوجود تعدی [illegible] تعرض نرساندہ، دستگیر
نمودہ امان دادند"۲۳۰

اس لڑائی میں قاسم نائیک [illegible] کے بیٹے [illegible] اور محمد چک داد مردانگی دیتے ہوئے مارے گئے۔ اس کے بعد لشکر اکبری نے بیر پنجال کو عبور کر کے یعقوب شاہ کی فوج پر حملہ کیا۔ ان کی فوج بے دلی سے لڑ رہی تھی یعنی [illegible] مغلوں کی طرف اور تو بس برائے نام یعقوب شاہ کی طرف تھیں۔ یہ دیکھ کر یعقوب شاہ نے کشتواڑ جانے کا فیصلہ کیا اور پرگنہ برنگ پہنچے۔ ان کے ساتھ معدودے چند آدمی رہ گئے۔ جب کشمیریوں نے ہستی ونج میں مغلوں کو شکست دی تو وہ اپنی فتح کو فیصلہ کن فتح سمجھ کر دروں کے دفاع کرنے سے غافل رہے۔ اس کے بعد ہیرہ پورہ چلے گئے۔ یہاں انھوں نے حسین خان ولد ابراہیم خان کو چار دن کے لیے بادشاہ بنایا۔ انہی دنوں شمس چک کپواڑی یعقوب شاہ کی قید سے بھاگ کر کامراج گئے۔ وہاں ملک محمد حسن ولد ملک محمد ناجی نے ان کو مشورہ دیا کہ یہ وقت بھاگنے کا نہیں ہے بلکہ دشمن سے لڑنے کا ہے۔ انھوں نے ان سے اتفاق کیا اور دشمن کے مقابلے میں ہیرہ پور کی طرف چل پڑے۔ ابھی ہیرہ پورہ نہیں پہنچ پائے تھے کہ شیخ یعقوب صرفی اور حبیب ناجی وغیرہ کی گرفتاری کی اطلاع ملی۔ ہیرہ پورہ پہنچ کر انھوں نے حسین خان کو معزول کیا اور خود ان کی جگہ پر بادشاہ ہوئے۔ شمس چک کے بادشاہ بننے کے سلسلے میں ہی ان کے بیٹے ظفر چک نے زڈی بل کو پھونکا تھا۔۲۳۰ جب قاسم خان میر بحر نے کشمیریوں کا یہ انتشار دیکھا تو وہ آگے بڑھے اور ۱۷ ذی قعدہ ۹۹۴ھ مطابق ۲۰ اکتوبر ۱۵۸۶ء کو سری نگر میں داخل ہوئے۔۲۳۱

سری نگر میں شہریوں کی ایک جماعت نے مغل افواج کا استقبال کر کے "خیر مقدم" کی تاریخ کہی جس سے ۹۹۴ھ کا سال نکلتا ہے۔ اس موقع پر مغل فوج

کے مخالفوں نے بھی "ظلم بے حد" کی تاریخ کہی جس سے ۹۹۴ھ کا سال نکلتا ہے۔ شیخ عبدالوہاب نوری کبروی کہتے ہیں کہ اکبر کے اس حملے سے سنّی خوش اور شیعہ ناراض تھے۔ ان کے الفاظ یہ ہیں:۔

"در آخر ماہ ذی الحجہ ۹۹۴ھ ہجری قاسم خان بفتح و فیروزی داخل کشمیر شد۔
دریں سال دو طایفہ دو تاریخ مناسب حال خود یافتند۔ مردم سنیّہ
"خیر مقدم" گفتند و اہل تشیع "ظلم بے حد" گفتند"[۲۲۲]

سری نگر میں قاسم خان نے معاہدۂ الحاق کے تحت لوگوں کا قتل عام کرنا شروع کیا۔ بقول خواجہ اعظم :۔

"ہر جا مجمعے از دلاوران کشمیری دیدند قتل عام می نمودند"[۲۲۳]

مسکین کہتے ہیں کہ معاہدۂ الحاق کے تحت اکبر کی فوج نے شیعوں کا صفایا کیا۔ ان کے الفاظ یہ ہیں:۔

"..... شہر دہلی رفتہ با اکبر بادشاہ عہد نامہ نوشتہ دادہ و ہمراہ خود فوج
شاہی آوردہ بر رافضیان و چکان عنانِ پیکار منعطف ساختند۔ پس بنا بر
یلغار لشکر جرار اکبر بادشاہ جمیع رافضیاں و قوم چکاں مانند موشاں در غارہائے
اطراف خزیدند و شکست خوردند و منہزم و مغلوب شدند"[۲۲۴]

ایک اور مؤرخ نہایت فخر و مباہات اور سراونچا کر کے اکبر بادشاہ کے ہاتھوں فتح کشمیر کے بارے میں کہتا ہے کہ جب مغل اعظم شہنشاہِ اکبر کو کشمیر کی فتح نصیب ہوئی تو جناب شیخ یعقوب صرفی وغیرہ جو مغل فوج کی رہنمائی فرماتے تھے سری نگر شہر میں تشریف لائے۔ بابا داؤد خاکی اہل اللہ کی ایک بڑی جماعت کے ساتھ زنگی پورہ گاؤں سے آئے۔ ان بزرگوں نے تمام عرفاء فضلاء

ح ۔ راقم ۳۰ رجب ۱۴۰۰ھ ہجری مطابق ۱۴ جون ۱۹۸۰ء کو اساتذۂ اردو کے ایک بزرگ کی سازش کا شکار ہوا۔ "ظلم بے حد" کا فائدہ اٹھا کر اس کے ساتھ "نشانۂ" (۴۰۶) کا اضافہ کیا گیا ہے اور اس سازش کی تاریخ "نشانۂ ظلم بے حد" کہی گئی ہے جس سے ۱۴۰۰ھ کا سال ہجری نکلتا ہے۔ یہ سازش مجھے آپ بیتی لکھنے کی محرک ہوئی۔ کتاب آج کل زیر ترتیب ہے۔ انشاء اللہ جلد ہی "نشانۂ ظلم بے حد" (۱۴۰۰ھ) کے تاریخی نام سے منظر عام پر آئے گی۔ (اکبر حیدری ۔ نشانۂ ظلم بے حد)

اور امرار کو سری نگر میں طلب کیا۔ اور اہل سنّت و جماعت کے حوصلے بلند کیے۔ محمد قاسم خان نے سری نگر کی گلی کوچوں میں اکبر بادشاہ کی فتح و ظفر کا نقارہ بجایا۔ تمام اہل سنّت حضرات کے سرکردہ شہریوں نے ایک رائے ہوکر مغلوں کی اطاعت کا طوق اپنی گردنوں میں ڈالا اور اہلِ تشیع چوہوں اور لومڑیوں کی طرح ذلّت و رسوائی کے بلوں میں گھس گئے۔ قاسم خان نے حرّیت آزادی کے جانباز سپاہیوں کو یہ دھمکی بھی دی تھی کہ ہر وہ شخص جو اپنی گردن میں شہنشاہ اکبر کا حلقۂ اطاعت ح نہ ڈالے

ح ۔ ملّا عبدالقادر بدایونی نے اپنی تاریخ میں جو اکبر کے عہدِ حکومت میں لکھی گئی ہے شہنشاہ اکبر کا خاکہ ان الفاظ میں کھینچا ہے " اکبر نے سنہ ہجری کو منسوخ کرکے سنہ جلوس ایجاد کیا۔ اور تمام علمار کو دربار سے خارج کیا تھا۔ اپنا یہ کلمہ اختراع کیا تھا۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَکْبَرُ خَلِیْفَۃُ اللّٰہِ ۔ انھوں نے قرآن، حدیث اور فقۂ حنفی کا پڑھنا بھی منسوخ کیا تھا۔ نماز روزہ اور حج بیت اللہ پر پابندی لگائی تھی ۔ معراج کے منکر تھے۔ آفتاب پرستی ان کا شعار زندگی تھا۔ ہندوستانی راجاؤں کی لڑکیوں کی صحبت میں اپنی جوانی کے زمانے سے ہی ہَون کیا کرتے تھے جو ہندوؤں کی آتش پرستی کی ایک پوجا ہے۔ شراب جائز قرار دی گئی تھی ۔ اور خلیفۂ الٰہی نے اس کا نرخ خود مقرر کیا تھا۔ اس شراب میں سور کے گوشت کا عرق بھی شامل تھا۔ شیطان پورہ کے نام سے ایک نئی بستی بنائی گئی تھی جہاں ملک بھر کی طوائفیں اور فاحشہ عورتیں جمع ہوگئی تھیں۔ امرار بادشاہ کی اجازت سے ان عورتوں کے ساتھ زنا کرتے تھے۔ زناکاری اس حد تک پہنچی تھی کہ راجہ بیربل نے اپنی بیٹیوں تک کو نہیں چھوڑا۔ اکبر نے ملّاؤں کو داڑھی ترشوانے کا حکم دیا تھا۔ جب ان کی والدہ کا انتقال ہوا تو پندرہ ہزار لوگوں کی ریش کا صفایا کیا تھا۔ دینی مسائل کا تمسخر اڑاتے تھے۔ سونا اور ریشم پہننا فرضِ عین قرار دیا گیا تھا۔ جب تخت پر بیٹھتے تھے تو پہلے ٹیکا لگاتے تھے اور پھر ہَون کرتے تھے۔ بتدریج یہ بے دینی اور بداعتقادی اس انتہا پر پہنچ گئی کہ احکامِ شریعت اور اسلام کی تردید و تنسیخ کے لیے کسی دلیل اور تاویل کی بھی ضرورت نہیں رہی جب جی چاہتا تھا کسی بھی حکم کو اعلانیہ ترک کر دیا جاتا۔ اس بے دینی کی تاریخ "کفر شائع شد" (۹۸۵ھ) اور "فتنہائے امت" (۹۸۶ھ) ہے۔ اکبر اپنے کو انسانِ کامل سمجھتے تھے۔ اور اپنے آپ کو سجدہ کرانا لازمی قرار دیا تھا۔ اس کا نام زمین بوس رکھا گیا۔ شیخ صرفی اکبر اعظم کے دینِ الٰہی کے زبردست حامی تھے۔ عربی پڑھنا اکبر کے عہد میں عیب ہوگیا تھا۔ فقہ، حدیث اور تفسیر پڑھنے والے مطعون کیے جانے لگے۔ عربی کے خاص حروف جیسے ث، ح ع، ص، ض، ط، ظ کو لغت سے نکال دیا۔ چنانچہ عبداللہ کو ابداللہ، احدی کو اہدی (باقی صفحہ ۲۱۶ پر)

وہ موت کے گھاٹ اتارا جائے گا اور اس کا مال و اسباب نذر آتش کر دیا جائے گا۔ اعلان میں یہ بھی کہا گیا تھا کہ جاسوسوں کو پہاڑوں اور صحراؤں کے اطراف و اکناف مقرر کیا گیا ہے جو اس بات کی اطلاعات فراہم کریں کہ کون ہمارا دشمن ہے اور کون دوست۔ اس طرح کشمیر کے حالات کما حقہ معلوم ہو جائیں۔ اس مورخ کی اصل عبارت ذیل میں درج کی جاتی ہے:۔

"فتح و نصرتِ نصیبِ اولیائے دولتِ قاہرہ اکبر بادشاہ گردیدہ۔ دراں معیار شیخ یعقوب صرفی و خواجہ محمد ناجی با بہادر چک و ملک ابراہیم با ملک لولانی و سران دیگر در نفسِ شہرِ کشمیر نزول جلال فرمودند۔ بابا داؤد باجمعی اہل اللہ سائر النّاس ہمراہی از الاق تربہ زنگی پورو عرفا و فضلا و اعیان را از گوشہائے انزوا در شہر طلبانیدہ۔ ارباب تسنّن را از ہر جہت اطمنان خاطر افزودہ۔ محمد قاسم را بسرعت ہرچہ تمام تر شتافتند۔ در نفس شہر کشمیر کوس دورہ دورۂ اکبر شاہ در ہر کوچہ و بازار نواختند۔ سرانِ اہل سنّت و جماعت یکسرہ حلقۂ اطاعت امور محمد قاسم بر گردنِ خود ہا آویختند و اہل تشیع مثل موش و روباہ در گوشہائے زاویۂ ذلت و خواری در خزیدند۔ و محمد قاسم در گرد شہر منادی کنانیدہ کہ ہر کہ از سران نامدار ہر قوم بپائے خود در دار الامارت حاضر آید۔ و مطاوعتِ فرمانِ اکبر بادشاہ پایۂ رفعت او از اوج آسمان درگزرد و ہر کہ در ملازمت و متابعت ابا ورزد خونِ او ہدر شود و خان مانش بتاراج خواہد رفت و جاسوسان را در اکناف الاق صحاری و جبال فوج فوج در ہر مکان برگماشت کہ کیفیت دوست و دشمن بگوشِ من رسانیدہ باشند تا اخبار ممالک کما حقہ ظاہر گردد"[۲۲۵]

قاسم خاں نے سری نگر میں حیدرح چک کو جو شیخ صرفی کے ساتھ وفد لے کر اکبر کے پاس گئے

کہا اور لکھا جاتا تھا۔ (منتخب التواریخ صفحات ۴۶۹ تا ۴۷۹، ۴۹۶ تا ۵۰۰ اردو ترجمہ از محمود احمد فاروقی) اس طرح اکبر بادشاہ کے مذہبی اعتقادات فاسد ہو گئے تھے (تاریخ حسن صفحہ ۴۵۳ جلد دوم)

ح۔ بعض مورخین نے غلطی سے حیدر چک کو یوسف شاہ کا لڑکا بتایا ہے۔ حیدر چک غازی چک کے بیٹے تھے۔

تھے گرفتار کیا۔ ان کے اس طرز عمل سے کشمیری حریت پسند ناراض ہوئے ــــ جب یعقوب شاہ کو یہ اطلاع ملی تو وہ کشتواڑ سے راجہ بہادر سنگھ سے اجازت لیے بغیر کشمیر واپس آئے۔ انھوں نے موضع چیرونی میں یوسف خان ولد حسین خان ابراہیم خان ابدال خان ملک محمد حسن بجاڈورہ اور دوسرے جنگجو سپاہیوں کی مدد سے اپنی مختصر سی فوج کو از سر نو ترتیب دیا اور مراج کے علاقے کو فتح کیا۔ یہاں انھوں نے مغل کے پرزے اڑائے اور

"داد مردانگی و دلاوری دادند و دمار از لشکر غنیم بر آوردند و عاجز نمودند" ۲۲۶

اس فتح کے بعد یعقوب شاہ سری نگر آئے۔ یہاں مغلوں پر ایسا شبخون مارا اور ان کو اتنا جانی نقصان پہنچایا کہ کشتوں کے انبار لگ گئے۔ جن مکانوں میں مغل سپاہی رہتے تھے ان کو خاکستر بنا دیا اور اکبر کے شاہی خزانے کو بھی طرفۃ العین میں غارت کر دیا۔ کشمیری سپاہیوں نے اس جنگ میں شہنشاہ اکبر کے بڑے بڑے سرداروں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ ان نامی سرداروں میں پائندہ قزاق اور علی میر کو کہ قابل ذکر ہیں۔ یعقوب شاہ کے حملے سے مغل افواج کے حوصلے پست ہوئے اور انھوں نے ہتھیار ڈال دئے۔ اس طرح مغلوں کو شکست دے کر یعقوب شاہ نے پھر اپنا تخت سنبھالا۔ تخت حکومت پر جلوس کر کے یعقوب شاہ سے یہ غلطی ہوئی کہ انھوں نے ان سپاہیوں کے خلاف بدلہ لینے کا حکم جاری کیا جو ہیرہ پورہ میں قاسم خان مغل سے ملے تھے۔ یہ سنتے ہی وہ سپاہی ان سے بددل ہو کر دشمن سے مل گئے۔ قاسم خان نے جب یہ حال دیکھا تو انھوں نے حیدر چک کو قید سے نکال کر قتل کیا۔ اس تمام واقعے کو مورخین نے اس طرح بیان کیا ہے :۔

"شبانگاہ یعقوب خان بہ مرافقت یوسف خان پسر حسین شاہ و ابراہیم چک و علی ملک ناجی وغیرہ مبارزاں بر سر قاسم خان شبخونی آوردہ قصر یوسف شاہ کہ محل سکونت قاسم خان بود آتش کشیدہ در شب تاریک روز روشن کردند۔ آنگاہ در قتل و خونریزی مغلان حملہ آوردہ سرہائے پردلان بر زمین انداختند و از کشتہ ہا پشتہ ہا افراختند و در کوچہ و بازار مردم عوام ازدحام کردہ بزخم کلوخ و سنگ و چوب مغلاں را بے درنگ مقتول و مجروح ساختند

وخزینہ شاہی کہ در دست میر عبد الرزاق معموری بود، مبارزان کشمیر باتفاق سید ابو المعالی در طرفۃ العین بغارت بردند قاسم خان بوقوع ایں حادثہ او لاً حیدر خان چک از محبس کشیدہ بہ قتل آورد۔ انگاہ مبارزان خود پائے ہمت استوار کردہ در محاربہ ومقاتلہ دادِ مردانگی دادہ بسیارے از مخالفان بہ وادیِ عدم انداخت وپائیندہ قزاق کہ از دلاوران جلادت شعار بود در میدانِ مبارزت پائے جلادت افشردہ جمعی کثیر از تیغ گذرانید وعلی میر کوکہ کہ از بہادران نامی بود بقتل آورد۔ عاقبت الامر سید ابو المعالی برسراو تاخت آوردہ بیک ضرب نیزہ بے سر ساخت پس دلاوران عسکر شاہی ہفتاد کس ہجوم کردہ او را در محاصرہ گرفتند۔ اما سید ابو المعالی اسپ راجولاں دادہ از حلقۂ کارزار بدر جست۔ عاقبت عسکر شاہی ہرسو پریشان گشتہ یعقوب خان بہ نصرت وفیروزی در دولت خانۂ شاہی درآمدہ بر مسندِ حکومت جلوس نمود۔ وبدل خود خیال فرمود کہ از لشکر بادشاہی کسے زندہ نہ ماندہ باشد۔ بنابراں درہماں مغروری بیان ساخت کہ در معرکہ ہیرہ پورہ ہرکس کہ از محاربہ گریختہ بہ قاسم خاں پیوستہ است او را بقتل رسانم۔ باستماع ایں سخن تمامی مبارزاں داعیان کہ در معرکۂ ہیرہ پور گریختہ بودند از مجلس او برخاستہ متفرق شدند"[۲۲۹]

شکست کے بعد یعقوب شاہ اپنے چند لوگوں کے ساتھ ولر کی طرف چلے گئے۔ قاسم خان شاہی محل میں اطمینان سے بیٹھ گئے۔ شمس چک، سید حسین خان بیہقی اور شمس دونی نے سوپور میں مغلوں کے خلاف علم بغاوت بلند کیا۔ قاسم خان کو جب یہ اطلاع ملی تو انھوں نے گکھروں کی ایک جماعت دولت بختیار کی سرکردگی میں سوپور روانہ کی۔ جب مغل فوج پٹن پہنچی تو شمس چک نے اس پر شبخون مارا اور بہت سے لوگوں کو قتل کر ڈالا۔ اس کے بعد وہ سوپور چلے گئے۔ وہاں سے کرناہ کا راستہ اختیار کیا۔ اتنے میں جاڑا شروع ہوا اور یعقوب شاہ کشتواڑ چلے گئے۔ اس طرح موسم سرما کے دوران جنگ بند رہی۔ اس اثنا میں یوسف خان اور ابراہیم خان لشکر اکبری میں شامل ہوئے۔ قاسم خان نے اپنے استحکام کے لیے سید مبارک خان بیہقی، بابا ہیدی، بابا خلیل اور یوسف خان ولد حسین شاہ کو جلا وطن کر کے ہندوستان بھیجا۔[۲۳۰]

موسم سرما ختم ہوتے ہی اوائل بہار ۹۹۵ھ ہجری (۱۵۸۷ء) میں یعقوب شاہ اپنے چھوٹے بھائی ابراہیم خان اور ایبہ خان کے ساتھ کشتواڑ سے واپس آگئے۔ انھوں نے موضع برنگ میں اپنی مختصر سی فوج منظم کی اور پھر موضع ڈگون پرگنہ دلر میں خیمہ زن ہوئے۔ سید ابو المعالی، سید ابراہیم خان بیہقی، بخی رینہ زمیندار برتھل، بہرام نائک، احمد نائک اور یوسف زیئی وغیرہ موضع لدہ سے روانہ ہوئے اور غازی نار میں مغلوں کے خلاف صف آرا ہوئے۔ ادھر شمس چک، شمس دونی اور کراج کے لوگوں کے تعاون سے کرناہ سے آکر کراج میں مقابلے کے لیے تیار ہو گئے۔ جب قاسم خان کو....

یعقوب شاہ کی فوجی تیاریوں کی اطلاع ملی تو انھوں نے میرزا زادہ علی خان، سید عبداللہ خان، بگر خان، مرزا علی اکبر شاہی اور جلال الدین مسعود وغیرہ کی قیادت اور علم شیر خان ماگرے کی رہنمائی میں آٹھ ہزار سپاہی یعقوب شاہ کے مقابلے کے لیے بھیجے۔ موضع گاسو میں دونوں فوجوں کے درمیان شدت کی خونریز جنگ ہوئی۔ کشمیریوں نے مغل فوج کو ٹھکانے لگایا اور بھاری جانی نقصان پہنچایا، لڑائی میں شہنشاہ اکبر کے ایک نامور سردار میرزادہ علی خان ایک بڑی فوجی جماعت کے ساتھ موت کے گھاٹ اتارے گئے۔ ابوالفضل نے مرنے والوں کی تعداد تین سو بتائی ہے۔ یہ حال دیکھ کر قاسم خان دم دبا کر سری نگر آگئے۔[۲۲۹]

اس فتح کے بعد یعقوب شاہ موضع ڈگون (پرگنہ دلر) سے حملہ آور ہوئے اور انھوں نے سری نگر پہنچ کر کوہ سلیمان کے دامن میں محاذ جنگ قائم کیا۔ اتنے میں سید ابو المعالی اپنی جماعت کے ساتھ پہاڑ سے آکر یعقوب شاہ کے ساتھ ملحق ہوئے۔ شمس چک اور شمس دونی سوپور سے آکر قلعہ ہانجک میں صف آرا ہوئے۔ اس وقت قاسم خان کے قبضے میں سری نگر کے سوا اور کوئی علاقہ نہیں تھا۔ قاسم خان نے اپنی فوج دو حصوں میں تقسیم کی، ایک حصہ پاندریٹھن کی طرف سے اور دوسرا حصہ گوپکار کی جانب سے یعقوب شاہ کے مقابلے میں بھیجا۔ یہاں بھی مغلوں کے چھکے چھڑائے گئے۔ حسن لکھتے ہیں کہ:

"پس مبارزان طرفین دست و بازو کشادہ آتشِ پیکار ابھجنان ہیجان دادند کہ بسیارے از دلاوران کارزار خونبار گشتہ باخاک آمیختند و بعضی از مبارزان روزگار خستہ و افگار بگریختند۔ ایں کشش و کوشش و آویزش از صبح تا پیشین اشتداد یافت نزدیک بود کہ افواجِ شاہی را تباہی عاید می شد"[۲۳۰]

پورا میدان جنگ قریب قریب یعقوب شاہ کے ہاتھ میں تھا کہ ناگاہ ان کے سپاہ سالار نورنگ

چک کی آنکھ میں کسی نے تیر مارا جس سے وہ جانبر نہ ہو سکے۔ اور یہی یعقوب شاہ کی شکست کا باعث ہوا' شکست کے باوجود یعقوب شاہ اپنے مقام پر رہے۔ دوسرے دن انھوں نے ملک محمد حسن ناجی کے ہاتھ شمس چک کپواری کے نام قلعہ ہانجک میں خط لکھا۔

"فیما بین مقرر شدہ بود کہ ہر گاہ غنیم بر سر ما آید شما رفتہ شہر را قبضہ بکنید و اگر بجانب شما فوج متوجہ شود ما یان تصرف شہر می کنیم۔ ایشان بر خلاف عہود عمل می سازند۔ اگر پسند خاطر شما این است کہ ملک از دست برود پس این قدر خونِ مردم ریختن چہ فائدہ می بخشد"[۲۳۱]

اس کے بعد ملک محمد حسن چاڈورہ کے توسل سے یعقوب شاہ اور شمس چک کے درمیان معاہدہ ہوا۔ پھر دونوں قلعہ ہانجک میں مغلوں کے خلاف صف آرا ہوئے۔ دوسرے دن دشمن کی فوج مقابلے کے لیے قلعہ ہانجک پہنچی۔ یہاں فریقین میں قیامت کی جنگ ہوئی۔ کشمیریوں نے مغلوں کا صفایا کیا۔ اور کشتوں کے پشتے لگا دیے۔ لشکر اکبری کے پندرہ سو سپاہی موت کے گھاٹ اتارے گئے۔ ملک محمد حسن چاڈورہ اور دوسرے بہادر کشمیری سپاہیوں نے دادِ شجاعت دی اور بقول ملک حیدر:-

"ملک محمد حسن چاڈورہ ہراول لشکر یعقوب خان وغیرہ بود۔ دادِ مردانگی و دلاوری داد۔ کہ بر صفحۂ روزگار ماند۔ چوں شیر ژیاں بہر طرف کہ می تاخت از کشتہ پشتہ می ساخت۔ و از بنانِ سنان نخلِ حیاتِ معاندان را از بر می انداخت۔ لشکرِ غنیم فیل مستے پیش انداختہ بود۔ ملک مسطورے تیرے بر فیل زدہ کہ فیل رو گرداں شدہ رو بہ لشکرِ خود آورد۔ و پامال نمودہ شکست داد۔ دراں معرکہ از لشکرِ غنیم ہزار و پانصد کس تبقتل رسید"[۲۳۲]

یعقوب شاہ کی فوج نے ذالڈگر تک دشمن کا تعاقب کیا۔ ڈھائی مہینے تک کشمیریوں نے پریشان و عاجز کیا۔ ان کے حوصلے پست ہوئے۔ اور لڑائی سے خوفزدہ ہوئے۔ کشمیری سپاہی مغلوں کے گھروں میں داخل ہو کر خوب زدو کوب کرتے تھے۔ جو بھی ہاتھ آتا تھا اس کو وہ مالِ غنیم سمجھ کرلے جاتے تھے۔ مغل سپاہی ڈر کے مارے چھپ جاتے تھے۔ اگر کوئی ہاتھ آجاتا تھا تو اس کو تہہ تیغ کرتے تھے۔ کشمیریوں نے ان کے بہت سے اسلحہ جنگ اور سامان و لباس پر قبضہ کیا۔ مغل افواج کی ابتری اور زبوں حالی سے قاسم خان میر بحر کے ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ اس صورت حال سے انھوں نے بار بار اکبر کو مطلع کیا۔

قاسم خان کی پے در پے اطلاعات سے شہنشاہ اکبر گھبرا گئے۔ انھوں نے اس معاملے پر اپنے درباریوں سے صلاح مشورہ کیا۔ انھوں نے متفقہ طور پر یہ رائے دی کہ سید مبارک خان بیہقی کے اثرات کشمیریوں پر بہت زیادہ ہیں اس لیے ان کے بغیر اور کوئی شخص کشمیر کے حالات کو درست نہیں کر سکتا۔ پس شہنشاہ نے مبارک خان کو طلب کیا۔ انھیں بھاری رشوتوں سے نوازا اور حکم دیا کہ وہ مرزا یوسف خان اور دوسرے ارکان دولت کے ہمراہ کشمیر جائیں اور وہاں کی بغاوت کو ٹھنڈا کریں۔ سید مبارک[ج] بیہقی نے بادشاہ جلال الدین اکبر کی تمام پیش کشوں کو ٹھکرا دیا اور کشمیر کی سودے بازی کے لیے تیار نہیں ہوئے۔ ان کی اس جرأت و انکار پر بادشاہ بہت ناراض ہوئے اور انھیں شہباز خان کنبوہ کی نگرانی میں بنگال کے قید خانے میں بھیجا۔[۲۲۳]

اس کے بعد شہنشاہ اکبر کا تازہ دم لشکر بے کران پچیس ہزار جوشن پوش اور خنجر گداز مرزا یوسف خان مشہدی کی قیادت میں بابا خلیل اور محمد بٹ کے ہمراہ کشمیر کے لیے روانہ ہوا۔ بابا خلیل کو شیعوں اور محمد بٹ سابقہ وزیر سلاطین چک کو سنیوں پر دباؤ ڈالنے کے لیے یہ سیاسی حربہ استعمال کیا گیا۔ جب اکبر کی فوج گراں کشمیر میں داخل ہوئی اور اس کی اطلاع یعقوب شاہ کو ہوئی تو سپہ سالار ملک محمد حسن چاڈورہ نے مشورہ دیا کہ شمس چک مرزا یوسف خان کے اور یعقوب شاہ سری نگر میں مرزا قاسم خان کے مقابلے کے لیے جائیں یا یعقوب شاہ مرزا یوسف خان کے مقابلے میں جائیں اور شمس چک تب تک ہانجک میں قیام کریں جب تک کہ مرزا یوسف خان کا صفایا پہاڑی درّوں میں نہ کیا جائے۔ یعقوب شاہ نے اس تجویز کے ساتھ اتفاق نہیں کیا۔ برعکس اس کے شمس چک نے اپنے بھائی لوہر چک کو مرزا یوسف کے مقابلے کے لیے بھیجا۔ وہ بابا خلیل کے ذریعہ سے ہیرپور میں لشکر مغل میں شامل ہوئے، اس طرح اکبر کی فوج بغیر کسی مزاحمت کے سری نگر پہنچی۔ جب یہ خبر ہانجک کے سپاہیوں کو ملی تو وہ فرار ہو گئے۔ آخر کار یعقوب شاہ، سید ابو المعالی، ایبہ خان اور دوسرے سپاہی کشتواڑ چلے گئے۔ شمس چک اور شمس دوبی نے پونچھ کا راستہ اختیار کیا۔[۲۲۴]

مرزا یوسف خان نے ۹۹۵ھ ہجری میں اقتدار سنبھالا اور مرزا قاسم خان میر بحر کشمیر میں

ج ۔ جلا وطنی کے دوران فیروز پور میں ۹۹۹ھ میں انتقال کیا۔ " شہید رفت " تاریخ وفات ہے ۔۔۔ حیدری

گیارہ مہینے حکومت کر کے عالم شیر خان ماگرے اور چند دوسرے حواریوں کو اپنے ساتھ ہندوستان لے گئے۔ یعقوب شاہ کشتواڑ سے واپس آئے اور انھوں نے دچھن پارہ میں اپنے مٹھی بھر سپاہیوں کو منظم کر کے بغاوت کے شعلے بلند کیے۔ ابو المعالی بھی ان کے ساتھ تھے۔ مرزا یوسف خان نے محمد بٹ اور دربار اکبری کے ایک نامور سپاہی حاجی میرک کو ان کے مقابلے کے لیے بھیجا۔ محمد بٹ نے اوچھے ہتھیاروں سے یعقوب شاہ اور سید ابو المعالی کو گرفتار کرنا چاہا تھا۔ محمد بٹ کے ساتھ پانچ سو سپاہی تھے۔ جب وہ ناکام ہوئے تو جنگ شروع کی۔ فوج مغل کے بہت سے سپاہی میدان میں کام آئے۔ خود محمد بٹ بھاگ کر لشکر اکبری میں پناہ گزیں ہوئے۔ یعقوب شاہ پھر یہاں سے پرگنہ ڈلر گئے اور تازہ دم مختصر سی فوج ترتیب دی۔ ان میں سے کچھ سپاہی دشمن کے ساتھ شامل ہوئے، یعقوب شاہ کشمیریوں کی یہ غداری دیکھ کر حیران ہوئے اور ڈلر کی پہاڑی کی بلندی پر قیام کیا۔ محمد بٹ فوج شاہی لے کر دوسرے دن وہاں پہنچے۔ دونوں فوجوں میں سخت لڑائی ہوئی۔ یعقوب شاہ کے مزید سپاہی دشمن سے مل گئے۔ آخر کار یہ سالار بے لشکر تن تنہا کہاں تک خلافت پناہ کی مور و ملخ جیسی فوج گراں سے لڑتے۔ اس لیے کشتواڑ چلے گئے۔ سید ابو المعالی گرفتار کر کے ہندوستان جلاوطن کیے گئے۔[۲۳۵]

اس کے بعد جن کشمیریوں نے مغلوں کا اقتدار اعلیٰ تسلیم نہیں کیا وہ ہندوستان میں جلاوطن کیے گئے۔ وہاں انھیں جاگیریں بطور رشوت دی گئیں۔ کشمیر کی املاک ان کی ضبط کی گئی۔ یہ سب لوگ حراست میں بھیجے گئے ان میں سید حسین خان بیہقی، علی ڈار، لوہر چک، شمس چک اور اسماعیل دونی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

مرزا یوسف خان نے معاہدۂ الحاق کے تحت اکبر کے پاس سامراجی ہتھکنڈوں کا مظاہرہ کر کے کشمیریوں پر بے پناہ مظالم ڈھائے۔ اس نے کشمیریوں کو جھوٹے اور بے بنیاد مقدموں میں ملوث کر کے بڑی بہیمیت اور غیر انسانی حربوں سے موت کے گھاٹ اتارا۔ شہنشاہ اکبر کا یہ ظالم نمائندہ روز کسی نہ کسی بہانے سے حریت پسندوں کو تہ تیغ کرتا تھا۔ اس نے کشمیری بہادر سپاہی بہرام نائک کو فرزندوں کے ساتھ زہر ہلاہل دلا کر پورے خاندان کو صفحۂ ہستی سے مٹا دیا۔ سیف خان بیہقی، علی خان دچھن پارہ اور ابراہیم برادر حیدر چک کی آنکھیں نکلوا کر ان کو اعمیٰ بنا دیا۔ لوہر چک تو رچی کو طرح طرح کی اذیتیں دے کر قتل کیا۔[۲۳۶] تاریخ کشمیر کا یہ جملہ یادگار ہے۔

"ہر روزے فردے از افرادِ روزگار بحیلہ و بہانہ ماخوذ کردہ بقتل رسانیدند۔
تا کہ این گل زمین از خار عدوان سرکشان پاک گشتہ رتق وفتق انتظام
مملکت بہم رسید "[۲۳۷]

اس قتل عام کی وجہ سے بڑے بڑے کشمیری سپاہی جیسے میر محمد بہادر ولد عیدی رینہ وغیرہ نامعلوم مقامات میں چھپ گئے۔

۹۹۶ھ میں جب اکبر "باغ خاصہ" یعنی ملک کشمیر کی سیر کو آئے تو انھوں نے ڈل جھیل کی سیر و تفریح کے بعد اپنے حامیوں میں انعام واکرام تقسیم کیے اور آزادی پسند لوگوں کا صفایا کیا۔ اس سلسلے میں حسن کہتے ہیں کہ

"اعیان ملک و امرایان شہر واہل علم وفضل و بزرگ خاندانہا را مناصب و
جاگیرات مرحمت فرمود و اکثر باغیان وطاغیان را قلع قمع کردہ مغلوب و منکوب
ساخت "[۲۳۸]

یوسف خان صوبہ دار کے بعد شہنشاہ اکبر نے رسوائے زمانہ ظالم محمد قلی خان کو ۹۹۷ہجری میں کشمیر کی حکمرانی کے لیے بھیجا۔ اس نے بھی چکوں کا قتل عام جائز قرار دیا۔ تاریخ میں درج ہے کہ

"در قلع وقمع فرقہ چکاں وطائفہ مفسداں علم تجبر افراخت۔ ہر احدی را کہ
دغدغہ شجاعت وخیال مبارزت بخاطر می داد اورا بسیاست می رسانید"[۲۳۹]

یوسف خان نے اپنے دورِ اقتدار میں شہنشاہ اکبر کے ایک خاص ملازم محب علی کو دچھن پارہ اور کھاور پارہ میں ایک ظالم فوجی افسر کو مقرر کیا تھا۔ یہ محمد قلی خان کے عہد حکومت میں بھی وہیں مقیم تھا۔ اس نے کشمیری سپاہیوں کی ایک بڑی جماعت کو جاں بخشی کی ضمانت دی تھی اور ان سے معاہدہ کیا تھا کہ تمھارا بال بیکا نہ ہوگا۔ اس نے چہرہ نویسی کے بہانے سے ان تمام سپاہیوں کو چشمۂ مچھ بھون کے کنارے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اور اس طرح بے گناہ اور مظلوم مسلمانوں کی خون کی ندیاں بہادیں۔ ان کے خون ناحق سے چشمہ میں پانی کے بدلے خون جاری کیا۔ شہنشاہ عالم پناہ اکبر اعظم کے ہاتھوں کشمیریوں کی نسل کشی کے بارے میں یہ جملہ اکبر کے مظالم کی واضح دلیل ہے:-

"از خونِ مسلمانان جو یہائے خوں چوں آب مچھ بھون جاری ساختہ "[۲۴۰]

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ بقول فرشتہ کشمیر کے سپاہی شیعہ مذہب کے پیرو کار تھے۔[۲۴۱]

جیسا کہ اوپر لکھا جا چکا ہے کہ قاسم خان میر بحر نے اپنے ہمراہ لوہر چک، ان کے بھائیوں اور بیٹوں کو جلاوطن کر کے شہنشاہ اکبر کے حضور میں پیش کیا تھا۔ وہ وہاں سے آ کر وطن عزیز کے خاطر وادی میں مقیم ہوئے۔ مرزا یوسف نے انھیں امان دینے کا وعدہ کیا تھا۔ اس کے بعد اس نے عہد و پیماں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ان سب سپاہیوں کو سوپور میں قتل کیا۔ اس واقعہ کے بعد شہنشاہ خلافت پناہ کے حکمراں نے ملا جمیل کے ذریعہ سے شمس چک کے بیٹے حسین چک اور دوسرے سپاہیوں کو دام فریب میں پھنسا کر ریگی پور کے مقام پر تہہ تیغ کیا۔[۲۴۲]

مشہور کشمیری بہادر سپاہی شمس چک ولد دولت چک جلاوطنی کی زندگی گزار کر برہان پور دکن میں انتقال کر گئے۔ ان کے دو بیٹے حسین چک اور ظفر چک اپنے عزیزوں کے داغ جدائی سے پریشاں حال رہے اور وہ وہاں کی گرم ہوا سے تنگ آ کر کشمیر واپس آ گئے۔ انھوں نے لداخ کے راجہ سے فوجی کمک حاصل کی اور دو مہینوں تک شیر کوٹ میں مغلوں کے خلاف جنگ لڑی۔ چونکہ مغلوں کی تعداد بہت زیادہ تھی اس لیے کشمیری سپاہ پسپا ہو گئے۔ مغلوں نے مقتول کشمیری سپاہیوں کے سر کاٹ کر کشتیوں میں سری نگر لائے۔ جہاں ان سروں کا منارہ مرتب کیا گیا۔ مرزا علی اکبر شاہی نے قاضی صالح کے ذریعے ظفر خان کو قسمیں دے کر اپنے پاس بلایا اور پھر عہد و پیماں توڑ کر انھیں قید خانے میں ڈالا۔ اس کے بعد اس بانی ستم نے کشمیریوں کے قتل عام کا حکم دیا۔ جہاں بھی صبح سے دوپہر تک کوئی سپاہی، رئیس زادہ یا کوئی کاریگر وغیرہ نظر آتا تھا وہ بے دریغ قتل کیا جاتا تھا۔ یہ قتل عام تاریخ میں اس طرح درج ہے۔

"ہر کہ از سپاہ و زمیندار و صنعت گر و جولاہ وغیرہ درمی یافتند از صباح تا دوپہر روز بقتل می آوردند"[۲۴۳]

دو دن کے بعد ظفر خان اور سترہ امیر زادوں کو حاتم خان کے ہاتھوں تیغ آبدار سے شربت مرگ پلایا گیا۔ ان کی لاشوں کے ساتھ توہین کی گئی اور محلہ سورہ ٹینگ۔ رینہ واری کی سڑک پر دھوپ میں بے گور و کفن پھینکی گئیں۔ کسی کو ان کی تجہیز و تکفین کی اجازت نہیں دی گئی تھی۔ جب سڑی ہوئی لاشوں سے عفونت آنے لگی تو محلے کے لوگوں نے کہاروں کی بستی میں ان لاشوں کو راکھ سے چھپایا۔[۲۴۴]

یعقوب شاہ کی المناک موت

جب شہنشاہ اکبر ۹۹۶ھ میں کشمیر آئے تو مرزا یوسف خان نے یعقوب شاہ کو

عہد و پیمان کے ساتھ اکبر کے سامنے پیش کیا۔ اکبر نے انھیں مرزا یوسف خان کے ہمراہ ہندستان بھیج دیا۔ وہاں انھیں رہطاس میں راجہ مان سنگھ کی حراست میں رکھا[۲۴۵]۔ نوادر الاخبار میں لکھا ہے کہ یعقوب شاہ دربارِ اکبری میں ایک قیدی کی طرح پابند زنجیر پیش کیے گئے تھے۔ تاریخ کے الفاظ یہ ہیں کہ

"جمی غفیر بغل در زنجیر دستگیر کردہ با یعقوب خان چک و ملک شمس چک
مسلسل و مغلول در بارگاہ خلائق پناہ حاضر گردانیدند"[۲۴۶]

کشمیری اور ہندوستانی مورّخین نے یعقوب شاہ کے انتقال کے بارے میں غلط واقعات درج کیے ہیں۔ بدایونی کہتے ہیں کہ یعقوب شاہ کا انتقال بہار کے قید میں مالیخولیا کے عارضے میں ہوا[۲۴۷]۔ حسن کہتے ہیں کہ چھوٹے بھائی نے یعقوب شاہ کو زہر دے کر ہلاک کیا اور وہ کشتواڑ میں دفن ہیں[۲۴۸] جبکہ صاحب نوادر الاخبار کہتا ہے کہ شہنشاہ اکبر نے انھیں ایک زہریلا خلعت بھیجا اسے پہنتے ہی ان کی موت واقع ہوئی[۲۴۹]۔ دراصل کشمیر کے اس عظیم ترین سورما اور آخری خود مختار بادشاہ کی موت اکبر کے سیاسی اور سامراجی حربوں سے واقع ہوئی۔ وجوہات یہ ہیں کہ جب یوسف شاہ کا انتقال ہوا تو یعقوب شاہ کو راجہ مان سنگھ نے باپ کا منصب عطا کیا۔ راجہ کو اکبر نے آگرہ بلایا جب وہ جانے لگے تو دو آدمیوں نے راجہ سے کہا کہ یعقوب شاہ کو آزاد کرنا خطر سے خالی نہیں ہے۔ ان کو بند رکھنا چاہیئے۔ تاکہ آپ کی عدم موجودگی میں یہ حکومت کے خلاف سازش نہ کریں۔ راجہ نے انھیں قلعہ رہطاس میں نظر بند ہی رکھا جب واپس آگئے تو دو آدمیوں نے قاسم خان کے ساتھ انھیں قتل کرنے کا منصوبہ بنایا۔ قاسم خان اپنے آپ کو یوسف شاہ کا بیٹا کہتا تھا۔ حالانکہ اس میں ذرہ بھر حقیقت نہ تھی۔ یعقوب شاہ نے راجہ سے جاگیر پر جانے کی اجازت لی اور وہ قاسم خان کے پاس بھی رخصت کی غرض سے گئے۔ اس یزید خصائل نے پان میں زہر ہلاہل ملا کر یعقوب شاہ کو دیا۔ پان کھاتے ہی ان کا بدن نیلا ہو گیا اور بالآخر ۶ محرم سنہ ۱۰۰۱ ہجری مطابق روز دوشنبہ ۲۲ ستمبر ۱۵۹۲ء کو ان کا انتقال ہوا۔ سید ابو المعالی نے ان کی لاش بھیرا سے اٹھائی اور بسوک میں اپنے والد کے پہلو میں دفن کیا۔ ان کے انتقال کے بعد یعقوب شاہ کے یتیم بچّوں کا گلا رسّی سے گھونٹا گیا۔ ان کے پاس جو نقد و جنس اور زیورات تھے وہ سب قاسم خان یزید سیر لے گیا اور ان یتیموں کی فریاد کسی نے نہ سنی[۲۵۰]۔

یعقوب شاہ کے اوصاف حمیدہ اور بہادری

بعض غلط بین مؤرخین کو یعقوب شاہ میں سوائے برائیوں کے کوئی خوبی نظر نہیں آتی ہے۔ خواجہ اعظم کہتے ہیں کہ

"اوضاع پسندیدہ و اخلاقِ حمیدہ نہ داشت[۲۵۱]"

برعکس اس کے مصنف بہارستانِ شاہی نے انھیں بحلیہ عقل و کیاست و فرط تدبیر و فراست آراستہ بود[۲۵۲] قرار دیا ہے۔ مؤرخین سے قطع نظر بابا داؤد خاکی بھی ان کے اخلاق شائستہ اور اوصاف پسندیدہ جیسے سخاوت، شجاعت اور عقل و فراست کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔ چنانچہ قصیدہ غسلیہ یوسف شاہی میں فرماتے ہیں ؎

ہست اولادش کلاں مرزا لقب یعقوب خاں
آنکہ عقلِ کاملاں دارد بنو عہدے بسال
در دلیری و سخا ممتاز ازاں قرن آمدہ
شہرتے دارد بحسن صورت و جاہ و کمال

کتب تواریخ میں یعقوب شاہ کی بہادری اور شجاعت کے غیر معمولی واقعات بیان کیے گئے ہیں۔ ایک واقعہ یہ بھی درج ہے کہ فتح کشمیر کے بعد اسیری کی حالت میں جلاوطن کیے گئے تھے تو ایک مرتبہ شہنشاہ اکبر نے یعقوب شاہ سے کہا کہ میں آپ کی بہادری کے کارنامے پہلے تو بہت سن چکا ہوں لیکن اپنی آنکھوں سے آپ کی بہادری نہیں دیکھی ہے۔ اس کے بعد مجمع عام و خاص میں انھوں نے یعقوب شاہ کو ایک مست ہاتھی سے لڑایا۔ اور ایسا لڑا یا کہ ہاتھی بے چارہ فریاد کرتا رہا اس واقعہ کو یعقوب شاہ کے مخالف مؤرخین کے الفاظ میں سنیے:۔

"آں نہنگ طیناں بغیر سلاح و حربہ ہر کدام با فیل مقابلۂ خویش در آو یختند۔
بعد حملاتِ بسیار و ہنرہائے بے شمار یعقوب خان چک دم فیل مقابلۂ خود را در
دستِ پلنگ قوتِ خویش مضبوط گرفتند۔ فیل بے چارہ بنالہ و فریاد در آمدہ۔
ہر چند زور زد کہ از دست یعقوب خان چک رہا شود و راہ گریز گیرد۔ غیر ازیں
اخلاص فیل صورت بہ نسبت کہ دُم از جسد جدا گشتہ در دستِ یعقوب خاں
چک ماند و فیل بہزار حرثقیل نجات یافتہ جوشان و خروشان از حلقۂ معرکہ

بدر رفت ۲۵۳

ایک اور واقعہ بھی سنیے کہ ہندوستان میں بندھیلہ کے مہاراجہ نیلہ کنٹھ نے اکبر بادشاہ سے بغاوت کی تھی۔ اکبر نے اپنے صلاح کاروں سے مشورہ کرکے راجہ پر فوج کشی کے احکامات جاری کیے۔ اتفاق کی بات ہے کہ اسی وقت یعقوب شاہ بھی دربار میں حاضر ہوئے۔ جب یہ واقعہ سنا کہ اکبر بادشاہ راجہ پر حملہ آور ہونے کا ارادہ کر رہے ہیں تو انھوں نے کہا کہ اس کی کیا ضرورت ہے۔ اجازت مرحمت فرمادیں تو میں تن تنہا راجہ سے نمٹ لوں۔ اکبر نے اجازت دی۔ یعقوب شاہ بھیس بدل کر ایک فقیر کی طرح راجہ کے لشکر میں داخل ہوئے اور موقعہ کے انتظار میں رہے۔ ایک دن راجہ اپنے چند نوکروں کے ساتھ دریا میں نہانے کے لیے لشکر گاہ سے روانہ ہوئے۔ یعقوب نے تعاقب کیا اور پھر راجہ سے کہا کہ میں کشمیر کا یعقوب خان چک ہوں اور تجھے اکبر کے پاس لے جانے کے لیے یہاں آیا ہوں۔ اگر میرے ساتھ آؤگے تو میں وعدہ کے مطابق پھر اپنی جگہ پر پہنچادوں گا۔ ورنہ سر قلم کروں گا۔ راجہ کا ایک آدمی فوج بلانے گیا۔ یعقوب خان چک نے راجہ کو گھوڑے پر اٹھا لیا اور اکبر کے پاس پہنچایا۔ اکبر کو اس واقعہ سے بڑی حیرت ہوئی اور یعقوب شاہ کے وعدے کے مطابق راجہ کو واپس بندھیلہ بھیجا۔ ۲۵۴

یہ واقعہ تاریخ ملک حیدر (نمبر مخطوطہ ۵۸۸۶) نسخۂ خدابخش لائبریری پٹنہ میں بھی درج ہے اور یہ اس زمانے کا واقعہ ہے جب فتح کشمیر سے قبل یعقوب شاہ دربار اکبری میں موجود تھے۔ تاریخ میں مذکور ہے کہ راجہ بندھیلہ کے پاس پچاس ہزار راجپوت سوار اور ڈیڑھ ہزار ہاتھی کا لشکر گراں موجود تھا۔ تاریخ میں منقول ہے کہ

"چوں پیش از آں ہم یعقوب خان در بے معارک خود تنہا دنتہ کارہائے نمایاں کردہ بود و اور احضرت بادشاہ ازیں جہت بجنوں منسوب می نمودید دریں ہنگام کہ ہمچو داعیہ ازدے سرزد۔ بادشاہ برائے انصرام دو امر یکے امتحان دودم فنائے خان مذکور برضا جنابندہ رخصت نمود"

"فنائے خان مذکور" کے الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ شہنشاہ اکبر دربار قاہرہ میں بھی یعقوب شاہ کی موجودگی کو خالی از خطرہ نہیں سمجھتے تھے۔ اسی لیے ان سے چھٹکارا پانے کے لیے انھوں نے اپنی طرف سے یعقوب شاہ کو موت کے منہ میں ڈھکیل دیا۔ تاریخ میں یعقوب شاہ کا یہ جملہ "من یعقوب خان کشمیریم" ان کی خاندانی وجاہت پیش کرتا ہے۔ ایسا ہی جملہ گزشتہ اوراق میں کاجی چک

کی طرف سے بیان کیا گیا ہے جب انھوں نے ایک مغل جوان کو ہانجی ویرہ ٹپن میں نیزہ مارا تھا تو کشمیری زبان میں کہا تھا کہ اسی کا نام کاجی چک ہے۔

"ظلم بے حد" کی مزید تفصیلات

یعقوب شاہ کی جلاوطنی اور پھر ان کے انتقال کے بعد بھی مجاہدین آزادی کشمیر نے ملک کو مغلوں کے پنجۂ اقتدار سے چھڑانے کے لیے ۱۰۲۱ھ مطابق ۱۶۱۴ء تک اپنی جدوجہد جاری رکھی تھی۔ خواجہ اعظم کہتے ہیں کہ

"الغرض ہر گوشہ کسے از چکان سر بہ شورش برمی داشت و تشویش مردم
بادشاہی می انداخت تا اوسط سلطنت نورالدین جہانگیر بادشاہ ۱۰۲۱ ہجری
یک بیک ملک بے خلل نہ بود"[۲۵۵]

جہانگیر کے بعد بھی آزادی پسند لوگوں کو شاہجہاں، اورنگ زیب اور ان کے بعد پٹھانوں، سکھوں اور ڈوگروں کے عہد حکومت میں ناقابل برداشت مظالم کا سامنا کرنا پڑا۔ مذہب کے نام پر انھیں جھوٹے اور بے بنیاد مقدموں میں ملوث کیا جاتا تھا اور پھر صاحبان اقتدار نام نہاد فتویٰ فروش ملّاؤں کے فتوے سے ان کو قتل کرتے تھے۔ مشہور مؤرخ اور سیاہی ملک حیدر چاڈورہ کے بیٹے حسین ملک چاڈورہ کو اورنگ زیب نے قاضی عسکر کے فتوے سے قتل کیا۔ ان کے قتل کا یہ دردناک مرثیہ اب تک کتب تواریخ میں زیبِ داستاں ہے ؎

شد از ظلم بیدادِ قومِ یزید
حسینؑ ابن حیدرؓ دوبارہ شہید[۲۵۶]

کشمیر کے شیعہ سنّی فسادات میں ہمیشہ بیرونی حکمرانوں کا ہاتھ تھا۔ وہ اپنی حکومتوں کے استحکام کے لیے مذہبی منافرت کو سیاسی ہتھکنڈوں کے طور پر استعمال کرتے تھے۔ ان فسادات میں مذہب کو کوئی دخل نہیں تھا۔ حسن کا یہ کہنا غلط ہے کہ شیعہ لوگ سنّی بزرگان دین کی توہین کرنا اپنے لیے باعث ثواب و عبادت سمجھتے تھے۔ اس لیے شیعان کشمیر ہر تیس یا چالیس سال کے بعد تعصب کا شکار ہوتے تھے۔[۲۵۷] کوئی بھی مذہب بزرگان دین کی گستاخی داخل عبادت قرار نہیں دیتا ہے چونکہ لوگ مذہب کو ایک سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کرتے ہیں اس لیے بے بنیاد الزامات لگا کر بے گناہوں

کا خون بہایا جاتا ہے۔ لوگوں نے سلاطین چک کو محض اس لیے بدنام کیا کہ وہ ظالم تھے۔ اور دوسرے فرقوں کے ساتھ رواداری سے پیش نہیں آتے تھے۔ یہ صرف الزام ہی الزام ہے اور کسی بھی معاصر تاریخ سے ثابت نہیں ہوتا ہے۔ سلاطین چک کی رواداری اور رعایا پروری کی بنیاد پر ہی مورخوں نے انھیں عادل اور انصاف پرور کہا ہے۔ اگر وہ واقعی ظالم اور متعصب ہوتے تو تاریخ انھیں عادل نہیں بلکہ ظالم ہی لکھتی۔ ان کی رواداری کی نظیر اس سے زیادہ اور کیا پیش کی جاسکتی ہے کہ ان کے عہد میں کوئی شیعہ سنّی فساد نہیں ہوا۔ یہ بھی کسی چھوٹی سی چھوٹی تاریخ سے ثابت نہیں ہوتا ہے کہ انھوں نے کسی خانقاہ یا عبادت گاہ کی بے حرمتی کی ہو۔ یا لوگوں کو قتل کرکے ان کی املاک نذر آتش کی ہو۔ شیعوں کی بے گناہی کا ثبوت حسن کے ایک ہی جملے سے ملتا ہے۔ اور یہ جملہ ضخیم تاریخوں کے برابر ہے یعنی شیعوں کے قتل وغارت کے بعد کشمیریوں پر خدا کی طرف سے قحط کی صورت میں قہر نازل ہوتا تھا اور وہ گوناگوں تکلیفوں میں گھر جاتے تھے۔ حسن نے اس بارے میں جو کچھ بھی کہا ہے وہ نہایت ہی وثوق اور تحقیق کے ساتھ کہا ہے۔ شیعوں پر کیے گئے مظالم کے ذیل میں ان کے الفاظ یہ ہیں :-

> " انتباہ ۔ راقم الحروف غلام حسن معروض می دارد کہ بہ مطالعہ تواریخ کشمیر ہمیں تحقیق شد کہ در ملک کشمیر بعد تاراج مردم شیعہ خواہ مخواہ قحط واقع می شود "[۲۵۸]

ذیل میں "تاراج مردم شیعہ" کے تحت تاریخ حسن میں سے چند اقتباسات درج کیے جاتے ہیں۔

